لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ o فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ o وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ o لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ o هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ o هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ o هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ o

مرد کو سحر پلیدی سے نجات دلانا:

باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ بَطَلَ السِّحْرُ بِاِذْنِ اللّٰهِ بَطَلَ السِّحْرُ بِاِذْنِ اللّٰهِ بَطَلَ السِّحْرُ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔

اس کے بعد ان آیات کے نیچے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھے اور سحر زدہ مرد کو دے کہ وہ اس کو اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ باندھنے سے قبل گیارہ مرتبہ معوذتین پڑھ کر پانی پر دم

کرے اور مرد کو پلائے۔ علاوہ ازیں مرد کو چاہیے کہ وہ روزانہ نماز مغرب کے بعد سات مر
آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر پلیدی کے اثرات کا خا
ہوگا۔ نقش پاک یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم				بسم اللہ الرحمن الرحیم
	۴۷۷۵ ع ۶۶۶	۴۷۷۰ ع ۶۶۶	۴۷۷۷ ع ۶۶۶	
	۴۷۷۶ ع ۶۶۶	۴۷۷۴ ع ۶۶۶	۴۷۷۲ ع ۶۶۶	
	۴۷۷۱ ع ۶۶۶	۴۷۷۸ ۶۶۶	۴۷۷۳ ع ۶۶۶	
	وننزل	من القرآن	ماهو	
	شفاء	ورحمة	للمؤمنين	

قُل ھُوَ للذین آمنُوا ھُدیً وَشِفاءً

عورت کو سحر پلیدی سے نجات دلانا:

اگر کسی مرد نے کسی عورت پر سحر پلیدی کا عمل کر دیا ہو تو چاہیے کہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف تین مرتبہ سورۂ فلق، تین مر سورۂ اخلاص، تین مرتبہ سورۃ الناس، تین مرتبہ تیسرا کلمہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ
سِحْرُ وَالساحِرِیْنَ بِلُطفِ رَبِّ العٰلَمِیْنَ۔

پڑھنے کے بعد سحر زدہ پر دم کرے اور پھر پانی پر دم کر کے سحر زدہ کو پانی پلائے یہی عمل نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد بھی کرے۔ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ اس عمل کے کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ عورت کو سحر پلیدی سے نجات مل جائے گی۔ نہایت مجرب ومفید اور آزمودہ عمل سے شفا کے بعد حسب توفیق کھانا غرباء میں تقسیم کرے۔

عورت کو سحر پلیدی سے نجات کا ایک اور مؤثر عمل:

باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر آیات شفا لکھے اور ان کے

نیچے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھے اس کو دھو کر عورت کو پلا دے اکیس یوم تک روزانہ یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عورت کو سحر پلیدی سے نجات حاصل ہوگی اور اسے مکمل طور پر صحت یابی ہو جائے گی۔ یہ نہایت مؤثر و مجرب عمل ہے۔ سحر پلیدی کے خاتمے کے بعد چاہیے کہ عورت اپنے ہاتھ سے کھانا پکائے اور اس کھانے کو غرباء و مساکین میں تقسیم کرے۔ بفضل باری تعالیٰ دوبارہ کبھی سحر پلیدی کا شکار نہ ہوگی۔ نقش پاک یہ ہے۔

بِسم اللّٰہ شافی بسم اللّٰہ کافی بسم اللّٰہ باقی

لَآ اِلٰہَ اِلَّا	ھو الطاھر	ھو الطاھر	ھو الطاھر	لَآ اِلٰہَ اِلَّا
اللّٰہُ مُحَمَّدٌ	ھو الطاھر	ھو الطاھر	ھو الطاھر	اللّٰہُ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰہ	ھو الطاھر	ھو الطاھر	ھو الطاھر	رَّسُوْلُ اللّٰہ

بسم اللّٰہ باقی بسم اللّٰہ کافی بسم اللّٰہ شافی

سحر التیش

یہ ایک ایسا جادوئی عمل ہے جس کے ذریعے سے دوسرے انسان کو بخار میں مبتلا کر دیا جاتا ہے اور کسی بھی علاج سے بخار نہیں اترتا۔ مریض ہر وقت بخار کی حرارت سے تپتا رہتا ہے کچھ بھی کھانے پینے کو دل نہیں کرتا۔ دن بدن کمزوری ہوتی جاتی ہے اور جسم لاغر اور نڈھال ہو جاتا ہے۔ اس سحر التیش کا اگر جلد علاج نہ کیا جائے تو مریض سحر کے اثر سے رفتہ رفتہ موت کے منہ میں بھی جا سکتا ہے۔ لہٰذا اس سحر سے نجات کے چند سریع الاثر اور آزمودہ علاج ذیل میں لکھے جاتے ہیں تاکہ خلق خدا ان سے مستفید ہو سکے۔

سحر التیش کا شافی علاج:

نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی اور اکتالیس مرتبہ معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو یہ پانی دن میں کئی بار پلائے۔ اکیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بخار سے شفا

حاصل ہوگی۔

سحر التیش کا آزمودہ علاج:

عرق گلاب وزعفران سے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر پانی کی بوتل میں ڈال دیں اس کے بعد اکیس مرتبہ آیت الکرسی اور اکیس مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھیں۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۔

پڑھنے کے بعد پانی والی بوتل پر دم کریں یہ پانی دن میں کئی مرتبہ مریض پی لیا کرے اور پینے سے قبل ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھا کرے۔ علاوہ ازیں اس پانی سے دن میں پانچ مرتبہ مریض کے چہرے پر چھینٹیں لگائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند یوم میں بخار سے نجات حاصل ہوگی اور مکمل طور پر آرام آجائے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ یا حی | یا حی حین وحی بعد دیمومۃ ملکہ وبقائہ یا حی

وھو السمیع العلیم ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۝

یا حی | یا سلام | یا سلام | یا سلام | یا سلام | یا سلام | یا حی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
ویشف صدور قوم مؤمنین وشفاء لما
فی الصدور ویخرج من بطونھا شراب
الوانہ فیہ شفاء للناس وننزل من
القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین ۝ واذا
مرضت فھو یشفین ۝ قل ھو للذین امنوا
ھدی وشفاء لا الہ الا اللہ
محمد رسول اللہ

سحر التیش کا سریع الاثر علاج:

نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں خوشبو لگا کر قبلہ رُخ ہوکر بیٹھیں اور عرق گلاب و زعفران سے سفید کاغذ پر سات مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھیں اور اس کے نیچے یہ آیات مبارکہ لکھیں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْجَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۵ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَيَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۝

اس کے بعد یہ نقش پاک لکھیں۔

۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

ان کو پانی والی بوتل میں ڈال کر ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں اول و آخر گیارہ مرتبہ درود خضری پڑھیں اور پانی پر دم کریں اس پانی سے مریض کے چہرے پر چھینٹیں لگائیں۔ اور مریض کو دن میں کئی بار چند گھونٹ بسم اللہ شافی کل شافی شفا بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پلائیں اس کے ساتھ ہی یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

۷۸۶

کھیٰعص	۴۷۵ ع ۶۶۶	۴۷۷۰ ع ۶۶۶	۴۷۷۷ ع ۶۶۶۶
حمٓ	۴۷۷۶ ع ۶۶۶	۴۷۷۴ ع ۶۶۶	۴۷۷۲ ع ۶۶۶
حمٓعسٓق	۴۷۷۱ ع ۶۶۶	۴۷۷۲ ع ۶۶۶	۴۷۷۳ ع ۶۶۶۶
المٓص	لا الٰہ الا	اللہ محمد	رسول اللہ

یہ عمل چالیس یوم کا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم میں سحر کا خاتمہ ہو جائے گا اور مریض کو صحت یابی ہوگی چاہیے کہ بوتل میں ڈال جانے والا نقش ہر سات یوم کے بعد نیا لکھ کر ڈالیں بفضل باری تعالیٰ جلد اثر ہوگا۔ شفایابی کے بعد مریض حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے۔

سحر بندش نکاح وشادی

اس سحر سے مراد یہ ہے کہ سفلی عمل کے ذریعے لڑکی یا لڑکے کا رشتہ باندھ دیا جاتا ہے اور شادی نہیں ہو پاتی لڑکی یا لڑکے کی عمر میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ مگر کہیں بھی رشتہ طے نہیں ہوتا جس کے باعث گھر والے بہت پریشان رہتے ہیں۔ سحری عمل کے ذریعے رشتے کی ایسی بندش کر دی جاتی ہے کہ اچھی بھلی شکل وصورت والی لڑکی کا رشتہ بھی کہیں نہیں ہو پاتا اگر کبھی لڑکے والے دیکھنے آ جائیں تو وہ پسند نہیں کرتے اور مختلف بہانوں سے رشتہ ٹھکرا دیتے ہیں اس طرح وقت گزرتا رہتا ہے اور بعض بچیاں رشتہ نہ ہونے کے باعث گھر بیٹھی بیٹھی بوڑھی ہو جاتی ہیں۔ بہت ظالم اور سنگدل قسم کے لوگ ہوتے ہیں جو بچوں بچیوں کی شادی میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے سفلی عمل کرواتے ہیں۔ ماں باپ سے کسی بغض وعناد کے باعث اس طرح کا جادوئی عمل کرواتے ہیں کہ جس سے نہ صرف بچوں کی زندگی تباہ ہو جاتی ہے بلکہ ان کے والدین بھی پریشانی اور اذیت میں مبتلا رہتے ہیں۔ اس طرح کے سفلی عمل سے نجات اور رشتوں کی رکاوٹ وبندش کے خاتمے کے لیے بزرگان دین نے بہت سے مجرب، آزمودہ اور سریع الاثر طریقے بتلائے ہیں۔ جن میں سے چند نہایت مؤثر طریقوں کا ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

بندش شادی کا زبردست توڑ:

اس عمل کو گھر کا کوئی بھی فرد یقین کامل، خلوص اور توجہ ویکسوئی سے کرے عمل کے آغاز سے قبل حسب توفیق غرباء میں صدقہ وخیرات کرے اس کے بعد نماز تہجد کے وقت اُٹھ کر بارہ رکعت نفل دوگانہ اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ یٰسین کی چند آیات مبارکہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد صرف ایک سو مرتبہ سلام قولاً من رب الرحیم پڑھے اور گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اسی طرح بارہ رکعتیں ادا کرے۔ بارہ رکعتوں میں سورۂ یٰسین مکمل طور پر پڑھ لے۔ اس کے بعد نماز فجر کی ادائیگی کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین اس طرح پڑھے کہ سلام قولاً من رب الرحیم کو اکیس اکیس مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ طلوع آفتاب کے ساتھ ہی عرق گلاب، زعفران ومشک سے یہ نقش پاک لکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل	۶۴۸ / ۶۵۳	۶۵۱ / ۶۴۱	۶۵۴ / ۶۴۷	۶۲۰ / ۶۵۲	جبرائیل
علی		یٰسٓ والقرآن الحکیم			علی
عزرائیل	۶۴۲ / ۶۵۰	۶۵۶ / ۶۴۵	۶۴۹ / ۶۴۳	۶۴۶ / ۶۵۵	اسرافیل

اکتالیس یوم تک روزانہ اسی طرح یہ عمل کرے۔ اکتالیسویں روز جب اکتالیس نقوش تیار ہو جائیں تو ان کو آٹے کی گولیوں میں بند کر دے اور ان کو دریا میں مچھلیوں کو ڈال دے۔ اس سے اگلے روز یعنی بیالیسویں دن نماز فجر کی ادائیگی کے بعد یہ نقوش چار عدد سبز ریشمی کپڑے پر تیار کرے۔ ایک نقش کو تعویذ کی طرح لڑکی یا لڑکا اپنے گلے میں ڈال لے۔ دوسرا نقش سونے والی

جگہ کے عین اوپر چھت پر لٹکائے۔ تیسرا نقش اپنے گھر کے داخلی دروازے پر لگائے جبکہ چوتھا نقش کسی ہوادار جگہ پر لٹکائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رشتے کی سحری بندش کا خاتمہ ہوجائے گا۔ بچی اور بچے کے نصیب کھل جائیں گے اور جلد اچھی جگہ پر شادی ہوجائے گی۔ بزرگان دین کا نہایت آزمودہ عمل ہے۔

لڑکی کے لیے نہایت موثر عمل:

اگر کسی لڑکی کے نکاح کی بندش کر دیگئی ہو اور سحر کے ذریعے ایسی رکاوٹ ڈال دی گئی ہو کہ رشتہ طے ہونے کے باوجود نکاح کے وقت کوئی نہ کوئی رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہو جس سے نکاح کی تاریخ مزید آگے ہوجاتی ہو اس طرح تاخیر کے باعث کوئی نہ کوئی اختلاف ہوجاتا ہو اور پھر بالآخر رشتہ ٹوٹ جاتا ہو۔ اس طرح کے سحر کے خاتمے کے لیے نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہوکر عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا رحمٰن	[illegible]	یا اللہ
یا وکیل	[illegible]	یا وکیل

		المٓ		
ن	كٓهٰيٰعٓصٓ	المٓرٰا	[illegible]	
حم	يٰسٓ	طٰسٓمٓ	طٰسٓ	
[illegible]	قٓ	عٓسٓقٓ	حٰمٓ	

یا حفیظ	[illegible]	یا کریم
یا وکیل	[illegible]	یا وکیل

لکھنے کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف، گیارہ مرتبہ آیت الکرسی، گیارہ مرتبہ سورۂ فلق، گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص، گیارہ مرتبہ سورۂ کافرون اور گیارہ مرتبہ سورہ والناس پڑھکر اس پر دم کرے اور تعویذ کی طرح موم جامہ کر کے لڑکی کے بازو پر باندھ دے یا گلے میں ڈالے۔ اس کے بعد اسی روز نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل، ایک مرتبہ سورۂ

یٰسین، سات مرتبہ آیت الکرسی اور سات مرتبہ معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی لڑکی کو پلائے پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور لڑکی کا رشتہ طے ہوجائے گا اور نکاح بھی ہوجائے گا۔ ہر طرح کی رکاوٹ ختم ہوجائے گی نکاح کے وقت جو نقش لڑکی کے پاس ہے اس کو کھول کر دودھ میں گھول لیا جائے اور یہ دودھ لڑکی اور لڑکے کو پلایا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آئندہ زندگی خوشگوار ہوگی۔ سحر کے خاتمے کے بعد چاہیے کہ حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے۔ یہ عمل بہت سے لوگوں کا آزمودہ اور نہایت سریع الاثر ہے۔

لڑکے یا لڑکی کے رشتے کی بندش توڑنا:

یہ عمل لڑکے یا لڑکی دونوں کے رشتے کی بندش توڑنے کے لیے بہت ہی خوب ہے۔ اس کا آغاز چاند کے مہینے کے تیسرے بدھ، جمعرات یا ہفتہ کو اس طرح کریں کہ لڑکے یا لڑکی کا پہنا ہوا لباس لے کر اس میں سوا کلو کالے ماش، سوا چھٹانک سیندور، سات عدد لونگ، سات عدد کالی مرچیں، سات عدد دار چینی کے ٹکڑے رکھیں اور اکیس مرتبہ سورۂ طٰہٰ اور اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرلے اور اس کو کسی ایسی جگہ پر رکھ دیا جائے جہاں کیڑے مکوڑے ہوں تاکہ وہ اس کو کھا جائیں جیسے جیسے کیڑے مکوڑے اس کو کھائیں گے سحر کا اثر ٹوٹنا شروع ہوجائے گا۔

اس کے بعد نہر یا دریا سے پانی لا کر اس پر ایک مرتبہ سورۂ طٰہٰ، گیارہ مرتبہ، سورۂ فلق، گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص، گیارہ مرتبہ سورۂ کافرون اور گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ والناس پڑھ کر دم کرے۔ اس پانی میں مزید نل کا پانی ملائے اور لڑکی یا لڑکے کو دے کہ وہ اس سے غسل کرے۔ غسل کے بعد سحر زدہ کے لیے تھوڑا سا خالص شہد لے کر اس پر اکیس مرتبہ کلمہ طیبہ، اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، اکیس مرتبہ تیسرا کلمہ، اکیس مرتبہ یا سلام اکیس مرتبہ درود شفا اور اکیس مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دم کرے پھر سحر زدہ کے سینے پر بھی دم کرے اور اس کو یہ شہد چاٹنے کے لیے دے۔ اس کے بعد سبز ریشمی کپڑے کے ٹکڑے پر عرق گلاب، زعفران اور مُشک سے سورۂ طٰہٰ کا نقش بنائے۔

یامیکائیلؑ ۷۸۶ یاجبرائیلؑ

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۶	۹۹۸۱۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۴
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۱	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۸

یااسرافیلؑ فلاں بنت فلاں سحر و بندش دفع شود یاعزرائیلؑ

اس پر اکیس مرتبہ سورۂ طٰہٰ اکیس مرتبہ آیت الکرسی اور اکیس مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کرے اور تعویذ کی طرح لڑکی یا لڑکے کے گلے میں ڈال دے۔ اس کے بعد باوضو حالت میں اکیس مرتبہ سورۂ طٰہٰ، اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی اور اکیس مرتبہ معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کرے اور صبح نہار منہ اور رات کو سونے سے قبل بسم اللّٰہ اقطع السحر بحرمت سورۂ طٰہٰ، آیۃ الکرسی اور معوذتین کہہ کر پی لیا کرے۔ یہ پانی روزانہ اسی طرح روزانہ اکتالیس یوم تک دم کر کے پی لیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر کا مکمل خاتمہ ہوجائے گا اور جلد ہی شادی بھی ہوجائے گی۔

شادی میں رکاوٹ کا فوری خاتمہ

شادی میں رکاوٹ کے فوری خاتمہ کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔

یامیکائیلؑ ۷۸۶ یاجبرائیلؑ

۴۷۲۰۶	۴۷۲۱۰	۴۷۲۱۳	۴۷۱۹۹
۴۷۲۱۲	۴۷۲۰۰	۴۷۲۰۵	۴۷۲۱۱
۴۷۲۰۱	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۸	۴۷۲۰۴
۴۷۲۰۹	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۲	۴۷۲۱۴

یااسرافیلؑ یاعزرائیلؑ

لکھنے کے بعد ایک مرتبہ سورۂ فتح پڑھ کر سحر زدہ کے گلے میں تعویذ کی طرح ڈالے اس

بعد ایک سفید کاغذ پر سورۂ حشر کی آخری تین آیات مبارکہ لکھے اور ان کو پانی کی بوتل میں ڈال دے۔ پھر اس پانی پر سورۂ حشر کی آخری آیات مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔

یہ پانی سات یوم تک سحر زدہ پیئے ساتویں دن نقش اور سورہ حشر کی آخری آیات پھر اسی طرح لکھ کر دم کر کے پانی تیار کرے اور پینے کے لیے دے۔ اسی طرح اکتالیس یوم تک یہ عمل کرے۔

اس کے ساتھ ہی لڑکے یا لڑکی کو چاہیے کہ وہ نماز پنجگانہ کی پابندی کریں اور ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور گیارہ مرتبہ معوذتین اس طرح پڑھیں کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگیں ان شاء اللہ تعالیٰ اکتالیس یوم کے عمل سے شادی کی رکاوٹ ختم ہوجائے گی اور جلد شادی ہوجائے گی۔ مگر لڑکی اور لڑکے کو لازم ہے کہ وہ نماز پنجگانہ کی پابندی رکھیں۔ نہایت مؤثر و آزمودہ عمل ہے۔

ضروری نوٹ:

سحر کے ذریعے رشتے کی بندش کا پتہ چلانے کے لیے چاہیے کہ پہلے سحر زدہ میں علامات کا جائزہ لیا جائے یعنی جس پر سحر کیا گیا ہو اُس کی حالت کے بارے میں پوچھے کہ سحر ہونے کی صورت میں ہر وقت سر میں درد کی شکایت رہتی ہے۔ کمر سے نچلے حصے میں ہلکی ہلکی درد رہتی ہے۔ مزاج میں چڑچڑاپن ہوجاتا ہے۔ عصر سے رات گئے تک سینے میں شدید گھٹن سی محسوس ہوتی ہے اور عجیب قسم کی کیفیت ہوجاتی ہے۔ نیند ٹھیک طرح سے نہیں آتی بے چینی رہتی ہے۔ پیشاب یا پاخانہ سخت بدبودار ہوجاتا ہے۔

کاروبار کی بندش

جس پر کسی نے ایسا جادو کر دیا ہو کہ اس کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار دن بدن تباہ ہو جا رہا ہو اس کو کاروبار میں نقصان ہوتا جا رہا ہو اور کوئی سمجھ نہ آتی ہو کہ کاروبار خسارے میں کیوں جا رہا ہے اس طرح کے جادو کے خاتمے کی غرض سے چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سورج طلوع ہونے سے قبل باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران اور مشک سے درج ذیل نقش پاک لکھے اور تعویذ کی طرح اپنے بازو پر باندھ لے۔ اس کے ساتھ ہی ایک اور نقش پاک تیار کرے اور لوبان کی دھونی دے کر اس کو کاروبار کی جگہ پر چسپاں کر دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کاروبار کی بندش و رکاوٹ دور ہو جائے گی اور جادو کے اثرات کی وجہ سے کاروبار میں پیدا ہونے والی رکاوٹ کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لیے یہ مجرب و آزمودہ ہے۔

سحر الصرع

جادو کی اس قسم میں مریض کو مرگی کے دورے پڑتے ہیں۔ مرگی کی دو اقسام ہوتی ہیں۔ ایک جسمانی اور دوسری سحری۔ سحر الصرع کے عارضہ میں مبتلا مرد و عورت کے علاج کے لیے سب سے پہلے ضروری ہے کہ مرض کی پہچان کی جائے کہ مرض بدنی ہے یا سحری چنانچہ اس حوالے سے ذیل میں چند علامات کا بیان کیا جاتا ہے۔ جس سے بخوبی طور پر پہچان ہو جاتی ہے اور علاج کرنے میں آسانی رہتی ہے۔

پہچان:

1- بدنی مرگی کا دورہ رات اور دن کے کسی بھی وقت میں پڑ سکتا ہے جبکہ سحری و جناتی مرگی قرآن حکیم کی تلاوت کرنے، روحانی علاج کرنے یا پھر کسی جن وغیرہ کو کسی بھی طریقہ سے تنگ کرنے کے باعث دورہ پڑ جاتا ہے۔

2- بدنی مرگی کے مریض کو قرآن پاک کی تلاوت سن کر سکون محسوس ہوتا ہے اور اس کی تشنج والی کیفیت ہلکی ہو جاتی ہے۔ پٹھوں کی سختی نرمی میں بدل جاتی ہے جبکہ سحری یا جناتی مرگی میں قرآن حکیم کی تلاوت سن کر مریض چیخنا چلانا شروع کر دیتا ہے اور اس پر بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے جس سے اس کا جسم پہلے سے بھی زیادہ جکڑا جاتا ہے۔

3- بدنی مرگی کی تشخیص میڈیکل ٹیسٹ سے ہو جاتی ہے مگر سحری و جناتی مرگی کی تشخیص کسی بھی میڈیکل ٹیسٹ سے نہیں ہوتی۔

4- بدنی مرگی کے دورے میں تشنج کی حالت چند منٹ تک طاری رہتی ہے دورہ کے دوران مریض بالکل بول نہیں سکتا۔ جبکہ سحری و جناتی مرلی میں جسم کی جکڑن کئی گھنٹوں تک رہتی ہے اور مریض دورے کے دوران عجیب و غریب انداز میں گفتگو کرتا ہے اول فول بکتا ہے۔

5- بدنی مرگی کا مریض دورے کے دوران اپنی زبان کاٹ لیتا ہے اور بے اختیار اس کا پیشاب بھی نکل جاتا ہے جبکہ سحری وجناتی مرگی کے دورے میں مریض کی یہ کیفیت اس وقت ہوتی ہے جب اس پر قرآن حکیم پڑھا جائے۔

6- بدنی مرگی کے دورے میں جب تشنج کی حالت ختم ہوتی ہے تو مریض پر گہری نیند طاری ہوتی ہے جبکہ سحری وجناتی مرگی میں مریض تشنج اور شدید اختلاج کی بجائے بے ہوشی اور جکڑن میں مبتلا ہوتا ہے اور دورے کے بعد اسے نیند نہیں آتی۔

7- بدنی مرگی میں مبتلا مریض دورہ پڑنے کی صورت میں چند منٹ کے بعد خود بخود ہوش میں آجاتا ہے مگر جناتی وسحری مرگی میں مبتلا مریض کو دورے کے دوران قرآن حکیم کی تلاوت اور روحانی عمل کے ذریعے بڑی مشکل سے ہوش میں لایا جاتا ہے۔

8- بدنی مرگی کے مریض کا ادویات وغیرہ سے علاج کرنے کی صورت میں صحت یاب ہونا ممکن ہوتا ہے جبکہ جناتی یا سحری مریض اس وقت تک ٹھیک نہیں ہوتا جب تک سحر کے اثر کا خاتمہ نہ ہو یا جن اسے چھوڑ کر بھاگ نہ جائے یا عامل اس جن کو جلا کر خاکستر نہ کردے۔

مرگی کی شناخت کا عاملانہ طریقہ:

سحر الصرع کے مریض کی شناخت کا ایک عاملانہ طریقہ یہ ہے کہ کسی چوراہے سے مٹی کی بنی ہوئی ایک ٹھیکری لاکر اسے صاف پانی سے دھوکر اس پر کالی سیاہی سے یہ نقش بنایا جائے۔

اس نقش والی ٹھیکری کو اپنے پاس رکھے اور جب کوئی مریض آئے تو اس کے سینے کے

رکھے اگر مریض دورے کے دوران بدستور تشنج کی حالت میں رہے اور کوئی گفتگو نہ کرے تو بدنی مرگی ہے اور اس کا علاج ڈاکٹر یا حکیم سے کروایا جائے۔ اور اگر مریض آہستہ یا زور سے تو اسے سحری یا جناتی صرع ہے۔ اس کا علاج روحانی طریقہ سے کیا جائے۔

سحر الصرع کا علاج

کلونجی کے تیل پر درج ذیل آیات مبارکہ 121 مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِى الْاَرْضِ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا o اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا o فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا o وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِى الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا o

اس کے بعد اکتالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے پھر اکتالیس مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کرے۔ اس تیل سے مریض کی صبح وشام کنپٹیوں اور پیشانی پر مالش کرے۔ اس کے علاوہ باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے نماز عصر کے بعد یہ نقش تیار کرے۔

یا جبرائیلؑ

۷۸۶

یا میکائیلؑ

۳۰۱۱۲	۳۰۱۱۵	۳۰۱۱۸	۳۰۱۰۵
۳۰۱۱۷	۳۰۱۰۶	۳۰۱۱۱	۳۰۱۱۶
۳۰۱۰۷	۳۰۱۲۰	۳۰۱۱۳	۳۰۱۱۰
۳۰۱۱۴	۳۰۱۰۹	۳۰۱۰۸	۳۰۱۱۹

یا اسرافیلؑ

یا عزرائیلؑ

اس نقش کو مریض کے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے۔ پھر روزانہ مریض کے لیے پینے والا پانی اس طرح تیار کرے کہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سات مرتبہ سورۂ رحمان پڑھ کر پانی پر دم کرے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شفا پڑھ کر دم کرے اور سارا دن یہ پانی مریض کو پلائے اور اس کے چہرے پر چھینٹے لگائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مریض شفایاب ہو جائے گا۔ سحر کا خاتمہ ہوگا اور عارضہ جاتا رہے گا۔ یہ نہایت مجرب و آزمودہ علاج ہے۔ شفایابی کے بعد حسبِ توفیق غرباء میں صدقہ و خیرات کرے اگر عمل کے آغاز سے قبل مریض کے ہاتھ سے غرباء و مساکین میں کھانا تقسیم کروا دیا جائے تو عمل کا اثر بہت جلد ہوتا ہے۔ بزرگان دین نے سحر الصرع کے عارضہ سے نجات اور سحر کے خاتمے کے لیے اس عمل کو نہایت مؤثر مانا ہے مگر یقین کامل ہونا شرط اول ہے۔

سحر الصرع کا ایک اور شافی علاج

سحر الصرع کے شکار مریض کا علاج کرنے کی غرض سے ایک اور سریع الاثر عمل یہ ہے کہ اس مقصد کے لیے سب سے پہلے مریض کے پینے کے لیے پانی تیار کیا جائے۔ نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ آیۃ الکرسی، اکتالیس مرتبہ سورۂ والناس اور اکتالیس مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی مریض کو دن میں کئی بار پلائے اور اس کے چہرے پر چھینٹے مارے۔ اس کے بعد عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر ذیل میں دیا ہوا نقش پاک بنائے اور اس پر گیارہ مرتبہ آیات شفا اور گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے یہ نقش موم جامہ کر کے

مریض کے گلے میں ڈال دے نقش پاک یہ ہے۔

جبرائیلؑ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — میکائیلؑ

بسم اللہ

الرحمٰن

الرحیم

الحمد للہ

رب العالمین

ایاک نعبد

ایاک نستعین

الرحمٰن الرحیم

اسرافیلؑ ننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنین حق مولانا ... عزرائیلؑ

اس کے بعد روزانہ صبح و شام تین مرتبہ آیت الکرسی اور تین مرتبہ معوذتین پڑھ کر مریض پر دم کر دیا کرے یہ اکتالیس یوم کا عمل ہے اس عمل کے دوران مریض کے پینے کے لیے پانی روزانہ اختیار کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد سحر کا خاتمہ ہوگا اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ یہ عمل بھی نہایت مؤثر سریع الاثر اور آزمودہ ہے۔

تسخیر کے لیے مجرب تعویذ:

ایضاً یہ نقش حضرت یوسف علیہ السلام کے حلّہ مبارک پر لکھا ہوا تھا جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے خلائق میں عزت ہوئے بادشاہ امیر وزیر سب مسخر ہوں نقش یہ ہے......

جادو کے ذریعے بانجھ پن

جس عورت پر یہ جادو کر دیا گیا ہو کہ وہ اولاد پیدا نہ کر سکے اس کا حمل قائم نہ رہے تا کہ وہ اولاد کی نعمت سے محروم ہو جسمانی طور پر وہ عورت بالکل ٹھیک ہو اس کے علاوہ کسی نے ایسا جادو کروایا ہو کہ جس سے وہ عورت اولاد نرینہ پیدا نہ کر سکے اس کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوں تو ان تمام صورتوں میں چاہیے کہ جب عورت حیض سے فارغ ہو جائے اور غسل کر لے تو باوضو حالت میں یہ نقش پاک ایک سفید کاغذ پر لکھ کر تعویذ کی طرح عورت کو دے کہ وہ اپنے گلے میں ڈال لے اس کے علاوہ چینی کی پلیٹ پر اس نقش کو بنا کر پانی سے دھو کر روزانہ عورت کو پلائے۔ خاوند سے ہمبستری کے وقت عورت نقش والا تعویذ اپنے سے الگ رکھے تا کہ بے ادبی نہ ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد حمل قرار پا جائے گا۔ تعویذ کو اپنے پاس رکھے جبکہ چار ماہ تک روزانہ بلا ناغہ نقش پانی سے دھو کر عورت کو پلایا جائے بفضل باری تعالیٰ دلی مراد پوری ہوگی۔ اللہ رب العزت بانجھ پن کا خاتمہ کر کے اولاد کی نعمت سے نوازے گا اور اولاد نرینہ حاصل ہوگی جس نے بندش کے لیے جادو کرایا ہے۔ اس جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔

سحر زدہ کے لیے موثر نقش

نقش چہل کاف لکھ کر سحر زدہ عورت یا مرد کے بازو پر باندھو تو جنات یا آسیب بھاگ جائیں گے۔

۷۸۶

۱۶۵۸	۱۶۶۱	۱۶۶۴	۱۶۵۱
۱۶۶۳	۱۶۵۲	۱۶۵۷	۱۶۶۲
۱۶۵۳	۱۶۶۶	۱۶۵۹	۱۶۵۶
۱۶۶۰	۱۶۵۵	۱۶۵۴	۱۶۶۵

دشمن پر غالب ہونا

ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ میں اپنے دشمن پر فتح یاب رہوں اس آیت کریمہ کو چاندی پر کندہ کرا کے پہنے وہ یہ ہے۔

سحر الخوف

اس طرح کے سحر میں ہر وقت ایک انجانا سا خوف طاری رہتا ہے عجیب طرح کی گھبراہٹ اور بے چینی سی محسوس ہوتی ہے اچانک کسی کی بلند آواز سن کر یا ٹیلی فون کی بیل بجنے پر دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے کام کاج میں دل نہیں لگتا۔ طبیعت بوجھل رہتی ہے اگر بے چینی زیادہ ہو تو بدحواسی بھی طاری ہو جاتی ہے اور مزاج چڑچڑا ہو جاتا ہے۔

سحر الخوف کا خاتمہ:

اس مقصد کے لیے چاہیے کہ باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش لکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رحیم	من رب	قولاً	سلام
۲۸۹	۲۹۲	۱۳۷	۱۳۱
۱۳۶	۱۳۲	۲۸۸	۲۹۳
۱۳۳	۱۳۹	۲۹۰	۲۸۷
۱۹۲	۲۸۶	۱۳۴	۱۳۸

اس نقش پر تین مرتبہ سورۂ یٰسین، 121 مرتبہ سلام قولاً من رب رحیم اور اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے اور اسے خوشبو لگا کر مریض کے گلے میں ڈال دے۔

اس کے علاوہ روغن زیتون پر ۸۱۸ مرتبہ سلام قولا من رب رحیم پڑھ کر دم کرے اور مریض کو دے کہ وہ اس سے روزانہ اپنے سینے پر مالش کرے۔

اس کے علاوہ مریض کو چاہیے کہ وہ روزانہ نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ۸۱۸ مرتبہ سلام قولا من رب رحیم اس طرح پڑھے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور اپنے اوپر دم کرنے کے بعد پانی پر دم کرے اور اس پانی کو پی لے۔ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ سحر کا اثر ختم ہو جائے گا اور قلب کو قوت حاصل ہوگی اور سحر کا خاتمہ ہوگا۔

سحر الخوف کے خاتمے کا ایک اور مؤثر عمل

سحر الخوف کے اثرات کو ختم کرنے کے لیے یہ نہایت آسان اور مؤثر ترین عمل ہے اس کے لیے کوئی زیادہ محنت نہیں لگتی اپنے مقصد کے حصول کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک دو کی تعداد میں تیار کیے جائیں یعنی باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش لکھے جائیں۔

ایک نقش پاک خوشبو لگا کر گلے میں اس طرح ڈالے کہ تعویذ دل کے مقام پر رہے۔ دوسرا نقش پاک پانی کی بوتل میں ڈال کر اکیس مرتبہ نقش میں لکھی گئی آیات مبارکہ پڑھ کر دم کرے پھر اکیس مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر دم کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَآئِقٍ

سحر زدہ یہ پانی دن میں کئی بار پی لیا کرے اکیس یوم تک روزانہ یہ پانی پیے ان شاء اللہ تعالیٰ سحر کے اثرات کے خاتمہ ہوگا اور دل کو مضبوطی حاصل ہوگی نہایت مؤثر و آزمودہ ہے۔ شفایابی کے بعد حسب توفیق غرباء میں صدقہ و خیرات کرے۔

آفات وبلیات سے محفوظ

اس نقش کی برکت سے آفات بلیات سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ نقش یہ ہے۔

اُفَوِّضُ	اَمْرِیْٓ	اِلَی	اللّٰه	ان اللّٰه	بصیر بالعباد
محمد	وعلی	۵۲	۷۶	۱۲۲	۸
۱۷	۱۷	۷	۱۲	۴	۱۷
۷	۱	۷	۹۷۵	۱۹	۱۷۱
۱۸	۱۸	۹۰	۱۷	۴	۱۷۱
۱۰	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ	اللّٰهِ

اس عمل کی بدولت انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ سے دوسرے ہفتہ تک ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔ پروردگار عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ جہاں بھی جائے گا لوگ عزت و احترام سے پیش آئیں گے لوگوں اور حکام وقت کا خوف اُس کے دل سے دُور ہو جائے گا بلکہ اس کی ہیبت ہر دیکھنے والے کے دل پر چھا جائے گی اور کوئی بیماری، وبائی مرض حملہ آور نہ ہوگا۔

(بوسیلہ محمد مشکل کشا)

کام میں دل نہ لگنا:

غیر مستقل مزاجی اور معاشی کاموں میں عدم دلچسپی ختم کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد بسم اللہ شریف کے ساتھ سو مرتبہ

بِحَوْلِ وَقُوَّةِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط

آنکھوں کے امراض

یہ امراض ہاضمہ کی خرابی یا بیرونی عوارض مثلاً گرمی، سردی، چوٹ، گرد و غبار، دھواں لگنے اور مستقل نزلہ رہنے سے ہوتے ہیں۔

موتیا اور پڑبال:

ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْحَقُّ النُّوْرُ ۵ پڑھ کر آٹھوں انگلیوں کے پوروں پر دم کریں اور آنکھوں پر پھیریں۔

جادو کے زور پر ہلاک کر دینا:

سفلی عملی کے ذریعے بعض دشمن کسی کی جان لینے سے بھی دریغ نہیں کرتے اور ایسا عمل کرواتے ہیں کہ جس سے انسان کے جسم کے ساتوں سوراخوں کو بند کر دیا جاتا ہے جس پر یہ عمل کیا گیا ہو اس کی حالت بہت عجیب ہو جاتی ہے اس کی جسمانی قوت چند دنوں میں انتہائی کمزور ہو جاتی ہے وہ کچھ کھا پی نہیں سکتا چونکہ سفلی علم کے زور پر اس کے جسم کے سوراخوں کو بند کر دیا گیا ہوتا ہے اس لیے وہ رفتہ رفتہ موت کی طرف بڑھ رہا ہوتا ہے۔ اس کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ سوائے رونے اور چیخ و پکار کے وہ کچھ نہیں کر سکتا۔ ڈاکٹروں کو دکھانے پر انہیں بھی اس کی بیماری کی سمجھ نہیں آتی کیونکہ یہ سفلی عمل ہے جس کے اثرات سے اُس کی جان جا سکتی ہے اس لیے ایسی صورت حال میں فوری طور پر باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش پاک چار عدد ایک سفید کاغذ پر لکھے ایک نقش مریض کو تعویذ کی طرح گلے میں پہنایا جائے۔ دوسرا نقش پانی سے بھری ہوئی بوتل میں ڈال دیا جائے اور اس پانی کو مریض پیتا رہے اگر مریض خود نہ پی سکے تو کوشش کر کے چمچہ کے ساتھ اس پانی کو اس کے منہ میں ڈالا جائے تیسرا نقش مریض کے بستر

کے سامنے دیوار پر اس طرح چسپاں کیا جائے کہ مریض کی نظر اس پر پڑتی رہے جبکہ چوتھا نقش اس کے سرہانے تکیہ میں رکھ دیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مریض کو افاقہ محسوس ہو گا اور جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ اللہ رب العزت اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور اس کی جان بچ جائے گی رفتہ رفتہ صحت یابی ہوگی۔ جادو کے زور پر کسی کی ہلاکت کو روکنے اور سفلی عملی کے خاتمہ کے لیے یہ نقش نہایت پُر اثر ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

سورہ جن ومزمل کا نقش:

اگر کسی دشمن نے کسی پر کالا جادو کر دیا ہو تو اس عمل کو اس طرح کریں کہ چاندی کی تختی پر

ایک طرف پہلا اور دوسری طرف دوسرا نقش لکھیں۔ چاندی کی اس تختی کو روزانہ صبح پانی میں دھو کر وہ پانی سحر زدہ کو پلائیں اور روزانہ غسل کے پانی میں اس تختی کو دھو کر اس پانی سے غسل کریں۔ بفضل خدا تعالیٰ چند دنوں میں مکمل طور پر سحر دور ہو گا۔ سورہ جن اور سورہ مزمل کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۸	۲	۱۱
۶	۳	۳	۳
۸	۸	۱۸	۱۸
۲۲	۲۳	۴	۴

۷۸۶

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

آرام کی صورت میں غریب بچوں میں شیرینی حسب توفیق تقسیم کریں مسجد میں روشنی کریں نماز میں باقاعدگی کریں انشاء اللہ عرض جاتا رہے گا۔

سحر لقوہ

اگر جادو یعنی سفلی عمل کے ذریعے کسی پر ایسا وار کیا گیا ہو کہ جس سے چہرہ بگڑ گیا ہو اور لقوہ کی سی حالت ہو گئی ہو اکثر منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہو تو اس صورت میں سحر کے اثرات کا خاتمہ کرنے کے لیے درج ذیل روحانی علاج نہایت مفید مؤثر ہے۔

سحر لقوہ کا شافی علاج:

باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے سفید کاغذ پر یہ نقش پاک لکھیں۔

یہ نقش مریض کے گلے میں ڈالیں یا اس کے بازو پر باندھیں پھر اس کے ہاتھ سے غرباء و مساکین میں حسب توفیق صدقہ خیرات دلائیں اس کے بعد کلونجی کا تیل لے کر اس پر اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ اکتالیس مرتبہ سورۂ اخلاص، اکتالیس مرتبہ آیۃ الکرسی، اکتالیس مرتبہ، سورۂ والناس اور اکتالیس مرتبہ آیات شفا پڑھ کر دم کریں اور صبح و شام مریض کی اس سے مالش کریں۔

اس کے بعد مریض کے لیے دم والا پانی تیار کریں پانی کی بوتل لے کر اس پر 786 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، 121 مرتبہ الحی القیوم، 111 مرتبہ یا شافی یا کافی، 99 مرتبہ آیۃ الکرسی اور 99 مرتبہ سورۂ والناس پڑھ کر دم کریں اور مریض جب بھی یہ پانی پیئے تیسرا کلمہ پڑھ کر پیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور سحر کے اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اللہ رب العزت شفا عطا فرمائے گا۔ اس مقصد کے لیے یہ نہایت آزمودہ عمل ہے۔

سحر لقوہ کا ایک اور روحانی علاج

سحر کے خاتمے کی غرض سے مریض کے لیے پینے کا پانی اس طرح تیار کریں کہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھتے ہوئے ایک مرتبہ سورۂ یٰسین، تین مرتبہ سورۂ مزمل، سات مرتبہ سورۂ جمعہ، گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی، اکیس مرتبہ سورۂ والناس پڑھیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو دیں کہ وہ دن میں کئی مرتبہ یہ پانی تیسرا کلمہ پڑھ کر پی لیا کرے۔

اس کے بعد کلونجی کے تیل پر اسی طرح یہ سورہائے مبارکہ اور درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ یہ تیل صبح و شام مریض کی مالش کے لیے ہے پھر مریض کے لیے نقش تیار کریں۔

اس مقصد کے لیے نماز عصر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر خوشبو سلگایئے اور عرق گلاب و زعفران سے یہ نقش پاک لکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۵۵۳۴۵	۵۵۳۵۸	۵۵۳۵۰	۵۵۳۵۲
۵۵۳۵۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۷
۵۵۳۵۰	۵۵۳۵۳	۵۵۳۶۰	.۵۵۳۴۷
۵۵۳۵۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۴۹	۸۸۳۵۴

الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ

يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيمِ

اس نقش کی پشت پر یہ نقش بنائیں۔

۴۷۷۵ع۶۶۶	۴۷۷۰ع۶۶۶	۴۷۷۷ع۶۶۶
۴۷۷۶ع۶۶۶	۴۷۷۴ع۶۶۶	۴۷۷۲ع۶۶۶
۴۷۷۱ع۶۶۶	۴۷۷۸ع۶۶۶	۴۷۷۳ع۶۶۶

تَنْزِيلُ الْقُرْاٰنِ

قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ اٰمَنُوا هُدًى وَّشِفَاءٌ

وَمَا هُوَ الشِّفَاءُ وَ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

اس کے بعد موم جامہ کر کے تعویذ کی طرح مریض کے گلے میں ڈالیں یا اس کے بازو پر باندھیں اور اس کے ہاتھ سے غرباء و مساکین میں صدقہ و خیرات تقسیم کروائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے اندر اندر سحر کے اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا اور شفا کاملہ حاصل ہوگی۔

سحر الفرج

یہ وہ سحر ہے کہ سفلی عمل کے ذریعے مرد یا عورت کی شرم گاہ کو خارش میں مبتلا کر دیا جاتا ہے اور پوشیدہ مقامات پر بہت شدید خارش کی شکایت ہو جاتی ہے جس کے باعث دوسروں کے سامنے شرمندگی ہوتی ہے مگر چونکہ یہ سحر کے اثرات کے باعث ہوتا ہے اور خارش کیے بغیر سکون

نہیں ملتا۔ اس سحر کا روحانی علاج بزرگان دین نے نہایت آسان بتایا ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

روحانی علاج:

باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے ذیل میں دیا ہوا نقش دو کی تعداد میں تیار کریں ایک نقش پانی کی بوتل میں ڈال کر اس پر گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی، اکیس مرتبہ تیسرا کلمہ اور اکتالیس مرتبہ سورۂ والناس پڑھ کر دم کریں یہ پانی صبح نہار منہ اور رات کو عشاء کی نماز ادا کرلے کے بعد مریض چند گھونٹ پی لے جبکہ دوسرا نقش مریض اپنے گلے میں ڈالے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

[illegible] / ١٣٦	[illegible] / ١٣٥	[illegible] / ١٣١	[illegible] / ١٢٢
[illegible] / ٢٥٢٣٦	٢٥٢٣٤ / [illegible]	٢٥٢٢٤ / ٢٥٢٢١	٢٥٢٣٧ / ٢٥٢٣٢
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible] / ١٢٦	[illegible] / ١٣٠	[illegible] / ١٢١	[illegible] / ١٣٢

مریض یا مریضہ رات کو سونے سے قبل گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اس طرح پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے کہ جہاں پر یؤدہ **حفظهما و هو العلی العظیم** آئے اس کو گیارہ مرتبہ پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورۂ والناس پڑھے اول وآخر درود ابراہیم پڑھے یہی عمل نماز فجر کی ادائیگی کے بعد بھی کرے ان شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی شفایابی ہوگی۔

اس کے علاوہ ذیل کا نقش لکھ کر اسے سرسوں کے تیل میں ڈال دیا جائے اور روزانہ دن میں دو مرتبہ صبح وشام متاثرہ عضو پر تیل اچھی طرح لگا کر نیم گرم پانی سے دھولیا جائے۔ بفضل باری تعالیٰ بہت جلد سحر کے اثرات ختم ہوجائیں گے اور چند دنوں میں آرام آجائے گا۔ نقش یہ ہے

اخرج الشیطین ... اخرج خرج ...

سحر خمول

یہ سحر کی ایسی قسم ہے کہ جس کے اثرات سے انسان پر ہر وقت کاہلی اور سُستی چھائی رہتی ہے وہ ہجوم میں آنے سے گھبراتا ہے۔ ہر وقت پریشان رہتا ہے تنہائی پسند ہوجاتا ہے۔ کسی سے زیادہ گفتگو نہیں کرتا۔ کڑھتا رہتا ہے بغیر کسی وجہ کے وہ یکدم بیزار اور اچاٹ سا ہوجاتا ہے۔ اسے اپنی اس حالت پر اختیار نہیں رہتا۔ اس سحر سے نجات کے لیے بزرگان دین نے جو روحانی عمل بتایا ہے وہ نہایت مؤثر اور سریع الاثر ہے۔

سحر خمول سے نجات:

سب سے پہلے مریض کے لیے نقش اس طرح تیار کریں کہ باوضو حالت میں عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش لکھیں۔

٧٨٦

٢١٦٩	٢١٧٢	٢١٧٥	٢١٦١
٢١٧٤	٢١٦٢	٢١٦٨	٢١٧٣
٢١٦٣	٢١٧٧	٢١٧٠	٢١٦٧
٢١٧١	٢١٦٦	٢١٦٤	٢١٧٤

اس نقش پاک کی پشت پر درج ذیل نقش پاک تحریر کریں۔

٧٨٦

١٣٢٣	١٣٢٧	١٣٣٠	١٣١٦
١٣٢٩	١٣١٧	١٣٢٢	١٣٢٨
١٣١٨	١٣٣٢	١٣٢٥	١٣٢١
١٣٢٦	١٣٢٠	١٣١٩	١٣٣١

یہ نقش مریض کے گلے میں ڈالیں اور اس کے ہاتھ سے حسب توفیق صدقہ وخیرات دلوائیں اور اسے تلقین کریں کہ وہ بسم اللہ کافی بسم اللہ شافی بکثرت پڑھتا رہے۔

اس کے بعد مریض کے پینے کے لیے پانی تیار کریں۔ باوضو حالت میں 111 مرتبہ آیۃ الکرسی، 121 مرتبہ آیات شفا، 121 مرتبہ سورہ والناس پڑھ کر پانی پردم کریں اس پانی سے مریض غسل کرے اور دن میں کئی مرتبہ پی لیا کرے۔ پیتے وقت تیسرا کلمہ پڑھے، اس کے علاوہ مریض نماز پنجگانہ باجماعت پڑھنے کی پابندی کرے اور ہر نماز کے بعد تین مرتبہ آیۃ الکرسی اور تین مرتبہ سورہ والناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر سحر کے اثرات ختم ہوجائیں گے۔ طبیعت بہتر ہوجائے گی اور معمولات زندگی درست ہوجائیں گے۔ نہایت مؤثر وآزمودہ عمل ہے۔

سحر المفلوج

سحر کی اس قسم میں انسانی جسم کے کچھ اعضاء یا سارا جسم مفلوج ہوجاتا ہے ڈاکٹری علاج کے باوجود مریض کو افاقہ نہیں ہوتا سحر کے اثرات کے باعث علاج کرنیوالوں کو بالکل سمجھ نہیں آتی کہ علاج کا مثبت اثر کیوں نہیں ہورہا ایسے مریض کا روحانی علاج مختلف طریقوں سے کیا جاتا ہے جو نہایت فائدہ مند اور شفا کا باعث ہے۔

سحر المفلوج کا مؤثر علاج:

نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب وزعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔

میکائیل — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — جبرائیل

۸۸۵	۸۷۸	۸۸۳
۸۸۰	۸۸۲	۸۸۴
۸۸۱	۸۸۶	۸۷۹

عزرائیل — [illegible] — اسرافیل

اس نقش کو خالص شہد ملے پانی سے دھو کر مریض کو صبح شام بسم اللہ شافی و کافی و سحر المفلوجہ بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر پلائیں۔ اس کے ساتھ ہی ذیل کا نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں یا اس کے بازو پر باندھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا شافی یا کافی یا سلام بحق ویشفا — واذا مرضت فهو يشفين

ی	ف	ا	ش
شفا	۳_۱	۹	۸۱
۳_۲	۲	۷۸	۸
۷۹	۷	۳_۳	۲

[illegible]

علاوہ ازیں مریض کی مالش کے لیے کلونجی کا تیل لے کر اس پر گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ، گیارہ مرتبہ آیات شفا، گیارہ مرتبہ آیت الکرسی، گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص، گیارہ مرتبہ سورہ والناس اور گیارہ مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ کر دم کریں۔ اس تیل سے مریض کی صبح وشام مالش کی جائے۔

اس کے علاوہ مریض کو جو بھی کھانا دیا جائے اس پر تین مرتبہ درود شفا، تین مرتبہ درود خضری، اور تین مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ کر دم کرکے کھلایا جائے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ دنوں میں افاقہ ہوگا اور سحر کے اثرات کا خاتمہ ہوتے ہی مریض صحت یاب ہوجائے گا۔ بہت سے لوگوں کا آزمودہ اور مفید عمل ہے۔

سحرِ سرسام

سحر کی اس قسم میں جادوئی عمل کے ذریعے انسان کے دماغ پر وار کیا جاتا ہے جس کے باعث دماغ کی دو جھلیوں کے درمیان اچانک ٹیسوں کے ساتھ ورم کی شکایت ہو جاتی ہے یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے اس جگہ پر آگ بھر دی گئی ہو اس سے دماغ میں شدید جلن ہوتی ہے اور بہت تکلیف محسوس ہوتی ہے۔ اس کا روحانی علاج حسب ذیل ہے۔

سحرِ سرسام سے خلاصی:

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں مریض کو روزانہ پینے کے لیے اس طرح پانی دم کر کے دیں کہ گیارہ مرتبہ درود شریف، اللھم صل علی محمد وعلی الِ محمد بعدد کل ذرۃ مائۃ الف الف مرۃ و بارك وسلم پڑھیں اور پانی پر دم کریں مریض یہ پانی دن اور رات میں جب بھی پیئے۔ بسم اللہ شافی و نجیته السحر السربحق سورہ الم نشرح کہہ کر پیئے اکیس روز تک روزانہ بلاناغہ اس طرح پانی پی لے۔

اس کے علاوہ کچے سوت کے سیاہ اور سُرخ رنگ کے نو تار لے کر ان کی ڈوری سی بنائیں اور ان پر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ اوپر دیا ہوا درود شریف پڑھیں اور سورۂ الم نشرح اس طرح پڑھیں کہ اس میں جب بھی حرف ک آئے جیسے الم نشرح لك (اس جگہ ڈوری میں ایک گرہ لگائیں) صدرك (یہاں دوسری گرہ لگائیں) اسی طرح پوری سورۃ پڑھتے ہوئے جہاں پر ک آئے وہاں گرہ لگائیں، اس کے بعد گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر اسی پر دم کریں اور یہ ڈوری مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے اندر اندر آرام آجائے گا اور سحر کے اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ یہ نہایت سریع الآثر اور آزمودہ ہے۔

سحرِ سرسام کا ایک اور روحانی علاج:

باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر عرق گلاب و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر یہ آیت

ار کہ لکھیں۔

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ٥ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا۔

لکھنے کے بعد یہی آیت مبارکہ اکہتر مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں پھر اکہتر مرتبہ آیۃ الکرسی اور اکہتر مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ کر دم کرے اور تعویذ کی طرح مریض کے سر پر باندھ دیں ریض جب گھر سے باہر جائے تو اسے سر سے اتار کر اپنے گلے میں ڈال لے۔

اس کے علاوہ روزانہ نماز فجر کے بعد سات مرتبہ سورۂ عنکبوت پڑھ کر مریض کے سر پر م کریں۔ نماز مغرب کے بعد بھی اسی طرح دم کریں۔

اس کے ساتھ مریض کے روزانہ پینے کے لیے پانی اس طرح تیار کریں کہ باوضو الت میں اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی، اکیس مرتبہ آیات شفا، اکیس مرتبہ سورہ والناس تین سو مرتبہ اسم اری تعالیٰ یا مُقسطُ اور اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شفا پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ مریض پر ال صبح و شام بسم اللّٰہ شافی و نجیت السحر السر بحق یا مقسط پڑھ کر پی لیا ے۔ اکیس یوم کے اس عمل سے ان شاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔ شفا کے حصول کے لیے یہ ہایت سریع الاثر عمل ہے۔

سحر الپستان

سحر کی اس قسم میں جس عورت کو تکلیف میں مبتلا کرنا مقصود ہو اس کا پُتلا بنا کر اس کے تانوں پر جادوئی عمل کیا جاتا ہے پتلے پر عورت اور اس کی والدہ کا نام بھی لکھ دیا جاتا ہے اور رہیں سی باندھ دی جاتی ہیں۔ سفلی عمل کرنے کے بعد اس پتلے کو اگر چولہے کے پاس یا کسی آگ کے مقام پر دفن کر دیا جائے اس سے عورت کے پستانوں میں ہر وقت تپش اور شدید خارش ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ اگر عورت کے اس پتلے کو کسی گیلی یا نم والی جگہ پر دفن کر دیا جائے تو عورت کے پستانوں میں پیپ بھرے چھالے سے محسوس ہوتے ہیں جس سے ٹیسیں اُٹھتی ہیں اور عورت دید تکلیف محسوس کرتی ہے۔ اس طرح کی کیفیت میں اسے بے چینی اور اذیت ہوتی رہتی ہے۔ الٹری علاج کے باوجود آرام نہیں آتا چونکہ عورت کو ایسی تکلیف جادوئی عمل کے ذریعے پہنچائی کی ہوتی ہے۔ اس لیے اس کا روحانی علاج کرنا ہی باعث شفا ہوتا ہے۔

سحر الپستان کا شافی علاج:

نمازِ عصر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے درج ذیل دو عدد نقوش لکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۶
۱۱	۵	۴	۱۶

انت الشافی بحق یا اللّٰہ یا اللّٰہ یا اللّٰہ

اس کے نیچے یہ درود پاک لکھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرُ الْاَنْوَارِ وَسَرِّ الْاَنْوَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ وَمِفْتَاحِ الْیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدَ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہٖ الْاَطْھَارِ وَاَصْحَابِہِ الْاَخْیَار عَدَدَ نِعْمَ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ۔

ایک نقش تیار کر کے مریضہ کو دیں کہ وہ اسے اپنے گلے میں ڈالے دوسرا نقش کلونجی کے تیل میں ڈال کر اس پر سات مرتبہ آیۃ الکرسی، سات مرتبہ معوذتین، سات مرتبہ درود ابراہیمی اور سات مرتبہ ذیل کے کلمات پڑھ کر دم کرے اور مریضہ کو دے کہ وہ اس کی صبح و شام مالش کیا کرے مالش کرنے کے تین گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے دھولے ان شاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔ سات مرتبہ پڑھنے والے کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ o نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنَ لَکَ فِی النَّوَائِبِ مِنْ کُلِّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِی بِعَظْمَتِکَ یَا اللّٰہ یَا اللّٰہ بِنَبُوَّتِکَ یَا مُحَمَّدْ یَا مُحَمَّدْ بِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ ھُوَ الشَّافِیْ ھُوَ الْکَافِیْ ھُوَ الْمَعَافِیْ بِحَقِّ اللّٰہِ یَا اللّٰہَ یَا اللّٰہَ یَا اللّٰہَ۔

ر الپستان کا ایک اور روحانی علاج:

باوضو حالت میں عرق گلاب اور نیل سے یہ نقش بنائیں۔

۸	۲۴	۲۷	۱
۲۶	۲	۷	۲۵
۳	۲۹	۲۲	۶
۲۳	۵	۴	۲۸

اس کے بعد نیلے رنگ کی شیشی میں کلونجی کا تیل ڈال کر اس میں یہ نقش ڈال دیں اس کو طلوع آفتاب کے وقت دھوپ میں رکھیں اور چاشت کے وقت اٹھا کر اس پر 121 مرتبہ یہ آیات پڑھ کر دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o وَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سٰجِدِیْنَ بِحَقِّ قَھَّارُ قَھْرٌ فِی السِّحرِ o وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ فِیْہِ شِفَآءٌ لِلنَّاسِ ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ قُلْ ھُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا ھُدًی وَّ شَفَآءٌ بِحَقِّ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ o

پھر اکیس مرتبہ بسم اللہ، اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی، اکیس مرتبہ سورہ والناس پڑھ کر دم کریں اس تیل سے مریضہ صبح و شام پستانوں پر مالش کرے اور پھر نیم گرم پانی سے دھو کر صاف

کرلے۔ مالش کرتے ہوئے بکثرت درود شفا کا ورد جاری رکھے۔ اکیس یوم تک روزانہ یہ [عمل]
کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے اندر اندر شفا حاصل ہوگی۔ شفا کے بعد چاہیے کہ عورت
اپنے ہاتھ سے حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے۔

سحر کا یوس

سحر کی اس قسم کے اثرات سے سحر زدہ پر نیند کی کیفیت طاری رہتی ہے اسے بہت زیادہ نیند
آتی ہے اور نیند کے دوران اسے عجیب وغریب مناظر دکھائی دیتے ہیں۔ اسے انسان یا حیوان نما ایسی
ڈراؤنی مخلوق نظر آتی ہے جو اس کو خوفزدہ کرتی ہے اسے یوں محسوس ہوتا ہے کہ وہ مخلوق اس کے سینے پر
سوار ہو کر اس کا سانس بند کر رہی ہے وہ سانس نہیں لے پاتا نیند میں وہ چیخنے چلانے کی کوشش کرتا ہے
مگر اس کی آواز نہیں نکلتی۔ اس کے سینے سے جیسے ہی بوجھ ہٹتا ہے تو اس کی نیند کھل جاتی ہے وہ خوفزدہ
حالت میں بیدار ہو جاتا ہے۔ اس سحر کا بھی بزرگان دین نے شافی روحانی علاج بیان کیا ہے۔

سحر کا یوس کا شافی علاج

نماز عصر کی ادائیگی کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر باوضو حالت میں سبز رنگ کے کاغذ پر عرق
گلاب وزعفران سے یہ نقش لکھیں۔

جبرائیلؑ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — میکائیلؑ

یَابَاقِیْ (دائیں جانب) — یَاکَافِیْ (بائیں جانب)

یا اللّٰہُ	یَارَحمٰنُ	یَارَحِیْمُ
یَامَالِکُ	یَاقُدُّوْسُ	یَااَحَدُ
یَامُوْمِنُ	یَامُهَیْمِنُ	یَاسَلَامُ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِیَتِهِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَائِهَا وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

اسرافیلؑ — بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ وَّ خَلَائِقِ — عزرائیلؑ

اس نقش پاک کو خوشبو لگا کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اس کے علاوہ مریض کو چاہیے
کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ درود شفا جو کہ نقش کے اندر لکھا ہے پڑھے اور نقش میں لکھے گئے
اسمائے مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھے۔ پھر اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے۔
اکیس یوم تک روزانہ ہر نماز کے بعد اسی طرح کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد سحر کا یوس کے
اثرات کا خاتمہ ہوگا۔ یہ نہایت مؤثر اور آزمودہ عمل ہے۔

سحر کا یوس سے جلد نجات:

نماز فجر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر 121 مرتبہ درود شفا پڑھے
اس کے بعد عرق گلاب وزعفران سے ایک سفید کاغذ پر سورۃ مدثر کی درج ذیل آیات مبارکہ
لکھیں۔

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ o قُمْ فَاَنْذِرْ o وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ o وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ o وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ o وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ o وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ o

اس کو تعویذ کی طرح مریض کے گلے میں ڈالے۔
اس کے بعد اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شفا پڑھیں اور گیارہ مرتبہ سورۃ مدثر اور
گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ o بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُّؤْذِيْكَ وَمِنْ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اللّٰهُ يَشْفِيْكَ o اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا o

پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پینے کے لیے دیں کہ وہ رات دن میں اسے پی
لے۔ اس طرح دم کیا ہوا پانی روزانہ تیار کریں۔ اکیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کریں۔ ان
شاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم میں سحر کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور آرام آجائے گا۔ شفا کے حصول
اور سحر کے خاتمے کے لیے یہ سریع الاثر عمل ہے۔

سحر سدرودوار

سحر کی اس قسم میں صحت مند ہونے کے باوجود انسان کے سر میں درد کی ٹیسیں اٹھنا شروع ہو جاتی ہیں۔ بعض اوقات چکر بھی آتے ہیں۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا سا چھا جاتا ہے۔ میڈیکل ٹیسٹ میں کوئی بیماری سامنے نہیں آتی۔ سر میں شدید درد کی یہ شکایت کئی منٹوں تک رہتی ہے۔ بعض اوقات کئی گھنٹے تک ہوتی رہتی ہے۔ درمیان میں تھوڑی دیر کے لیے آرام آجاتا ہے مگر پھر اچانک درد کی ایک لہر سی اٹھتی ہے جس سے مریض یا مریضہ بے چینی اور اذیت محسوس کرتے ہیں اور بار بار اپنے سر کو پکڑتے ہیں۔ بعض اوقات درد کی شدت اس قدر تیز ہوتی ہے کہ برداشت کرنا مشکل ہوتا ہے۔ بزرگان دین نے اس سحر کے اثرات کے خاتمے کے لیے روحانی علاج بیان کیا ہے جو بہت سے لوگوں کا آزمودہ اور نہایت مؤثر ہے۔

سحر کے اثرات کا خاتمہ:

نماز فجر اور نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں اپنے ہاتھ کی انگلی سے مریض کی پیشانی پر سات سات مرتبہ یہ آیت مبارکہ لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ o اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ o فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ o ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ۔

پھر صبح و شام یہی آیات مبارکہ اکیس مرتبہ اور آیت الکرسی سات مرتبہ اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شفا پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی سحر کے اثرات کا خاتمہ ہوگا اور آرام آجائے گا۔

سحر سدرودوار کا شافی علاج:

سحر سدرودوار کے شافی اور فوری علاج کے لیے باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران

آیت مبارکہ لکھ کر موم جامہ کریں اور مریض کے سر پر تکلیف کے وقت باندھیں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ o اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا o بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِيْ حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

اس کے بعد یہی آیات مبارکہ سات مرتبہ اور آیت الکرسی سات مرتبہ سورۃ والناس سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ علاوہ ازیں مریض کو پینے کے لیے اس طرح دم کر کے پانی دیں کہ یہی آیات مبارکہ گیارہ مرتبہ، آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ، معوذتین گیارہ مرتبہ اور تیسرا کلمہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کریں۔ مریض یہ پانی صبح و شام میں کئی مرتبہ بسم اللّٰہ شافی و نجیۃ السحر السد و دوار پڑھ کر پی لیا کرے۔ یہ پانی روزانہ بلاناغہ اکیس یوم تک دم کر کے پلایا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے اندر اندر سحر کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور دوبارہ کبھی یہ مرض نہ ہوگا۔ مریض کو چاہیے کہ وہ جلد شفایابی کے لیے ہر نماز کے بعد بکثرت درود شفا پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے۔ یہ عمل نہایت سریع الاثر اور آزمودہ ہے۔

دفع آسیب و پریاں:

تین نقش روزانہ لکھ کر مریض کو پلائے اور ایک نقش گلے میں پہنائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔

۷۸۶

۳۴۲۰۴	۳۴۲۰۷	۳۴۲۱۰	۳۴۱۹۷
۳۴۲۰۹	۳۴۱۹۸	۳۴۲۰۳	۳۴۲۰۹
۳۴۱۹۹	۳۴۲۱۲	۳۴۲۰۵	۳۴۲۰۲
۳۴۲۰۶	۳۴۲۰۱	۳۴۲۰۰	۳۴۲۱۱

برائے ردسحر:

اس دعا کو اکیس یا 41 بار پڑھ کر پانی پردم کر کے پلائے۔دُعا یہ ہے۔

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرحیم ط اللّٰھم انصرنا علی لاتخاف درکا ولا تخشی کل عدو صغیر و کبیر قریب و بعید ذکرو انثی حرو عبد شریف ووضیع شاھد و غائب کافر و مسلم قوی و ضعیف ولا تُسلط علینا من لایرحمنا ومن یکفیه غیرك بِرحمتك یا ارحم الراحمینo

دفع سحر کے لیے بینظیر:

نقش سورہ طٰہٰ دفع ہونے سحر کے لکھ کر مسحور کے بازو پر باندھے اور ہر روز ایک سو بار طٰہٰ پڑھا کرے۔انشاءاللہ اس عمل سے مسحور کو مرض میں افاقہ ہوگا۔

۷۸۶

۹۹۸۱۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۰
۹۹۸۲۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۱۴	۹۹۸۲۶
۹۹۸۱۸	۹۹۸۲۱	۹۹۸۲۹	۹۹۸۱۵
۹۹۸۲۸	۹۹۸۱۶	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۲

آرام کی صورت میں غریب بچوں میں حسب توفیق شرینی تقسیم کریں۔نماز میں باقاعدگی، باوضو رہنے کی عادت ڈالیں۔رات کو آیۃ الکرسی پڑھ کر سوئیں۔انشاءاللہ ہمیشہ سکون آرام رہے گا۔اور آزمودہ عمل ہے۔

جنون یا گل پن کا علاج:

سات کنوؤں کا پانی لاؤ اور اس پر گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرو اور مریض کو پلا دو۔مجرب ہے۔اگر سات کنوؤں کا پانی نہ ملے تو سات مختلف علاقوں کے نل سے پانی اکٹھا کرلیں۔

سورۃ جن ابتداء سے آیت رشداً تک۔

اگر سات کنوؤں کے پانی پر سورۃ معوذتین کا بھی دم کر کے مریض کو پلائیں تو بھی ان شاءاللہ آرام آجائے گا۔دم کرنے والا باعمل ہو صوم صلوٰۃ کا پابند ہو۔شریعت طریقت بھی سمجھتا ہو۔

چڑیل، جنات اور آسیب سے بچاؤ:

جس کسی کو جن بھوت، آسیب کی شکایت ہو یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھ دو۔اگر یہ نقش گھر کے دروازہ پر لگا دو تو جملہ اثرات سے تمام گھر محفوظ ہو جائے گا۔نقش کسی باعمل عامل سے لکھوا

۷۸۶

یو	ج	لج	ا
ط	و	بب	ذ
د	ید	ا	ید
ھه	ی	ح	یا

کر گلے میں ڈالیں۔یا بازو پر باندھے طہارت و پاکیزگی کا خیال رکھیں۔مسحور باوضو رہنے کی عادت ڈالے۔کثرت سے کلمہ شریف کا ذکر روزانہ کرے۔شرعی برائیوں سے بچنے کی کوشش کرے۔غریبوں حقداروں کی حسب توفیق مدد کرے۔ان شاءاللہ ان تمام جملہ امراض سے بچا رہے گا۔

ہر قسم کے جادو کے لیے:

جادو کے باب میں عاملین لکھتے ہیں کہ اگر کسی شخص کو مسحور کر دیا گیا ہو تو اس کے جادو کے اثر کو زائل کرنے کے لیے آیہ مندرجہ ذیل کو نئے کوزہ میں لکھے اور نہار منہ اس کو چٹائے۔انشاء اللہ سحر باطل ہو جائے گا اور وہ آیہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ط

دشمن دوست:

جوکوئی یہ چاہے کہ اس کا دشمن اس کا دوست ہوجائے تو وہ جمعہ کے دن ہر نماز کے بعد کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بکثرت پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اور فجر کے بعد یہ نقش مبارک دیکھے۔

علیقا	ملیقا	انت تعلم	ما فی قلوبھم	ملیقا
۱	۴	۲	۴	۱۸
۴	۵ ی ۵	۵۵۷۵	۱۲	۱۳
۷۲	۴	۱۶	۵۴	۱۳
۵۲۵	۵۲۶۵	۱۶۵	محمدرا	ای
لَآ اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

بفضل باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دشمن کے دل میں اس کے خلاف پیدا شدہ نفرت محبت میں بدل جائے گی اور وہ دشمنی ختم کرنے اور دوستی کی طرف مائل ہوگا۔

(بوسیلہ محمد مشکل کشا)

ردّ سحر اور حفاظت کے لیے:

اگر جادو ہونے کی شکایت ہو یا گھر کو جادو سے بچانا ہو صبح شام نماز کے بعد گیارہ گیارہ بار لا یلاف، گیارہ گیارہ بار لاحول، اور گیارہ گیارہ بار اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھیں، حفاظت ہوگی۔

۸۷۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

مندرجہ بالا تعویذ کا فلیتہ بنا کر روئی میں بتی بنا کر ۸ کے ہندسے کی جانب سے کڑوے تیل کے مٹی کے نئے چراغ میں یہ بتی رکھ کر جلا دیں۔ تمام اثرات کا خاتمہ ہوجائے گا۔

جادو ٹونہ ختم کرنا:

اول آخر درود ابراہیمی پڑھیں اور اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ جادو ٹونے کے اثرات ختم ہوجائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ بجری کواڑ بجری باندھوں رسون دوار بجری آئے بجری جائے سب جگ سمائے ٹونا جادو سب رد ہوجائے جو ٹونا جادو پھر کر آئے الٹ پلٹ وہاں کا وہاں پر جائے جو کرے سو مرے آمین لا الہ اِلاَّ اللّٰہ محمد الرسول اللّٰہ و ننزل من القرآن ماھو شفآء ورحمة للمومنین ولایزید الظالمین الَّاخسارا۔

سحر زدہ کا علاج:

سات روز تک سحر زدہ کو یہ کلمات لکھ کر پانی میں گھول کر نہار منہ پلاؤ، سحر ختم ہوجائے گا۔

فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَاجِئْتُمْ بِہِ السِّحْرَ بِاِذْنِ اللّٰہِ ااام

آسیب آگ یا پتھر برساتا ہو:

اگر کسی جگہ آسیب آگ برساتا ہو یا اینٹیں پھینکتا ہو یہ نقش بنا کر نقش کا چہرہ قبلہ کی طرف کر کے دیوار پر چسپاں کر دیا جائے۔ آئندہ آگ یا پتھر نہ آئیں گے۔

دشمنوں پر فتح یاب ہونا:

ایضاً۔ اس نقش کو لوہے کی انگوٹھی پر نقش کروا کے گھر میں لٹکا دے۔ ہمیشہ دشمنوں پر

فتحیاب ہورہے۔
نقش یہ ہے۔

۴ ۲۱۱	۲۲۲۱	۴۴۴	۶۲۶۰	۴۲۲۱	۲۲۴	۴۲۴۷
۴۲۲۵	۳۰۴۸	۲۳۱۳	۴۴۵	۴۳۶۱	۶۳۴۱	۴۲۴۳
۶۶۳	۳۲۴۲	۲۵۶	۳۴۶	۴۲۴۲	۴۲۱۲	۴۲۲۹
۴۳۵۱	۲۲۳۰	۲۲۵۹	۳۲۲۴	۳۳۷	۳۳۵	۲۳۱۴
۴۳۱۹	۴۳۱۵	۴۲۵۷	۴۴۱	۴۲۷	۴۶۱۸	۳۸۴۲
۴۳۱۸	۲۲۲۲	۴۳۱۶	۴۳۱۶	۲۳۲۹	۶۳۴۲	۵۸۴۳
۱۳۴۳	۹۳۵۹	۴۴۳۰	۴ ۲۳	۲۳۴۹	۳۱۷	۴۲۲

گھر میں کوئی غیر شرعی حرکت مثلاً شراب زنا بدکاری سے پرہیز کریں۔ کثرت درود ابراہیمی کا ذکر کیا کریں۔ نماز کی پابندی لازمی کریں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

دشمن سے بچاؤ:

ایضاً۔ جو کوئی شخص اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا دشمن کے فریب اور مکر سے بچا رہے گا۔

باوضو رہنے کی عادت ڈالیں۔ نماز کی پابندی کریں قرآن کی تلاوت کریں۔ غیر شرعی حرکتوں سے مکمل پرہیز کریں۔ مسجد کی خدمت کریں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

جادوئی اثرات کا خاتمہ:

اس تعویذ کو اپنے پاس رکھنے سے جادوئی اثرات بھی ختم ہو جاتے ہیں۔ اگر اس کا نقش گھر میں رکھا جائے تو اس عمل کی تاثیر میں کافی اضافہ ہو جاتا ہے۔

بسم	اللّٰہ	الرحمٰن	الرحیم
جباد معید	حق سمیع	والی مبدی	ریان
واسع علیم	واحد رازق	محی	عدل
محیط	ماجد مجید	رئوف	نور باسط
بسم ۱۰۲	اللہ ۶۶	الرحمٰن ۲۲۹	الرحیم ۲۸۹
۳۳۰	۲۸۸	۱۰۳	۶۵
۲۸۷	۳۲۷	۲۸	۱۰۴
۶۷	۱۰۵	۲۸۶	۳۲۸

جادو کا توڑ

اگر کسی پر کسی نے سحر و جادو کیا ہو۔ تو چاہیے کہ اس نقش سورۂ فلق کو بطریق تکسیر میں پُر کر کے مسحور کے گلے میں ڈالے اور ایک لکھ کر ہر روز مسحور کو گھول کر پلائے۔ چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ پلائے۔ اس دوران روزانہ نماز مغرب کے فوری بعد باوضو حالت میں اکیس مرتبہ سورہ فلق پڑھ کر سحر زدہ پر دم بھی کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت ہوگی۔ نقش اس کے دو ہیں ملفوظی و عددی۔ وہ یہ ہیں:

۷۸۶

قُل[1]	وَمن شر[14]	ومن شر[11]	غاسق[8]
النفثٰت[12]	ومن شر[7]	اعوذ[2]	فی العقد[13]
ماخلق[6]	اذا[9]	اذا حسد[16]	برب[3]
حاسد[15]	الفلق[4]	من شر[5]	وقب[10]

۷۸۶

۲۱۵۸	۲۱۷۲	۲۱۶۹	۲۱۶۵
۲۱۷۰	۲۱۶۴	۲۱۵۹	۲۱۷۱
۲۱۶۳	۲۱۶۷	۲۱۷۴	۲۱۶۰
۲۱۷۳	۲۱۶۱	۲۱۶۲	۲۱۶۸

سحر سے نجات

یہ نقش سورۂ ناس کا ہے جو کوئی اس کو باقاعدہ تکسیر کر کے لکھے اور جس پر سحر کا شبہ ہو۔ اس کے گلے میں ڈال دے اور ایک تعویذ ہر روز چینی کی رکابی پر لکھ کر گیارہ دن تک مسحور کو پلائے اور اگر ممکن ہو تو مسحور خود بھی اس سورت کو گیارہ بار ہر روز پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ حق تعالیٰ اس کو جلد شفا بخشے گا۔ شفایابی کے بعد حسب استطاعت صدقہ و خیرات کرے اور محلّہ کی مسجد میں سات جمعرات تک صفائی کرے اور نماز پنجگانہ ادائیگی میں کبھی سستی نہ کرے۔

نقش ملفوظی و عددی ہیں:

۷۸۶

قُل[1]	الناس[4]	الذی[11]	من شر[8]
یوسوس[12]	الٰه الناس[7]	اعوذ[2]	فی صدور[13]
الناس[6]	الوسواس[9]	والناس[16]	برب[3]
من الجنة[15]	الناس[4]	ملك[5]	الخناس[10]

۷۸۶

۱۲۹۱	۱۳۰۵	۱۳۰۲	۱۲۸۹
۱۳۰۳	۱۲۹۷	۱۲۹۲	۱۳۰۴
۱۲۹۶	۱۳۰۰	۱۳۰۷	۱۲۹۳
۱۳۰۶	۱۲۹۴	۱۲۹۵	۱۳۰۱

جادو سحر کا خاتمہ

یہ نقش آیۃ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرةُ تا عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ط واسطے جادو سحر کے نہایت مفید ہے۔ چاہیے کہ جس پر کسی نے سحر کیا ہو اس کو لکھ کر مسحور کے گلے میں ڈالے۔ اور ایک تعویذ ہر روز لکھ کر پانی میں گھولے اور اس پانی سے کسی پاک جگہ بیٹھ کر غسل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ ہفتہ عشرہ تک مسحور کو بالکل آرام آ جائے گا۔ آرام کر آنے کے بعد حسب توفیق صدقہ و خیرات کرے۔ محلے کی مسجد کی خدمت کرے غرباء و مساکین میں کھانا تقسیم کرے۔ اپنے آپ کو پاک

صاف رکھے اور نماز پنجگانہ کی پابندی کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دوبارہ اس پر سحر کا اثر نہ ہوگا۔ نقش ہے۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ

۷۸۶

۱۰۷۵	۱۰۸۹	۱۰۸۵	۱۰۸۲
۱۰۸۶	۱۰۸۱	۱۰۷۶	۱۰۸۸
۱۰۸۰	۱۰۸۳	۱۰۹۱	۱۰۷۷
۱۰۹۰	۱۰۷۸	۱۰۷۹	۱۰۸۴

اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

سحر و جادو کی تشخیص

جس شخص یا مریض کو اس بات کا شک ہو کہ اس پر سحر و جادو کا اثر ہے تو تشخیص کے لیے عامل اس شخص کو اپنے سامنے بٹھائے اور ذیل کے اسماء کو سات بار تلاوت کر کے اس کے منہ میں پھونکیں اور سات بار تلاوت کر کے اس کے دونوں کانوں، ناک کے نتھنوں، دونوں آنکھوں اور اسی طرح سات بار اس کے سینہ پر یعنی مقام دل پر پھونکیں۔ اور سات بار ہی پانی پر دم کر کے پلائیں۔ سحر جادو کا اثر ہونے کی صورت میں پانی کے حلق سے نیچے اترتے ہی مریض غش کھا جائے اور زمین پر لوٹ پوٹ ہونے لگے گا۔ عامل مریض کی اس حالت پر کوئی فکر و اندیشہ دل میں نہ لائے بلکہ مریض کے جسم پر اسمائے عمل پڑھ کر پھونکتا جائے۔ کچھ ہی دیر بعد اچانک غشی کا دورہ آنا شروع ہو جائے گا۔ قے کے پانی کو کسی برتن میں جمع کر لیں اس پانی کو غور سے دیکھنے پر شخص ورطہ حیرت میں گم ہو جائے گا کیونکہ قے کے پانی میں خون کے منجمد ٹکڑے جلی ہوئی راکھ کے ذرات، بوسیدہ اور پھٹے پرانے کاغذات کی صورت میں تعویذات اور غلیظ و مکروہ قسم کا مواد نظر آئے گا۔ قے کا پانی گرم اور جھاگ دار ہوگا، جس میں آگ اور دھوئیں کا دبیز سا غبار نمایاں طور پر دیکھنے میں آئے گا۔ مسحور اس وقت تک قے کرتا رہے گا جب تک کہ سحر جادو کا تمام اثر مکمل طور پر باطل ہو کر اس کے جسم سے خارج نہ ہو جائے۔ اس عمل کے نتیجہ میں مریض خود بخود ٹھیک ہو جاتا

ہے۔اوراس پر کیے گئے سحر و جادو کا اثر ہمیشہ کے لیے جاتا رہتا ہے۔اسماء حسب ذیل ہیں۔
عمل میرے روزانہ کے معمولات و مجربات سے ہے)

اَیَا تَعَالُوا کَلِمَةً هَیَّانُوا مَجَانُو عَظِیمْةً وَیَنُوا بِهَا السِّحرِ الکُلِیَّةَ وَالجُزیَتهٍ وَاَمَدَّفِیْ مِنَ العَینِ وَالبَلَاءِ تَرَوسَّاتکَرَّا بِمَا یَلوَوقٌ اَعُوذ مَسِیمَناً مِهِیَمناً فِی الآرضِ وَالسَّمَآءِ بَحَقِّ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیمَانَ وَاِنَّهٗ بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم اَلْوَحَا العِجَل اَلسَّاعَتَه۔

(بحوالہ بوستان طلسمات)

☆☆☆

طبی مشورے

کشتہ جات مفید آتشک

کشتہ سنکھیا۔کشتہ رسکپور وکشتہ دارچکنا یہ عمدہ بنے ہوئے آتشک کے واسطے مفید ہوتے ہیں۔

مرہم برائے آتشک

پارہ ایک تولہ۔موم زرد ایک تولہ۔کافور 6 ماشہ۔تیل تل 9 ماشہ۔موم کو پگھلا کر تیل میں ڈال دیں۔بعد اس کے پارہ اور کافور ملا کر خوب کھرل کریں حتیٰ کہ مرہم بن جائے تو زخموں پر لگائیں اور ہر روز نیم کے جوشاندہ سے دھویا کریں۔

دیگر مرہم

سیندور 6 ماشہ۔سنگ جراحت 6 ماشہ۔مردار سنگ 6 ماشہ۔کافور 6 ماشہ۔نیلو تھا تھا بریاں 4 ماشہ۔میٹھے تیل میں سب اشیاء ملا کر مرہم تیار کریں اور ضرورت کے وقت لگائیں۔

قوتِ باہ میں اضافہ

دودھ گائے کا دس سیر اوٹاؤ۔جب آدھا رہ جائے اس میں دہلی ہوئی سوکھی بھنگ کا آدھ سیر چورن ملائیں۔کھیوا بناؤ۔پھر آدھ سیر گھی ڈال کر کھوئے کو نرم آنچ پر بھون لیں۔پھر پانچ

سیر مصری کی چاشنی نرم سی بنا کر کھویا اس میں ڈال کر خوب ملائیں اور مندرجہ ذیل ادویات کا سفوف بھی اچھی طرح سے ملائیں اور برفی یا لڈو بنا کر صاف برتن میں رکھ لیں۔ تج۔ تیز پات۔ ناگ کیسر۔ اسگندہ۔ مرچ سیاہ۔ گری کونچ بیج۔ جڑ بریارہ۔ جڑ کنگھی۔ دو دو تولہ۔ چھوٹی الائچی۔ سونف۔ بنسلوجن۔ چار چار تولہ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ لونگ۔ جاوتری۔ جائفل۔ ایک ایک تولہ۔ ورق سونا چاندی ایک ایک سو۔ خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک حسب برداشت دودھ سے استعمال کریں۔ یہ پاک جاڑوں میں استعمال کرنا بہت بہتر ہے۔

جوانی لوٹ آئے

گری کونچ بیج کا سفوف ایک سیر۔ پانچ سیر دودھ میں ڈال کر کھویا بنائیں۔ لیکن برتن مٹی کا یا قلعی دار ہو۔ پھر آدھ سیر گھی ڈال کر نرم آنچ پر بھون لیں۔ دو سیر مصری کی چاشنی میں کھوئے کو ڈال کر مندرجہ ذیل ادویات بھی شامل کر لیں۔

جائفل۔ جاوتری۔ کنکول۔ ناگ کیسر۔ لونگ۔ اجوائن۔ عقرقرحا۔ سمندر سوکھ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپ۔ دارچینی۔ الائچی چھوٹی۔ تیز پات۔ زیرہ سفید۔ پرنگو۔ گج پیپل ایک ایک تولہ۔ میوہ جات بادام۔ پستہ چلغوزہ۔ کشمش۔ ناریل۔ کاجو۔ پانچ پانچ تولہ۔ ورق سونا چاندی ایک ایک سو۔ کشتہ فولاد۔ ابرک۔ قلعی۔ ایک ایک تولہ۔ کستوری 6 ماشہ۔ بھیم سینی کافور 2 ماشہ۔ سب کو ٹھیک سے ملا کر چکنے یا کانچ کے برتن میں رکھیں۔ مقدار خوراک 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ دودھ۔ یہ پاک ویرج کے امراض پر جادو کی طرح سے اثر دکھاتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔

دفع آتشک

کتھ ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا 4 رتی۔ ارنڈ کا پانی 8 تولہ بالائی دودھ ایک تولہ۔ تمام اشیاء کو کھرل کر کے چار چار رتی کی ٹکیہ بنائیں اور سایہ میں خشک کر لیں۔ یہ ٹکیہ مٹی کے حقہ یا چلم میں بھر

مریض کو تمباکو کے طور پر پلائیں۔ دن میں صرف ایک بار کافی ہے۔ لیکن ایسے کمرہ میں یہ عمل کریں جہاں زیادہ ہوا نہ ہو۔ کیونکہ اس سے پسینہ آتا ہے۔ دھواں اگر تمام اندر کی طرف کھینچا جائے تو اچھا ہے ورنہ زخم کی طرف چھوڑنا چاہیے۔

مفید آتشک

زنگار ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد 6 ماشہ۔ ارنڈ کے تازہ پتے لے کر ان کا پانی نکال کر اس پانی میں یہ ہر دو اشیاء خوب کھرل کر کے نخود کے برابر گولی بنائیں ایک گولی صبح اور ایک شام کو آم کے اچار کے ہمراہ کھائیں ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔

حب آتشک ہر قسم

خواہ کسی درجہ کا کیوں نہ ہو۔ اس کے استعمال سے ضرور فائدہ پہنچتا ہے اور نہ ہی اس سے منہ آتا ہے۔

سنکھیا سفید۔ کتھ سفید۔ عاقرقرحا۔ چکنی سپاری۔ بھنگرہ سب اشیاء برابر وزن پیس کر برابر نخود کے گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح و ایک شام کو کھائیں گوشت نمک و ترش اشیاء کا پرہیز کریں۔ آرام ہوگا۔

رفع داد

ملتانی مٹی آدھ پاؤ۔ صابن دیسی 4 تولہ۔ طوطیا سبز۔ صدف سوختہ 2 تولہ۔ روغن زرد 5 تولہ۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر روغن زرد میں مثل مرہم کے تیار کر کے لگاؤ۔ تھوڑے دنوں میں آرام ہوگا۔

مجرب جدوار دفع زکام وکھانسی ونزلہ

جدوار خطائی نیم ڈرم۔ مصطگی رومی نیم ڈرم۔ جاوتری نیم ڈرم۔ گوند کیکر نیم ڈرم۔ اجوائن خراسانی نیم ڈرم۔ بنسلوچن نیم ڈرم۔ پوست بیخ لقانیم ڈرم دارچینی 3 ڈرم۔ زعفران 2 ڈرم۔ نبات 2 ڈرم۔ اُنیسوں 6 ڈرم۔ ورق طلا 5 عدد۔ تمام ادویات کوکوٹ کر بقدر نخود کے گولی بنالیں۔ ایک گولی ہمراہ آبِ گرم استعمال کریں۔

مجرب دافع آتشک

رسکپور۔ دار چکنا۔ ایک ایک تولہ۔ روغن گاؤ آدھ پاؤ۔ ایک طشت کانسی کالے کر اُس میں ڈال کر ہاتھ سے خوب حل کرو۔ صبح سے دوپہر تک حل کرو۔ جب خوب حل ہوجائے تو بقدر کنار دشتی گولی بنا کر صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ پانی کے کھائیں۔ ایک ہفتہ تک اس کا استعمال کریں۔ بڑی مفید دوائی ہے۔ اس کے استعمال سے کسی قسم کا بھی پرہیز نہیں کرنا پڑتا اور نہ ہی اس سے منہ آتا ہے۔

بواسیر خونی وبادی کے لیے مجرب نسخہ

گوگل۔ اندر جو کی چھال۔ بکائن کے پھول کا پوست۔ مغز بیج نیب، ہلیلہ، سیاہ ہر ایک ایک ڈرم۔ رسونت 2 ڈرم۔ مرچ سیاہ ڈیڑھ ماشہ۔
رسونت کو پانی میں حل کریں۔ اور باقی ادویات کو خوب کوٹ چھان کر اُس میں ملالیں۔ جب گولی باندھنے کے لائق ہوجائے تو آدھا ماشہ کافور ملا کر بقدر کنار دشتی حبوب تیار کرلو۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ آب تازہ کے کھائیں۔

حبوب دافع جریان

افیون۔ فلفل۔ دار چینی۔ زنجبیل۔ کتیرا۔ ضمغ عربی۔ ہر ایک 5 درم۔ زعفران۔ ا ا۔ حب بلسان۔ مرصاف۔ عاقر قرحا۔ رب السوس زرنباد ہندی۔ جند بیدستر۔ جدوار الائی۔ درونج۔ عقربی۔ مصطگی عود خام۔ خرفہ۔ تخم کرفس۔ دار فلفل قرنفل۔ جرطبابہ۔ ہر ایک دو ارم۔ مشک خالص اڈوم۔ نبات سفید 5 ڈرم۔ عرق گلاب آدھ پاؤ۔
تمام ادویات کوکوٹ چھان کر عرق گلاب میں کھرل کرو۔ اور بقدر نخود کے گولیاں بناؤ۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ دودھ تازہ آدھ کلو کے استعمال کریں۔ اگر قبل از جماع ایک گولی گرم دودھ کے ہمراہ کھائی جائے تو امساک ہو۔

شہوت قائم رہے

عنبر خالص۔ مشک خالص۔ ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ۔ پارہ مصفٰے چھ ماشہ۔ تینوں کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا دودھ آک ڈال کر خوب کھرل کریں۔ ڈھائی تولہ دودھ خشک ہوجائے۔ پھر قرص بنا کر گائے کے گھی میں بھون لیں۔ سرخ ہوجائے لیکن جلنے نہ پائے گھی کو صاف کر کے علیحدہ رکھ لیں۔ اور قرص کو علیحدہ۔ رات کو سوتے وقت یہ گھی تھوڑا سا بنگلہ پان پر لگا کر آلہ تناسل پر باندھیں۔ صبح کو گرم پانی سے دھودیا کریں۔ پندرہ روز کافی ہے۔ اور قرص میں سے ایک چاول بنگلہ پان کو پیس کر اُس کے درمیان رکھ کر پانی سے نگل جایا کریں۔ دودھ، گھی، زیادہ استعمال کریں۔ پندرہ روز کا استعمال کافی ہے۔ عجیب چیز ہے۔

آلہ تناسل کی سختی

مغز پستہ پندرہ تولہ۔ مغز جمال گوٹہ ایک تولہ۔ سنکھیا سفید ایک تولہ۔ سنکھیا اور مغز جمال گوٹہ کو کھرل میں ڈال کر دودھ آک ڈال ڈال کر تین روز تک برابر کھرل کریں۔ بعد کو پستہ ملا کر

یک جان کرلیں اور پھر بذریعہ پتال جنتر یا پوٹلی سے تیل نکالیں۔ یعنی پوٹلی میں باندھ کر ... تیل نکل سکتا ہے۔ پھر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ بعد ایک ماہ کے استعمال کریں۔ اگر ... چھوٹے پھنسیاں نکلیں تو چار روز درمیان میں ترک کر کے مکھن لگایاں کری۔ پھنسیاں آرام ... سے پھر استعمال کریں۔ ایک ماہ کے استعمال سے حالت بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔

نامرد فوراً مرد بن جائے

دارچینی۔ جائفل۔ لونگ۔ جاوتری۔ زعفران۔ ایک ایک تولہ۔ مالی کنگنی دس تولہ اسپند (بیج حرمل) پانچ تولہ۔ برادہ کچلہ 5 تولہ سب کو جوکوب کر کے آتشی شیشی میں بھر کر بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ اس کو بطور طلاء استعمال کریں۔ اور ایک بوند پان میں ملا کر اوپر سے دودھ گھی ڈال کر پی لیں۔ ایک ماہ میں نامرد سے مرد ہونے کی قابلیت رکھتا ہے۔ عجیب اور کم خرچ نسخہ ہے۔

نسخہ برائے درد

گندھک مصفیٰ 5 تولہ۔ چوقیا سوہاگہ 5 تولہ۔ سیپ کا چونہ۔ رال 5 تولہ طوطیا سبز 2 تولہ۔ سب چیزوں کو کوٹ کر چھان کر سفوف تیار کرو۔ ضرورت کے وقت مکھن تازہ میں ملا کر استعمال کرو۔

نسخہ برائے خارش خشک وتر

گندھک 1 تولہ۔ پارہ 1 تولہ۔ بانچی 1 تولہ۔ طوطیا سبز 1 تولہ۔ سب کو خوب کھرل کرو۔ اور تازہ مکھن میں ملا کر بدن پر لگاؤ۔ خارش تر و خشک کو مفید ہے۔

نسخہ برائے آتشک

پارہ ایک تولہ۔ تل سیاہ ایک تولہ۔ قندسیاہ پُرانا 1 تولہ۔ فلفل دراز 1 تولہ۔ فلفل گرد 1 تولہ۔ بھلاوہ 1 تولہ۔ اجوائن دیسی 1 تولہ۔ اجوائن خُراسانی 1 تولہ۔ اجوائن پہاڑی 1 تولہ۔ سب چیزوں کو کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولی بناؤ اور صبح کو ایک گولی کھائیں۔ پرہیز ہر قسم کی چیز سے روٹی گندم کے سوا کچھ نہ کھائیں۔ اگر دل چاہے تو بھنے ہوئے چنے استعمال کریں۔ اور روٹی میں گھی لگا کر نہ استعمال کریں اور نہ بدن پر لگائیں۔

چورن ہاضمہ

اجوائن دیسی 5 تولہ۔ پھٹکڑی بریاں 2½ تولہ۔ سوہاگہ 2 تولہ بریاں۔ سب چیزوں کو کوٹ چھان کر شکر سفید اس کے وزن کے برابر ملا کر ہمراہ گرم پانی استعمال کرنا مفید ہے۔

ہر مرض کے لیے ایک ہی نسخہ

ست اجوائن 1 تولہ۔ ست پودینہ 1 تولہ۔ مشک کافور 1 تولہ۔ سب کو ایک شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھو۔ تیل ہو جائے گا۔ یہ تیل ہر قسم کی بیماری کو مفید ہے۔ خوراک ایک یا دو بوند ہمراہ عرق سونف یا مصری پر ڈال کر کھائیں۔ تمام قسم کی بیماریوں کو مفید ہے۔

طحال کا مجرب نسخہ

لوٹا سجی 1 تولہ۔ مصبر 1 تولہ۔ ہینگ 1 تولہ۔ نوشادر 1 تولہ۔ جوکھار 1 تولہ سب کو شیرہ کوار گندل میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناؤ۔ ایک گولی صبح کے وقت کھاؤ۔ ایک ہفتہ میں طحال بیٹھ جائے گی مجرب ہے۔

دھدر کا مجرب علاج

گلاب کی لکڑیاں لے کر چھوٹی چھوٹی کتر لو اور پھر ایک مٹی کے برتن میں ڈال کر اُس میں گندم بھی ڈالو۔ اُس برتن کے نیچے ایک سوراخ کر کے اُوپر سے گل حکمت کر دو اور اُپلہ کی آگ دو۔ اور اس سوراخ کے نیچے ایک کوزہ رکھ دو۔ تو جو تیل اُس کوزہ میں گرے گا وہ دھدر پر لگاؤ۔ دو تین دن میں آرام ہوگا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

......☆☆☆......

علاج بالقرآن

سورۃ مریم:

سورۃ مریم کی آیت 25 اور 26 نئے قلم سے زرد، سُرخ، سبز کپڑے میں لکھ کر درخت کی تین شاخوں میں باندھیں۔ انشاءاللہ اس قدر پھل آئے گا کہ عقل حیران رہ جائے گی۔

آیت یہ ہے۔ وَهُزِّىٓ إِلَيْكِ بِجِذْعِ ٱلنَّخْلَةِ تُسَٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا o فَكُلِى وَٱشْرَبِى وَقَرِّى عَيْنًا فَإِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ ٱلْبَشَرِ أَحَدًا فَقُولِىٓ إِنِّى نَذَرْتُ لِلرَّحْمَٰنِ صَوْمًا فَلَنْ أُكَلِّمَ ٱلْيَوْمَ إِنسِيًّا o ط

جلد شادی اور حافظہ کی مضبوطی:

رجب کی نوچندی جمعرات کو اس سورۃ کی پہلی آیت کھیٰعص کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے پہننے سے ہر قسم کا خوف دور ہو جاتا ہے۔ اور شادی کے پیغامات موصول ہونے لگتے ہیں۔ اگر اس انگوٹھی کو پانی میں ڈال کر پانی صبح وشام پئیں تو حافظے میں زبردست اضافہ ہو۔

مرگی کا تیر بہدف علاج:

مرگی کے مریض پر اگر اسی آیت کو 195 مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور چند دنوں تک اس عمل کو جاری رکھیں تو مرض رفع ہو جائے گا۔

داڑھ درد کا خاتمہ!

داڑھ کے درد میں اگر اسی پہلی آیت کو 49 مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں تو درد موقوف ہو جائے گا۔

گھر آفات وبلیات سے محفوظ رہے:

اگر اسی پہلی آیت کو لکھ کر گھر میں لٹکا دیا جائے تو گھر تمام آفات وبلیات سے محفوظ ہو جائے گا۔

حمل قائم رہے:

اگرعورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہوتو میاں بیوی جمعہ کے دن روزہ رکھیں۔اور شکر، بادام اور روٹی سے افطاری کریں اور پانی بالکل نہ پئیں اوراس سورۃ کی آیت نمبر5 تا15، آیت یہ ہے۔

وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِ یْ وَکَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ○ یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا ○ یٰزَكَرِیَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ن اسْمُهٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا ○ قَالَ رَبِّ اَنّٰی یَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِیًّا ○ قَالَ كَذٰلِكَ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَیْئًا ○ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّیْ اٰیَةً قَالَ اٰیَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَیَالٍ سَوِیًّا ○ فَخَرَجَ عَلٰی قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰی اِلَیْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِیًّا○ یٰیَحْیٰی خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ وَاٰتَیْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِیًّا ○ وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً وَّكَانَ تَقِیًّا ○ وَّبَرًّا م بِوَالِدَیْهِ وَلَمْ یَكُنْ جَبَّارًا عَصِیًّا ○ وَسَلٰمٌ عَلَیْهِ یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ یَمُوْتُ وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا○

’’چینی کی پلیٹ پر لکھ کر شہد اور آب زمزم سے اس کو دھولیں اور اس پانی کو کسی مٹی کی ہانڈی میں ڈال دیں۔اس کے بعد چنے کی دال کے 224 دانے لیں۔ ہر ایک دانے پر ان آیات کو ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرتے رہیں اور ہانڈی میں ڈالتے رہیں۔اس کے بعد اس ھانڈی کو چولہے پر رکھ کر پکالیں۔ جب دال گل جائے تو اس ہانڈی کو چولہے سے اتارلیں۔اس کے بعد انگور کا رس نکال کر اس دال میں ملالیں اور دونوں میاں بیوی اس کو آدھی آدھی کر کے پی لیں۔اس کے بعد مباشرت کریں۔انشاءاللہ اسی رات حمل قرار پائے گا۔اس عمل کو احتیاطاً 3 ماہ تک لگا

یں تو یقیناً اولاد پیدا ہوگی انشاءاللہ۔ بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔جو لوگ اولاد کی نعمت سے محروم ہں وہ اس عمل کو ضرور آزمائیں اور کامیابی پر اپنے رب کا شکرادا کریں۔

ی کی جلد شادی کیلئے:

اس سورۃ کے نقش مثلث کو اگر خا کی چال سے لکھ کر کسی لڑکی کے گلے میں ڈال دیں تو کے فضل وکرم سے اس کے اچھے رشتے موصول ہونے لگیں گے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۹۶۵۴۷	۹۶۵۵۲	۹۶۵۴۵
۹۶۵۴۶	۹۶۵۴۸	۹۶۵۵۰
۹۶۵۵۱	۹۶۵۴۴	۹۶۵۴۹

تقویت قلب کے لیے:

موجودہ ترتیب کے اعتبار سے سورۂ عنکبوت قرآن حکیم کی 29 ویں سورۃ ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دل شکستہ یا غمزدہ انسان عصر کے بعد اس سورۃ کوثر کو مرتبہ پڑھ لے اور سات دن تک اس عمل کو جاری رکھے۔تو اس کے غم دور ہو جائیں۔اور اس دل کو تقویت حاصل ہو۔

فراخی رزق کے لیے:

بزرگوں نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص روزانہ اس آیت کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ لے تو اس لیے رزق کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں۔

آیت یہ ہے: وَكَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اَللّٰهُ یَرْزُقُهَا وَاِیَّاكُمْز وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ (آیت نمبر 60)

ج کے اسباب مہیا ہوں:

اگر کسی شخص کو حج کی آرزو ہو۔لیکن وسائل مہیا نہ ہوں۔تو وہ اس سورۃ کی آخری آیت نماز فجر کے بعد 40 دن تک 13 سو مرتبہ پڑھے۔انشاءاللہ حج کی کوئی سبیل نکل آئے گی۔

آیت یہ ہے: وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ

الْمُحْسِنِيْنَ ۔

اسی عمل کو بعض اکابرین نے اسی طرح تحریر کیا ہے کہ حج کی آرزو رکھنے والے اگر وہ صاحبِ استطاعت نہ ہوں تو وہ اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ پڑ[illegible] لگاتار 21 دن تک ۔ اگلے مہینے میں اسی عمل کو اسی طرح 11 دن تک پڑھیں ۔ اس کے بعد تیسرے مہینے میں اسی عمل کو سات روز تک کریں ۔ اس کے بعد چوتھے مہینے میں اس عمل کو پانچ دن تک کریں ۔ انشاء اللہ بہت جلد کسی ذریعہ سے حج کے وسائل مہیا ہو جائیں گے ۔

سر درد میں مکمل آرام:

اگر کسی کے سر میں مسلسل درد رہتا ہو اور کسی طرح آرام نہ ملتا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس سورۃ کی 3 مرتبہ تلاوت کر کے ایک بوتل پانی پر دم کر کے رکھ لے اور روزانہ نہار منہ اس کے پانی کے 3 گھونٹ پی لیا کرے ۔ انشاء اللہ 7 روز میں مکمل آرام مل جائے گا ۔

کامیابی کا حصول:

اس سورۃ کی پہلی آیت ''الٓمٓ'' پانچ ہزار 41 مرتبہ فجر کی نماز کے بعد پرہیز جلالی کے ساتھ اگر پڑھ لی جائے تو عامل اس سورۃ کے دوسرے عملیات کے لیے بھی بھرپور کامیابی حاصل [illegible] اور وہ پھر اس سورۃ کے جو بھی اعمال انجام دیتا ہے اس میں اس کو کامیابی نظر آتی ہے ۔

ہر حاجت پوری ہو:

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس شخص کے پاس سورۂ عنکبوت کا نقش ہوگا ۔ اس کی تمام ضروریات و حاجات ازغیب پوری ہوں گی ۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

٦٨٨٢٣	٦٨٨٢٧	٦٨٨٣٠	٦٨٨١٦
٦٨٨٢٩	٦٨٨١٧	٦٨٨٢٣	٦٨٨٢٨
٦٨٨١٨	٦٨٨٣٢	٦٨٨٢٥	٦٨٨٢٢
٦٨٨٢٦	٦٨٨٢١	٦٨٨١٩	٦٨٨٣١

یہ نقش آتشی چال سے لکھا گیا ہے جو لوگ آتشی چال سے واقف نہیں ہیں وہ اس چال کو ملحوظ رکھیں۔

۷۸۶

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

نقش نویسی کے سلسلے میں یہ بات یاد رکھیں کہ جب تک نقش کو چال کے اعتبار سے نہیں لکھیں گے اس وقت اس کی تاثیر سامنے نہیں آئے گی۔ اس لیے ہر نقش کو چال کے اعتبار ہی سے پُر کریں۔

مقدمہ میں کامیابی:

اگر کسی کا سابقہ ظالموں یا کافروں سے پڑ جائے یا ظالموں اور کافروں میں سے کسی نے جھوٹا مقدمہ دائر کر دیا ہو تو روزانہ 121 مرتبہ ''یا مُخْزِی الکافرین'' پڑھیں۔ انشاء اللہ ظالموں کے ظلم سے نجات ملے گی اور مقدمہ میں کامیابی نصیب ہوگی اور مخالفین و معاندین ذلیل خوار ہوں گے۔

سر درد میں آرام:

جس شخص کے سر میں درد ہو اور کسی طرح سکون نہ ہو رہا ہو۔ اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر دیں۔ انشاء اللہ سر کا درد غائب ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے: لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ o فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ o

پیٹ درد سے نجات:

اسی آیت کو اگر 11 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس شخص کو پلا دیں۔ جو پیٹ کے درد

میں مبتلا ہو تو اس کو درد سے نجات مل جائے گی۔

فسق وفجور سے نجات:

اگرکوئی فاسق وفاجر شخص یا شرابی اور جواری اس آیت کو باوضو سونے سے پہلے 21 دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ 11 دن کے عمل سے انشاء اللہ برائیوں اور فسق وفجور سے نجات مل جائے گی۔

مصیبت کا جلد خاتمہ:

کتنی بھی بھیانک مصیبت ہو۔ اگر سات دن تک اس آیت کو تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھ لیا جائے تو مصیبت ختم ہو جاتی ہے۔

تسخیر خلائق کے لیے:

اس آیت کا روزانہ پڑھنا تسخیر خلائق کے لیے مؤثر ثابت ہوتا ہے اگر کوئی شخص اس آیت کا نقش بنا کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے تو اس کو مقبولیت عامہ نصیب ہو۔

حضور ﷺ کی زیارت:

سورۃ توبہ اگر پابندی کے ساتھ کوئی شخص تلاوت کرے تو اس کو حضور پُر نور ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوتی ہے۔

مصیبت سے نجات کے لیے تیر بہدف:

سورۂ توبہ کا نقش مصائب وشدائد سے نجات دلانے میں تیر بہدف ثابت ہوتی ہے۔ اس سورۂ کے کل اعداد سات لاکھ تین ہزار چھ سو پندرہ ہیں اور اور اس سورۃ کا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۷۵۹۰۳	۱۷۵۹۰۶	۱۷۵۹۱۰	۱۷۵۸۹۶
۱۷۵۹۰۹	۱۷۵۸۹۷	۱۷۵۹۰۲	۱۷۵۹۷۰
۱۷۵۸۹۸	۱۷۵۹۱۲	۱۷۵۹۰۴	۱۷۵۹۰۱
۱۷۵۹۰۵	۱۷۵۹۰۰	۱۷۵۸۹۹	۱۷۵۹۱۱

...ات کا خاتمہ:

اس نقش کو گلاب وزعفران سے لکھ کر اور پانی میں گھول کر اگر اُن دو افراد کو پلا دیا جائے ...ن عداوت ہو تو اس نقش کی برکت سے ان کی عداوت دور ہو جائے گی اور ان کے دلوں میں ... اور ایک دوسرے کی تڑپ پیدا ہو گی۔

...ل تابع کرنا:

سورۂ توبہ کا مؤکل ہیکائیل ہے۔ اگر کوئی شخص روزانہ گیارہ سو مرتبہ "یاہیکائیل" پڑھے ...دن میں اس سورۃ کا مؤکل تابع ہو جاتا ہے اور پھر عامل اس مؤکل سے خدمت خلق میں مدد ...لیتا ہے۔

عمل کی تاثیر وقوت کو برقرار رکھنے کے لیے عامل کو چاہیے کہ روزانہ 25 مرتبہ "یاہیکائیل" ...رہیں۔ انشاء اللہ مؤکل قبضے میں رہے گا۔ اور دنیاوی امور میں اور روحانی علاج ومعالج کے ...میں عامل کی مدد کرتا رہے گا...... یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ قرآنی علوم سے استفادہ کرنے ...لیے ضروری ہے کہ عامل کی نیت اور اس کے خیالات پاک صاف ہوں۔ عامل ظاہری اور ...طہارت سے بہرہ ور ہو۔ فحش گناہوں سے زبان کی لغزشوں سے حتی الامکان اپنی حفاظت کرتا ...جب تک عامل اپنے اندر تقوے اور پرہیزگاری کے جوہر پیدا نہیں کرے گا۔ اس وقت تک ...میں قرآن کی روحانی برکتوں سے استفادہ کرنے کی اہلیت پیدا نہیں ہو سکے گی۔ اس لیے ...وری ہے کہ عامل اپنے اندر کمالِ بندگی پیدا کرے اور قرآن حکیم کی تلاوت کو حرزِ جان بنائے۔ ...ے کم روزانہ ایک سپارے کی تلاوت اور سورۂ یٰسین اور سورۂ مزمل کی تلاوت ہر عامل کے لیے ...وری ہے۔

...ر میں اضافہ:

جو کوئی شخص چاہے کہ میری عمر میں برکت ہو، نیک عملوں کی توفیق نصیب ہو پانچ سو ...مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ز وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ ...قَدِیْرٌ o کو ہمیشہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہو گا۔

صاحب کشف ہونا:

﴿وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ o اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ o﴾

''اس آیت کا تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا بھی صاحب کشف بناتا ہے۔

مجرب وآزمودہ استخارہ:

اسی مبارک آیت کا ایک سوایک دفعہ پڑھ کرسونا استخارہ کا کام دیتا ہے، چھپی ہوئی معلوم ہوجاتی ہے۔

سفر کامیاب رہے:

اگر کوئی شخص سفر میں جانے لگے، وہ شخص سات مرتبہ اس مبارک آیت کو پڑھ کر گھر باہر قدم نکالے۔ انشاءاللہ بامراد سفر سے واپس آئے گا۔ آیت کریمہ یہ ہے:

﴿هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ o﴾

عذاب قبر سے خلاصی:

سورہ تبارک الذی کا روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا قبر کے عذاب سے نجات دلواتا ہے۔

آفات وبلیات سے بچاؤ:

اس سورۃ کا چلہ کے اندر پڑھ کر پانی پردم کر کے زچہ کو پلانا جملہ آفات سے محفوظ رکھتا ہے۔

فرزند صالح کے لیے:

تہجد کی نماز میں دو رکعتوں کے اندر سورہ تبارک الذی کا پڑھنا اور چالیس روز تک ایسا ہی کرنا خدا کے فضل سے فرزند صالح بخشتا ہے۔

درد گردہ کا علاج:

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ مع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کے چینی کی طشتریوں پر لکھ کر چالیس روز تک درد گردہ والے کو پلانا نہایت مفید ہے اور ہے۔

انت رہائی کے لیے:

اگر کوئی شخص کسی تہمت میں مبتلا ہو کر فوجداری سپرد ہوجائے تین ہزار مرتبہ اس آیت کو پانی پر دم کیا جائے، پھر اس پانی سے تھوڑا سا لے کر اس میں سیاہی گھول کر تعویذ لکھے اور تعویذ تین مرتبہ یہ آیت لکھ کر مجرم کے گلے میں ڈالا جائے، انشاءاللہ مجرم بری ہوگا۔ آیت یہ ہے:

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ o اور دوسری آیت اسی تعویذ میں یہ لکھی جائے۔ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

الج میں شفا:

اللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ تک چینی کی طشتریوں لکھ کر چالیس روز تک برابر صبح نہار منہ پلانا فالج لقوہ والے کو نہایت مفید اور مجرب ہے۔

بینائی میں اضافہ:

اگر کوئی شخص جس کی آنکھوں کی بصارت کم ہوتی جاتی ہو وہ اس آیت کو ایک سو ایک مرتبہ ہر روز پڑھے، انشاءاللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کا نور قائم رہے گا اور کبھی اندھا نہ ہوگا۔ نہایت مجرب عمل اور نہایت موثر اور مفید ہے۔

کھیتی محفوظ رہے:

اگر کوئی شخص کسی کورے برتن کو توڑ کر اس پر یہ آیت لکھ کر اپنے کھیت میں پچھم کی جانب دفن کرے، انشاءاللہ اولا، پالا کسی قسم کا آسمانی طوفان اس کھیت کو تباہ و برباد نہ کرے گا۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ

مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ o

(سورہ نور)

باطنی بیماریوں کا علاج:

سورہ نور کی آخر کی دونوں آیتیں لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ سے وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ تک چالیس دن تک ہر روز اکیس مرتبہ باوضو پڑھنا دل کی ساری بیماریوں کو مثلاً حسد، کینہ، عداوت، بخل، ذہن میں سستی، بزدلی الغرض ساری بیماریوں کو باطن سے جلا کر خاک کر دیتا ہے۔ عمل مجرب ہے اور جلالی ہے۔ باترک حیوانات پڑھنا لازم ہے۔

(سورہ نور)

دشمن کے دفعیہ کے لیے:

دشمن کے دفع کرنے کے لیے اس آیت کا پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ کم سے کم ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے سات یا گیارہ یا اکتالیس روز میں مراد پوری ہوگی آیت یہ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ o

بارش کے لیے:

مینہ برسنے کے لیے کسی پرندہ جانور جنگلی کبوتر وغیرہ کے گلے میں اس آیت کو لکھ کر باندھنا نہایت مفید ہے، آیت یہ ہے:

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ o لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ o (سورۃ الحج)

خشک سالی کا خاتمہ:

اس آیت کا بارش کے لیے گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ گیارہ آدمیوں کا الگ الگ پڑھنا یا سوا لاکھ مرتبہ ایک جگہ جمع ہو کر پڑھنا نہایت مفید اور مجرب ہے۔ اگر ختم کی صورت میں پڑھا جائے تو گیارہ آدمی ایک مجمع میں سوا لاکھ پورا کریں پھر دیکھیں کہ ارحم الراحمین کیا کچھ فضل فرماتا ہے۔

کامیابی کے لیے:

نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

اس آیت کا پانچ ہزار مرتبہ پڑھنا دین و دنیا کی مرادیں بر لاتا ہے اور حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو سات مرتبہ ملا کر پڑھنا اور بھی زیادہ فائدہ مند اور مجرب ہے۔

بانجھ پن کا علاج:

بانجھ عورت یا بے اولاد مرد اگر اس آیت کو بسم اللہ کے ساتھ تین ہزار دفعہ روزانہ ایک چلے تک پڑھے گا، انشاء اللہ بالضرور اولاد پیدا ہوگی۔ آیت یہ ہے: رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ o

ناجائز تہمت سے بری:

اگر کوئی شخص تہمت میں آجائے اور وہ چاہے کہ میں اس تہمت سے بری ہو جاؤں، سات ہزار دفعہ ایک جلسہ میں اس آیت کو عشاء کے بعد پڑھے، انشاء اللہ غیب سے اس کی بریت کی صورت پیدا ہوگی، آیت یہ ہے:

رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۔

فضل ربی

اللہ کا ارشاد ہے جس باغ کا متقیوں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کے اوصاف یہ ہیں کہ اس کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ اس کے پھل ہمیشہ قائم رہنے والے ہیں اور اس کے سائے بھی یہ لوگ ان کا انجام ہے جو متقی ہیں۔ اور کافروں کا انجام دوزخ ہے۔

(پارہ 13، سورۃ رعد)

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا

رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

”جو عورتیں کپڑے پہن کر بھی ننگی رہیں اور غیر مردوں کو اپنی طرف کھینچیں اور خود بھی ان پر ریجھیں اور ناز سے بختی اونٹ کی طرح گردن ٹیڑھی کر کے چلیں، وہ جنت میں ہرگز داخل نہ ہوں گی اور نہ اس کی بو پائیں گی۔“

ایک مرتبہ حضرت اسماءؓ نبی کریم ﷺ کے پاس آئیں۔ وہ باریک لباس زیب تن ہوئے تھیں تو حضور ﷺ نے ان سے منہ موڑ لیا اور فرمایا:

''اسماء! جب عورت بالغ ہو جاتی ہے تو اس کے اس اور اس کے علاوہ نظر آنا جائز نہیں۔''

آپؐ نے چہرے اور ہتھیلی کی طرف اشارہ فرمایا۔

حضرت عائشہؓ کی بھتیجی حفصہ ایک مرتبہ ان کے پاس آئیں۔ ان کا دوپٹہ باریک کپڑے کا تھا۔ حضرت عائشہؓ نے وہ دوپٹہ لے کر پھاڑ دیا اور انہیں ایک موٹا دوپٹہ اوڑھنے کے لیے دیا۔

حضرت عیسیٰؑ کے اقوال

☆ سفر دو قسم کا ہے، دنیا اور آخرت کا۔ دونوں کے واسطے توشہ درکار ہے۔ دنیا کے سفر میں توشہ ہمراہ رکھنا چاہیے اور سفر آخرت میں روانگی سے پہلے بھیج دینا چاہیے۔

دنیا میں دو چیزیں پسندیدہ ہیں۔ سخن دل پذیر اور دل سخن پذیر۔

☆ عمل صالح وہ ہے جس پر لوگوں کی ثناء کی امید نہ رکھی جائے۔

☆ میں مردہ کو زندہ کرنے سے عاجز نہیں ہوا۔ لیکن احمق کی اصلاح سے عاجز ہو گیا۔

☆ ننانوے راست بازوں کی نسبت جو توبہ کی حاجت نہیں رکھتے۔ ایک توبہ کرنے والے گناہ گار کی بابت آسمان پر زیادہ خوشی ہوگی۔

☆ آسمان اور زمین کا ٹل جانا شریعت کے ایک نقطے کے مٹ جانے سے زیادہ آسان ہے۔

اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کے اقوال

☆ مہمان کے لیے زیادہ خرچ کرنا اسراف نہیں۔

☆ خیر یہی ہے کہ شر سے باز آ۔

☆ حق کا پرستار کبھی ذلیل نہیں ہوتا۔ چاہے سارا زمانہ اس کے خلاف ہو جائے۔ باطل کا پیروکار کبھی عزت نہیں پاتا۔ چاہے چاند اس کی پیشانی پر نکل آئے۔

سچائی کی مشعل جہاں بھی دکھائی دے اس سے فائدہ اٹھا۔ یہ نہ دیکھ کہ مشعل بردار کون ہے۔

بہترین خصلت زبان کی حفاظت ہے۔

جب معدہ بھر جاتا ہے تو قوت فکر کمزور پڑ جاتی ہے اور حکمت و دانش کی صلاحیتیں گونگی ہو جاتی ہیں۔

شکم سیری بیماری کی جڑ اور پرہیز ساری بیماری کا علاج ہے۔

عظمت صرف ایک فیصد ودیعت کی جاتی ہے اور 99 فیصد محنت و ریاضت سے ملتی ہے۔

حضرت امام حسنؓ کے اقوال

☆ اچھے اخلاق دس ہیں۔ زبان کی سچائی، باطل سے جنگ کے وقت حملہ میں شدت، سائل کو دینا، احسان کا بدلہ، صلہ رحمی، پڑوسی کی حفاظت، حقوق العباد، مہمان نوازی، حسن خلق اور سب سے بڑھ کر شرم و حیاء۔

☆ دانائیوں میں اعلیٰ درجے کی دانائی تقویٰ ہے اور کمزوریوں میں سب سے بڑی کمزوری بداخلاقی اور بداعمالی۔

☆ جو لوگ تمہارے دوست بننا چاہتے ہیں ان کے دوست بنو، عادل کہلاؤ گے۔

☆ تمہاری عمر برابر گھٹتی جا رہی ہے۔ بس جو کچھ تمہارے ہاتھ میں ہے اس سے کسی کی مدد کر جاؤ۔

حضرت لقمان کے اقوال

☆ بیٹا کسی کو خدا کا شریک نہ ٹھہرانا۔

جب خلقت کے پاس آؤ تو زبان کی نگہداشت کرو۔

☆ جو بات دشمن سے پوشیدہ رکھنا چاہتے ہو، دوست سے بھی پوشیدہ رکھو۔ مبادا وہ بھی کسی دن دشمن ہو جائے۔

☆ جدوجہد نہ کرنا محتاجی کا باعث ہوتا ہے اور محتاجی دین کو تنگ، عقل کو خفیف اور مروّت کو زائل کرتی ہے۔

☆ مصائب سے مت گھبرائیے کیونکہ ستارے اندھیرے ہی میں چمکتے ہیں۔

☆ حکمت و دانائی مفلس کو بادشاہ بنا دیتی ہے۔

☆ کوئی چیز تیرے نزدیک نعمت آخرت سے محبوب تر نہ ہو۔

☆ دنیا کے تھوڑے سے مال پر راضی رہ۔ رزق مقدر پر قناعت کر اور دوسروں کی ر
آنکھ مت ڈال۔ تا کہ رنجِ نفس سے سلامت رہے۔

آئینہ عمل

☆ اگر تم کمزور کو کچھ دے نہیں سکتے تو اس کے ساتھ مہربانی سے پیش آؤ۔ (حضرت علیؓ)

☆ انتقام کی طاقت ہوتے ہوئے انتقام نہ لینا اور غصہ پی جانا جہاد افضل ہے۔ (امام جعفر صادقؒ)

☆ اپنا انداز گفتگو نرم رکھو کیوں کہ لہجے کا اثر الفاظ سے زیادہ اثر رکھتا ہے۔ (امام غزالیؒ)

☆ مجلس میں زبان پر غصے کی حالت میں ہاتھ پر اور دستر خوان پر بیٹھے بھوک پر قابو رکھو۔
(امام رازیؒ)

☆ کسی عالمِ دین سے ایک گھنٹے کی گفتگو دس برس کے مطالعہ سے افضل ہے۔ (بوعلی سیناؒ)

☆ دل ایک شفاف آئینہ ہے۔ اگر بدی سے پاک ہو تو اس میں خدا بھی نظر آتا ہے۔
(مولانا رومؒ)

......☆☆☆......

ہمزاد تابع کرنا

ضروری باتیں:

روحانی عملیات سے دلچسپی رکھنے والے اور روحانی علوم کے حصول کی خواہش رکھنے والے حضرات اس بات کے بھی خواہاں ہوتے ہیں کہ کوئی مؤکل یا ہمزاد کو اپنے تابع کر لیا جائے تاکہ اس کی معاونت سے ہر طرح کے کام بخوبی طور پر انجام دے سکیں۔ اگرچہ مؤکل یا ہمزاد کو تابع کرنا آسان نہیں ہے مگر یہ اس قدر مشکل بھی نہیں ہے۔ بلاشبہ اللہ رب العزت نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر اس دنیا میں بھیجا ہے اور انسان کو اللہ تعالیٰ نے ایسی قوت عطا فرمائی ہے کہ جس سے وہ ہر مخلوق کو اپنے تابع کر سکتا ہے ہر چیز کو تسخیر کر سکتا ہے۔ ہمزاد کو تابع کرنے کی غرض سے عامل کو چاہیے کہ وہ سب سے پہلے درج ذیل دو ضروری باتوں کا خاص طور پر خیال رکھے۔

یقین کامل:

عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ یقین کامل رکھے۔ کسی بھی عمل کو شروع کرنے سے قبل یقین کامل جلد کامیابی سے ہمکنار کرتا ہے۔ عامل کو یہ یقین ہونا چاہیے کہ وہ ہمزاد کو تابع کرنے کے لیے جو عمل کر رہا ہے اِن شاء اللہ تعالیٰ وہ ضرور اس میں کامیاب ہوگا۔ اسے یہ بھی یقین ہونا چاہیے کہ اس ضمن میں بزرگوں نے جو تجربات بیان کیے ہیں وہ سو فیصد صحیح ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کا یقین ہونا کامیابی کی ضمانت ہے۔

خود اعتمادی:

عامل میں خود اعتمادی کا ہونا بھی لازمی ہے اسے یہ یقین ہونا چاہیے کہ وہ جو بھی عمل کرنا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس میں کامیاب ہو جائے گا۔ عمل کے دوران اسے تذبذب، بے یقینی، وہم اور احساس کمتری میں مبتلا نہیں ہونا چاہیے۔

یقین کامل اور خود اعتمادی کا حصول:

ان کے حصول کے لیے عامل کو چاہیے کہ وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد کسی کھلے میدان میں جا کر اپنا چہرہ مشرق کی طرف کر کے زمین پر آلتی پالتی مار کر بیٹھ جائے۔ طلوع آفتاب کے وقت یہ عمل کرنا زیادہ پر اثر ہے۔ اس طرح بیٹھ کر عامل بکثرت سورۂ اخلاص پڑھے اور پڑھتے وقت اللہ تعالیٰ پر یقین کامل رکھے اور دل میں یہ یقین جمائے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر اپنا خلیفہ بنا کر بھیجا ہے اور اسے لاتعداد صلاحیتوں اور قوتوں سے بھی نوازا ہے اس لیے وہ جو بھی کام کرے گا ان شاء اللہ تعالیٰ اس میں کامیاب ہوگی۔

عمل نمبر 2:

پہلا عمل کرنے کے ساتھ ساتھ کسی خالی کمرے میں جہاں کسی کی مداخلت کا اندیشہ نہ ہو آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر بکثرت یَا سَلَامُ یا قَوِیُّ پڑھتے ہوئے آئینے کی طرف نظریں رکھے اور یہ تصور کرے کہ وہ کسی سے مخاطب ہے۔

ان دونوں عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ عامل میں یقین اور خود اعتمادی پیدا ہو جائے گی۔

عامل کے لیے ضروری ہدایات:

ہمزاد کو تابع کرنے والے مرد و عورت کے لیے ضروری ہے کہ وہ صحت مند اور مضبوط ارادے کا مالک ہو۔ مستقل مزاج اور عزم صمیم رکھتا ہو اور درج ذیل ہدایات پر سختی سے کاربند ہو۔

کھانے میں پرہیز:

بدبودار چیزوں سے دور رہے، گوشت، انڈا اور مچھلی سے بھی پرہیز کرے۔ پیٹ بھر کر کھانا نہ کھائے، عمل کے دوران کم خوراک استعمال کرے، نشہ آور چیزوں کا استعمال بالکل نہ کرے۔

معاشرتی برائیوں سے دور رہے:

معاشرتی برائیوں مثلاً جھوٹ، فحش کلامی، غیبت، بہتان اور فضول گفتگو نہ کرے۔ علاوہ ازیں لالچ، حرص، تعصب، تکبر، شہوت، بُری نظر اور غصہ وغیرہ سے اپنے آپ کو بچائے۔

جسمانی صفائی کا خیال رکھے:

عمل کے دوران اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھے، خوشبو لگائے اور ہمہ وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہے اور اس یقین کو دل میں جما کر رکھے کہ وہ تنہا نہیں ہے اس کا ہمزاد بھی اس کے ساتھ ساتھ ہے۔

سچ بولے:

عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ کبھی بھی سچائی کا دامن نہ چھوڑے، سچائی کی دولت سے کامیابی ملتی ہے۔

مضبوط اعصاب:

عامل کو مضبوط اعصاب کا مالک ہونا چاہیے، علاوہ ازیں جسمانی طور پر بھی اسے اپنی تندرستی کی طرف توجہ دینی چاہیے۔

راز کی حفاظت کا اہل:

عامل کو راز کی حفاظت کرنے کا اہل ہونا چاہیے۔ ایسا نہ ہو کہ ہمزاد کو تابع کرنے کے عمل کے دوران کسی سے شیخی بگھارتا پھرے۔ کوئی راز اپنے پیٹ میں نہ رکھے۔ اگر ہمزاد تابع کرنے مین کامیاب ہو جائے تو پھر بھی اس کی تشہیر نہ کرے۔

بُرے خیالات سے بچے:

اپنے آپ کو بُرے خیالات سے بچانے کی کوشش کرے۔ علاوہ ازیں کسی دوسرے کے بارے میں بھی بُرا نہ سوچے۔

نفلی نمازیں بھی پڑھا کرے:

نماز پنجگانہ کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ عامل کے لیے ضروری ہے کہ روزانہ کم از کم پچاس رکعت نفلی نمازیں ضرور پڑھے۔

وعدہ خلافی نہ کرے:

عامل کو وعدہ خلاف نہیں ہونا چاہیے جو وعدہ اور معاہدہ کرے اسے حتی الامکان پورا

کرے۔

اپنا کام خود کرے:

عامل کو اپنے تمام کام خود اپنے ہاتھ سے کرنے چاہئیں اور کوشش کرے کہ اپنے کاموں کے لیے کسی دوسرے سے مدد نہ لے۔

شہوت پر کنٹرول:

عامل کو اپنی شہوت پر کنٹرول ہونا چاہیے۔ اپنی نفسانی خواہش کو بھی ایک حد میں اور جائز طریقے سے پوری کرے۔

عملِ ہمزاد کی شرائط:

جب ہمزاد کا عمل کرنے کے لیے عامل بیٹھے تو اس کو ان باتوں کا اہتمام کرنا چاہیے۔
ہر ایک اپنے مزاج کے اعتبار سے عملِ ہمزاد کا انتخاب کرنا چاہیے۔
ہمزاد چار قسم کے ہوتے ہیں۔ آتشی، بادی، آبی، خاکی۔

آتشی ہمزاد:

اس ہمزاد کا عمل یا تو چراغ جلا کر پشت کی طرف رکھ کر کیا جاتا ہے۔ یا پھر سورج کی طرف دیکھ کر اس کا عمل کیا جاتا ہے۔ یا پھر آگ روشن کر کے عامل اس آگ کی طرف دیکھ کر عمل کرتا ہے۔ غرض یہ کہ آتشی ہمزاد کے عمل میں آگ یا پھر سورج کی گرمی کو نمایاں خصوصیت حاصل ہوتی ہے اور اس ہمزاد کو خاص طور پر وہ لوگ تابع کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ جن کے نام میں آتشی حروف غالب ہوں وہ لوگ بھی جلد کامیاب ہو جاتے ہیں جن کا عنصر آتشی ہو اور وہ لوگ بھی کامیاب ہو جاتے ہیں۔ جن کے نام کا پہلا حرف آتشی ہو۔

بادی ہمزاد:

اس ہمزاد کا عمل ہوا میں نظریں جما کر کیا جاتا ہے۔ یا دھوپ میں سائے پر نظریں جما کر کیا جاتا ہے۔ بہت سے لوگ اس ہمزاد کا عمل درخت پر اُلٹے لٹک کر بھی کرتے ہیں۔ جب کہ بہت سے لوگ سیدھے کھڑے ہو کر آسمان کی طرف یا خلاؤں میں نظریں جما کر یہ عمل کرتے ہیں۔ اس ہمزاد کو خاص طور پر وہ لوگ تابع کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ جن کے نام کے

حروف میں بادی حروف غالب ہوں۔ وہ لوگ بھی جلد کامیاب ہو جاتے ہیں جن کے نام کا
حرف بادی ہو۔ اور وہ لوگ بھی جلد کامیابی سے ہمکنار ہو جاتے ہیں جن کا عنصر بادی ہو۔

آبی ہمزاد:

اس ہمزاد کا عمل کسی دریا کے کنارے کھڑے ہو کر پڑھا جاتا ہے یا پھر طشت یا بوتل میں
پانی رکھ کر پڑھا جاتا ہے۔ اس عمل میں خاص طور پر وہ لوگ جلد کامیاب ہو جاتے ہیں جن کے نام
میں آبی حروف غالب ہوں۔ وہ لوگ بھی جلد کامیاب ہو جاتے ہیں جن کے نام کا پہلا حرف آبی
ہو اور وہ لوگ بھی جلد کامیابی سے ہمکنار ہو جاتے ہیں جن کا عنصر آبی ہو۔

خاکی ہمزاد:

اس ہمزاد کا عمل زمین پر بیٹھ کر کیا جاتا ہے۔ اس عمل کو اندھیرے میں بھی کیا جاتا ہے۔
اس عمل میں کامیابی کے لیے مٹی کے دانے بنا کر اس کی تسبیح بنائی جاتی ہے۔ پھر عامل اس پر عمل کا
شمار کرتا ہے۔ اس عمل کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے مٹی کے غلولے بھی بنا کر استعمال کیے
جاتے ہیں۔ اس عمل میں خاص طور پر وہ لوگ جلد کامیاب ہو جاتے ہیں۔ جن کے نام کے حروف
میں خاکی حروف کا غلبہ ہو۔ وہ لوگ بھی جلد کامیاب ہو جاتے ہیں۔ جن کے نام کا پہلا حرف خاکی
ہو۔ وہ لوگ بھی بہت جلد کامیابی سے ہمکنار ہو جاتے ہیں۔ جن کا عنصر خاکی ہو۔

مزاج کے اعتبار سے 28 حروف کی تقسیم یہ ہے:

آتشی	ا، ہ، ط، م، ف، ش، ذ
بادی	ب، و، ی، ن، س، ت، ض
خاکی	د، ح، ل، ع، ر، خ، غ
آبی	ج، ز، ک، س، ق، ث، ظ

نام کے اعداد لینا:

یہ بات بھی یاد رکھیں کہ اصولی طور پر عنصر دیکھنے کے لیے صرف نام کے اعداد لیے
جاتے ہیں۔ اور حروف کا غلبہ دیکھنے کے لیے پورا نام جس میں ذات کی پہچان والے حروف بھی
ہوں لیے جاتے ہیں۔ مثلاً خان، صدیقی، انصاری، بیگ، مرزا، قریشی وغیرہ۔ اب اس بات کو

مثال سے دیکھیں۔
مثال کے طور پر مرزا اعلاء الدین بیگ ہمزاد کا عمل کرنا چاہتے ہیں تو انہیں عمل کا انتخاب
نے کے لیے اپنے نام کے حروف کی فہرست اس طرح بنانی چاہیے۔

آتشی۔ م، ا، ا، ا۔
بادی۔ و، ی، ن، ب، ی۔
آبی۔ ز۔
خاکی۔ ز، ع، ل، د، گ۔

اس تفصیل سے یہ اندازہ ہوا کہ مرزا علاء الدین کے نام میں بادی اور خاکی حروف کی
تعداد برابر ہے۔ غلبہ کسی بھی طرح کے حروف کو نہیں ہے۔ اس لیے انہیں بادی اور خاکی دونوں
طرح کے عمل راس آسکتے ہیں۔ افضل یہ ہے کہ ہمزاد کے عمل میں اسی طریقے کو ترجیح دینی چاہیے۔
دوسرے نمبر پر اُس طریقے کو ترجیح دینی چاہیے۔ جس میں اصولی طور پر عنصر نکالا جاتا ہے۔
مثلاً علاء الدین کے نام کے اعداد نکال کر 4 سے تقسیم کریں۔ علاء الدین کے کل
اعداد 203 ہیں اُن کو 4 سے تقسیم کیا۔

$$
\begin{array}{r}
50 \\
4\overline{)203} \\
\underline{20} \\
x \\
3
\end{array}
$$

تقسیم کے بعد 3 باقی رہا۔ ثابت یہ ہوا کہ مرزا اعلاء الدین کا عنصر آبی ہے۔ اگر ایک بچتا
تو آتشی ہوتا۔ اگر 2 باقی رہتے تو بادی ہوتا۔ اگر صفر بچتا تو خاکی ہوتا۔ اس حساب سے مرزا اعلاء
الدین کو آبی عمل کرنا چاہیے۔

نام کے پہلے حروف کی مرکزی حیثیت:

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ نام کے پہلے حرف کو مرکزی حیثیت دیں۔ علاؤ الدین میں پہلا
حرف ع ہے جو خاکی ہے۔ اس لیے انہیں خاکی عمل کو ترجیح دینی چاہیے۔ ان تینوں صورتوں میں

افضل ترین طریقہ غلبہ حروف کا ہے۔ دوسرا طریقہ اصولی طور پر عنصر دریافت کرنے کا ہے۔ ا
تیسرا طریقہ جسے کم ہی عاملین نے قبول کیا ہے۔ نام کے پہلے حرف کو بنیاد بنا کر عمل کرنے کا ہے۔

مبارک تاریخوں کا لحاظ رکھے:

نمبر2 عامل کو چاہیے کہ عمل کرنے کے لیے ان تاریخوں کو ترجیح دے۔ سب سے پہلے اُن تاریخوں کو ترجیح دے جو نام کے اعتبار سے اس کے لیے مبارک تاریخیں ہیں۔ مثلاً علاؤ الدین کے نام کا مفرد عدد 5 ہے۔ تو علاؤ الدین کے لیے انگریزی ماہ کی 5، 14، 23 تاریخیں مبارک ثابت ہوں گی۔ علاؤ الدین کو عمل عروج ماہ میں کرنا چاہیے۔ عروج ماہ چاند کی یکم تاریخ سے 14 تاریخ کے زمانے کو کہتے ہیں۔

پرہیز کرنے والی تاریخیں:

نمبر3 عامل کو چاہیے کہ وہ عمل شروع کرتے وقت ان تاریخوں سے پرہیز کرے۔ ماہ قمر کی کونسی تاریخیں غیر مبارک ہیں۔ ان کی تفصیل دی جا رہی ہے۔ اس کو ذہن میں رکھیں۔ اور ان تاریخوں میں ہرگز ہرگز عمل ہمزاد کی شروعات نہ کریں۔

ماہ	غیر مبارک تاریخ	ماہ	غیر مبارک تاریخ
محرم	۱۱،۱۴	رجب	۱۳،۱۵
صفر	۱،۳	شعبان	۲،۴
ربیع الاوّل	۱۰،۲۰	رمضان	۹،۲۰
ربیع الثانی	۱،۱۸	شوال	۶،۷
جمادی الاوّل	۲،۱۱	ذی قعدہ	۲،۵
جمادی الثانی	۲،۴	ذی الحجہ	۲،۷

جن دنوں میں عمل کرنا ہو ان دونوں میں چاند عقرب میں نہیں ہونا چاہیے۔

رجال الغیب کا خیال رکھے:

نمبر4 عامل کو چاہیے کہ وہ دورانِ عمل رجالِ الغیب کا خیال رکھے۔ عمل کے دوران رجال الغیب عامل کی پشت ... طرف ہونی چاہئیں۔ رجال الغیب کس تاریخ میں کس سمت میں

... اس کا اندازہ کرنے کے لیے فن کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔ یا راقم الحروف کی مرتب کردہ تحفۃ ... العاملین کا مطالعہ کریں اور رجال الغیب کو متوجہ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل عزیمت کو عمل سے ... پہلے تین مرتبہ پڑھیں۔

...زیمت پڑھ کر دم کرے:

عزیمت یہ ہے: السلام علیکم یا رجال الغیب ویا ارواحُ المقدسة ... اغیثونیْ بقعة انظرنی بنظرةٍ یانقباء یا نجباء یا ابدال یا اوتاد یا اقطاب یا غوث ... اغیثونی بحرمة محمد صلی اللّٰه علیه وعلیٰ اٰلهٖ و اصحابه و اهلِ بیتهٖ اجمعین ...ط وبارك وسلم تسلیماً کثیراً کثیراً۔

اس عزیمت کو پڑھ کر عامل کو چاہیے کہ اپنے اوپر دم کر لے۔ انشاء اللہ رجال الغیب کی ...طرف سے مدد حاصل ہوگی۔

...برج کے اعتبار سے پرہیز:

نمبر5 عامل کو یہ بھی چاہیے کہ وہ اپنے بُرج کے اعتبار سے اُن تاریخوں میں عمل کرنے ... سے پرہیز کریں۔ جو اصولی طور پر غیر مبارک ہیں۔ ذیل میں 12 بُرجوں تاریخوں کی تفصیل پیش ... کی جا رہی ہے۔ اس کو ذہن نشین کر لیں۔

بُرج	غیر مبارک تاریخیں
حمل	۲،۶،۱۱،۲۰،۲۹
ثور	۴،۹،۲۴،۲۵،۲۸
جوزا	۴،۱۳،۱۷،۲۸،۳۰
سرطان	۶،۱۲،۱۷
اسد	۶،۱۲،۱۶،۲۱،۲۵
سنبلہ	۶،۱۲،۱۷
میزان	۲۲،۲۳،۲۸
عقرب	۴،۹،۱۳،۱۵،۲۴

قوس	۳،۴،۹
جدی	۱۷،۲۲،۲۴،۲۵
دلو	۲،۱۲،۱۷،۲۳
حوت	۱۳،۱۴،۲۹

بخورات روشن کرنا:

نمبر 6 جس ستارے کی ساعت میں عمل شروع کریں اس کی بخورات روشن کریں۔ اس کی تفصیل فنِ عملیات کی کتابوں میں دیکھیں۔ اس سلسلے میں راقم الحروف کی مرتب کردہ تحفۃ العاملین بھی انشاء اللہ مفید ثابت ہوتی۔

حصار قائم کرنا:

نمبر 7 عمل ہمزاد سے پہلے مختلف قسم کے حصار بھی ضروری ہیں۔ حصار دراصل ایک قلعہ کی مانند ہوتا ہے۔ جس کے دائروں میں بیٹھ کر عامل بے خوف وخطر اپنا عمل پورا کرتا ہے۔ اس لیے عامل کو چاہیے کہ عمل سے پہلے اپنے بدن کا حصار ضرور کر لے۔ اس کے دس طریقے دیے جا رہے ہیں۔ ان میں سے کسی بھی ایک طریقے کو یا زیادہ سے زیادہ 3 طریقوں کو اختیار کرے۔

حصار نمبر 1:

یا رقیب 312 مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے پورے بدن پر بالخصوص سر اور سینے پر پھیر لے۔

حصار نمبر 2:

سورۂ مزمل کو سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔

حصار نمبر 3:

سورۂ جن 3 بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔

حصار نمبر 4:

گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔

حصار نمبر 5:

سورۂ یٰسین ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔

حصار نمبر 6:

سورۂ یٰسین کی آیت وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سے فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ تک 21 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔

حصار نمبر 7:

لا الٰہ کا کوٹ الا اللہ کی کھائی شاہ مرداں کی چوکی بحق مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی دہائی تین بار پڑھ کر شہادت کی اُنگلی پر دم کر کے اور اپنے سر کے چاروں طرف اس اُنگلی کو پھیریں۔

حصار نمبر 8:

اسم یا حفیظ یا مھیمن سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر دیں۔ پھر اس پانی سے کچی زمین میں وضو کریں اور بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پی لیں۔ (پانی نالی میں نہ جائے)

حصار نمبر 9:

يَاحَافِظُ يَاحَفِيْظُ يَارَقِيْبُ يَاوَكِيْلُ دو سو مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔

حصار نمبر 10:

چاروں قل تین تین مرتبہ اور آیت الکرسی ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں۔

مکان کا حصار:

مکان کے حصار کے لیے چار کیلوں پر سورۂ مزمل پانچ پانچ مرتبہ پڑھ مکان کے چاروں کونوں میں یا اُس کمرے کے چاروں کونوں میں گاڑیں جہاں بیٹھ کر عمل کا ارادہ ہو۔ اس حصار کی تیاری اس طرح کریں کہ آٹھ چھریاں جن میں لکڑی یا پلاسٹک کا دستہ نہ ہو لے لیں اور ہر چھری پر گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کر کے عامل اپنے چاروں طرف گاڑ لے۔ اور چھری سے پہلے عامل اپنے چاروں طرف ''طلسماتِ اربعہ'' کسی لکڑی میں لٹکا لیں اور لکڑی کو زمین میں گاڑ دیں۔ عامل جو چھری اپنے سامنے گاڑے اس چھری میں ''طلسم فتاح'' باندھے۔ اور جب بھی عامل کو دورانِ عمل حصار سے باہر آنا ہو تو آیت الکرسی پڑھ کر طلسم فتاح والی چھری کو زمین سے نکال کر اور

اپنے سامنے والے طلسماتِ اربعہ کی لکڑی کو زمین سے نکال کر سامنے کی لکیریں چھری سے
دیں اور وہاں سے باہر آجائیں۔ جب واپس جائے عمل پر عامل آئے تو اسی راستے سے واپس
آئے اور آنے کے بعد آیت الکرسی پڑھ کر چھری سے کٹی ہوئی لکیریں درست کرے پھر چھری کا
دے اور اس لکڑی کو بھی گاڑ دے جس پر "طلسمات اربعہ" بندھا ہوا ہے۔ انشاء اللہ یہ وہ حصار
جو ہر طرح سے عامل کی حفاظت کرے گا اور نظر نہ آنے والی مخلوقات کی شرارتوں اور ریشہ دوانیوں
سے عامل محفوظ رہے گا۔

عمل کے لیے بیٹھنے کا طریقہ:

عامل کس طرح عمل کے لیے بیٹھے گا اس کا نقشہ ذیل میں دیا جا رہا ہے تا کہ بات سمجھ
میں آجائے گا۔

طلسمات اربعہ یہ ہیں۔

طلسم مفتاح یہ ہے۔

ہشتگانہ بارہ ہزار:

اس حصار کو "ہشتگانہ بارہ ہزار" کا نام دیا جاتا ہے اور یہ حصار خصوصاً ہمزاد کے عمل کے
لیے قابلِ ترجیح ہے۔ اس لیے عامل کو چاہیے اگر احتیاط کے ساتھ اس کی تیاری کر سکے تو اس کو ترجیح
دے ورنہ جس حصار کو اپنے لیے آسان سمجھے۔ اسی حصار کو اختیار کر لے۔ اپنی اپنی جگہ ہر حصار
ایک محفوظ قلعے کی مانند ہے۔ اور عامل کی حصار کے اندر پوری طرح حفاظت ہوتی ہے۔ ہمزاد
جیسے عمل بغیر حصار کے شروع کرنے کی عامل غلطی نہ کرے۔

آخری بات:

ہمزاد تابع کرنا بہت زیادہ آسان نہیں ہے۔ لیکن اتنا مشکل بھی نہیں ہے کہ انسان کی
دسترس سے باہر کی چیز ہو۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اکثر و بیشتر لوگ اپنے روحانی عملیات کی
شروعات ہمزاد و موکل ہی کے عمل سے کرتے ہیں جو ایک بچگانہ طرز عمل ہے۔ یہ بالکل ایسا ہی
ہے کہ جیسے کوئی ڈاکٹر بننے کی خواہش رکھنے والا بچہ پہلے ہی دن قینچی اور چھری ہاتھ میں لے کر
آپریشن کرنے کی مشق شروع کر دے۔ حالانکہ اس نے طب کی پہلی کلاس کا بھی ابھی منہ نہ دیکھا
ہو۔ ایسا بچہ ایک دم سرجن کیسے بن سکتا ہے؟ اسی طرح روحانی عملیات میں ہمزاد اور موکل تابع
کرنے کا مرحلہ بہت بعد کا مرحلہ ہے۔ جسے سب سے پہلے حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

بنیادی باتوں کا علم ہونا چاہیے:

ہمزاد اگر تابع ہو جائے اور عامل کو روحانی عملیات کی بنیادی باتوں کا علم نہ ہو تو وہ ہمزاد
سے خاطر خواہ فائدے حاصل نہیں کر سکتا اور نہ ہی خلق خدا کو خاطر خواہ فائدہ پہنچا سکتا ہے۔
اگر کوئی بھی انسان محنت کر کے ہمزاد تابع کر لے لیکن اسے عملیات کے فن کی خوبو میسر
نہ ہو تو وہ ہمزاد تابع کر کے مداری تو بن سکتا ہے عامل نہیں بن سکتا۔ کیوں کہ وہ عامل سرے سے

ہے نہیں...... اور ہماری رُوحانی تحریک کا مقصد لوگوں کو مداری نہیں عامل بنانا ہے۔ اس
اپنے تمام قارئین سے دست بستہ یہ التجا کریں گے کہ وہ مداری نہیں عامل بننے کی کوشش کریں
اور لوگوں کو تماشے دکھانے کے بجائے ان کی حاجتوں کو پورا کرنے کے لیے اہل ثابت ہوں۔

دوسروں کو فائدہ پہنچانے کی اہلیت ہونا:

صرف حاضرات کر لینا کسی مرض کی دوا نہیں جب تک لوگ مصائب سے نجات نہ
پاسکیں اور لوگ مصائب سے تب ہی نجات پائیں گے جب عامل فنِ عملیات سے پوری طرح
واقف ہوگا۔ مثلاً ہمزاد حاضر ہو کر کسی مریض کی تشخیص کر کے عامل کو بتائے کہ اس مریض کو آیت
قطب کا نقش مربع آبی چال سے لکھ کر دو اور اس کو پنجاہِ قاف کے وظیفے کی تاکید کرو تو عامل کو یہ
معلوم ہونا چاہیے کہ آیت قطب قرآن حکیم کی کس آیت کو کہتے ہیں اور پنجاہِ قاف سے کیا چیز مراد
ہے؟...... اور نقش مربع کی آبی چال کونسی ہے۔

عامل کی رہنمائی کرنا:

ہمزاد عامل کی زیادہ تر رہنمائی کرے گا۔ وہ اپنے ہاتھوں سے تعویذ بنا کر عامل کو نہیں
دے گا۔ اس لیے ہمزاد تابع کرنے سے پہلے فنِ عملیات سے پوری طرح واقفیت ضروری ہے۔
آئیے اب ان فارمولوں پر نظر ڈالیں۔ جو بطور خاص آپ ہی کے لیے جمع کیے گئے
ہیں۔ ان فارمولوں سے آپ خود بھی فائدہ اٹھائیں اور خلقِ خدا کو بھی فائدہ پہنچائیں۔

ہمزاد تابع کرنے کا بے نظیر عمل:

عامل اپنا نام روزانہ ''یا'' لگا کر 3125 مرتبہ پڑھے۔ مثلاً نام انور حسین ہے تو یا انور
حسین روزانہ پڑھیں۔ عمل بالکل تنہائی میں کریں۔ ہلکی روشنی چراغ کی رکھیں اور چراغ اپنی پشت
پر رکھنا چاہیے تاکہ سایہ سامنے پڑے۔ اور عامل کو چاہیے کہ عمل کے دوران اپنے سائے پر نظر
رکھے اور کھانا ہمیشہ تنہائی میں کھائے اور کھانے کے دوران ایک آدھ روٹی یا لقمہ سامنے ڈال کر
زبان سے عامل یہ کہے کہ انور حسین یہ حصہ تمہارا ہے تم اس کو کھالو۔ چند گھنٹوں کے بعد یہ لقمہ یا
روٹی اٹھا کر کسی جگہ احتیاط سے رکھ دیا کریں۔ پھر اس کو پانی وغیرہ میں بہادیا کریں۔ جس دن
روٹی یا کوئی کھانے یا پینے کی چیز زمین پر ڈالنے کے بعد غائب ہوگئی۔ سمجھ لو ہمزاد تابع ہوگیا۔

اس کے بعد عامل اپنے نام کو 313 مرتبہ پڑھ کر جو کچھ بھی حکم دے گا اس کی تعمیل
...اس عمل میں کسی طرح کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ لیکن اس میں کامیابی تین چلوں سے پہلے
...ل ہی سے ملتی ہے۔

...ہمزاد جلد تابع ہو جائے:

سب سے پہلے کسی تنہائی کی جگہ کا انتخاب کریں۔ اور چالیس دن تک روزانہ روزہ
...یں۔ ترکِ حیواناتِ جلالی اور جمالی کا اہتمام کریں۔ دورانِ عمل لوبان کی دھونی لیتے رہیں۔
...ل ہمیشہ نصف رات کو شروع کریں۔ روزانہ عزیمت کو گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ عمل کھڑے ہو کر
...یں۔ اور مٹی کا چراغ اپنی پشت پر روشن کریں۔ دورانِ عمل اپنے سائے پر نظر رکھیں۔ چراغ
...یں زیتون کا تیل ڈالیں۔

...مزاد دکھائی دینا:

عمل کے آخری دن عامل کو اپنی شکل میں ایک شخص کھڑا ہوا نظر آئے گا۔ اس سے علیک
...لیک کے بعد تابع ہوجانے کے بعد بات کریں۔ وہ جو شرائط رکھے گا ان پر غور کریں۔ اگر مان
...نے کی ہوں تو مان لیں اور اس سے حاضر کرنے کا طریقہ دریافت کریں۔ انشاء اللہ ہمزاد تابع
...و گا۔ اور ہر حکم کی تعمیل کرے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ اُحْضَرُوْا اُحْضَرُوْا اُحْضَرُوْا یَاقَوْمِ
هَمْزادُ حَاضِرْ شَوْ بِحَقِّ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔

...مزاد تابع کرنے کا سریع/مؤثر عمل:

...یہ عمل روحانی عملیات کا ایک راز ہے۔ دعا ہے کہ کسی نااہل کو اللہ کامیابی سے ہمکنار نہ
...رے۔ اہل کے لیے بطورِ تحفہ یہ عمل پیش ہے۔
کسی ماہ کی چاند کی 28 تاریخ کو 41 نقش زعفران سے عامل لکھ لے۔ آخری نقش
...امل ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور باقی 40 نقش احتیاط سے
...اپنے پاس رکھ لے۔ جب نیا چاند طلوع ہو تو پہلی تاریخ کو ہرے کپڑے میں لپیٹ کر زمین میں
...ن کر دے اور دفن کرتے وقت زبان سے کہے اے ہمزاد یہ نقش پہن کر حاضر ہو جا۔

وظیفہ پڑھنا:

اسی طرح چالیس دن تک ہر صبح کو یہ عمل کرتے رہیں۔28 تاریخ کی صبح کو 41
عامل لکھے گا اور اسی دن کے گزر جانے کے بعد رات سے ''یَا بُدوحُ'' کا وظیفہ عامل کو حسب ذیل
تعداد میں پڑھنا ہوگا۔

دو رات تک............2222 مرتبہ روزانہ۔

چار رات تک............4444 مرتبہ روزانہ۔

چھ راتوں تک............6666 مرتبہ روزانہ۔

آٹھ راتوں تک............8888 مرتبہ روزانہ۔

یہ کل 20 دن ہوئے۔20 دن کے بعد پھر اسی طرح شروع سے آخیر تک پڑھیں۔
کل 40 راتوں تک یہ عمل پڑھا جائے گا۔

پرہیز جمالی وجلالی:

دورانِ عمل ہر قسم کے گوشت، انڈے اور مچھلی کا پرہیز رہے گا۔ پرہیز جمالی ضروری ہے۔ اور پرہیز جلالی اس عمل میں افضل ہے۔ انشاء اللہ پہلے چلے میں ورنہ تیسرے چلّے میں کامیابی صد فیصد ہوگی۔ اس عمل کے ذریعہ جو ہمزاد تابع ہوتا ہے وہ عامل کے ہر ہر حکم کی تعمیل کرتا ہے۔ اور زمین کے خزانے بھی لا کر دے سکتا ہے۔ پہلے دن جو نقش 41 کی تعداد میں لکھے جائیں گے وہ یہ ہیں...... چال آتشی ہے۔

۷۸٦

بحق محمد صلی اللہ علیہ وسلم

٨	٦	٤	٢
٢	٤	٦	٨
٦	٨	٢	٤
٤	٢	٨	٦

و بحق عزرائیل

و بحق بدوح ہمزاد حاضر شو

بحق جبرائیل و میکائیل و اسرافیل

چھ ماہ میں ہمزاد تابع:

دن کے وقت جب سورج نصف النہار پر ہو غسل کر کے کسی میدان میں چلا جائے اور کپڑے اُتار دے صرف لنگوٹ کس لے اور سورج کی طرف پشت کر کے کھڑا ہو جائے۔ سایہ زمین پر پڑے گا۔ سائے کی گردن پر عامل نظر رکھے۔ پندرہ منٹ تک سائے کی طرف دیکھتا رہے اور کوشش کرے کہ پلک جھپکنے نہ پائے اور 15 منٹ میں بہت کم پلک جھپکنے کی نوبت آئے۔ 15 منٹ کے بعد ایک دم عامل کو چاہیے کہ آسمان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھے۔ وہاں بھی دھندلا سا ایک سایہ نظر آئے گا۔ دو منٹ کے بعد پھر زمین پر نظر جما لے اور پندرہ منٹ تک نظر جمائے دیکھتا رہے اور یہ یقین رکھے کہ ہمزاد کو مسخر کر رہا ہے۔ پھر دو منٹ تک آسمان کی طرف دیکھ کر پھر 15 منٹ تک زمین کی طرف دیکھے۔ اس طرح تقریباً ایک گھنٹے تک کرتا رہے۔ اس عمل کو 6 ماہ تک جاری رکھنا ہے۔ اس میں نہ کچھ پڑھنا ہے نہ ہی کوئی پرہیز ہے۔ انشاء اللہ 6 ماہ کے اندر ہمزاد تابع ہو جائے گا۔

ساڑھے چار ماہ میں ہمزاد تابع:

عامل کو چاہیے کہ اپنے قد کے برابر ایک آئینہ تیار کرائے اور بالکل الگ تھلگ کمرے میں اس آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر (بالکل برہنہ، صرف نیکر پہن کر) اور اس طرح کھڑا ہو کہ عامل کا چہرہ شمال کی طرف ہو۔ عامل شیشے سے ایک گز کے فاصلے پر کھڑے ہو کر اپنے عکس کو دیکھتا رہے۔ لگا تار ایک گھنٹے تک دیکھے۔ اس کے بعد پانچ منٹ چھت کی طرف دیکھے۔ عامل کو اپنا سایہ چھت پر نظر آئے گا۔ اس عمل میں ساڑھے 4 ماہ میں ہمزاد ہم کلام ہو کر تابع ہو جاتا ہے۔ اس میں بھی کسی طرح کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ بس وقت اور جگہ کی پابندی رکھیں۔

اکیس یوم میں ہمزاد تابع:

یہ عمل 21 دن کا ہے اور اس میں پرہیز جلالی شرط ہے۔ کسی ایسے آدمی کی قبر تلاش کریں جس کے نام اور اس کی ماں کے نام سے آپ اچھی طرح واقف ہوں۔ بعد نماز عشاء روزانہ تازہ غسل کے بعد پاک صاف کپڑے پہن کر قبر کے برابر میں بیٹھ جائیں اور دو زانو ہو کر بیٹھیں اور اپنا رخ مغرب کی طرف کریں۔ سب سے پہلے 21 مرتبہ درودِ تاج پڑھیں۔ اس کے بعد سو مرتبہ

یہ پڑھیں: یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْیءٍ قَدِیْرٌ ط سَخَّرَہٗ ہَمزَادُ فلاں ابن فلاں یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِحَقِّ لَآاِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

فلاں ابن فلاں کی جگہ صاحبِ قبر کا نام اور اس کی ماں کا نام لیں۔ ایک ہفتے کے بعد کچھ ڈراؤنے چہرے نظر آئیں گے۔ آپ بالکل نہ ڈریں۔ اپنے دل کو مضبوط رکھیں۔ 21 وے روز انشاءاللہ ہمزاد حاضر ہو کر تابع ہو جائے گا۔

تین ماہ میں ہمزاد تابع:

اس عمل میں عامل کو چاہیے کہ احرام باندھ لے۔ عامل مٹی کا کورا چراغ لے کر اس کو جنوب کی طرف رکھے اور عامل اپنا منہ شمال کی طرف رکھے۔ عمل کھڑے ہو کر پڑھے۔ چراغ اس طرح رکھا جائے کہ عامل کا سایہ زمین پر رہے۔ دیوار پر نہ جائے۔ فرش پر سفید چادر بچھا لینی چاہیے۔

عمل کو 3 ماہ تک جاری رکھنا اور 3 ماہ تک کوئی ایک طرح کا آٹا اور کوئی طرح کی دال پکا کر کھائے دودھ اور گھی بھی استعمال کر سکتا ہے۔

عمل ہمیشہ رات کو 9 بجے کے بعد شروع کرے۔ اور مندرجہ ذیل آیتِ قرآنی 3 سو مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد چھت کی طرف 2 منٹ تک دیکھ کر پھر اپنے سائے کی طرف دیکھ کر 3 سو مرتبہ آیت مذکورہ پڑھے۔ اس طرح ایک رات میں 9 سو مرتبہ آیت پڑھنی ہے اور پھر 3 سو مرتبہ کے بعد دو منٹ تک چھت کی طرف دیکھے۔ انشاءاللہ مدتِ مقررہ کے اندر ہمزاد آ کر محوِ کلام ہوگا اور عامل کا مطیع ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے: وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْیءٍ قَدِیْرٌ ط

اڑھائی ماہ میں ہمزاد تابع:

یہ عمل دن میں 9 بجے کرے اور عامل احرام باندھ کر عمل کرے۔ ڈھائی ماہ تک لگاتار عمل کرنا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ ایک قد آدم آئینہ لے کر اس کو شمالی دیوار پر لگا دے اور خود آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر آئینے میں دیکھتے ہوئے سات سو مرتبہ مندرجہ ذیل آیتِ قرآنی کی تلاوت

کرے۔ اس کے بعد 3 منٹ تک آنکھیں بند کر کے اپنے عکس کا دھیان کرے۔ پھر 3 منٹ کے بعد آیت قرآنی کو سات سو مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد پھر 3 منٹ تک آنکھیں بند کر کے اپنے عکس کا تصور کرے۔ چند یوم کے بعد آنکھیں بند کرنے کے بعد ایسا محسوس ہوگا کہ آنکھیں کھلی ہوئی ہیں اور عامل خود سے ہمکلام ہو رہا ہے۔ ڈھائی ماہ کے اندر اندر کمرے میں عامل اپنی جیسی شکل و صورت کا دوسرا انسان موجود پائے گا۔ جو در حقیقت ہمزاد ہوگا۔ اس سے بات چیت کریں اور اس کو خدمت کے لیے تابع کر لیں۔ اس عمل میں کسی طرح کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ البتہ وقت اور جگہ کی پابندی رکھیں۔

آیت یہ ہے: اِنَّ ھٰذَا لَھُوَ الْحَقُّ الْیَقِیْنِ ط فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّکَ الْعَظِیْمِ ط

اڑھائی ماہ میں ہمزاد تابع کرنے کا لاجواب عمل:

یہ عمل رات کو گیارہ بجے کرنا ہے۔ کسی الگ تھلگ کمرے میں جہاں روشنی بالکل نہ ہو۔ احرام باندھ کر عامل کھڑے ہو کر شمال کی طرف اپنا رُخ کر کے مندرجہ ذیل آیت کو 1300 مرتبہ پڑھنا ہے۔ عامل آنکھیں بند کر کے عمل پڑھے اور تصور رکھے کہ میرا ہمزاد بہت جلد حاضر ہوگا۔ چند دن کے بعد عامل کو ایسا محسوس ہوگا کہ کمرے میں روشنی ہو رہی ہے۔ کچھ دنوں کے بعد عامل کو ایسا محسوس ہوگا کہ کوئی اور بھی موجود ہے۔ عامل عمل ختم کرنے کے بعد ہلکی روشنی میں اسی کمرے میں سو جائے۔ انشاءاللہ ڈھائی ماہ کے اندر اندر ہمزاد حاضر ہو کر ہم کلام ہوگا اور عامل کی اطاعت کرے گا۔

آیت یہ ہے: لٰکِنَّا ھُوَ اللّٰہُ رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِکُ بِرَبِّیْٓ اَحَدًا۔

ایک ماہ میں ہمزاد تابع کرنے کا آزمودہ عمل:

ایک آسان اور عجیب و غریب عمل تحریر کیا جاتا ہے۔ روزانہ کوئی ایک وقت مقرر کر کے عامل لوٹا لے کر جنگل جائے اور آڑ میں بیٹھ کر قضائے حاجت کرے اور آبدست کرتے وقت کچھ پانی لوٹے میں چھوڑ دے۔ پھر اس پانی کو کیکر کے درخت کی جڑ میں ڈال دے۔ اور پانی ڈالتے وقت اس طرح سلام کرے جیسے ہمزاد نظر آ رہا ہے اور سلام کے بعد یہ کہے، اے ہمزاد کبھی ہمارے کام آؤ۔ ایک ماہ کے بعد اسی درخت سے ایک شخص اتر کر عامل کی اطاعت کا وعدہ کرے گا۔ وہ

ہمزاد ہے۔ باقی عمل کا طریقہ کار جو پہلے بتایا گیا ہے اُس سے عہد و پیمان کر لے۔ انشاء اللہ وہ
کی ہر جائز خواہشات کا احترام کرے گا۔ وقت کی پابندی اور درخت کا انتخاب ایک دفعہ ہوگا۔
بار جگہ تبدیل نہیں کی جاسکے گی۔

چند دنوں میں ہمزاد تابع ہو جائے:

کسی بھی ہرے بھرے درخت پر بیٹھ کر 6 دن تک یا 12 دن تک 31032 مرتبہ
عمل پڑھیں۔ اگر 12 دن تک پڑھنے کی نیت ہو تو روزانہ 2586 مرتبہ پڑھیں۔ اگر
6 دن کی نیت ہو تو 5172 مرتبہ پڑھی۔ انشاء اللہ اس دوران درخت پر ہمزاد ظاہر ہو کر تابع
ہو جائے گا۔

عمل یہ ہے: اَجِبْ یَاوِیَادَمُ بِحَقِّ دَالُ بَا۔

ہمزاد تابع کرنے کا آسان طریقہ:

موٹے کاغذ یا گتے پر سفید کاغذ چپکا کر یہ نقش لکھو:

۷۸۶

انّا سمعنا	قل اوحی	عجبًا یهدی
قرانا	فقالوا	استمّع
الیٰ انّه	الی الرشد	نفرمن الجن

فَاٰمَنَّ به.............. یا.............. امن

نقش کے نیچے سطروں کی جگہ عامل اپنا نام لکھ دے۔ اس نقش کو عامل اپنی پُرانی ٹوپی
میں اندر کی طرف سی دے۔ اور سو مرتبہ یہ پڑھے..............فَـاٰمَـنَّ بـه..............یا
..............امـن سطر کی جگہ اپنا نام لے اور پڑھنے کے بعد ٹوپی پر دم کر کے ٹوپی کو بکس میں رکھ
دے اور بکس میں تالا لگا دے۔ چالیس دن عمل کو جاری رکھیں۔ اس دوران جب بھی ہمزاد حاضر
ہو جائے ٹوپی اس کو پہنا دے۔ ٹوپی سر پر رکھتے ہی وہ تابع ہو جائے گا۔ اس عمل میں اسی طرح کا
کوئی پرہیز نہیں ہے۔ بس عمل پڑھنے کا وقت ایک ہی ہونا چاہیے۔

ایک ماہ میں ہمزاد تابع ہو جائے:

ایک کمرہ عمل کے لیے منتخب کرو۔ اس کے فرش پر نیلی چادر بچھا دو اور اس کی دیواروں
نیلا رنگ کرادو اور چھت پر نیلے رنگ کا کاغذ، یا کپڑا لگادو۔ کھڑکیوں اور دروازے پر بھی ہلکے
نیلے رنگ کے جسے آسمانی کہتے ہیں، پردے لٹکا دو۔ مٹی کے کورے چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر
چراغ روشن کرو اور چراغ کو اپنی پشت پر رکھ لو۔ اور اپنی نظریں اپنے سائے کی گردن پر جمائے
رکھو۔ اور خیال رکھو کہ بس ہمزاد بہت جلد حاضر ہونے والا ہے۔ لگاتار ایک گھنٹے تک اپنے سائے
پر نظریں جمانے کے بعد دو منٹ تک چھت کی طرف دیکھو۔ اس کے بعد پھر دس منٹ تک اپنے
سائے کی طرف دیکھو پھر دس منٹ کے بعد دو منٹ تک پھر چھت کی طرف دیکھو۔ ایک ہفتے کے
بعد دورانِ عمل کمرے سے باہر آ کر ایک منٹ تک آسمان کی طرف دیکھو۔ پھر اپنے کمرے میں
آ جایا کرو۔ اگر دودھ، گھی اور دہی پر قناعت کرو گے تو ایک ماہ کے اندر اندر ہمزاد کمرے میں حاضر
ہو کر تمہارے تابع ہو جائے گا۔

ہمزاد تابع کرنے کا لاجواب عمل:

عشاء کی نماز کے بعد 444 مرتبہ مندرجہ ذیل آیات کو 21 یوم تک پڑھو۔ انشاء اللہ
ہمزاد حاضر ہوگا اور عامل کی تابع داری کرنے پر مجبور ہوگا۔ اس عمل میں کسی طرح کا کوئی پرہیز نہیں
ہے۔ البتہ جگہ اور وقت کی پابندی ضروری ہے۔

آیاتِ قرآنی مع عزیمت یہ ہیں۔ اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ
وَالنَّاس ط یَاقَوْمِ هَمْزادُ حَاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

ایک ہفتہ میں ہمزاد تابع کرنے کا آزمودہ عمل:

مندرجہ ذیل نقش تیار کر کے اپنے سامنے رکھو اور مندرجہ ذیل عزیمت کو ایک ہزار مرتبہ
سات دن تک پڑھو۔ انشاء اللہ ساتویں دن ہمزاد حاضر ہو کر تابعداری کرنے پر مجبور ہوگا۔ پرہیز
کچھ نہیں۔ وقت اور جگہ کی پابندی کرنا شرط ہے۔ اور عمل مکمل تنہائی میں ہونا چاہیے۔
عزیمت یہ ہے: یَالَطِیْفُ تَلَطُّفْ وَاللُّطْفُ فِیْ لُطُوْفِکُمْ یَالَطِیْفُ۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۴۳۲	۴۴۶	۴۴۲	۴۳۹
۴۴۳	۴۳۸	۴۳۳	۴۴۵
۴۳۷	۴۴۰		۴۳۴
۴۴۷	۴۳۵	۴۳۶	۴۴۱

حسبِ منشا ہمزاد کو حاضر کرنا:

کسی بھی قمری مہینے کی 13 تاریخ کو یہ عمل شروع کریں۔ عمل پڑھتے وقت اپنی ٹانگیں پھیلا کر چاند کی طرف دیکھتے ہوئے 301 مرتبہ اِقْتَرَبَةِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ پڑھیں۔ دوسرے دن اسی طرح چاند کی طرف دیکھتے ہوئے 302 مرتبہ پڑھیں۔ روزانہ ایک مرتبہ بڑھاتے چلے جائیں۔ جب چاند کی آخری اور شروع کی تاریخیں چلیں گی اس وقت مغرب کی طرف رُخ کر کے عمل پڑھیں۔ اسی طرح اگر اتفاقاً چاند گھٹا وغیرہ کی وجہ سے نظر نہ آئے تب بھی مغرب کی طرف رُخ کر کے پڑھیں۔ البتہ جب چاند نظر آ رہا ہو تو چاند ہی کی طرف دیکھتے ہوئے عمل پڑھنا چاہیے۔ عمل ٹانگیں پھیلا کر یا لیٹ کر زیادہ مؤثر ہوتا ہے۔ ورنہ پھر آلتی پالتی مار کر بیٹھ کر پڑھیں۔

ہمزاد سے وعدہ لینا:

اس دوران یا آخری دن ایک شخص عامل سے ملاقات کرے گا۔ اس کی آنکھیں سرخ ہوں گی۔ اس کا ہاتھ پکڑ کر اس سے تابع اور مطیع ہونے کی بات کریں۔ جب وہ وعدہ کر لے تو اس کا ہاتھ چھوڑ دیں۔ اس سے خوف زدہ نہ ہوں۔ وہ آپ کے عمل کی طاقت پر حاضر ہوگا۔ اس لیے وہ آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔ اس کے بعد آپ جب بھی 330 مرتبہ مذکورہ آیت پڑھیں گے ہمزاد حاضر ہو کر خدمت بجالائے گا۔ اس عمل میں بھی کوئی پرہیز نہیں ہے۔

سات دن میں ہمزاد تابع ہو جائے:

بعد نماز عشاء 350 مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت پڑھیں۔ پرہیز جمالی اور جلالی

ضروری ہے۔ لگاتار سات دن تک عمل کریں۔ انشاء اللہ ساتویں دن ہمزاد حاضر ہو کر تابع داری کا وعدہ کرے گا۔ عزیمت یہ ہے: عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ سُلَيْمَان ابن دَاوٗد عليهم السَّلام اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا ياهَمْزَادْ حَاضر شو بِحَقِّ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

ہمزاد تابع کرنے کا سریع الاثر عمل:

یہ عمل چالیس دن کا ہے۔ صرف بدبودار اشیاء سے پرہیز کرنا ہے۔ البتہ دورانِ چلہ ایک ہی طرح کا غلہ عامل کو استعمال کرنا چاہیے۔ عزیمت روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھنی ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد عمل کی شروعات کریں۔ انشاء اللہ 40 ویں دن ہمزاد حاضر ہو کر تابع داری کا عہد کرے گا۔ عزیمت یہ ہے: يَاهَمْزَادُ يَامُسَخَّرَاتُ بِلُطْفِكَ يَالَطِيْفُ۔

سورۃ قریش سے ہمزاد تابع کرنا:

21 راتوں تک روزانہ سورۂ قریش چار سو مرتبہ پڑھو۔ دورانِ عمل صرف پرہیز جمالی کا خیال رکھو۔ جگہ اور وقت کی پابندی بے حد ضروری ہے۔ چالیس ویں دن ہمزاد حاضر ہو کر تابع داری کا عہد کرے گا۔

آیت قرآنی سے ہمزاد تابع کرنا:

قرآن حکیم کی مندرجہ ذیل آیت کو روزانہ 3125 مرتبہ پڑھیں لگاتار 40 دن تک عمل ہمیشہ عشاء کے بعد کریں مکمل تنہائی میں کریں۔ بدبودار اشیاء سے پرہیز کریں۔ عمل کی تعداد کم یا زیادہ بالکل نہ کریں۔ ورنہ عمل ضائع ہو جائے گا۔ 40 ویں دن ہمزاد حاضر ہو کر تابع ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے: اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ط ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ط

ایک چلے ہی میں ہمزاد تابع ہو جائے:

یہ عمل چالیس روز کا ہے۔ اس عمل کا ہمزاد صرف خبریں لا کر دیتا ہے۔ لیکن اس ہمزاد سے دور دراز کی خبریں منگائی جا سکتی ہیں۔ عمل روزانہ عشاء کے بعد کریں اور عمل کی تعداد پندرہ سو مرتبہ ہے۔ عمل مکمل تنہائی میں کریں۔ گوشت، دود، دہی اور تمام بدبودار چیزوں سے اجتناب

کریں۔انشاءاللہ پہلے ہی چلے میں ہمزاد تابع ہوگا۔

عمل یہ ہے: یااللہ یَاخبیرُ یا علیمُ یا باطن یا شھید یا رشیدُ۔

بعض ماہرین کی رائے یہ ہے کہ عامل کو چاہیے اسی عمل کو دورانِ چلہ نمازِ فجر کے بعد سورج نکلنے تک لاتعداد مرتبہ پڑھتا رہے۔اس سے عمل میں تقویت پیدا ہوگی۔

تین دن میں ہمزاد تابع ہو جائے:

یہ عمل صرف تین دن کا ہے۔اس عمل کے دوران مکمل تنہائی اختیار کریں۔عمل کا کمرہ ساز وسامان سے محفوظ ہو اور آس پاس کسی طرح کا شور وغل نہ ہو۔پرہیز جلالی اور جمالی کو ملحوظ رکھ کر اس عمل کی شروعات کی جائے۔عمل کے وقت اگر نیا لباس پہنے تو افضل ہے۔ورنہ پاک صاف جو اپنے پاس سب سے اچھا لباس موجود ہو اس کو زیب تن کریں۔مندرجہ ذیل نقش 6 عدد لکھ کر رکھیں۔نقش طالع جوزا یا سنبلہ میں بدھ کے دن عروج ماہ میں لکھیں۔

عمل کا آغاز:

عمل منگل گزر کر جو رات آتی ہے اس سے شروع کریں اور لگاتار 13 راتوں تک کریں۔درج ذیل نقش کی بتی بنا کر نئی روئی کے ساتھ نئے اور کورے چراغ میں روشن کریں اور چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈالیں۔چراغ اپنی پشت پر رکھیں اور ذرا اونچا کر کے رکھیں۔بہتر ہے کہ چراغ حصار کے اندر ہو۔عمل کی عبارت لاتعداد مرتبہ پڑھتا رہے۔

عزیمت پڑھنا:

عمل یہ ہے عزمت علیکم یا مَعْشر الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاح بِحَق حَضْرت سُلیمَان ابن داؤد عَلَیْہ السَّلام وبحق یا حي یا قیوم احضرو احضر واحضر و ایاقوم ہمزاد حاضر شو برحْمَتِكَ یا اَرحَم الرَّاحِمِیْن۔دورانِ عمل اپنے سائے پر نظر رکھیں۔چراغ میں روئی اتنی لگائیں کہ صبح تک دو بتیاں جل جائیں۔

عجیب وغریب منظر دکھائی دینا:

اس عمل میں پہلے ہی دن سے عجیب عجیب نظارے شروع ہو جاتے ہیں۔اور ایک سایہ سا ادھر اُدھر بھاگتا دکھائی دیتا ہے۔تیسرے دن انشاءاللہ ہمزاد حاضر ہو کر ہم کلام ہو جائے گا۔

...ردیوں میں کرنا چاہیے اور عشاء کے بعد سے نمازِ فجر تک کرنا چاہیے۔

...ل کی شرائط:

عمل کی دیگر شرائط یہ ہیں۔عمل کرنے سے پہلے میٹھے چاول پکا کر بچوں میں تقسیم کریں ...م سے کم دس فقیروں کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائیں۔نماز کی پابندی رکھیں اور 3 روز تک روزہ ...یں.....افطار کے بعد روزانہ سر میں کدو کے تیل کی مالش کرنی چاہیے۔نمازِ فجر کے بعد سورۃ ...ل کی تلاوت عمل سے ایک ہفتے پہلے سے 15 مرتبہ روزانہ کرنی چاہیے اور عمل کے دوران بھی ...ی طرح تعداد میں تلاوت جاری رکھیں۔اگر سورہ جن بھی روزانہ عمل کے دوران پانچ مرتبہ نمازِ ...ر کے بعد پڑھ لیا کریں تو بہتر ہے۔

...بھوک پیاس کا غلبہ ہونے کی صورت میں:

دورانِ عمل اگر بھوک یا پیاس کا احساس ہو تو عمل روک کر تین سو مرتبہ "اللہ الصمد" پڑھ لیں۔اگر نیند کا غلبہ ہو تو گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ سو مرتبہ پڑھیں۔دورانِ عمل دن میں اگر کوئی پھل کھائیں تو اس کا خیال رکھیں کہ پھل داغ دار نہ ہو۔کوئی بھی پھل کھانے سے پہلے "یاوہاب" ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اُس پھل پر دم کریں پھر اسے کھائیں۔پینے کی چیز پر سو مرتبہ "یامنعم" پڑھ کر دم کر کے پئیں۔انشاءاللہ تین ہی دن میں کامیابی ملے گی۔ہمزاد حاضر ہو کر ہم کلام ہوگا۔

جس نقش کی بتی بنائی جائے گی وہ نقش یہ ہے۔

ہمزاد تابعداری کرے:

نوچندی جمعرات سے اس عمل کو شروع کریں۔عمل مکمل تنہائی میں کریں۔ کمرے
خوشبوؤں سے معطر رکھیں۔چنبیلی کے تیل کا چراغ جلائیں اور چراغ کو اپنی پشت پر رکھیں۔اور اس
طرح کھڑے ہوں کہ سایہ عامل کے قد کے برابر ہو۔مندرجہ ذیل عزیمت کو دو ہزار ایک سو مرتبہ
پڑھیں۔دورانِ عمل پلک نہ جھپکائیں۔اور جب بھی پلک جھپکنے لگے تو کمرے کی چھت کی طرف
دیکھیں۔دوران عمل تو ہمزاد کا تصور رکھیں ہی چوبیس گھنٹے بھی ہمزاد کا تصور رکھیں اور دن رات کے
24 گھنٹوں میں 6 گھنٹے سے زیادہ ہرگز نہ سوئیں اور کوئی پرہیز نہیں ہے۔ 21ویں دن ہمزاد
حاضر ہوکر تابع ہو جائے گا۔

عزیمت یہ ہے:یَاقَوْمِ هَمْزَادُ بِاِذْنِ اللّٰه تَعالٰی اُحْضُرُو اُحْضُرُ وا اُحْضُرُوْا۔

گیارہ دن میں ہمزاد تابع:

قرآن حکیم کی مندرجہ ذیل آیت کو گیارہ دن تک بعد نمازِ عشاء مکمل تنہائی میں پڑھنا
ہے۔عامل کو چاہیے کہ اپنے نام کے اعداد نکالے اور اس میں 786 کا اضافہ کرکے جو تعداد آئے
اس تعداد کے مطابق آیت شریفہ کی تلاوت کرے۔انشاء اللہ گیارہویں دن ہمزاد حاضر ہوکر تابع
ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے:فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْن۔

سات ہفتوں کا آزمودہ عمل:

مندرجہ ذیل عمل سات ہفتوں کا عمل ہے۔آخری ہفتے میں 8 دن عمل کرنا ہے۔اس
طرح کل پچاس دن عمل کرنا ہوگا۔اس عمل میں پرہیز جلالی شرط ہے۔جگہ اور وقت کی پابندی بھی
ضروری ہے۔روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ نمازِ عشاء سے فارغ ہوکر کسی تنہائی والی جگہ میں جا کر بیٹھ جائیں۔اور
رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل عزیمت کو ایک ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔اوّل و آخر
گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھنا ہے۔عزیمت یہ ہے:اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ تجلّیات اَسماءِ الْحُسْنٰی بِسْمِ اللّٰه بِسْمِ اللّٰه بسم اللّٰه لا اله کاکوٹ الّا اللّٰه

کھائی پاك محمدؐ کی دهائی، جبر ئیلا جبر کر میکائیلا اٹر کراسرافیلا
کر عزرائیلا پکڑ همزاد حاضر کر بسم اللّٰه بسم اللّٰه بسم اللّٰه۔

پڑھائی آہستہ کرے:

پڑھائی آہستہ آہستہ کریں۔اگر پہلے ہی ہفتے میں کامیابی مل جائے تو عمل چھوڑ دیں۔
ہفتے میں بھی کامیابی مل جائے، اسی ہفتے میں عمل چھوڑ دیں۔ اگر آخری ہفتے میں بھی
خدانخواستہ کامیابی نہ ملے تو پھر ایک دن کا اضافہ کریں پچاسویں دن کے عمل میں لازماً کامیابی مل
جاتی ہے۔

ہمزاد تابع کرنے کا عجیب وغریب عمل:

ایک عجیب وغریب عمل نقل کر رہے ہیں۔اس عمل کا پڑھنا بھی آسان ہے اور اس میں
کسی طرح کا کوئی پرہیز بھی نہیں ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ 3 فٹ لمبا صاف پانی کا آئینہ لیں اور آئینے کے سامنے کھڑے ہوکر
اپنی شہ رگ پر نظریں جماتے ہوئے ''یا ہمسایہ'' آدھے گھنٹے تک پڑھیں۔ انشاء اللہ پہلے ہی
عشرے میں اثرات ظاہر ہوں گے۔40 دن کا عمل ہے۔آخری عشرے میں عجیب وغریب قسم کی
بشارتیں ہوں گی اور عمل کے آخری دن ہمزاد حاضر ہوکر تابع داری کا عہد کرے گا۔

ایک ہفتہ میں ہمزاد تابع:

نصف رات کے بعد مکمل تنہائی والے کمرے میں غسل کر کے پاک صاف لباس پہن
کر دو نفلیں پڑھ کر بیٹھ جاؤ۔رجال الغیب کا خیال رکھو۔ چراغ جلا کر اپنی پشت پر رکھو۔ بلا تعداد
مندرجہ ذیل آیت کو ایک گھنٹے تک پڑھتے رہو۔ کمرے میں اگر بتی جلاؤ اور مصلے پر اور اپنے
کپڑے پر عطر لگاؤ۔لگاتار سات دن تک عمل کو جاری رکھو۔انشاء اللہ ساتویں دن ہمزاد حاضر
ہوکر تابعداری کرے گا۔اس عمل میں پرہیز جلالی کرنا ضروری ہے۔

آیت یہ ہے:سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْم ط

ہمزاد تابع کرنے کا نہایت آسان طریقہ:

حَلَبَ شَافِی حَلَبَ کَافِی حَلَبَ مَاسِی میرا سَایه کردو راسی۔نصف

رات کو 41 مرتبہ آئینے کے سامنے کھڑے ہوکر پڑھو۔ اور اپنی پشت پر سرسوں کے تیل کا ... جلاؤ۔ لگا تار 41 دن تک اس عمل کو جاری رکھو۔ انشاءاللہ 41 ویں روز ہمزاد حاضر ہوکر تابع ... کرے گا۔ اس عمل میں بھی پرہیز جلالی شرط ہے۔

جفر کی رُو سے ہمزاد کو ماتحت کرنا

ذیل میں ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے ایسے لکھے جاتے ہیں جو کہ جفر کے قاعدہ کی رُو سے تیار کیے گئے ہیں۔

جفر کے ذریعہ پہلا قاعدہ

حروف مع اعداد

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ			
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰			
ض	ظ	غ											
۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰											

جن حروف کے نیچے جو اعداد لکھے ہیں ان کے وہی اعداد رکھے جائیں۔ مثال کے طور پر م کے نیچے چالیس اور ت کے نیچے چار سو وغیرہ۔

اعداد معلوم کرنے کا طریقہ:

اور جس شخص کے نام ہیں ان حروف کے علاوہ ساری پابندی کی دو باتیں ہیں۔ اعداد کو معلوم کرنے کا طریقہ ذیل میں درج ہے۔

ب ت ج د ر ز ک د ب

ب	ٹ	ج	ڈ	ڑ	گ	گھ	پھ	جھ	چھ
۲	۴۰۰	۳	۶۴	۷۳	۲۰	۲۵	۲۵	۷۷	۸۸

ہمزاد قابو کرنے کی دو صورتیں:

ہمزاد کو قابو کرنے کی دو صورتیں ہونی چاہئیں۔ ایک تو اپنے ہمزاد اور دوسرے کسی مرے ہوئے ہمزاد کو اپنے قابو کرنا، لیکن پہلے اپنے ہمزاد کو قابو کرنے کا طریقہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ پہلے ابجد کے حروف کے ذریعہ سے اپنے نام کے تعداد معلوم کرے اور بعد ازاں اپنی ماں کے نام کے۔ اگر نام کئی ہوں تو بہتر ہے کہ نام وہ لیا جائے جو کہ زیادہ مشہور ہو۔ خواہ عرف ہو خواہ لقب ہو۔ ان اعدادوں میں اس قدر اعداد اور شامل کیے ہیں کہ جتنے برس کی عمر گزر چکی ہو۔ مثال کے طور پر 25 اگر سال پر تین ماہ یا ایک ماہ زیادہ گزرا تو ایک سال کی اور زیادہ کر دی جائے۔

ایک آسان مثال:

مثال کے طور پر اپنا نام رام لال رکھا اور ماں کا نام بالکی رکھا جو اس کے اعداد پر ذکر کیے گئے ہیں۔ قاعدہ کے مطابق 302 ہوئے اور اس کی ماں کے اعداد 314 ہوئے۔ اور اگر رام لال کی عمر 34 سال تین ماہ ہے۔ تو ان دونوں عددوں پر 25 اور زیادہ جمع کرو۔ تو 302+314+25 تمام 641 ہوئے۔ اور ان میں 57 اور زیادہ کیے تو 57+641 تو 698 ہوئے۔

ان میں سے 38 نکالے تو باقی 660 رہے ان کو چار پر تقسیم کیا گیا۔ 4=660÷165 ہوئے۔

بس 165 سے نقش بنانا شروع کر دو۔ اور ایک خانہ میں ایک عدد زیادہ کرتے جاؤ۔ جس طرح ایک سے سالہ تک ہندسے دکھائے ہیں۔ مثال کے طور پر نقش درج کیا گیا۔

افتاد دکھانے کا نقش

۷۸۶

۱۹۹	۲۰۲	۲۰۵	۱۹۲	۸	۱۱	۱۴	۱
۲۰۴	۱۹۳	۲۹۸	۲۰۳	۱۳	۲	۷	۱۳
۱۹۴	۲۰۷	۲۰	۱۹۷	۳	۱۶	۹	۶
۲۰۱	۱۹۶	۱۹۵	۲۰۸	۱۰	۵	۴	۱۵

اگر تقسیم کرنے سے باقی ایک آئے تو 5 کا ہندسہ جہاں اس خانہ میں افتاد ایک اور زیادہ کردو۔ اگر دو باقی آئے تو پانچواں خانہ میں۔ اگر تین باقی آئیں تو تیرہویں خانہ میں ایک زیادہ کردو۔ مثال کے طور پر 12 خانہ میں 74 لکھے ہوئے ہیں اور باقی تین ہے تو تیرہویں خانہ میں بجائے 75 کے 76 لکھ دو۔

بس اس طریقہ سے عمل درآمد کرتے رہو۔ جب ایسا نقشہ تیار ہو تو ہر ایک طرف سے چار چار خانوں کے کل ہندسوں کو جمع کرلیا جائے بس ان کا مجموعہ ہوگا۔ جو کہ نام ماہ اور اس کا آئے اور 657 ہے اگر آجائے تو سمجھو کہ درست ہے ورنہ غلط اور اس طرح سے ہر مؤکل کے نام کیے جاسکتے ہیں۔ جس کا قاعدہ ذیل میں درج ہے۔

مؤکل بنانے کا قاعدہ:

مثال کے طور پر پہلے خانہ میں (جو کہ اوپر نقشہ بتا گیا ہے) کل عدد 192 ہیں۔ اس مؤکل کے بنانے سے پہلے 51 نکال دیئے گئے۔ 192-51=141 رہے۔ ان میں سے تین عدد 100,40,1 کے حروف بنائے۔ تو ایک سے الف بنا۔ 40 سے م 100 سے ق بنائے ان تینوں کا مجموعہ ام ق ہوا۔ پہلے سے نام ق بنا تھا۔ بس تمام کو ملانے سے اس کا میل ہوا بس یہ ایک خانہ کا حل بن گیا۔

اب دوسرے کونہ کا جو کہ اس کے عین مقابل ہے جہاں 199 ہے اس سے 51 کم کردیئے تو 48 باقی رہے۔ ان عددوں کے حروف ام ن اور مؤکل ومماکائیل۔ تیسرے مؤکل تیسرے گوشہ کا جو کہ نیچا اور بجانبِ راست ہے۔

اور جو کہ پندرہواں بقایا رہے۔ اس میں سے 206۔ 51 باقی 155 رہے۔ ان کے حروف ہ، ن، ق مؤکل اس کا بنا میل چوتھا مؤکل چوتھے گوشہ سے بنے گا۔ خانہ دس ہے۔ اس میں سے عدد 201 ہے۔ پھر 51 نکالے۔ 150 باقی رہے۔ اس کے حروف د، ر، ت، ق مؤکل بمکامیل ہوا۔

اب ہر ایک لفظ کے اعداد بنانے باقی رہ گئے ہیں۔ ان کے بنانے کا قاعدہ حسب ذیل ہیں۔ اور یہ اسی قانون سے بنتے ہیں۔ خانہ $\frac{12}{1114}$ $\frac{3}{13}$ $\frac{4}{25}$ $\frac{65}{65}$ $\frac{7}{6}$ $\frac{8}{12}$ وغیرہ وغیرہ ان کا

...یقہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

عمل تسخیر ہمزاد اسم یا ادجلھا

یہ عمل صرف ایک ہفتہ کا ہے یعنی ایک شنبہ سے دوسرے شنبہ تک کرنا پڑتا ہے۔ اور اس ...لیل مدت میں ہمزاد قبضہ میں آجاتا ہے۔

قاعدہ یہ ہے کہ شنبہ کے روز کسی وقت چکنی متی جس کو کالی مٹی بھی کہتے ہیں لاکر اُس کی ...چالیس گولیاں بناؤ۔ ان کا قطر نصف انچ ہونا چاہیے۔ یہ گولیاں ایسے وقت تیار کرو کہ آٹھ بجے ...رات تک خشک ہوجائیں پس۔ جب رات کا 1/2 حصہ گزر جائے اور تمام کام نمٹ چکیں تو اپنی ...پشت پر میٹھے تیل کا چراغ رکھ کر تخلیہ میں بیٹھو۔ جہاں کوئی آدمی آنے جانے والا نہ ہو اور رات کو سویا ...بھی یہیں جائے پس جب تم بیٹھ جاؤ تو ایک گولی پر اسم یَا اَدْجُلِهَا ستر ستر بار پڑھ کر دم کرتے ہو ...ئے اپنی نظر اپنے سایہ پر گردن کی جگہ جمائے رکھو۔

...عمل کے بعد کسی سے کلام نہ کرے:

اس عمل کے بعد کسی مقام پر سو رہو اور کسی سے بات چیت نہ کرو اور صبح اُٹھ کر ان تمام گولیوں کو کسی کنوئیں میں ڈال دو۔ کنوئیں پر سب سے پہلے پہنچو اور راستہ میں کسی سے نہ بات کرو ...عمل میں اگر خوفناک صورتیں نظر آئیں تو ڈریں نہیں۔

عمل کے لیے شرط لگانا:

اس عمل میں بھی عامل یہ شرط لگاتا ہے کہ آدمی ایک ہفتہ بلا غسل رہے۔ جب عمل کام دے گا۔ اس سے بھی صاف ظاہر ہے کہ یہ بھی شیطان پرستی ہے اور اس سے لوگوں کو بالخصوص مسلمانوں کو اس سے بچنا چاہیے۔

عمل تسخیر ہمزاد حرف ندائیہ

اس میں ابجد کے حساب سے عامل کے نام کے عدد نکالے جاتے ہیں اور پھر اس میں بیس جمع کیے جاتے ہیں۔ اعداد حاصل جمع کے حرف ندائیہ (یا) اپنے نام کے ساتھ ملا کر مثل یا آلہ کے چھ چلوں تک پڑھے جاتے ہیں۔ بلا ناغہ تعین مقام کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف بلا ناغہ پڑھ لینا شرط ہے۔ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ چھ چلوں کے بعد ہمزاد مطیع ہوجائے گا اور

تمہاری خواہش کے مطابق ہرایک حکم پورا کرسکتا ہے۔

چوتھا طریقہ

سفید کاغذ پر سیاہ داغ دیکھنے کی مشق بڑھالو اور جب کوئی کام شروکر وا اپنا نام لو۔ جب ان دونوں باتوں کی بخوبی مشق ہو جائے تو قمری مہینے کے عروج ماہ میں یعنی یکم سے دس تک تاریخ میں عمل شروع کرو۔ اس طرح کہ خالی مکان کے صحن میں تنہا آفتاب کی جانب پشت کر کے کھڑے ہو۔ اپنے سایہ کے گلے کو توجہ سے دیکھتے رہو اور نگاہ جما کر بغور یہ پڑھو یا حي يا قيوم وله المثل الاعلیٰ مگر پلک نہ جھپکے۔ اور پڑھتے وقت دیسی صابن کی ڈلی کوئی دو ماشہ بھر کر اپنے ہاتھ میں رکھو اور مٹھی کو آہستہ سے باندھے رہو اور جب اکتالیس بار پڑھ چکو تو ڈلی کو زمین پر چھوڑ دو۔ اور اُسی حالت میں ایک منٹ تک آسمان کو دیکھو تو یہ عمل روزانہ تین مرتبہ 8 سے 1 بجے تک چالیس روز کرو۔

ہمزاد کا ہم کلام ہونا:

صابن کی ڈلی ہر مرتبہ نئی لینی چاہیے۔ شروع کرنے سے تیسرے روز آسمان پر سے ایک گول سیاہی دکھائی دے گی اور رفتہ رفتہ انسانی شکل اختیار کرتی نیچے اترے گی اور چالیسویں روز سامنے تمہاری شکل بن کر نیچے اتر آئی گی اور تم سے بات چیت کرے گی۔

مکمل تنہائی میں عمل کرے:

مکان تنہا ہو عمل پڑھتے وقت کوئی پاس نہ ہو۔ اور دس بجے تک مکان میں دھوپ رہے اور کسی درخت کی آڑ نہ ہو۔ اثنائے عمل میں آسمان پر ابر نہ ہونا چاہیے۔ اگر کسی روز آجائے تو آئینہ سامنے رکھ کر کام کرنا چاہیے۔

لیکن آخری روز ابر نہ ہو ورنہ تمام عمل بے سود ہوگا۔ اور دوبارہ از سرنو کام شروع کرنا پڑے گا۔

بذریعہ منتر ہمزاد کو قابو کرنا

اب ہم آپ کو منتر کے ذریعہ ہمزاد کو قابو کرنے کا طریقہ بتاتے ہیں۔ اس طریقہ سے

ایک آدمی عامل ہوسکتا ہے۔ یہ ایک بہت ہی عمدہ طریقہ ہے۔ اس طریقہ سے کسی قسم کی کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ بلکہ بڑے آرام سے ہمزاد قابو میں آجائے گا۔ اس کا طریقہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

عامل کا لباس:

عامل جس کے متذکرہ اوصاف ہوں۔ اس کے لیے لازمی ہے کہ وہ صبح سویرے اٹھ کر حاجات ضروری سے فارغ ہو کر اشنان کرلے۔ پھر ایک دھوتی پہن کر بیٹھ جائے، اگر موسم سرما ہو تو اس حالت میں قمیض بھاری یعنی گرم اوڑھ لے۔ اگر گرمی ہو تو اس حالت میں ہوا صاف آتی جاتی رہے۔

عامل کسی مرض میں مبتلا نہ ہو۔ بلکہ بدن بھی صاف ستھرا ہو۔

بیٹھنے کا طریقہ:

کھلے ہوادار امقام پر بیٹھ کر پورب کی طرف منہ کرے۔ اپنے نیچے کوئی نرم آسن بچھا کر اور چوکڑی لگا کر بیٹھ جائے۔ اپنی گردن کو اکڑا کر رکھے مگر اتنا اکڑانا ٹھیک نہیں جس سے جسم کو تکلیف ہو۔ عامل ہوشیار ہو کر بیٹھ جائے اور اس منتر کا جپ کرے۔

توجہ ویکسوئی:

اپنے دل کو یکسو کرے۔ اپنے دل میں اپنی شکل کا خیال جمائے اس کام میں بہت مشق ہونی چاہیے۔ مشق یہاں تک ہو کہ ذرا بھی آنکھیں بند کرنے پر فوراً اپنی صورت اپنے دل میں جم جائے۔ خیالی گھوڑے نہ دوڑائے جائیں۔ سوائے اپنی صورت کے اور کوئی چیز نظر نہ آئے۔

منتر پڑھنے کا آغاز:

یہ مشق اتنی ہو کہ ایک گھنٹہ تک اس شکل کا تصور باندھ سکے۔ جب اتنی مشق ہو جائے تب ذیل میں لکھے ہوئے منتر کا پاٹھ شروع کرے۔

اونگ شری شنکر روپ درشائے سراہا

دس ہزار مرتبہ روزنہ پڑھے:

پہلے عامل کو چاہیے کہ اس منتر کو خوب اچھی طرح یاد کرلے۔ کسی قسم کی بھول نہ ہو۔ پھر

پہلی ترکیب کے مطابق ہی اس پر بیٹھ کر چوکڑی لگائے۔ اپنے سامنے ایک لوٹا پانی کا ر[illegible]
من میں شری شوجی مہاراج کی مورتی کا تصور باندھے۔ اس کے علاوہ اور کوئی چیز بھی خیال [illegible]
نہ آئے اور نہ ہی کسی بات کی طرف توجہ کی جائے۔ اس حالت میں عامل اپنے من سے ہی [illegible]
ہوئے منتر کا پاٹھ کرتا جائے۔ اور خیال میں شری سوامی مہاراج کا تصور باندھے۔ یہ دو کام ایک [illegible]
ہی وقت میں کرنے ہوں گے۔ اس منتر کا روزانہ پاٹھ دس ہزار کرنا چاہیے۔

بھوت دکھائی دینا:

عامل صبح تین بجے اُٹھ کر نہا دھو کر ساڑھے تین بجے اپنے پاٹھ پر بیٹھ جائے۔ [illegible]
پاٹھ سے فارغ ہو تو اس وقت شیرینی شنکر جی مہاراج کو نمسکار کرے اور اس پانی کو ایک درخت کی
جڑ میں ڈال دے۔ روزانہ ہی یہ سب کام ایک ہی وقت پر بلاناغہ چالیس یوم تک کریں [illegible]
چالیسویں دن ایک بھوت درشن دے گا۔ اس وقت اس کے لیے پھل پھول جل یہ شے جمع کر[illegible]
چاہیے۔ کیونکہ بھوت اس وقت ضرور ہی کوئی نہ کوئی شے طلب کرے۔ پھر اس سے بات [illegible]
کر کے اپنا قرار کرلیں اور ساتھ ہی اس کے بلانے کا طریقہ بھی اس سے دریافت کرلینا چا[illegible]
اس طریقہ سے چالیس یوم میں ہمزاد کے درشن ہوں گے۔

ہمزاد سے وعدہ لینا:

یہ ہمزاد سب کام کرے گا۔ اور اس کے علاوہ جس جس امور کے متعلق اس سے [illegible]
جائے وہ بھی کرے گا۔ ہر ایک قسم کے قول کے متعلق پہلے بھی ذکر کیا جا چکا ہے۔
اس طریقہ سے ہر ایک آدمی عورت بال بچہ بوڑھا جوان ہمزاد کو سدھ کر کے [illegible]
کام لے سکتا ہے۔

ہمزاد سے غلط کام نہ لے:

یہ ہمزاد بہت نیک اور بڑے درجہ کا پرہیزگار ہوگا۔ اس لیے اس سے کوئی خراب کام نہ
کروانا چاہیے۔ اگر کوئی خراب کام اس سے لیا گیا یا کرنے کو حکم دیا گیا تو پھر ممکن ہے کہ بھوت [illegible]
جائے اور اس کا نتیجہ عامل کے لیے از حد بُرا ہوگا۔

ہمزاد سے اچھے کام لے:

اس ہمزاد سے نیک کام لینے چاہئیں۔ مثلاً مینہ برسانا، چیز یا پتہ منگوانا، گم شدہ مال یا
دفینہ کا پتہ لینا، گم ہوئے آدمی کا پتہ دریافت کرنا، سبق یاد کرانا، گانا سننا، دور دراز کے مقام کے
متعلق خبر منگوانا یا کسی کی بابت دریافت کرنا۔ امتحانات کے مشکل سوالات کا حل کرنا اور دیگر کئی
ضروری باتیں اس سے دریافت کی جاسکتی ہیں۔

ہمزاد کا تیز مزاج ہونا:

اس درجہ کا ہمزاد بہت تیز مزاج ہوتا ہے۔ اس لیے اس سے کوئی برا کام نہ کرانا چاہیے
اور نہ ہی کوئی بُرا لفظ کہلوانا چاہیے۔ کیونکہ اگر اس کو کسی بُرے حکم کے متعلق کہا گیا تو از حد غصہ کرے
گا۔ بعض اوقات اپنے عامل پر وار کرنے کے لیے آمادہ بھی ہو جاتا ہے۔ اس لیے ہر حالت میں
ان امور سے پرہیز کرنا چاہیے۔

مُردہ کا ہمزاد

سب سے اول ایک طریقہ جو کہ فقیر لوگوں نے ایجاد کیا ہوا ہے۔ اس کو مردہ کا ہمزاد
کہتے ہیں۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔
اگر کوئی شخص منگل یا اتوار کے دن مرجائے تو اس سے یہ ہمزاد سدھ کیا جاتا ہے۔ مگر یہ
عمل صرف مسلمان اصحاب ہی کر سکتے ہیں۔ اہل ہنود کے لیے بہت مشکل ہے۔

عمل کا آغاز:

جو آدمی اتوار یا منگل کے دن مرجائے تو اس کے نہانے کے بعد اس کے کان میں جو
روئی ڈالی جاتی ہے، دفنانے سے پہلے اس روئی کو حاصل کرلیا جائے۔ اور منہ میں یہ کلام
''دیحیت'' پڑھتا جائے۔ اپنا خیال یکسو کر کے اپنے مطلب کو مدنظر رکھے۔ نہ کسی سے کلام
کرے، نہ کسی طرف اپنا خیال کرے۔ جب سب لوگ قبرستان میں پہنچ جائیں اور لوگ مردہ کو
دفن کرنے میں لگ جائیں۔ اب اس وقت بھی اپنا خیال کر کے اسی کلام کو پڑھتا جائے اور جب
مردہ کو دفنانے لگیں تو اب اس کے کان میں یہ کہہ کر آئے کہ میں رات کے بارہ بجے تمہارے پاس

آؤں گا۔ فقط یہ الفاظ کہہ کر چلا آئے۔ اور جب آئے تو یہ کلام پڑھتا آئے بالکل اکیلا ہی آئے اور نہ کسی سے بات کرے۔ اپنی دھن میں لگا آئے۔ گھر آ کر بھی اس کلام کو یاد رکھے۔ رات کے وقت چار روٹی بڑی بڑی پکا کر گھی میں تل لے، اوپر حلوہ رکھے۔ اس حلوہ کے درمیان میں ایک چراغ گھی کا تیار کرلے۔ اس چراغ میں ڈال کر رات کے وقت اسی قبر پر جائے۔ اسی قبر پر جا کر بیچ درمیان میں وہ روٹیاں حلوہ رکھ دے۔ چراغ روشن کرلے۔ پھر وہاں بیٹھ کر اسی کلام کو شروع کرے۔ دوگھنٹہ تک اسی کلام کو پڑھا جائے۔

قبر کا پھٹ جانا:

اس عرصہ کے دوران میں اپنے خیال کو اپنے ہمزاد پر جما دے، دوسری طرف نہ جائے۔ اسی میعاد کے گزرنے پر اگر عامل کا دل صاف ہے اور یکسوئی حاصل کی ہوئی ہے تو اس حالت میں قبر پھٹ جائے گی۔ تب اس وقت عامل کو ہرگز نہ گھبرانا چاہیے اور نہ ہی کسی سے ڈرنا چاہیے۔ عامل اکیلا ہوگا تو اس سے خوب بات چیت ہوگی۔ ایک بڑے رعب داب والا آدمی اس کے سامنے آئے گا۔

مردے کا اشارہ کرنا:

اور عامل کو اشارہ کرے گا۔ یعنی اپنا ہاتھ عامل کی طرف کرے گا۔ اس وقت عامل بے خوف وخطر وہ روٹیاں حلوہ اس مردہ کو دکھلائے مگر دے نہ۔ مردہ پھر مانگے گا۔ اس وقت اس سے یوں بات چیت کرے پہلے آپ میرے ساتھ اقرار کرو۔ پھر میں آپ کو روٹیاں دوں گا۔ وہ لاچار ہو کر اقرار کرے گا۔

مردے سے وعدہ لینا:

اس وقت عامل کو چاہیے کہ اس مردہ سے یہ اقرار کرلے کہ جب میں آپ کو بلاؤں گا، آپ کو بلاخوف وخطر میرے پاس آنا ہوگا۔ اگر وہ ہاں کرلے تو پھر اس سے ذیل کے اقرار کرائے۔ اس سے کوئی تکلیف نہ ہوگی۔ اور نہ ہی کسی قسم کا خطرہ کا اندیشہ ہوگا۔ ورنہ بغیر اقرار کے حالت خراب ہوجانے کا خطرہ ہے۔

عامل ہوشیار رہے:

اس وقت عامل کو ہوشیاری سے کام لینا چاہیے۔ اگر ذرا بھی کوتاہی ہوئی تو پھر بہت تکلیف اور خطرہ رہتا ہے۔ اس لیے ذیل کے سوالات کا اس سے جواب طلب کرنا چاہیے یہ جواب ہاں میں ہونا چاہیے۔

ہمزاد تابع کرنے کا آزمودہ طریقہ:

مندرجہ ذیل عمل سے قرآنی قوت حرکت میں آ کر ہمزاد کی صورت میں ظاہر ہوجاتی ہے۔ یہ عمل خود ہمزاد کی صورت میں متشکل ہو کر عامل کی مدد کرتا ہے۔ طریقۂ عمل بے حد آسان اور سادہ ہے۔ یہ عمل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے متعلق ہے۔ بسم اللہ کے اعداد ۷۸۶ ہوتے ہیں۔ اس لیے اس عمل کو روزانہ ۷۸۶ مرتبہ پڑھنا چاہیے اور بسم اللہ کے حروف 19 ہوتے ہیں۔ اس لیے اس عمل کو حروف کی تعداد کے مطابق 19 دن تک پڑھنا چاہیے۔

ترک حیوانات اور حصار کرے:

طریقہ یہ ہے کہ نوچندی پیر کو اس عمل کی شروعات کرے اور ایک ہفتے پہلے ہی سے ترکِ حیوانات کرے۔ چراغ حصار کے دن اپنی پشت پر رکھے۔ عمل کھڑے ہو کر پڑھے اور نظر اپنے سائے پر جمائے رکھے۔ عمل کی شروعات رات کو 12 بجے کرے۔ تقریباً 3 گھنٹے میں عمل مکمل ہوگا۔

عامل بے خوف ہو:

اس عمل کو وہی لوگ کر سکتے ہیں جو حد سے زیادہ بہادر ہوں۔ اور ان کی فطرت میں استحکام ہو۔ کسی طرح کا کوئی خوف اور ڈر ان کی طبیعت میں نہ ہو۔ اگر طبیعت میں استحکام نہیں ہوگا...... تو روزانہ تین ساڑھے تین گھنٹے کھڑے ہو کر عمل پڑھنا ممکن نہیں ہوگا۔ اس لیے عمل سے پہلے عامل کو اپنی طبیعت کا بھرپور جائزہ لے لینا چاہیے۔

عمل کے دوران ثابت قدم رہے:

دورانِ عمل عامل کسی طرح کا ڈر محسوس نہ کرے۔ دورانِ عمل مختلف قسم کی بشارتیں بھی ممکن ہیں۔ اور خوف دلانے والی چیزوں کا ظاہر ہونا بھی متوقع ہے۔ آخری روز ایک روشنی نمودار

ہوگی۔ پھر یہ روشنی ایک آئینے کی صورت اختیار کرلے گی اور اس میں عامل کو اپنا سراپا نظر آئے گا۔ بس یہی دراصل ہمزاد ہے۔ اس سے قول واقرار کرلیں۔ انشاء اللہ ہمزاد تابع ہوگا اور حکم کی تعمیل کا وعدہ کرلے گا۔

عزیمت یہ ہے: عزَمّتُ عَلَیکُم یا اَصْحَابَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ یَااَصْحَابَ الْحُوْدِ وَالسَّبَاحِ اَھد مَاسَا مَاھُو مَا ابَرھُوَ اَھْیًا اِشرَاھِیًا اِحْضَرُوا یَاقَومَ ھَمْزاد الرّوحِ بِحَقِّ رَبِّنَا وَرَبُّ الْمَلَائِکَۃِ وَالرُّوْحِ بَرحْمَتِكَ یا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن ط

ہمزاد تابع کرنے کا مجرب وقدیمی طریقہ:

یہ عمل جواب پیش کیا جارہا ہے مجرب عمل ہے۔ کتب قدیم میں اس عمل کا طریقہ سات سات روز کے سات چلے کرنا تحریر ہے۔ ہر نوچندی جمعرات کو شروع کرکے سات روز تک عمل کو جاری رکھیں۔ اس طرح لگاتار 7 ماہ تک کریں۔ اگر کسی ماہ نوچندی جمعرات کو چاند عقرب میں ہو تو اس ماہ نوچندی اتوار یا نوچندی پیر سے عمل شروع کریں۔ دورانِ عمل ہر ماہ 7 روز تک جمالی اور جلالی پرہیز کریں۔

ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنا:

عمل مکمل تنہائی میں کریں اور اپنی پشت پر چنبیلی کے تیل کا چراغ روشن کریں۔ اور اپنے سائے کو ایک ہزار بار درود شریف پڑھ کر عمل کی شروع کریں۔

درود شریف یہ والا پڑھیں۔ اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیّدِنَا مُحَمَّدٍ بعَددِ تَجَلّیَات أسمَاء ك الحسنیٰ اس کے بعد بسم اللّٰہ۔ بسم اللّٰہ۔ بسم اللّٰہ لَا الٰہ کا کوٹ، الا اللّٰہ کی کھائی، پاک محمد کی دھائی، جبرائیلا جبر کر، میکائیلا اثر کر، اسرافیلا مہر کر، عزرائیلا پکڑ، ہمزاد حاضر کر بسم اللّٰہ بسم اللّٰہ بسم اللّٰہ..... پڑھائی آہستہ آہستہ کریں۔ عمل کی تعداد پر خاص دھیان رکھنا چاہیے۔ کم زیادہ نہ ہو۔ ورنہ عمل کی ناکامی کا خطرہ رہے گا۔

ہمزاد تابع کرنے کا نایاب عمل:

ایک بہت ہی نادر اور مؤثر قسم کا عمل پیش کیا جارہا ہے۔ جو نہ صرف ہمزاد کو مسخر کرنے

کے لیے تیر بہدف ہے، بلکہ تسخیر خلائق کے لیے بہت کامیاب عمل ہے۔ یہ عمل مشکل بھی نہیں ہے اور جسے ہمزاد اور خلائق کو مسخر کرنے کی آرزو ہو تو اس کے لیے تو یہ عمل ایک گوہر نایاب ہے۔ عمل کی شرط یہ ہے کہ جس کمرے میں عمل کرنے کا ارادہ ہو اس کمرے میں چونا کرالیں۔ اور کمرہ ہر اعتبار سے صاف ستھرا ہو اور اس میں ساز و سامان موجود نہ ہو۔ نہ ہی آس پاس کسی طرح کا شور وغل ہو۔ کمرے کی چاروں دیواروں پر قدم آدم آئینہ لگالیں۔ اور ایک لالٹین جلا کر اسے کمرے کی چھت میں بالکل درمیان میں لٹکا دیں۔ عمل سے پہلے لالٹین لٹکا دیں اور اپنا حصار کرلیں۔

عمل کا مخصوص حصار:

اس عمل کا مخصوص حصار ہے اسی طرح کریں...... اور اس آئینے میں اپنا عکس دیکھتے ہوئے 129 مرتبہ لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُز وَھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ (سورۂ انعام) جب اس آیت کو پڑھ چکیں تو پھر یا لَطِیْفُ 129 مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد اپنا رُخ شمال کی طرف کریں۔ اور آئینے میں دیکھتے ہوئے 129 مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ (سورۂ یوسف) جب پڑھ چکیں تو 129 مرتبہ ''یَا لَطِیْفُ'' پڑھیں۔ اس کے بعد اپنا رُخ مغرب کی طرف کریں اور آئینے میں اپنا عکس دیکھتے ہوئے 129 مرتبہ اِنَّ اللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ (سورۂ شوریٰ) پڑھیں اور جب 129 مرتبہ آیت پڑھ چکیں تو یا لَطِیْفُ 129 مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد اپنا رُخ جنوب کی طرف کریں اور آئینے میں اپنا عکس دیکھتے ہوئے 129 مرتبہ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ (سورۂ ملک) پڑھیں اور اس کے بعد 129 مرتبہ ''یَالَطِیْفُ'' پڑھیں۔

عجیب وغریب صورتیں نظر آنا:

چند روز کے بعد آئینے میں اپنی صورت کے بجائے عجیب وغریب صورتیں نظر آئیں گی اور درمیان عمل آئینے میں اپنی صورت بھی کئی بار غائب ہوجائے گی۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ دورانِ عمل کوشش کریں کہ پلک نہ جھپکے اور جسم حرکت نہ کرے۔ عمل لگاتار 21 روز تک کرنا

ہے۔

حصار کے لیے گیرو تیار کرنا:

عمل سے پہلے 4 نقش لکھ کر چاروں آئینوں پر چسپا کر دیں اور حصار کے لیے گیرو تیار کریں۔ گیرو ایک دن میں ایک کلو سے کم نہ ہو عامل ایک چوکور دائرہ کھینچ کر اس کے چاروں طرف گیرو ڈال دیں اور اس گیرو پر سورۂ یٰسین کی آیت وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر گیرو پر دم کر دیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

عزمت علیکم یا معشر الجن والانس والارواح

ابو ولید شمہورش	ابو الحسین معبا زوابیض
ابو نوح شموسیاف السحابی	یہاں عامل اپنا نام اور اپنی والدہ کا نام لکھے

احضروا احضروا احضروا یا قوم ہمزاد

عجیب وغریب عمل:

یہ عمل احتیاط سے کریں۔ بہت عجیب وغریب عمل ہے۔ ہمزاد تو تابع ہو ہی جاتا ہے۔ مخلوقات خداوندی بھی مسخر ہو جاتی ہے اور عامل جہاں بھی جاتا ہے بھیڑ اس کے ساتھ رہتی ہے۔ ایسے عمل بتانے کے نہیں ہوتے لیکن ہم نے "صنم خانہ عملیات" پڑھنے والوں کے لیے تمام سربستہ راز کھول دینے کا عہد کر رکھا ہے۔ اس لیے اور بھی بے شمار عملیات ہم ظاہر کریں گے۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ اہل کو کامیاب کرے اور نا اہل کو ایسے قیمتی اعمال سے دور رکھے۔

روحانی عملیات کا ایک باب

خواجگان چشتیہ کا یہ طریقہ ہے کہ ہر روز ایک الگ الگ ورد کرتے ہیں اور ان اوراد کی رکت سے متنوع فیوضات حاصل کرتے ہیں۔ اوراد یہ ہیں۔

م سے نجات:

ہفتہ لَا اِلٰهَ اِلا الله 1000 بار پڑھیں۔ ہر غم کا نتیجہ شادمانی ہو۔ انشاء اللہ

یب سے روزی کا حصول:

اتوار یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ 1000 بار پڑھیں۔ غیب سے روزی پہنچے۔ انشاء اللہ

صیبت میں راحت:

پیر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ 1000 بار پڑھیں۔ ہر مصیبت سے راحت ہو۔ انشاء اللہ

آفات وبلیات سے بچاؤ:

منگل صَلی اللّٰه عَلَی النبی الامی و آله و اصحابه وسلم 1000 بار پڑھیں۔ ہر بلا سے امن میں رہیں۔ انشاء اللہ

عذاب قبر سے محفوظ رہے:

بدھ اَسْتَغْفِرُ اللّٰه رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ 1000 بار پڑھیں۔ عذاب قبر سے محفوظ رہیں۔ انشاء اللہ

ایمان کی دولت حاصل ہو:

جمعرات لَا اِلٰهَ اِلّا اللّٰه الملك الحق المبينُ 1000 بار پڑھیں۔ دولت ایمان سے مالا مال ہوں۔ انشاء اللہ

تنگی کا خاتمہ:

جمعہ یَااللّٰہ 1000 بار پڑھیں۔ ہر تنگی سے کشادگی ہو۔ انشاءاللہ

نقش استخارہ

کوئی چھپی ہوئی بات معلوم کرنے کے لیے یہ نقش لکھ کر خوشبو لگا کر بازو پر باندھ لیں۔ رات کو خواب میں مناسب ہدایت ہوگی۔ اکثر لوگوں نے اس نقش کے ذریعہ خواب میں لاٹری اور بانڈز کے نمبر تک معلوم کیے ہیں مگر ایسی صورت میں اس نقش کی شاہ زنجانی صاحب سے اجازت لے کر باقاعدہ زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۷	۲۵۲	۲۵۹
۲۵۸	۲۵۶	۲۵۴
۲۵۳	۲۶۰	۲۵۵

نقش کے نیچے یہ عبارت لکھیں۔ الٰہی اس نقش کی برکت سے مجھے خواب میں فلاں (کام کا نام لیں) کے بارے میں ہدایت وراہنمائی فرمائی جائے۔ العجل العجل العجل الساعه الساعه الساعه الوحا الوحا ضرور لکھیں۔

نقش حج

حج کی خواہش ہر مومن رکھتا ہے جو شخص اس نقش کو بازو سے باندھے گا اور نماز روزہ کا پابند رہے گا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اسے اسی سال حج کی دولت سے سرفراز فرمائے گا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۹	۲۰۴	۲۱۱
۲۱۰	۲۰۸	۲۰۶
۲۰۵	۲۱۲	۲۰۷

اس نقش کے نیچے مقصد لکھیں اور لکھیں کہ اس نقش کی برکت سے جلد حج نصیب ہو۔

العجل العجل العجل الساعه الساعه الساعه الوحا الوحا الوحا ضرور لکھیں۔

دین اور دنیا میں بھلائی کا نقش

اس نقش کا پاس رکھنے والا دنیا میں ہنسی خوشی رہے گا اور آخرت میں بھی خوشنودی الٰہی سے سرفراز ہوگا۔ بشرطیکہ حامل نقش پنجگانہ نمازی ہو۔

نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۰۱	۱۰۹۶	۱۱۰۳
۱۱۰۲	۱۱۰۰	۱۰۹۸
۱۰۹۷	۱۱۰۴	۱۰۹۹

اس نقش کے نیچے مقصد لکھ کر پاس رکھیں اور العجل العجل العجل الساعه الساعه الساعه الوحا الوحا الوحا ضرور لکھیں۔

حاضرات کا بے نظیر عمل:

جس شخص نے سورۂ اخلاص کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہے وہ اس حاضرات کو بغیر زکوٰۃ کے بھی کر سکتا ہے۔ لیکن جس نے سورۂ اخلاص کی زکوٰۃ ادا نہیں کی اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ حاضرات کرنے سے پہلے سورۂ اخلاص کی تیسری آیت "لَمْ یلِدْ وَلَمْ یولَدْ" کی باموکل زکوٰۃ ادا کرے۔

طریقہ زکوٰۃ یہ ہے۔ عروج ماہ میں جمعرات کو پیر کے دن سے زکوٰۃ کی شروعات کرے اور آیت شریفہ کو باموکل ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود چشتیہ پڑھے اور 21 ویں روز بچوں کو شیرینی تقسیم کرے اور بزرگانِ چشت کو ایصالِ ثواب کرے۔ اس کے بعد حسبِ قاعدہ حاضرات کرے۔ طائیل اور عبدالرحمٰن نامی موکل حاضر ہوں گے۔ عامل موکلین سے خدمت لے اور پھر شکریہ ادا کر کے انہیں واپس جانے کی اجازت دے۔

عزیمت یہ ہے: یا طاطائیلُ بحق لم یلد ولم یولد یَاعبدالرحمٰن حَاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

نقشِ حاضرات اس طرح بنے گا۔

یاطائیل ۷۸۶ یاطاطائیل

۲۴۰	۲۳۲	۲۳۷
۲۳۴		۲۳۹
۲۳۵	۲۴۱	۲۳۳

یاعبدالرحمٰن بحق لم یلد ولم یولد یاعبدالرحمٰن

حاضرات کا آزمودہ عمل:

جس عامل نے سورۂ اخلاص کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہے وہ عامل اس حاضرات کو بغیر زکوٰۃ کے بھی کرسکتا ہے۔ اگر سورۂ اخلاص کی زکوٰۃ ادا نہ کی ہو تو پھر عامل کو چاہیے کہ پہلے سورۂ اخلاص کی چوتھی آیت کی زکوٰۃ حساب قاعدہ ادا کرے۔ قاعدہ وہی ہے جو پہلی، دوسری اور تیسری آیت کا بیان کیا گیا ہے۔

نقش حاضرات تیار کرنا:

زکوٰۃ کے بعد عامل حاضرات کا نقش حسب قاعدہ تیار کرے۔ حسب قاعدہ حاضرات کرے اور حاضرات کے بعد مؤکلین کو واپس جانے کی اجازت دے۔

چوتھی آیت کی عزیمت یہ ہے۔ یَااحمائیلُ بحق ولم یکُن لَہٗ کفُوًا احَد یَاعبدالرَّحیم حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

نقش حاضرات اس طرح بنائے۔

یااحمائیل ۷۸۶ یااحمائیل

۱۳۷	۱۳۰	۱۳۵
۱۳۲		۱۳۶
۱۳۳	۱۳۸	۱۳۱

یا عبدالرحیم بحق ولم یکن لہٗ کفواً احد یا عبدالرحیم

طریقہ نمبر 15، نمبر 16، نمبر 17، نمبر 18 میں۔ عامل کو چاہیے کہ زکوٰۃ کے بعد جس

ت کی بھی اس نے زکوٰۃ ادا کی ہو۔ اس کی تاثیر کو برقرار رکھنے کے لیے چالیس مرتبہ اس آیت کا بغیر مؤکل کے کرتا رہے۔ انشاء اللہ روحانی تاثیرات برقرار رہے گی۔

اضرات کا قدیمی مجرب عمل:

''شاہ رکن عالم'' کی حاضرات کا طریقہ بزرگوں سے منقول ہے۔ جو تیر بہدف کی یت رکھتا ہے اور اس حاضرات کے ذریعہ عامل دین و دنیا کی بے شمار نعمتوں سے سرفراز ہوسکتا ہے۔ شاہ رکن عالم بذات خود تشریف لاتے ہیں اور عامل کی روحانی مدد کرتے ہیں اور اس کی پرستی اور رہنمائی کا عہد کرتے ہیں۔ اگر کسی کو نصیب ہو جائے تو روحانی عملیات کی دنیا میں ایک یب و غریب دولت ہے۔

لریقہ زکوٰۃ:

طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات سے مندرجہ ذیل اسماء حسنیٰ روزانہ 360 مرتبہ ھے۔ لگاتار 40 دن تک پڑھے۔ جس کمرے میں عامل زکوٰۃ ادا کرے۔ اس کے کسی طاق یں سوا کلو یا سوا پاؤ مٹھائی رکھ لیا کرے۔ جس دن طاق سے مٹھائی غائب ہو جائے گی سمجھ لینا کہ زکوۃ ادا ہوگئی اور اللہ کے فضل و کرم سے عمل کامیاب ہوگیا۔

مٹھائی کا غائب ہونا:

جب حاضرات کرنا چاہیے تو سامنے دیوار پر ایک سفید چادر تان دے یا دیوار پر چونا کردے اور اس کے قریب طاق میں سوا کلو مٹھائی رکھ دے۔ اور اپنا سوال کاغذ پر لکھ کر رکھ دے۔ اس کے بعد عامل اپنے اسماءِ مذکورہ پڑھنا شروع کرے۔ انشاء اللہ عامل 360 مرتبہ پڑھنے نہیں ائے گا کہ مٹھائی غائب ہو جائے گی اور اس کا سوالنامہ بھی غائب ہو جائے گا اور اس کی جگہ دوسرا پرچہ موجود ہوگا۔ جس پر عمل کے سوال کا جواب تحریر ہوگا۔ ورنہ پھر مٹھائی غائب ہونے کے بعد شاہ رکن عالم کی آواز عامل کے کانوں میں آئے گی اور وہ سامنے دیوار پر یا چادر پر نظر بھی آئیں گے انشاء اللہ۔ بڑا عجیب و غریب عمل ہے۔ جسے نصیب ہو جائے اس کی خوش نصیبی میں کوئی کلام نہیں۔

اسماء الٰہی یہ ہیں۔ ''یا اللّٰہ یا احکمُ یَاعلیمُ'' کی زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت ہر بار بسم اللہ پڑھے اور آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد ان

اسماء الٰہی کی ایک تسبیح روزانہ پڑھتا رہے۔

حاضرات کا آسان ترین عمل:

یہ حاضرات بھی آئینے پر ہوتی ہے۔ سب سے پہلے عامل اس طریقے کی زکوٰۃ ادا کرے گا۔ عروج ماہ میں کسی بھی دن سے شروع کرے اور روزانہ مندرجہ ذیل عزیمت 3125 مرتبہ پڑھے۔ لگاتار 40 دن تک پڑھے۔ کل تعداد سوا لاکھ کی پوری کرنی ہے۔ 40ویں دن 7 نمازیوں کو کھانا کھلائے اور کمسن بچوں کو شیرینی تقسیم کرے۔ زکوٰۃ کے بعد 21 مرتبہ روزانہ عزیمت پڑھتا رہے۔ جب عامل کو حاضرات کرنی ہو تو جمعہ کے دن عامل یابدّوح کا نقش آئینے پر بنائے اور حسبِ قاعدہ بچے اور مریض کو اپنے پاس بٹھا کر حاضرات کرے۔ آئینہ بچے کے ہاتھ میں دے دے اور عامل خود عزیمت کا ورد شروع کرے۔ انشاء اللہ چند ہی منٹ میں حاضرات کھل جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

٧٨٦

يابدوح	يابدوح	يابدوح
يابدوح	يابدوح	يابدوح
يابدوح	يابدوح	يابدوح

عمل کے لیے عزیمت:

عزیمت یہ ہے: یَابُدُّوحُ یَاوَدُوْدُ بحقِّ یَاجبرائیل یارفتمائیل یا تنکفیل۔

ابوك اخوك ابنك ابنك نجيًّا نجيًّا خَتمًا خَتمًا ميسرًا ميسرًا اَجَلًا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ مِنْ جَانِبِ الْاِيْمَنِ وَالايْسَرِ بحق خَاتم سليمَان بن داؤد عليْه السّلام۔

حاضرات کا بےنظیر عمل:

حاضرات کے لیے بطور خاص یہ فتیلہ تیار کیا جاتا ہے اور چراغ کی لو پر حاضرات ہوتی ہے اور عامل کو مؤکلین روحانی امداد پہنچاتے ہیں۔ اس فتیلے کو جمعہ کے دن کسی نیک ساعت میں

...ے رکھ لے۔ لیکن اس عمل کی پہلے زکوٰۃ ادا کر دے۔

...ۃ کا طریقہ:

اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ 44 نقش روزانہ لکھے اور آٹے میں 44 گولیاں بنا کر ...دریا میں ڈالے۔ 21 روز تک لگاتار یہ عمل کرے انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔

...ل کا آغاز:

جب حاضرات کرنا چاہئیں تو اسی نقش کا فتیلہ جمعہ کے دن تیار کر کے رکھ لے اور حسبِ قاعدہ چراغ جلا کر بچے اور مریض کو چراغ کے سامنے بٹھائے اور عامل یہ عزیمت پڑھنی شروع ...ے۔

اَجب یَاجبرائیل یَامیکائیلُ یَارفتمائیل یَاتنکفیلُ به برکت ایں نقش حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

نقش یہ ہے۔

میکائیل ٧٨٦ جبرائیل

٨	١١	٧٢	١
٧١	٢	٧	١٢
٣		٩	٦
١٠	٥	٤	٧٣

تنکفیل رفتمائیل

...حاضرات کا لاجواب عمل:

حاضرات آئینہ کے لیے سب سے پہلے عامل عزیمت کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ...ہے کہ نوچندی جمعرات سے زکوٰۃ کی شروعات کرے اور روزانہ 41 مرتبہ مندرجہ ذیل عزیمت ...پڑھے اور 41 دن تک لگاتار پڑھے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ 41ویں دن بچوں کو شیرینی تقسیم ...کر دے۔ جب حاضرات کرنی ہو۔ عامل ایک آئینہ منگا کر اس پر عطر لگائے اور آئینہ بچے یا مریض کے ہاتھ میں دے دے اور آئینہ دیکھنے کی تاکید کرے اور عامل خود عزیمت پڑھنی شروع

کرے۔ انشاء اللہ چند منٹ میں حاضرات شروع ہو جائے گی۔ عامل حسبِ معمول
جواب کرے۔

عزیمت یہ ہے:

بسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم ط عزَّمْتُ عَلَیْکمْ وَاَقسمْتُ عَلَیْکُمْ یا

ملك العرب وَالعجم بحق ابوك۔

تسخیر ہمزاد کے لیے چند ضروری ہدایات

پختہ ارادہ:

عمل شروع کرنے سے قبل اس بات کا فیصلہ کر لینا چاہیے کہ تم اسے سرانجام دے گے۔ یا بیچ میں ہی چھوڑ دو گے۔ اگر چند روز کر کے عمل کو چھوڑ دینا ہو تو اس سے نہ کرنا ہی ہے۔

راز داری:

راز داری شرط ہے۔ تمہارا کوئی دوست یا قریبی رشتہ دار بھی اس بات سے واقف چاہیے کہ تم تسخیر ہمزاد کرنے لگے ہو۔

ہمت و حوصلہ کی مضبوطی:

نہایت استقلال اور حوصلہ کے ساتھ اس کام میں ہاتھ ڈالو۔ خلاف توقع کوئی شکل اشکال دیکھنے، نیز کامیابی میں تاخیر واقع ہونے سے گھبرانا نہیں چاہیے۔

کامل یقین:

تم کو اس بات کا یقین کامل ہونا چاہیے کہ ضرور ہمزاد کو تسخیر کر لو گے۔ کیونکہ یقین اور وثوق ایک نہایت زبردست طاقت ہے جس کی بدولت مشکل سے مشکل کام بھی حل ہو جاتے ہیں۔

مکمل تنہائی:

عمل کے لیے ایک علیحدہ کمرہ منتخب کر کے جہاں کسی قسم کا شور و غل نہ ہو اور نہ ہی طبیعت

کو برطرف کرنے کے لیے کوئی غیر ضروری چیز ہو۔

صفائی و پاکیزگی:

دوران عمل میں پرہیزگار اور صاف ستھرے رہو۔ خوشبودار تیل کپڑوں میں لگاؤ۔

چندن یا لوبان کی دھونی بوقت عمل مکان میں دو۔

غذائی پرہیز:

ایام عمل میں گوشت اور منشی اشیاء سے پرہیز، ہلکی اور زود ہضم غذا کھاؤ۔ مگر پیٹ بھر کر نہیں۔

صبر و استقامت:

صبر و استقلال کو ہاتھ سے مت جانے دو۔ بسا اوقات عملیات کا ظہور دیر میں ہوتا ہے۔ اس لیے استقلال نہ رہنے سے کچھ بھی حاصل نہ ہوگا۔ بعض عامل دوسرے تیسرے دن سے ہی مشاہدات دیکھنے لگ جاتے ہیں۔ اس کے برعکس بعض کو دو دو ماہ تک کوئی نئی بات معلوم نہیں ہوتی۔ اس لیے تم بداعتقادی کو دل میں جگہ نہ دینا۔

بلا ناغہ عمل:

پہلے روز جس جگہ جس وقت عمل کرو۔ ہر روز بلا ناغہ اسی جگہ اور اسی وقت سے عمل کا آغاز کرنا چاہیے۔

ہمزاد سے ناجائز کام نہ لے:

جب ہمزاد کی صورت مکمل نظر آنے لگے تو خود بخود اس کو مخاطب نہ کرو۔ بلکہ اس بات کا یقین کر لو۔ کہ ہمزاد خود بخود تم سے ہمکلام ہوگا۔ ہمزاد سے کبھی کوئی ناجائز کام ہرگز نہ لینا چاہیے۔

ہمزاد کی حقیقت

ہمزاد کسے کہتے ہیں؟ ہمزاد کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ہمزاد کے لغوی معنی ہیں ساتھ پیدا شدہ ہر ذی روح کے دو جسم ہوتے ہیں۔ ایک مرئی دوسرا غیر مرئی۔ ایک کثیف دوسرا لطیف۔ ایک مادی دوسرا روحانی مادی وہ جسم ہے۔ جسے ہم ظاہری آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں۔ مگر روحانی جسم کو روحانی یا اندرونی آنکھوں کے سوا نہیں دیکھا

جاسکتا۔ اگرچہ روحانی جسم کی پیدائش مادی جسم کے ساتھ ہی ہوتی ہے۔ مگر مادی جسم کے فنا ہوجانے پر بھی روحانی جسم زندہ رہتا ہے۔

تصویر لینے والے کیمرہ کا شیشہ اگر اتنا لطیف ہو کہ مادی اور روحانی ہر دو اجسام کی تصویریں ایک ساتھ لے سکے۔ تو مشاہدہ کرنے والا چاہے لاکھ باریک بین ہو نہ بتا سکے گا کہ جسم لطیف کی کون سی تصویر ہے اور جسم کثیف کی کون سی۔ اسے یہی معلوم ہوگا کہ ایک شخص کی دو تصویریں ایک ہی وقت میں لی گئی ہیں۔ المختصر جو اپنا ہم شکل ہوگا۔ وہی ہمزاد ہے۔ یا یوں سمجھو کہ جسم لطیف کا دوسرا نام ''ہمزاد'' ہے۔

ہمزاد کی قوت و طاقت

جتنی دیر آنکھ جھپکنے میں لگتی ہے۔ اتنی ہی دیر میں جسم لطیف یا ہمزاد۔

پرواز کی طاقت:

پرواز کر کے دنیا کے ایک سرے سے دوسرے تک پہنچ جاتا ہے۔

بلندیوں اور گہرائیوں کی خبریں:

سربفلک پہاڑوں کی بلندیوں اور پاتال تک پہنچے ہوئے سمندروں کی گہرائیوں کی خبر لے آتا ہے۔

وزن اٹھالینے کی طاقت:

بڑی بڑی وزنی چیزیں جنہیں سو پچاس آدمی بھی مشکل تمام اٹھا سکتے ہیں۔ ہزاروں میل کے فاصلہ سے اٹھا لاتا ہے۔

ذہن پر قابو پانے کی قوت:

ان دقیق مسائل کو جنہیں انسانی عقل حل کرنے سے قاصر ہے۔ بڑی آسانی سے عامل کے ذہن نشین کرادیتا ہے۔

بیماریوں کا علاج کرنا:

سخت لاعلاج اور مہلک بیماریوں کے نسخے تجویز کردیتا ہے۔

مستقبل کی خبریں بتانا:

آئندہ رونما ہونے والے واقعات کی خبریں دے سکتا ہے۔

مدفون خزانوں کی معلومات:

زمین میں مدفون پرانے خزانوں کا پتہ دے سکتا ہے۔

گمشدہ کی تلاش:

گم شدہ کی تلاش کرسکتا ہے۔

ہر چیز کے اندر سے گزر جانا:

لوہے اور پتھر کی دیوار میں سے گزر سکتا ہے۔

ہر ایک کو ہلاک کرنے کی قوت:

جنگلی شیر، خوفناک اژدھا، خونخوار مگرمچھ یا کسی دیوہیکل انسان کو موت کے گھاٹ اتار سکتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

ہمزاد کو اگر خلق خدا کی خدمت اور نیک کاموں کی تکمیل کے لیے تسخیر کیا جائے تو عامل کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتا۔ بلکہ نہایت شوق اور تندہی سے اس کی خدمت گذاری کرتا ہے۔ اس کے برعکس بدی کا راستہ اختیار کرنے پر عامل کی جان کا دشمن ہوجاتا ہے۔ اور اس کی بیخ کنی کر کے ہی دم لیتا ہے۔

تسخیر ہمزاد کا عجیب واقعہ:

شاہ جہاں بادشاہ کے عہد کا ایک واقعہ ہے کہ دہلی کے کسی حسن پرست ملاں نے نفس کی سیری کی خاطر کمال محنت و مشقت جھیل کر کسی نہ کسی طریق سے ہمزاد کو تابع کرلیا۔ اور حکم دیا کہ روئے زمین میں گھوم پھر کر کسی ایسی دوشیزہ لڑکی کو میرے واسطے اٹھا لاؤ۔ جو حسن و جمال میں اپنا ثانی نہ رکھتی ہو۔ ہمزاد چلا گیا۔ اور ملک روم کی بادشاہ زادی کو جب کہ وہ خواب نوشیں سے ہمکنار تھیں۔ پلنگ سمیت اٹھا لایا۔ شیطان سیرت ملاں نے جو کرنا تھا کیا۔ اور پھر ہمزاد کو حکم دیا کہ اسے جہاں سے لائے ہو وہیں پہنچادو۔ چنانچہ ہمزاد حکم بجالایا۔

ہمزاد کا حکم پر عمل کرنا:

اس کے بعد روزمرہ کا یہی معمول ہو گیا کہ ہمزاد ملاں کی خواہش کے مطابق ہر رات شہزادی کا پلنگ اٹھا لاتا اور صبح دن نکلنے سے قبل ہی واپس پہنچا آتا تھا۔ شہزادی اس فعل سے دن بدن کمزور ہوتی جاتی۔ اور ہر گھڑی متفکر وملول رہا کرتی۔ ہوتے ہوتے اس کی حالت نہایت قابل رحم ہو گئی۔ ہمزاد شہزادی کی ایسی حالت دیکھ کر دل ہی دل میں کڑھتا تھا اور بے بس تھا۔ ایک دن ہمزاد نے شہزادی کی رہائی کی صورت سوچ لی اور اس سے کہا کہ پیاری بچی تو کچھ غم نہ کر میں بہت جلد اس ابلیس صفت ملاں کا کام تمام کر کے تجھے آزاد کر دوں گا۔ تو آج رات ملاں کو غافل پا کر پانی کے اس برتن کو جو پلنگ کے نیچے پڑا رہتا ہے۔ زمین پر انڈیل کر پھر جوں کا توں رکھ دینا۔ شہزادی نے ایسا ہی کیا۔

ہمزاد اور ملاں کے مابین عہد:

ہمزاد اور ملاں کے درمیان یہ عہد تھا کہ وہ کبھی ناپاک حالت میں نہ رہے گا۔ اس لیے ملاں کا یہ قاعدہ تھا کہ سونے سے قبل اپنے پلنگ کے گرد حصار کھینچ لیتا ہے۔ اور ہمزاد بموجب اپنے عہد کے اس حصار کے اندر نہیں آسکتا تھا اور نہ ہی ملاں کو سوتے میں کوئی ضرر پہنچا سکتا تھا۔

عہد توڑنے کی سزا:

اگلے دن جب ملاں نیند سے بیدار ہوا تو حسب معمول غسل کرنے کی نیت سے اس نے پانی کی طرف دیکھا۔ مگر پانی اس میں نہ تھا۔ ناچار اس نے سامنے رکھے ہوئے گھڑے میں سے پانی لینے کے لیے جونہی قدم باہر رکھا ہمزاد نے اس کا گلا پکڑ لیا اور کہا کہ آج میرا عہد پورا ہوا۔ تو نے ایک معصوم لڑکی کے دامن عصمت کو تار تار کیا۔ خلق خدا کو ناحق ستایا۔ اس لیے تیری سزا ہے کہ تجھے زندہ نہ چھوڑا جائے۔ اتنا کہا اور ملاں کو اٹھا کر چھت کے شہتیر کے ساتھ دے مارا۔ ملاں کا سر پھٹ گیا اور لہولہان ہو گیا اور کچھ دیر تڑپ تڑپ کر جہنم واصل ہوا۔ یہ ہے ان عالموں کا حال جو ہمزاد سے ناجائز کام لیتے ہیں۔ اور جن کے دل میں خدا کا خوف نہیں رہتا۔

ایک اعتراض

اپنا عیب کسی کو دکھائی نہیں دیتا۔ پھر ملاں کے جسم (ہمزاد) نے اپنا عیب کیسے دیکھ لیا؟

...خص کو پیاری ہے۔ اس لیے کوئی شخص اپنے آپ کو قتل کرنے پر آمادہ نہیں ہو سکتا۔ پھر یہ کیسے
...ے کہ ملاں کے جسم لطیف (ہمزاد) نے اپنے ہی جسم کثیف (ملاں) کو مار ڈالا اور خود فنا ہو گیا۔

...ف اور کثیف انسانی جسم:

ہم اوپر لکھ آئے ہیں کہ ہر انسان کے دو جسم ہوتے ہیں۔ ایک لطیف اور دوسرا کثیف۔
...ی انسان کی موت واقع ہوتی ہے۔ تو حقیقت میں اس کا کچھ بھی نہیں بگڑتا۔ صرف اس کے
...م کا خاکی جامہ اتر جاتا ہے اور وہ عریاں ہو جاتا ہے۔ روح جو دراصل حقیقت ہے۔ اور جس
... پرتو سے ہر دو اجسام کثیف ولطیف زندہ کہلاتے ہیں۔ اپنی نورانی شعاعوں کو سمیٹ کر جسم
...ف تک محدود کر لیتی ہے اور جسم کثیف بے نور ہو کر مردہ ہو جاتا ہے۔ یا یوں سمجھو کہ ایک انسان کا
...الی جسم فنا ہو جانے پر فی الاصل اس کی موت واقع نہیں ہوتی۔ بلکہ عریانی ہو جاتی ہے۔ اور اس
...ی ہستی جوں کی توں قائم رہتی ہے۔ اگرچہ اپنی آنکھوں سے مرنے والے کو نہیں دیکھ سکتے اور یہ
...ھ کر کہ وہ فنا ہو گیا ہے چیختے چلاتے ہیں۔

جہالت اور گمراہی کا فقدان:

کوئی شخص اپنے اچھے یا برے اعمال کی سزا و جزا سے نہیں بچ سکتا۔ ملاں کی آنکھوں پر لذائد دنیوی کے حصول نے جہالت اور گمراہی کی پٹی باندھ دی تھی اور اسے نیک و بد کی تمیز نہ رہی تھی۔ مگر ہمزاد جانتا تھا کہ اس کے گناہوں کی سزا اسے بھگتنا پڑے گی۔ اس لیے جسم کثیف (ملاں) کے نیست و نابود کرنے میں ہی اس نے اپنی بہتری سمجھی۔

ہمزاد کے ظاہر ہونے پر کیا کرنا چاہیے:

ہمزاد کو سامنے دیکھ کر اور باتیں کرتے سن کر عامل کو کسی قسم کا خوف دل میں نہ لانا چاہیے۔ ورنہ نقصان بلکہ خوف جان ہے۔ انسان جو اشرف المخلوقات ہے۔ دراصل اسے دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی طاقت بھی گزند نہیں پہنچا سکتی۔ بشرطیکہ وہ خدا کی بنائی ہوئی قدرت سے برسرِ پیکار نہ ہو۔ قدرت کہتی ہے کہ جھوٹ نہ بولو۔ کسی کو دھوکا مت دو۔ حرام کاری نہ کرو ہمیشہ عبادت الٰہی میں مشغول رہو اور عذاب خدا سے ڈرو۔ جو شخص قادر قدرت کے احکام کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ قدرت ہر مشکل سے مشکل کام میں اس کی معاون ہوتی اور اس کے سر پر نازل ہونے والی

ہر آفت کا دفعیہ خود بخود کر دیتی ہے۔

ہمزاد ایک خوفناک ہستی:

کتابوں میں لکھا ہے کہ ہمزاد ایک خوفناک ہستی ہے۔اس سے ہمیشہ احتراز کرنا چا
جو ایسا کہتے ہیں وہ جھک مارتے ہیں۔ جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا۔ ہمزاد کوئی جن یا بھو
نہیں۔ بلکہ انسان کا اپنا ہی جسم لطیف ہے اس کی شکل بعینہٖ عامل کی شکل کے مطابق ہوتی ہے
موفرق نہیں ہوتا۔ حتیٰ کہ عامل کے لباس کے مطابق اس کا لباس ہوتا ہے۔ پھر یہ کیسی حماقت اور کم
سمجھی کی بات ہے کہ انسان اپنے ہی جسم سے خوف کھائے۔ آئینہ میں اپنا عکس دیکھ کر جب کوئی
شخص ہراساں نہیں ہوتا تو اپنے جسم سے کیوں خائف ہونا چاہیے۔

عامل اور ہمزاد کے مابین بات چیت:

ہمزاد کے ظاہر ہونے پر اس کے اور عامل کے درمیان عموماً حسب ذیل بات چیت ہوا
کرتی ہے۔

ہمزاد: آپ نے مجھے کیوں بلایا؟

عامل: میں تجھے اپنے بس میں کرنا چاہتا ہوں۔

ہمزاد: مجھے مسخر کر کے آپ کو کیا فائدہ ہوگا۔

عامل: میں اپنے کاموں میں تجھ سے مدد لینا چاہتا ہوں۔

ہمزاد: میں آج سے آپ کا غلام ہوتا ہوں۔ لیکن فلاں شرط ہے۔

عامل: (اپنی عقل اور ذہن رسا سے مشورہ لے کر بشرطیکہ ہمزاد کی شرط بالکل بے ضرر اور نہایت آسان ہو) مجھے منظور ہے۔

ہمزاد کا شرائط بتلانا:

بعض وقت ہمزاد کوئی ایسی شرط بتاتا ہے جس کا بجالانا دشوار ہوتا ہے۔ مثلاً مجھے روزانہ
پیٹ بھر کر کھانا کھلا دیا کرنا وغیرہ۔ ایسی صورت میں عامل کو حکمت عملی سے کام لے کر فوراً انکار
کرتے ہوئے کڑی شرط کو آسان شرط میں تبدیل کرا لینا چاہیے۔ اس وقت تو سب کچھ عامل کے
اختیار میں ہوتا ہے۔ مگر جب ایک مرتبہ عہد و پیمان ہو گیا تو پھر زندگی بھر اس میں کسی قسم کا ردوبدل

کرنا عامل کے اختیار سے باہر ہو جائے گا۔

بعض ہمزاد تیز طبیعت ہوتے ہیں اور تسخیر ہونے کے وقت عامل کو دھمکاتے اور گستاخی
سے پیش آتے ہیں۔ ایسی حالت میں عامل کو واجب ہے کہ اپنا رعب و وقار قائم رکھے اور اینٹ کا
جواب پتھر سے دے۔ ہمزاد سخت جواب پائے گا تو خود بخود نرم ہو جائے گا۔ اور عاجزی کرے گا۔

ہمزاد سے نشانی طلب کرے:

مناسب یہ ہوگا کہ اس وقت ہمزاد سے کوئی نشانی لی جائے۔ اس بات کے ثبوت کے
لیے کہ وہ ہمارا حلقہ بگوش ہو گیا ہے۔ بشرطیکہ عہد و پیمان کے وقت اس بات کا انسداد نہ کیا جائے۔
تسخیر ہو جانے پر ہمزاد ہر وقت سایہ کی طرح عامل کے ساتھ رہتا اور کبھی جدا نہیں ہوتا۔ دور دراز
کے تحفہ تحائف اور میوہ جات وغیرہ چشم زدن میں لا حاضر کرتا ہے۔ سات سمندر پار گئے ہوئے
عزیزوں کی خبریں لا دیتا۔ نیز ہر گھڑی عامل کے حکم کا منتظر رہتا ہے۔

ہمزاد سے اقرار لے:

کئی کمزور دل عامل ہمزاد کے ہمیشہ ساتھ رہنے سے گھبرا جاتے ہیں۔ ان کی طبیعت
میں ایک قسم کا خوف پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لیے اس بات کا اقرار ہمزاد سے پہلے روز ہی لے لینا
چاہیے کہ بلا بلائے ہرگز تمہارے سامنے نہیں آئے گا۔

قدیم ہندو یوگیوں کا عمل برائے تسخیر ہمزاد

ایک کمرہ عمل کے لیے علیحدہ تجویز کرو اس کے فرش در و دیوار اور چھت کو آسمانی رنگ
کے رنگین کاغذ چپکا دو۔ روشنی کے لیے دو تین کھڑکیاں ہوں۔ مگر سب پر نیلے رنگ کے پردے
پڑے رہیں۔ اب تم میٹھے تیل کا ایک دیا جلاؤ اور پس پشت رکھ کر عکس کی گردن پر نظر جما کر دیکھنا
شروع کرو اور دل میں مضبوط ارادہ جمائے رکھو کہ یہی عکس ابھی ابھی انسانی شکل میں متشکل ہوا
چاہتا ہے۔ ایک گھنٹہ کے بعد نظر وہاں سے ہٹا کر چھت کی طرف دیکھنا شروع کرو۔ اندازاً
10 منٹ تک اسی سمت دیکھتے رہو۔ عجب نظارہ دیکھو گے۔ پھر تم اسی خیال میں مگن ہو جاؤ کہ ہمزاد
ابھی ابھی ظاہر ہوا چاہتا ہے۔ متواتر ایک گھنٹہ تک اس تصور میں محو رہو اور دن رات کے چوبیس
گھنٹوں میں تین بار اس عمل کو کیا کرو۔

خلوت میں رہنا:

دن رات خلوت میں رہو۔ بعد گزرنے ایک ہفتہ کے کمرہ سے باہر نکل کر آسمان کی طرف دیکھ کر اپنے کمرہ میں واپس آجایا کرو۔ جب سخت بھوک لگے دودھ یا کوئی ہلکی غذا کھالیا کرو۔ کسی سے بولو نہ چالو۔ جو آدمی تمہاری خوراک لے کر آئے اس سے بھی آنکھیں نہ ملانا۔ ضرورت پڑنے پر صرف اشارہ سے یا لکھ کر بات چیت کر لینا۔ چالیس روز تک لبوں پر مہر خاموشی لگائے رکھنے سے بدن میں گرمی بہت بڑھ جائے گی۔ اس لیے دوران عمل میں خالص دودھ مکھن اور گھی کا استعمال بکثرت کرو۔

ہندو یوگیوں کا تسخیر ہمزاد کا آزمودہ عمل

ایک بڑا سا آئینہ جس میں سر سے لے کر چھاتی تک کا تمام جسم بخوبی دکھائی دے سکے خرید لو۔ دن میں کسی وقت علیحدہ کمرہ میں شمال کی جانب منہ کر کے آئینہ میں سے اپنے عکس کی ناک کے جڑ میں نظر کی ٹکٹکی جما کر دیکھنا شروع کرو۔

آنکھ نہ جھپکانا:

حتیٰ الامکان آنکھ نہ جھپکو اور دل میں مضبوط ارادہ جمائے رکھو کہ ہمزاد ابھی ابھی مجسم شکل میں تمہارے روبرو ظاہر ہوا چاہتا ہے۔ اس خیال میں یہاں تک محو ہو جاؤ کہ دنیا و مافیہا کا کچھ بھی ہوش باقی نہ رہے۔ کامل ایک گھنٹہ تک روزانہ اس عمل کو کرو۔ ہر روز عمل کرنے کے بعد آسمان کی سمت دیکھ لیا کرو۔ پندرہ روز میں دھندلی شکل میں سفید رنگ کا ہمزاد آسمان پر دکھائی دینے لگتا ہے مگر اس عمل کو متواتر تین ماہ تک جاری رکھنا چاہیے۔ تین مہینوں میں تمہیں اتنی قدرت حاصل ہو جائے گی کہ لوگ تمہیں مہاتما یا ولی اللہ سمجھنے لگیں گے۔

علامت ظاہر ہونا:

سر سے لے کر پیر تک کسی شخص کو ایک نظر دیکھ کر آسمان کی طرف دیکھنے سے تم اس کے اچھے یا برے حالات سے فوراً باخبر ہو جایا کرو گے۔ قدرتی قانون کے مطابق کسی اچھی یا بُری علامت کے وقوع میں آنے کا اثر پہلے جسم لطیف پر ہوتا ہے۔

...گی اور موت کے متعلق معلوم ہونا:

کسی بیمار کو دیکھ کر آسمان کی طرف دیکھنے سے اگر اس کا ہمزاد تمہیں سر قلم دکھائی دے تو ...ھو لو کہ اس شخص کی زندگی چند روزہ ہے۔ اور وہ کسی علاج سے شفایاب نہیں ہوگا۔ اس کے ...س اگر ہمزاد صحیح و سالم دکھائی دے تو بے دھڑک ہو کر اس کا علاج کرو وہ ضرور بچ جائے گا۔

بے خطر سہل الحصول طریقہ

یہ طریقہ جو ہمیں ایک مسلمان فقیر سے ہاتھ لگا تھا، نہایت ہی بے ضرر، بے خطر اور سہل ...حصول ہے۔

آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر عمل کا آغاز:

ایک قد آدم آئینہ لے کر اس کو دیوار کے ساتھ لگاؤ۔ خود سامنے کھڑے ہو کر اس میں اپنی شکل کو بغور دیکھنا شروع کرو۔ پندرہ منٹ تک اپنے جسم کے ایک ایک عضو اور چہرہ کے خد و خال کو خوب غور سے دیکھتے رہو پھر آنکھیں بند کر لو اور سامنے بچھی ہوئی چارپائی پر چت لیٹ کر اپنے جسم کے تمام اعضاء کو اس طرح ڈھیلا چھوڑ دو کہ گویا ساری جان تمہارے جسم سے نکل کر دماغ میں جمع ہو گئی ہے۔ اس حالت میں کوئی دوسرا خیال دل میں نہ آنے پائے۔ بذریعہ تصور آنکھوں کے سامنے آئینے میں دیکھتے ہوئے اپنے عکس کو قائم کرنے کی مشق کرو۔ سوچو کہ گویا سچ مچ تمہارا ہمزاد مجسم شکل میں ہاتھ باندھے تمہارے روبرو کھڑا ہے اور حلقہ غلامی میں رہنے کی التجا کر رہا ہے۔ وہی آنکھیں ہیں۔ وہی پیشانی۔ وضع قطع لباس سب کچھ ویسے کا ویسا۔ برابر ایک گھنٹہ تک اس تصور میں محو رہو۔ اور یہ عمل شام کو بھی کرو۔

خیالات میں پختگی:

چند روز کے عمل سے تمہارے خیال و تصور میں اس قدر پختگی آجائے گی کہ بغیر آئینہ کے جب چاہو گے ہمزاد کی شکل سامنے لے آیا کرو گے۔ رفتہ رفتہ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے ہر وقت ہمزاد کی تصویر تمہاری آنکھوں کے سامنے رہنے لگے گی۔ اس عمل سے ہمزاد اکیس روز کے بعد انسانی جامہ پہن کر سامنے آئے گا اور ہم کلام ہوگا۔

یورپ کی نئی ایجاد

یورپ والوں نے ایک نئی ایجاد اسپرٹس کمیونی کیٹر نکالی ہے۔جس کے
اس امر کی صداقت کا پتہ چلتا ہے۔ بہت سے لوگوں نے اپنے مرحوم عزیزوں سے بات
اور اس بات کا اطمینان کیا کہ اگر چہ وہ دنیا والوں کی مادی آنکھوں سے اوجھل ہو گئے ہیں مگر
وجود جوں کا توں قائم ہے۔

☆☆☆

ہمزاد کو قابو کرنے کا فن

...ی طریقہ برائے تسخیر ہمزاد:

ایک مکان علیحدہ معین کر کے خوب صاف کرلیں اور دیواروں پر صاف مٹی یا قلعی کروا
...ی چاہیے۔اگر چاروں دیواریں صاف نہ کرا سکیں تو مغرب رُخ کی دیوار کو ضرور صاف کر لینا

...ے کو معطر کرے:

عمل سے پیشتر دھوپ وغیرہ دے کر کمرے کو معطر کرنا چاہیے اور عامل کے سوائے اور
...ی بھی شخص کو اس مکان میں نہ جانا چاہیے۔اوّل تو عامل کو چاہیے کہ مادر زاد ننگا ہو کر ورنہ ایک
... کے سوا اور کوئی کپڑا جسم پر نہ رکھے اور ہر روز بلا ناغہ مشق کرے۔ناغہ کرنا موجب نقصان
...ت ہوتا ہے اور عامل جو چیز بھی کھائے اوّل نامِ ہمزاد زمین پر تھوڑی سی ضرور ڈال دے۔
چاند کی پہلی تاریخ کو اس عمل کا آغاز کرنا جائز ہے

...ل یہ ہے:

مکان میں ایک چراغ روشن کر کے اپنی پشت سے اونچا رکھ دے اور مغرب رُخ کی
...وار کی طرف منہ کو کے چوکڑی مار کر بیٹھ جائے اور دیوار پر اپنی تصویر یا سایہ کو خوب غور سے کامل
... گھنٹے تک دیکھے۔اپنی نظر کو سایہ کی پیشانی پر رکھے جونہی نظر کو تھکان معلوم ہوا اور پلک گرنے
... تو فوراً اپنی نظر کو اوپر اٹھائے۔

...سایہ دکھائی دینا:

اس وقت عامل کو اپنے تمام دورانِ عمل روشنی کا محیط یعنی دائرہ سا نظر آئے گا۔ابتدائی
...ں میں سایہ کبھی ظاہر کبھی غائب نظر آئے گا اور اکثر مختلف رنگ اور عجیب وغریب چیزیں بھی نظر

آئیں گی۔ مگر عامل کو مستقل مزاجی سے بلاخوف وخطر اپنی مشق کو دن بدن زیادہ کرتا جائے اور ہر وقت عامل اپنے خیالات کو پاک صاف رکھے۔

اپنی ضروریات سے فارغ ہو کر غسل کر کے عمل کی نیت سے باہر کھلے میدان میں آئے۔ نو یا دس بجے کے قریب وقت ہو۔ آبادی سے دور باہر جنگل میں پہنچے۔ تمام بدن کے کپڑے اُتار دے۔ ستر پوشی کے لیے صرف ایک لنگوٹ رکھے اور سورج کی طرف پشت کر کے کھڑا ہو جائے کہ اپنا سایہ زمین پر صاف نظر آتا رہے۔ زمین بھی ہموار ہو تا کہ تمام سایہ صحیح طور پر نظر آتا رہے۔ نزدیک کوئی درخت نہ ہو، تا کہ اس کا سایہ عامل کے سایہ کو خراب نہ کر دے۔ اب اپنے سایہ کے گردن کے مقام پر خوب توجہ سے دلی شوق سے دیکھنا شروع کر دے۔ اس دیکھنے کی مشق بتدریج بڑھتی جائے۔

آسمان پر نگاہ کرے:

چند منٹ دیکھنے کے بعد جب نظر تھکنے لگے تو سایہ سے نظر ہٹا کر آسمان پر نظر کرے بلکہ بلا گرے پلکوں کے آسمان کی طرف دیکھے۔ ویسی ہی شکل آسمان پر نظر آئے گی۔ لیکن دھندلی سی اسے کوئی دو منٹ غور سے دیکھتا رہے۔ پھر سایہ کو دیکھنا شروع کر دے۔ دل ہی دل میں خیال رکھے کہ میں اپنے ہمزاد کی تسخیر کر رہا ہوں۔ سایہ پندرہ منٹ تک دیکھتا رہے۔ پھر نظر ہٹا کر آسمان کی طرف دو منٹ دیکھے۔ اس طرح ایک گھنٹہ میں چند بار ایسا کرے کہ پندرہ منٹ سایہ پر نظر رکھے اور دو منٹ آسمان کا سایہ دیکھے۔

ہمزاد دن بدن قریب آتا جائے:

اسی طرح ہر روز عمل جاری رکھے اور ہر روز یہی خیال رکھے کہ ہمزاد روز بروز نیچے اتر آتا ہے اور واقعی ایسا معلوم ہوگا کہ ہمزاد نزدیک آرہا ہے اور اس کی غباری شکل بھی روز بروز صاف اور روشن ہوتی جارہی ہے۔ چھ ماہ کے اندر ہی اندر بالکل روشن شکل عامل کے سامنے آ کر کھڑی ہو جائے گی۔ ہر روز وقت مقررہ پر عمل کیا کرے۔

اور بالکل منتشر نہ ہونے دے......کوئی اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ یکسوئی قلب سے سایہ کو خوب اچھی طرح دیکھے۔ جب سایہ بخوبی نظر آنے لگے اور یہاں تک مشق بڑھ جائے کہ

جس وقت عامل نظر اُٹھائے اوپر کی طرف تبھی سایہ محیط نظر آئے۔ اس درجہ پر پہنچ کر اپنے سایہ کو قوت خیال اور آزادی سے اوپر سے نیچے کو اتار دے اور اپنے نزدیک اور مقابلہ میں لانے کی زبردست کوشش کرے۔ کچھ دنوں کے بعد وہ سایہ ایک صورت میں منتقل ہو کر عامل سے گفتگو کرے گا۔ یہی ہمزاد ہے جو پوچھنے پر مخفی بھیدوں کو بتا دے گا اور عامل کی سب جائز ضروریات کو پورا کرے گا۔

عملیات کو ناجائز ضرورت پر استعمال کرنے والے جہنمی عذاب کی سختیوں سے بچ نہیں سکتے۔

تسخیر ہمزاد کا بے نظیر عمل:

ایک کمرہ عمل کے لیے علیحدہ تجویز کرو۔ اس کے فرش در و دیوار اور چھت پر آسمانی رنگ کے رنگین کاغذ چپکا دو۔ روشنی کے لیے دو تین کھڑکیاں ہوں مگر سب پر نیلے رنگ کے پردے پڑے رہیں۔ اب تم میٹھے تیل کا ایک دیا جلاؤ اور پس پشت رکھ کر عکس کی گردن پر نظر جما کر دیکھنا شروع کرو اور دل میں مضبوط ارادہ جمائے رکھو یہی عکس ابھی ابھی انسانی شکل میں متشکل ہوا چاہتا ہے۔ ایک گھنٹے کے بعد نظر وہاں سے ہٹا کر چھت کی طرف دیکھنا شروع کرو۔ انداز اً 10 منٹ تک اسی سمت دیکھتے رہو۔ عجیب نظارہ دیکھو گے۔ پھر تم اسی خیال میں مگن ہو جاؤ کہ ہمزاد ابھی ابھی ظاہر ہوا چاہتا ہے۔ متواتر ایک گھنٹے تک اسی تصور میں محو رہو اور دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں تین بار اس عمل کو کیا کرو۔

غذا کا خیال رکھنا:

دن رات خلوت میں رہو۔ بعد گزرنے ایک ہفتے کے کمرہ سے باہر نکل کر آسمان کی طرف دیکھ کر اپنے کمرہ میں واپس آجایا کرو۔ جب سخت بھوک لگے دودھ یا کوئی ہلکی غذا کھالیا کرو۔ کسی سے بولو نہ چالو۔ جو آدمی تمہاری خوراک لے کر آئے اس سے بھی آنکھیں نہ ملانا۔ ضرورت پڑنے پر صرف اشارہ سے یا لکھ کر بات چیت کر لینا۔ چالیس روز تک لبوں پر مہر خاموشی لگائے رکھنے سے بدن میں گرمی بہت بڑھ جائے گی۔ اس لیے دوران عمل میں خالص دودھ، مکھن، گھی کا استعمال بکثرت کرو۔

عامل کے لیے ضروری ہدایات:

ہمزاد کو سامنے دیکھ کر اور باتیں کرتے سن کر عامل کو کسی قسم کا خوف دل میں نہ لانا چاہیے۔ ورنہ نقصان بلکہ خوف جان ہے۔ انسان جو اشرف المخلوقات ہے۔ دراصل اسے دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی طاقت بھی گزند نہیں پہنچا سکتی۔ بشرطیکہ وہ خدا کی بنائی ہوئی قدرت سے برسر پیکار نہ ہو۔ قدرت کہتی ہے کہ جھوٹ نہ بولو۔ کسی کو دھوکا مت دو۔ حرام کاری نہ کرو ہمیشہ عبادت الٰہی میں مشغول رہو اور عذاب خدا سے ڈرو۔ جو شخص قادر قدرت کے احکام کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ قدرت ہر مشکل سے مشکل کام میں اس کی معاون ہوتی اور اس کے سر پر نازل ہونے والی ہر آفت کا دفعیہ خود بخود کر دیتی ہے۔

ہمزاد ایک خوفناک ہستی:

کتابوں میں لکھا ہے کہ ہمزاد ایک خوفناک ہستی ہے۔ اس سے ہمیشہ احتراز کرنا چاہیے جو ایسا کہتے ہیں وہ جھک مارتے ہیں۔ جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا۔ ہمزاد کوئی جن یا بھوت نہیں۔ بلکہ انسان کا اپنا ہی جسم لطیف ہے اس کی شکل بعینہ عامل کی شکل کے مطابق ہوتی ہے۔ سر مو فرق نہیں ہوتا۔ حتیٰ کہ عامل کے لباس کے مطابق اس کا لباس ہوتا ہے۔ پھر یہ کیسی حماقت اور کم سمجھی کی بات ہے کہ انسان اپنے ہی جسم سے خوف کھائے۔ آئینہ میں اپنا عکس دیکھ کر جب کوئی شخص ہراساں نہیں ہوتا تو اپنے جسم سے کیوں خائف ہونا چاہیے۔

عامل اور ہمزاد کے مابین گفتگو:

ہمزاد کے ظاہر ہونے پر اس کے اور عامل کے درمیان عموماً حسب ذیل بات چیت ہوا کرتی ہے۔

ہمزاد: آپ نے مجھے کیوں بلایا؟

عامل: میں تجھے اپنے بس میں کرنا چاہتا ہوں۔

ہمزاد: مجھے مسخر کر کے آپ کو کیا فائدہ ہوگا۔

عامل: میں اپنے کاموں میں تجھ سے مدد لینا چاہتا ہوں۔

ہمزاد: میں آج سے آپ کا غلام ہوتا ہوں۔ لیکن فلاں شرط ہے۔

عامل: اپنی عقل اور ذہن رسا سے مشورہ لے کر بشرطیکہ ہمزاد کی شرط بالکل بے ضرر اور نہایت آسان ہو، مجھے منظور ہے۔

بعض وقت ہمزاد کوئی ایسی شرط بتاتا ہے جس کا بجالانا دشوار ہوتا ہے۔ مثلاً مجھے روزانہ پیٹ بھر کر کھانا کھلا دیا کرنا وغیرہ۔ ایسی صورت میں عامل کو حکمت عملی سے کام لے کر فوراً انکار کرتے ہوئے کڑی شرط کو آسان شرط میں تبدیل کرا لینا چاہیے۔ اس وقت تو سب کچھ عامل کے اختیار میں ہوتا ہے۔ مگر جب ایک مرتبہ عہد و پیمان ہو گیا تو پھر زندگی بھر اس میں کسی قسم کا ردوبدل کرنا عامل کے اختیار سے باہر ہو جائے گا۔

تیز طبیعت ہمزاد سے واسطہ:

بعض ہمزاد تیز طبیعت ہوتے ہیں اور تسخیر ہونے کے وقت عامل کو دھمکاتے اور گستاخی سے پیش آتے ہیں۔ ایسی حالت میں عامل کو واجب ہے کہ اپنا رعب و وقار قائم رکھے اور اینٹ کا جواب پتھر سے دے۔ ہمزاد سخت جواب پائے گا تو خود بخود نرم ہو جائے گا۔ اور عاجزی کرے گا۔ مناسب یہ ہوگا کہ اس وقت ہمزاد سے کوئی نشانی لی جائے۔ اس بات کے ثبوت کے لیے کہ وہ ہمارا حلقہ بگوش ہو گیا ہے۔ بشرطیکہ عہد و پیمان کے وقت اس بات کا انسداد نہ کیا جائے۔ تسخیر ہو جانے پر ہمزاد ہر وقت سایہ کی طرح عامل کے ساتھ رہتا اور کبھی جدا نہیں ہوتا۔ دور دراز کے تحفہ تحائف اور میوہ جات وغیرہ چشم زدن میں لا حاضر کرتا ہے۔ سات سمندر پار گئے ہوئے عزیزوں کی خبریں لا دیتا۔ نیز ہر گھڑی عامل کے حکم کا منتظر رہتا ہے۔ کئی کمزور دل عامل ہمزاد کے ہمیشہ ساتھ رہنے سے گھبرا جاتے ہیں۔ ان کی طبیعت میں ایک قسم کا خوف پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لیے اس بات کا اقرار ہمزاد سے پہلے روز ہی لے لینا چاہیے کہ بلا بلائے ہرگز تمہارے سامنے نہیں آئے گا۔

ایک سوال

اپنا عیب کسی کو دکھائی نہیں دیتا۔ پھر ملا کے جسم (ہمزاد) نے اپنا عیب کیسے دیکھ لیا؟ جان ہر شخص کو پیاری ہے۔ اس لیے کوئی شخص اپنے آپ کو قتل کرنے پر آمادہ نہیں ہو سکتا۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ ملا کے جسم لطیف (ہمزاد) نے اپنے ہی جسم کثیف (ملا) کو مار ڈالا اور خود فنا ہو گیا۔

انسان کے دو جسم:

ہم اوپر لکھ آئے ہیں کہ ہر انسان کے دو جسم ہوتے ہیں۔ ایک لطیف اور دوسرا کثیف۔ جب کسی انسان کی موت واقع ہوتی ہے۔ تو حقیقت میں اس کا کچھ بھی نہیں بگڑتا۔ صرف اس کے جسم کا خاکی جامہ اتر جاتا ہے اور وہ عریاں ہو جاتا ہے۔ روح جو دراصل حقیقت ہے۔ اور جس کے پرتو سے ہر دو اجسام کثیف ولطیف زندہ کہلاتے ہیں۔ اپنی نورانی شعاعوں کو سمیٹ کر جسم لطیف تک محدود کر لیتی ہے اور جسم کثیف بے نور ہو کر مردہ ہو جاتا ہے۔ یا یوں سمجھو کہ ایک انسان کا خاکی جسم فنا ہو جانے پر فی الاصل اس کی موت واقع نہیں ہوتی۔ بلکہ عریانی ہو جاتی ہے۔ اور اس کی ہستی جوں کی توں قائم رہتی ہے۔ اگر چہ اپنی آنکھوں سے مرنے والے کو نہیں دیکھ سکتے اور یہ سمجھ کر کہ وہ فنا ہو گیا ہے چیختے چلاتے ہیں۔ (یورپ والوں نے ایک نئی ایجاد اسپرٹس کمیونی کیشن نکالی ہے۔ جس کے بدولت ہمیں اس امر کی صداقت کا پتہ چلتا ہے۔ بہت سے لوگوں نے اپنے مرحوم عزیزوں سے بات چیت کی اور اس بات کا اطمینان کیا کہ اگر چہ وہ دنیا والوں کی مادی آنکھوں سے اوجھل ہو گئے ہیں مگر ان کا وجود جوں کا توں قائم ہے۔)

اعمال کی سزا و جزا:

کوئی شخص اپنے اچھے یا بُرے اعمال کی سزا و جزا سے نہیں بچ سکتا۔ ملا کی آنکھوں پر لذائذ دنیوی کے حصول نے جہالت اور گمراہی کی پٹی باندھ دی تھی اور اسے نیک و بد کی تمیز نہ رہی تھی۔ مگر ہمزاد جانتا تھا کہ اس کے گناہوں کی سزا اسے بھگتنا پڑے گی۔ اس لیے جسم کثیف (ملا) کے نیست و نابود کرنے میں ہی اس نے اپنی بہتری سمجھی۔

تسخیر ہمزاد کا لاجواب عمل:

ایک بڑا سا آئینہ جس میں سر سے لے کر چھاتی تک کا تمام جسم بخوبی دکھائی دے سکے خرید لو۔ دن میں کسی وقت علیحدہ کمرہ میں شمال کی جانب منہ کر کے آئینہ میں اپنے عکس کی ناک کے جڑ میں نظر کی ٹکٹکی جما کر دیکھنا شروع کرو۔ حتیٰ الامکان آنکھ نہ جھپکو اور دل میں مضبوط ارادہ جمائے رکھو کہ ہمزاد ابھی مجسم شکل میں تمہارے روبرو ظاہر ہوا چاہتا ہے۔ اس خیال میں یہاں تک محو ہو جاؤ کہ دنیا و مافیہا کا کچھ بھی ہوش باقی نہ رہے۔ کامل ایک گھنٹہ تک روزانہ اس عمل کو

ہر روز عمل کرنے کے بعد آسمان کی سمت دیکھ لیا کرو۔ پندرہ روز میں دھندلی شکل میں سفید ہمزاد آسمان پر دکھائی دینے لگتا ہے مگر اس عمل کو متواتر تین ماہ تک جاری رکھنا چاہیے۔ تین ماہ میں تمہیں اتنی قدرت حاصل ہو جائے گی کہ لوگ تمہیں مہاتما یا ولی اللہ سمجھنے لگیں گے۔

اچھے اور بُرے حالات سے آگاہی ہو جانا

سر سے لے کر پیر تک کسی شخص کو ایک نظر دیکھ کر آسمان کی طرف دیکھنے سے تم اس کے اچھے یا بُرے حالات سے فوراً باخبر ہو جایا کرو گے۔ قدرتی قانون کے مطابق کسی اچھی یا بُری حالت کے وقوع میں آنے کا اثر پہلے جسم لطیف پر ہوتا ہے۔ کسی بیمار کو دیکھ کر آسمان کی طرف دیکھنے سے اگر اس کا ہمزاد تمہیں سر قلم دکھائی دے تو سمجھ لو کہ اس شخص کی زندگی چند روزہ ہے۔ اور کسی علاج سے شفایاب نہیں ہوگا۔ اس کے برعکس اگر ہمزاد صحیح وسالم دکھائی دے تو بے دھڑک اس کا علاج کرو وہ ضرور بچ جائے گا۔

عامل کے لیے ہدایات

مصمم ارادہ:

عمل شروع کرنے سے قبل اس بات کا فیصلہ کر لینا چاہیے کہ تم اسے سرانجام دے سکو گے۔ یا بیچ میں ہی چھوڑ دو گے۔ اگر چند روز کر کے عمل کو چھوڑ دینا ہو تو اس سے نہ کرنا ہی بہتر ہے۔

مکمل راز داری:

راز داری شرط ہے۔ تمہارا کوئی دوست یا قریبی رشتہ دار بھی اس بات سے واقف نہ ہونا چاہیے کہ تم تسخیر ہمزاد کرنے لگے ہو۔

مضبوط حوصلہ:

نہایت استقلال اور حوصلہ کے ساتھ اس کام میں ہاتھ ڈالو۔ خلاف توقع کوئی شکل یا اشکال دیکھنے، نیز کامیابی میں تاخیر واقع ہونے سے گھبرانا نہیں چاہیے۔

یقین کامل:

تم کو اس بات کا یقین کامل ہونا چاہیے کہ ضرور ہمزاد کو تسخیر کر لو گے۔ کیونکہ یقین اور

وثوق ایک نہایت زبردست طاقت ہے جس کی بدولت مشکل سے مشکل کام بھی حل ہو جاتے
ہیں۔

مکمل تنہائی:

عمل کے لیے ایک علیحدہ کمرہ منتخب کر کے جہاں کسی قسم کا شور وغل نہ ہو اور نہ ہی طبیعت
کو برطرف کرنے کے لیے کوئی غیر ضروری چیز ہو۔

صفائی و پاکیزگی:

دوران عمل میں پرہیزگار اور صاف ستھرے رہو۔ خوشبودار تیل کپڑوں میں لگاؤ۔
چندن یا لوبان کی دھونی ہلکی بوقت عمل مکان میں دو۔

غذا میں پرہیز:

ایام عمل میں گوشت اور منشی اشیاء سے پرہیز، ہلکی اور زود ہضم غذا کھاؤ۔ مگر پیٹ بھر کر
نہیں۔

صبر واستقلال:

صبر واستقلال کو ہاتھ سے مت جانے دو۔ بسا اوقات عملیات کا ظہور دیر میں ہوتا ہے۔
اس لیے استقلال نہ رہنے سے کچھ بھی حاصل نہ ہوگا۔ بعض عامل دوسرے تیسرے دن سے ہی
مشاہدات دیکھنے لگ جاتے ہیں۔ اس کے برعکس بعض کو دو دو ماہ تک کوئی نئی بات معلوم نہیں
ہوتی۔ اس لیے تم بداعتقادی کو دل میں جگہ نہ دینا۔

بلاناغہ متواتر عمل:

پہلے روز جس جگہ جس وقت عمل کرو۔ ہر روز بلاناغہ اسی جگہ اور اسی وقت سے عمل کا
آغاز کرنا چاہیے۔

بے صبری سے پرہیز:

جب ہمزاد کی صورت مکمل نظر آنے لگے تو خو بخود اس کو مخاطب نہ کرو۔ بلکہ اس بات کا
یقین کرلو۔ کہ ہمزاد خود بخود تم سے ہمکلام ہوگا۔ ہمزاد سے کبھی کوئی ناجائز کام ہرگز نہ لینا چاہیے۔

معتبر وآزمودہ عمل:

اس قسم کے عملیات میں سے ایک نہایت معتبر عمل پیش کرتا ہوں۔ یہ عمل رات کے
12 بجے سے صبح کی نماز تک کیا جاسکتا ہے۔ اور کوئی دقت نہیں۔ دریا کا کنارہ ہو، کوئی دوسرا آدمی
سامنے نہ ہو، پرہیز جلالی کیا جائے اور اس کے تین چلہ کیے جائے۔

پہلا چلہ:

ہر چلہ چالیس یوم کا ہے۔ پہلے چلہ میں یہ احساس ہوتا ہے کہ کوئی دوسری پوشیدہ
صورت میرے ساتھ۔ کبھی کبھی سوال کا جواب بھی مل جاتا ہے کبھی ایسا ہوتا کہ کوئی سوال لکھ کر رکھ
دیا اور اس کا جواب مل گیا۔

دوسرا چلہ:

دوسرے چلے میں صاف طور پر معلوم ہو جاتا ہے کہ کوئی دوسری ذات ہمارے ساتھ
ہے۔ مگر وہ نظر نہیں آئے گی۔ ہر سوال کا جواب ملتا رہے گا۔ اور غائبانہ طور پر کوئی شخص باتیں کرتا
معلوم ہوگا۔

تیسرا چلہ:

تیسرے چلے میں شروع سے ہی عامل کو خوف دلایا جاتا ہے۔ پوشیدہ مختلف صورتیں
سامنے آتی رہتی ہیں۔ بالمشافہ گفتگو شروع ہو جاتی ہے۔ اگر عامل نے یہ چلہ پورا کرلیا تو چالیسویں
دن ہمزاد تابع فرمان ہو کر سامنے حاضر ہو جاتا ہے۔ اور ہمیشہ کے لیے غلام بن جاتا ہے۔ یہ عمل
قبلہ رُخ ہو کر پڑھیں اور 40 دن میں سوالاکھ پورا کریں۔ اس کے لیے دو باتیں یاد رکھیں۔ ایک تو
اگر ایک دن بھی ناغہ ہو گیا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔ دوسرے اس کے عامل کو غصہ بہت آتا ہے۔
بعض اوقات نیک و بد میں تمیز نہیں کرتا۔ وقت جگہ اور مقام کی پابندی ضروری ہے۔ دریا سے مراد
نہر تالاب نہیں۔

عمل:

عمل یہ ہے۔

اللہ بادشاہ ہے محمد ہے وزیر علی کاروان۔ دیوان وزیر۔

تسخیر ہمزاد کا سفلی طریقہ

میرا تجربہ نہیں اکثر سنا گیا ہے کہ سفلی عمل بہت جلد اثر کرتے ہیں۔ اور یہ صحیح ہو تو اب
نہیں اس لیے کہ نیک بننا مشکل ہے اور بد بننا آسان ہے۔ تسخیر ہمزاد کا ایک طریق سفلی طور پر لکھتا
ہوں۔ مگر نہ میرا معمول ہے نہ میں کسی کے گناہ کا ذمہ دار ہوں جو صاحب کریں عذاب و گناہ کے
خود ذمہ دار ہوں گے۔ یہ عمل سات دن کا ہے اور سات دن تک نجس یعنی حالت جب میں رہنا
پڑتا ہے۔ دورانِ عمل لَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ منہ سے نہ نکالے۔ ورنہ عمل ضائع ہوگا۔ غرض
یہ کہ سراپا شیطان بننا پڑے گا۔ جس قدر نجاست کے قریب رہو گے اسی قدر زیادہ اثر ہوگا۔

ترکیب عمل:

ترکیب یہ ہے کہ نوچندی اتوار یا منگل کے دن اس عمل کو شروع کرو۔ پہلے چوراہے کی
مٹی لا کر بہت سی جمع کر لو اور اتوار یا منگل کے دن صبح کے وقت 41 غلولہ (گول گول جیسے سوڈا واٹر
کی بوتلوں میں انٹے ہوتے ہیں۔ بناؤ رات کو کھانے پینے اور تمام ضروریات سے فارغ ہو کر
کوٹھڑی میں داخل ہو جاؤ۔ جو پہلے سے منتخب کر لی ہو۔ اور سوائے تمہارے دوسرا کوئی وہاں نہ ہو۔
نہ کوئی سامان ہو۔ بالکل خالی ہو۔ سرسوں کے تیل کا چراغ جلا کر جس میں خوب موٹی بتی پڑی ہو،
اپنے پیچھے رکھو۔ تمہارا سایہ سامنے پڑے گا۔ اب سایہ پر گردن کی رگ پر نظر جما کر ہر غلولہ پر
یَا اَوَجُنْھَا 41، 41 مرتبہ پڑھو (41 غلہ ہر غلہ پر 41 بار یہ نام پڑھو۔ جب غلہ ختم ہو جائے تو اسی
جگہ سو رہیں۔ (زمین پر) صبح کو اٹھ کر ان غلوں کو کنوئیں میں ڈال دیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ تم سے قبل
اس وقت تک کسی نے اس کنوئیں سے پانی نہ بھرا ہوا۔ اگر پانی بھر لیا ہوگا تو عمل بیکار ہوگا۔ اس کے
لیے ایسا کنواں تلاش کرو جس پر سے پانی کم بھرا جاتا ہو۔ جس کنوئیں میں پانی نہ ہو۔ اس پر عمل
نہیں ہوسکتا۔ غلہ ڈالنے کے بعد پھر اپنی جگہ پر واپس آجاؤ جہاں عمل پڑھا تھا۔ اور شام کے لیے
پھر 41 غلہ بناؤ۔ بس ایک دن کا عمل ختم ہوا۔

خاموشی اختیار کرنا:

رات کو عمل پڑھنے کے لیے کوٹھڑی میں داخل ہونے کے وقت سے صبح تک جب تک
شام کے لیے غلہ بنا لو، کسی سے بات نہ کرو۔ نہ کوئی چیز کھاؤ نہ اس کوٹھڑی سے باہر نکلو۔ سوائے صبح

کے غلہ ڈالنے کے لیے اسی طرح سات یوم برابر کرو۔ ساتویں روز ہمزاد حاضر ہوگا اور فرمانبرداری
کا اقرار کرے گا۔ عمل ختم ہونے کے بعد غسل کر سکتے ہو۔ اس سے ہمزاد پر اثر نہ پڑے گا۔

تسخیر ہمزاد عمل بدری

تسخیر ہمزاد میں زیادہ کام تصور کا ہے پڑھنے کے لیے کوئی عبارت یا الفاظ محض عقائد کی
بنا پر ہیں۔ مجھے اس سے انکار نہیں کہ حروف میں اثر ہے مگر تسخیر ہمزاد میں حروف سے زیادہ اثر تصور
کا یعنی تسخیر ہمزاد نام ہی تصور کا ہے۔

خیال سے تسخیر:

ہندو مہاتما (عاملین) تسخیر ہمزاد کے لیے کوئی منتر تجویز نہیں کرتے۔ بلکہ صرف خیال
سے ہی تسخیر ہمزاد کی تعلیم دیتے ہیں۔ جیسا کہ شروع کے دو عمل میں نے لکھے ہیں۔ اب ایک
آسان ترکیب تسخیر ہمزاد کی پیش کرتا ہوں۔ پہلے مکان میں ایک کوٹھڑی تجویز کریں۔ جو بالکل
علیحدہ اور اس میں مغرب کی طرف دیوار ہو۔ اس مغربی دیوار کو خوب گہری قلعی سے صاف و
شفاف کر لیں۔ کسی مہینے کی 13 تاریخ گزر کر جو رات آئے (چودھویں شب پورن ماشی) تو آپ
اس عمل کو شروع کریں۔

روزانہ ایک گھنٹہ کی مشق:

ایک چراغ میں تِل کا تیل و روغن کنجد بھر کر اس میں خوب موٹی بتی ڈال کر روشن
کریں۔ آپ اپنا منہ مغرب کی طرف کریں اور چراغ کو اپنی پشت پر اس طریق سے رکھیں کہ آپ
کا سایہ بالکل آنکھوں کے محازی ہو نہ جھکنا پڑے نہ سر اٹھانا پڑے۔ اب تم چوکڑی مار کر بیٹھو (یہ
عمل رات کے گیارہ بجے شروع کریں) اور اپنی رگِ گردن پر نظر جما کر غور سے دیکھیں۔ اور یہ
تصور کریں کہ یہ سایہ اب مجسم ہو کر سامنے آتا ہے۔ جس وقت آنکھ تھک جائے تو پلک نہ ماریں
بلکہ اوپر چھت کو دیکھنے لگیں۔ اوپر کو دیکھتے ہوئے پلک مار کر پھر نگاہ کو قوی کر کے رگ گردن پر
جما لیں۔ اسی طرح جب نظر تھک جایا کرے تو اوپر کو دیکھتے ہوئے پلک مار کر نگاہ کو قوی کر لیا
کریں۔ ایک گھنٹے تک اس عمل کو کریں۔ روزانہ اس طرح ایک گھنٹہ مشق کیا کریں۔

سائے کا متحرک ہونا:

آپ دیکھیں گے کہ ایک ہفتے کی مشق میں وہ سایہ متحرک ہونا شروع ہوگا اور روز اس میں حرکت زیادہ ہوتی جائے گی۔ یہاں تک کہ اکیس دن میں وہ سایہ مجسم ہو کر آپ کے سامنے آ جائے گا۔ جس وقت ہمزاد آپ کے سامنے آئے تو وہی چراغ جس میں تیل بھرا ہے اس وقت جس قدر بھی باقی ہو اس کے سامنے کر دیں۔ ہمزاد تیل پی جائے گا۔ اور آپ کے تابع فرمان رہے گا۔ اپنے دل کو مضبوط رکھو۔ اگر بعض عجائبات یا حرکات سامنے آئیں تو اس سے مطلق خوف نہ کرو۔ کیونکہ حقیقت میں وہ کوئی شے نہیں۔ نہ اس سے کسی نقصان کا خطرہ ہے۔ اگر تمہارا خیال پختہ ہے تو ایک ہی ہفتے میں تم کو حرکت سایہ کی معلوم ہوگی۔ ورنہ پندرہ یوم تک ضرور حرکت کرے گا۔

کسی کی خلل اندازی نہ ہو:

جس جگہ تم عمل کرتے ہو اس جگہ صرف عمل پڑھنے کے وقت کوئی دوسرا نہ ہو۔ عمل کے خلاف وقت میں کسی کو آنے جانے یا رہنے سے کوئی نقصان نہیں۔ چراغ خوب بڑا ہو۔ جس میں بہت سا تیل آئے اور روزانہ اسے بھر لیا کرو۔ جب عمل ختم ہو تو اس چراغ کو بجھا کر رکھ دو۔ ایک ہی چراغ آخر عمل تک کافی ہے کسی قسم کا پرہیز اس میں نہیں۔ بس اپنے تصور کو تیز کرتے جاؤ کہ یہ سایہ مجسم ہو کر میرے سامنے کھڑا ہے۔

تسخیر ہمزاد کا سفلی عمل:

کاغذ کے چار پرزوں پر یہ عبارت لکھا کرو۔ "فرعون، قارون، شداد، ہامان، ابو ہم شیطان لکھ کر سوتے وقت ایک ایک پرزہ اپنی چارپائی کے پائے تلے رکھ لیا کرو۔ اور صبح پر ان پرچوں کو جلایا کرو۔ پرزے لکھتے اور جلاتے وقت تک کسی سے بات نہ کیا کرو۔ چند روز میں سوتے میں ہمزاد سے باتیں شروع ہو جائیں گی۔ یہ ہمزاد ہر قسم کی خبریں دے گا۔ جب کسی بات کی خبر لینی ہو تو ان ناموں کے ساتھ اپنا مطلب بھی لکھ کر چارپائی تلے رکھ دو۔ رات کو جواب مکمل ملے گا۔

تسخیر ہمزاد کا آسان طریقہ:

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَالْأَرْوَاحِ بِحَقِّ حَضْرَتْ سُلَيْمَان بِنْ دَاؤد عَلَيْه السَّلَام اُحْضَر وا احضر وْاَيَاقَوْمِ همزاد حَاضَر شوبحقّ ياحَيُّ يَاقَيّوم برحُمتِك يَاارَحَمَ الرَّاحِمِيْن ط

ایک شخص کا تجربہ یہ ہے کہ جلالی و جمالی پرہیز سے بند مکان میں 3125 مرتبہ روز پڑھ کر ایک چلہ میں سوالاکھ پورا کرے۔ ہمزاد حاضر ہوگا۔

دوسرے شخص کا تجربہ یہ ہے کہ 382 مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھے۔ پس پشت چراغ جلائیں جس میں خوشبودار تیل ہو۔ ایک خالی بوتل ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔ جب وہ حاضر ہو تو اس کو حکم دیں کہ وہ اس بوتل میں اترے۔ جب اس میں اتر جائے تو ڈاٹ لگا کر اس سے بلانے کی ترکیب دریافت کریں اور عہد وقسم کے طریقوں کو پورا کر لیں۔ اس عمل کی میعاد مقرر نہیں۔ جب ہمزاد تابع ہو عمل ترک کر دے۔

نہایت آزمودہ عمل:

یہ عمل 21 دن کا ہے۔ بعد نماز عشاء غسل کر کے 21 تسبیح کھڑے ہو کر اپنے پیچھے ایک چراغ جلا کر پڑھیں۔ یَاقیوم همزادی باذن اللّٰه تعالٰی اُحْضَرُوْا اُحْضَرُوْا اُحْضَرُوا۔ اور دن کو تین چار بجے باہر جنگل میں جا کر سایہ کی طرف نگاہ کر کے کھڑے ہو کر پھر بلا تعداد بغیر پلک جھپکائے پڑھیں۔ پلک جھپکنے پر آئے تو نظر اُٹھا کر آسمان کی طرف نظر کریں...... ہمزاد کا تصور رکھیں۔ اسی طرح آدھ گھنٹے تک مشق کیا کریں۔ دن کو تعداد پڑھائی مقرر نہیں۔ 21 دن میں حاضری ہو جائے گی۔

تسخیر ہمزاد کا محبوب عمل:

اپنے نام کے اعداد نکال کر اتنی ہی مرتبہ شیشہ سامنے رکھ کر اپنی شکل سے مخاطب ہو کر پڑھیں۔

اے فلاں (اپنا نام) ہمزادی اُحْضَرُوْا ومُسَخِّر بحق يَابُدُوْحُ آنکھ نہ جھپکیں۔ یا بہت کم جھپکیں۔ لہجہ ایسا ہو جیسے ایک ملازم کو حکم دے رہے ہیں۔ تصور یہ ہو کہ یہ شیشے سے باہر آ کر

میری اطاعت کرے گا۔ کمرہ بالکل علیحدہ ہو۔ صرف عامل کے استعمال میں آئے۔ پڑھتے
ایک روٹی پر ذرا سا گھی اور شکر رکھ لیں اور بعد عمل اس پر دم کر کے ایک ایسے چورستہ میں رکھ کر
کریں۔ جو عام گزرگاہ نہ ہو۔ جہاں سے بہت کم لوگ گزرتے ہوں یا نہ گزرتے ہوں۔ روٹی رکھ
کر آہستہ سے کہہ دیا کریں "اے ہمزاد یہ تم کھالو۔"

پیچھے مڑ کر نہ دیکھے:

اب واپس چلے آؤ اور مڑ کر نہ دیکھو۔ ہر روز عمل رات کو مقرر وقت پر کرنا ہوگا اور روٹی
صبح کاذب کے وقت رکھ کر آنی ہوگی۔ راستے میں کوئی بات کرے تو جواب نہ دیں۔ روٹی مانگے تو
نہ دیں۔ 22 دن پابندی سے عمل کریں۔ 23 ویں دن روٹی نہ پہنچائیں۔ اگر کوئی خواب میں یا
تحریر سے یا زبانی کہے کہ آج روٹی کیوں نہیں بھیجی تو سمجھ لیں عمل کارآمد ہوگیا۔ یہ ہمزاد
ہے۔ 24 ویں دن پھر روٹی پہنچانا شروع کر دیں۔ اگر ہمزاد زبانی کہے تو کوئی بات نہ کریں۔
صرف اتنا کہہ دیں کہ اب روٹی برابر پہنچائی جائے گی۔ اگر خواب یا تحریر سے کہے تو پھر جواب کی
کوئی ضرورت نہیں۔ پس پشت پر چراغ جلا کر رکھو۔ منہ قبلہ کی طرف ہو۔ 40 دن کے اندر ہمزاد
خود حاضر ہو جائے گا۔ اس وقت عمل ختم کریں اور اس سے شرائط طے کر لیں۔ بلا شرط طے کیے
حصار سے باہر نہ نکلیں۔

حصار سے باہر نہ نکلے:

ایک دفعہ ایک شخص نے عمل کیا۔ چالیسویں دن ہمزاد حاضر ہوا اور کہا میں اتنی دور سے
آیا ہوں اور تو حصار سے باہر نہیں آتا۔ باہر آکر مجھے روٹی دے اور بتا کہ میرے متعلق کیا کام
ہے۔ عامل اس کے پُریقین الفاظ سے حصار سے باہر آ گیا تو ہمزاد نے اسے بے حد مارا اور کہا تو
مجھے تکلیف دیتا ہے۔ اب میں تجھے دیتا ہوں تاکہ گلا نہ رہے۔ یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔
یہ عمل دیہات میں اچھی طرح ہو سکتا ہے۔ عمل کے دوران جو کچھ بھی ظاہر ہو یا کچھ نہ ہو
تو کسی سے ذکر مت کرو۔ البتہ جس کسی عامل کی زیر ہدایت عمل کرنا چاہیں اس سے ذکر کر سکتے
ہیں۔

تسخیر ہمزاد کا ماہتابی عمل:

جب چاند کی سات تاریخ ہو تو کھلے میدان میں جب کہ آسمان صاف ہو۔ چاند کی
طرف پشت کر کے کھڑا ہو جائے اور اپنے سایہ پر تھوڑی دیر نگاہ جما کر رکھے۔ پھر فوراً نگاہ اٹھا کر
آسمان کی طرف دیکھے تو ویسا ہی سایہ آسمان پر نظر آئے گا۔ اس طرح آدھ گھنٹے تک یا ایک گھنٹے
تک برابر کرے اور روزمرہ بلا ناغہ وقت مقررہ پر عمل کیا کرے۔ چند روز کے بعد وہ سایہ آسمان پر
اچھی طرح نظر آنے لگے گا۔ پھر آنکھیں بند کر کے بھی خیال کرے گا تو ہو بہو اپنی شکل نظر آیا
کرے گی۔ چند ماہ کے تصور سے وہ غباری شکل روشن ہوتی جائے گی۔ پھر صاف اور واضح ہو کر
حاضر ہوگی اور تابع داری کے لیے گفتگو کرنے کے لیے بے قرار ہوگی۔

دوسرے کا ہمزاد قابو کرنا:

جو شخص اتوار یا منگل کو مر جائے تو غسل کے وقت وہ روئی جو کانوں میں لگاتے ہیں وہ
روئی کسی طرح سے حاصل کرے اور اس روئی کو بکس میں بند کر دے۔ اس وقت کسی سے بات
چیت نہ کرے۔ جب مردے کو قبرستان لے جانے لگیں تو عامل اگر مسلمان ہو تو یَا بُعُثُ اور اگر
عامل ہندو ہے تو ہرانگ سوانگ پڑھتا ہوا ساتھ جاوے۔ اگر ممکن ہو تو مردے کے کان میں کہے
کہ میں رات کے 12 بجے آؤں گا۔

کسی سے کلام نہ کرے:

واپسی پر سب لوگوں سے الگ آوے گھر آنے تک کسی سے بات چیت نہ کرے۔
رات کو ایک سیر آٹا لے کر اس کی موٹی موٹی دو روٹیاں پکوائے اور اس میں آٹے کا ایک چراغ بھی
بنائے۔ چراغ میں گھی بھی ڈالے اور بتی اس روئی کی ڈالے جس کو دن میں حاصل کیا تھا۔ گھی
روٹیوں کو لگا کر اوپر تھوڑا سا گڑ رکھ کر قبرستان یا مرگھٹ کو جاوے۔ اگر قبر پر جائے تو چراغ کو قبر
کے درمیان جگہ پر رکھے۔ چراغ کا رُخ مغرب کی جانب اور اپنا رخ چراغ کی طرف یعنی مغرب
کو پشت کر کے یَا بُعُثُ بلا تعداد پڑھنا شروع کر دے۔ اگر عامل ہندو ہے تو بھی اسی جگہ عمل
کرے جہاں پر مردہ جلایا گیا تھا۔ ہندو کو پڑھنا ہوگا ہرانگ سوانگ تصور ہردم مردے کا رکھے۔

مردہ سے خوفزدہ نہ ہو:

بعد دو گھنٹے کے ایسا معلوم ہوگا کہ قبر شق ہوگئی اور مردہ سامنے نظر آئے گا۔ خوف ہرگز نہ کھائے کوئی نقصان نہیں کرسکتا۔ مردے کو دو روٹیاں دکھاؤ۔ وہ روٹیاں مانگے تب اس سے ہم کلام ہوکر کہو کہ تم کو روٹیاں تب دیں گے جب تم ہمارے کام آسکو گے۔ اگر وہ کام کرنے سے انکار کرے تو تم بھی روٹیاں دینے سے انکار کردو۔ اگر وہ کام کرنے میں ہاں کہے تو کام کی تفصیل پوچھو۔

ہمزاد کے کرنے کے کام:

وہ یہ کام کرنا بتائے گا اگر اس کی کچھ کمی رہے تو اس کی بھی ہاں اس سے کرالینی چاہیے۔ تفصیل یہ ہے۔

1۔ خبریں بتانا اور واقعات کی اطلاع دینا۔

2۔ ایک شخص جس قدر وزن اٹھا سکتا ہے اس قدر وزن کی اشیاء قیمت سے لا دینا۔ بلا قیمت نہیں لا کر دے گا۔

3۔ دور دراز سے بے موسم کی اشیاء لانا۔

4۔ عورتوں اور بچوں کے دلوں میں محبت پیدا کرنا اور ان کو ورغلانا۔ محبت یا بغض کرادینا۔

5۔ پتھر یا غلاظت وغیرہ کسی کے گھر پھینکنا۔

6۔ بلا قیمت اشیاء یا روپیہ پیسہ لانا اور پھر اندر معیاد واپس کرنا۔ اس کے بعد کہے گا کہ اتنا طعام تم روزانہ دو گے۔ تو کبھی یہ وعدہ نہ کرنا کہ پیٹ بھر کردوں گا۔ بلکہ وہ ہی دو روٹی روزانہ دینے کا وعدہ کرنا۔ اور روزانہ تم کو دو روٹیاں دینی پڑیں گی...... اگر پیٹ بھر کر دینے کا وعدہ کرو گے تو وہ تمہارا دیوالیہ نکال دے گا۔ وہ کھانا کھانا بند نہ کرے گا اور تم ہار جاؤ گے۔ نیز جتنی مدت کے لیے قبضے میں لانا ہو وہ طے کرلو۔ ایک سال یا تین سال وغیرہ یا عمر بھر۔ عموماً لوگ میعاد مقرر کرلیتے ہیں۔ عمر بھر کے لیے نہیں کرتے۔ اپنے حاضر ہونے کی ترکیب وہ بتائے گا۔ جیسا کہ لوگوں کا خیال ہے کہ ہمزاد ہر دم تنگ کرتا رہتا ہے اور کام پوچھتا رہتا ہے۔ یہ غلط ہے۔ جب تم بلاؤ گے تب ہی حاضر ہوگا۔

جن اصحاب کا دل کمزور ہو وہ ہرگز ہرگز اس عمل کو کرنے کی نیت نہ کریں۔ کیوں کہ وہ اپنے دل کمزور ہونے کی وجہ سے مردہ کو دیکھ کر ڈر جائیں گے اور دل کی حرکت بند ہونے کا ڈر ہے۔ جن لوگوں کی قوتِ ارادی مضبوط ہو اور مزاج جلالی ہو وہ اس کو سرانجام دے سکتے ہیں۔

تسخیر ہمزاد کا شمسی عمل:

عروج ماہ میں ہفتہ یا اتوار کے دن سے اس عمل کو شروع کریں۔ عمل ایسے میدان میں کریں جہاں آبادی دور تک نہ ہو بالکل ویرانہ ہو۔ اور 20، 25 گز کے فاصلے پر پیپل کا درخت ہو۔ سورج چڑھنے پر جب تمہارے سر کا سایہ پاؤں سے تقریباً 4 گز کے فاصلے پر پڑنے لگے تو عمل شروع کرو۔ پڑھتے وقت منہ مغرب کی طرف ہو اور ایک بوتل شراب بھر کر اپنی داہنی بغل میں دباؤ۔ بوتل کا منہ کاگ سے مضبوط کردو۔ بوتل کا منہ درخت کی طرف ہو۔ اب اپنی رگ گردن پر نظر جما کر کامل ایک گھنٹے تک یہ اسم اعظم پڑھو۔ مَنمُهَهُ ذَاتِ الشَّيَاطِيْنِ کوئی تعداد مقرر نہیں۔ ایک گھنٹہ تک پڑھو۔ ایک گھنٹے کے بعد رگ گردن سے نظر اٹھا کر پیپل کو دیکھو۔ درخت کی چوٹی پر ایک بے ڈول سا سایہ نظر آئے گا۔ اسی طرح روزانہ 40 یوم تک یہ عمل کرتے رہو۔

سائے کا قریب آنا:

وہ سایہ روز بروز تم سے قریب ہوتا جائے گا۔ یہاں تک کہ نیچے اتر کر تمہارے سامنے آجائے گا۔ اور یہ بعینہٖ تمہاری شکل ہوگا۔ بس یہی ہمزاد ہے۔ جب ہمزاد کو تمہارے سامنے کھڑا ہو تو بوتل کی ڈاٹ کھول کر اس کے منہ سے لگادو۔ شراب پی جائے گا اور بس تمہارا تابع ہے۔

عمل کا اثر:

اس عمل کا یہ اثر ہے کہ اگر عامل کمزور طبیعت کا ہو تو خود ہی شراب پی لیتا ہے۔ اس لیے دل کو سخت کرو اور خود شراب نہ پی لو۔ عمل پڑھتے ہی نظر رگ گردن پر جماؤ۔ تھکاوٹ پر پلک مارنے میں کوئی نقصان نہیں۔

مجرب و آزمودہ عمل:

ماہ پھاگن یا جیٹھ یا اگھن جو ثابت کے ماہ ہوتے ہیں نوچندی جمعرات سے لے کر بارہ روز کا عمل ہے۔ تیسرے دن ہمزاد سامنے آجاتا ہے۔ چاہیے کہ بستی کے باہر ایسی جگہ تلاش کرے

جو بالکل تنہائی کی ہو اور لب آب ہو۔مغرب کی نماز وہیں ادا کرے۔روبقبلہ ہو کر بارہ سو مرتبہ بسم اللہ پڑھے۔دورانِ خواندگان گوشت قطعی چھوڑ دے۔مسور کی دال بھی نہ کھائے اور جو جی چاہے کھائے۔پڑھتے وقت اگربتی سلگا کر قریب رکھ لے اور پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے گرد حصار کر لے انشاء اللہ ہمزاد تابع ہوگا۔

ہمزاد کا اظہار شرائط کرنا:

تیسرے دن عمل کرنے کے دوران میں اگر ہمزاد حاضر نہ ہووے تو پڑھنا ترک کر کے دوسرے مہینے میں عمل شروع کرے۔اکثر یہ ہوتا ہے کہ ہمزاد تیسرے روز سامنے آ کر عمل کو پڑھتے وقت پڑھائی فراموش کرنے کی کوشش کیا کرتا ہے، چاہیے کہ اس کی باتوں میں دھیان نہ لگائے۔ آخری روز جب وہ حاضر ہوتا ہے تو خود شرائط کا اظہار کرتے ہوئے ایک بات یہ کہہ دیتا ہے کہ میں یہ نہیں کروں گا۔

ہمزاد کا وعدہ کرنا:

اس وقت بالکل یہ عامل جواب دے کہ جو ہم حکم دیں وہ سب کچھ بلا استثنیٰ تم کو کرنا پڑے گا۔بالآخر وہ وعدہ کرتا ہے اور تابع ہو جاتا ہے۔اس وقت یہ کہہ دے کہ جب ہم تمہیں یاد کریں فوراً آنا اور ایک میعاد مقرر کرے۔اتنے سال تابع رہنا پڑے گا۔کام جو ہمزاد کرتا ہے، وہ ہمزاد کی عملی قوت پر موقوف ہوتا ہے۔یہ غلط ہے کہ ہمزاد کوئی بڑا کام نہیں کرتا۔وہ ہر کام جو شیطانی قوت پر دال ہوتا ہے کر سکتا ہے۔

......☆☆☆......

عملیات ہمزاد قرآنی

عملیات ہمزاد قرآنی:

قرآن حکیم میں ایسے مقامات ہیں جن کی دعوتوں سے ہمزاد مسخر ہو کر سامنے آ جاتا ہے۔اس سلسلے میں چند عمل پیش کیے جاتے ہیں۔ان عملیات میں شبہ کی گنجائش نہیں۔تصور اور کلام پاک کی دو طاقتیں مل کر ایک حتمی نتیجہ کامیابی کا لاتی ہے۔یہ دونوں عمل میرا راز ہیں اور بہت کم لوگ ہیں جن کو اس حقیقت کا علم ہے۔

تسخیر ہمزاد کا نہایت آسان عمل:

سورہ فرقان سپارہ نمبر 19 آیت 45 کو پڑھیں اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا [۴۵] ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًاط

اس آیت پاک کے معانی پر غور کریں گے تو عمل کی تاثیر کا خود بخود علم ہو جائے گا۔

ترجمہ یہ ہے: ”کیا نہیں دیکھا تو نے طرف رب اپنے کی کیوں کہ سایہ کو پھیلایا ہے اور اگر چاہتا البتہ کر دیتا اس کو تھما ہوا اور پھر کیا ہم نے سورج کو اوپر اس کے نشانی پھر کھینچ لی۔ہم نے اس کو اپنی طرف کھینچنا آہستہ آہستہ۔“

وقت مقررہ پر عمل کرنا:

اس عمل کو روزانہ 3125 بار پڑھے۔قمر و عقرب میں شروع کر دے اور ایک وقت مقرر کر کے روزانہ پڑھتا رہے۔مدت اس عمل کی 41 روز ہے۔اس عمل میں پاک دامن زمین سے روئی لائیں اور مندرجہ ذیل فتیلہ کے اوپر روئی لپیٹیں اور چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر پس پشت جلائیں اور سایہ کی گردن پر نظر رکھ کر عمل پڑھنا شروع کریں۔41 روز بعد ہمزاد حاضر ہوگا۔فتیلہ

یہ ہے۔

جمھروت جمھارات یا ابلیس الاسماء والارض والنار والسقر الیٰ یوم القیمٰۃ احضر احضر احضر یا ھمزاد بحرمت اریا گریا عدی نوس جو گی الوحا الوحا الوحا طعحعحی طعحعحی طعحعحی۔

پاک دامن روئی سے مراد یہ ہے کہ جس کھیت میں کپاس ہو تو سب سے پہلے پھول توڑ کرلائے۔ اس سے پہلے اس کھیت میں سے کسی نے پھول نہ توڑے ہوں۔ وقت سے پہلے روئی لاکر حفاظت سے رکھ چھوڑیں۔ نیز 41 فتیلے پہلے ہی دن ہبوط قمر میں لکھ کر رکھ لیں۔ اور شرائط سے عمل کریں۔

ہمزاد تابع کرنے کا مجرب عمل:

سورۂ یٰسین میں وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ سے مُحْضَرُوْن تک یاد کرلے۔ روزانہ ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پانی میں کھڑا ہو کر پڑھے۔ دن کا وقت ہو اپنا سایہ پانی میں نظر آتا ہو۔ سایہ پر تصور کر کے 41 دن تک پڑھے۔ ہر سو بار پڑھنے کے بعد اَللّٰھُمَّ اِنَّا اَعْظَمُ فِاِنَّہٗ یُذِلُّ یُقَاھِرُ وَالْاٰیَاتِ اُنْصُرْنَا یَاقَوْمِ ھَمْزَادْ، پڑھے۔

ہمزاد حاضر کرنا:

قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ ط

اس عمل کو تین سو اکہتر مرتبہ (371) روزانہ رات کو اپنے سایہ پر نظر جما کر پڑھنا ہے۔ خواہ بیٹھ کر پڑھیں یا کھڑے ہو کر اپنی پشت پر سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں۔ 41 دن تک کریں اور ہمزاد کی تمام شرائط کے مطابق عمل پیرا ہوں۔ ہمزاد کی حاضری ہو تو شرائط طے کرلیں۔

حب و تسخیر کا موثر ترین وقت

علم جفر حروف کا الجبرا ہے، جس میں حروف کی قوتیں معلوم کر کے ان کو اعداد کی مناسبت سے ان کی باہمی نسبت و تالیف کا پتہ لگایا جاتا ہے، حروف کی قوت معلوم کرنے کے لیے اعداد پر غور کیا جاتا ہے، ان حروف کے اعداد کی جو باہمی نسبت ہوگی، وہی ان قوتوں میں محفوظ ہے، چنانچہ سال میں ایک خاص وقت آتا ہے جس میں اعداد کی مخفی قوتوں کو متحرک کر کے کام لیا

جاتا ہے، ان کی تاثیر میں اتنی تیزی ہوتی ہے کہ عقل حیران رہ جاتی ہے، اس مؤثر وقت کا نام "شرف زہرہ" ہے جو سال میں ایک دفعہ آتا ہے۔

زہرہ کو برج حوت کے 27 درجے پر شرف ہوتا ہے، اس وقت میں ایک خاص تاثیر پوشیدہ ہے جس سے کام ایک ماہر جفر ہی احسن طریقے سے لے سکتا ہے، چنانچہ ان اثرات سے جو قوتیں متحرک ہوتی ہیں وہ رجوع خلق اور تسخیر خلق کے لیے بہت تیزی سے کام کرتی ہیں، نتیجتاً جس شخص کے پاس شرف زہرہ کا نقش یا لوح ہوگی لوگ بہت عزت کریں گے، واقف ناواقف بڑے چھوٹے کسی نامعلوم کشش کے باعث متوجہ ہوتے ہیں، پسند کرتے ہیں اور جوق در جوق آتے ہیں، شہرت عزت عظمت اور مقبولیت ہوتی ہے۔

اس سال شرف زہرہ 5 فروری بروز جمعرات دن میں 12 بج کر 47 منٹ سے شروع ہو کر 6 فروری بروز جمعہ (جمعہ کا دن گزار کر شب سنیچر) رات کو 8 بج کر 20 منٹ تک رہے گا۔

مؤثر و طاقتور وقت سے فائدہ اٹھانا:

اس مؤثر اور طاقتور وقت سے ان لوگوں کو فائدہ اٹھانا چاہیے جن کا خلقت و عوام سے عام تعلق ہو، مثلاً وکلاء، ڈاکٹر، حکیم، وہ سیاسی لیڈر جو نا کام ہوں اور کامیاب سیاست دان بننا چاہتے ہیں، دوکاندار، بیوٹی پارلر، بوتیک کا کاروبار، فلم انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی ہیروئن، بیوپاری، ماڈل گرلز، کمیشن ایجنٹ وغیرہ اور خاص کر عاملین اور مشائخ عظام جن کو عوام سے تعلق ہو اس لوح کی برکت سے عوام کا رجوع بہت ہوتا ہے، کاروبار میں اضافہ اور شہرت کے لیے یہ ایک بہت ہی مؤثر ترین وقت ہے، مستورات کی رجوعیت کے لیے بھی یہ خاص وقت ہے وہ لوگ جو کسی عورت کو تسخیر میں لانا چاہتے ہوں، کسی مطلوبہ جگہ شادی کی خواہش پوری نہ ہوتی ہو تو اس موقع سے فائدہ اٹھائیں، انشاءاللہ ناکام نہیں ہوگی۔

نہایت مؤثر عمل:

اس موقع پر سورہ توبہ کی آخر آیت لقد جاء کم سے رؤوف رحیم تک کام لیتے ہیں، یہ بہت مؤثر عمل ہے، اس آیت سے دو کام لیے جا سکتے ہیں، ایک تسخیر خلق کا اور دوسرا تسخیر مستورات، اگر تسخیر خلق کی ضرورت ہو تو پوری آیت کام دے گی، جس کے اعداد 2898 ہیں، اگر

تسخیر مطلوب مقصد ہے تو یہ آیت ''عزیز'' تک لینی ہے جس کے اعداد 930 ہیں، ان سے
لینے کا ایک ہی طریقہ ہے، تین باتیں اکٹھی کرنی ہیں۔

1۔ نام طالب مع والدہ۔

2۔ نام مطلوب مع والدہ۔

3۔ آیت

تسخیر خلق میں نام مع والدہ مطلوب تسخیر خلق ہے اور آیت پوری لی جائے گی۔

حب کے لیے سطر تیار کرنا:

حب کے لیے ایک سطر تیار کریں، پہلے طالب کا نام مع والدہ پھر آیت پھر مطلوب کا نام مع والدہ لے کر ایک سطر تیار کریں، دوسری سطر میں حرفوں کو الگ الگ کر کے تکسیری جفری کر کے زمام نکالیں یعنی جب پہلی سطر آ جائے تو تکسیر ختم ہو جائے گی، اس تکسیر کے چاروں کونوں کے حروف لیں اور قلب تکسیر کے حروف لیں، ان تمام حروف کو جمع کر کے اعداد لیں اور حروف بنا کر آگے لفظ ''آئیل'' لگا کر مؤکل تیار کریں۔ اب کل تکسیر کے اعداد لے کر نقش مخمس تیار کریں، پشت لوح پر ایک عورت کی تصویر بنائیں، جس کے سر پر مؤکل کا نام لکھیں، دو نقش تیار کریں، ایک اپنے پاس رکھیں، دوسرے کو عنصر کے مطابق کام میں لائیں، یعنی تکسیر میں جو حروف غالب ہوں اور جس عنصر کے ہوں، اس طرح کام لیں، انشاءاللہ مقصد حل ہوگا۔

تکسیر کے چاروں کونوں کے حروف اور قلب کے حروف لیں، ان کے اعداد لے کر پھر حروف بنا کر مؤکل بنائیں، اب کل تکسیر کے اعداد لے کر نقش مخمس میں پر کریں، طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد 60 تفریق کر کے 5 پر تقسیم کریں جو حاصل قسمت آئے خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ سے پر کریں، باقی ایک بچے تو خانہ 21 میں، 2 بچے تو 11 یں، 3 بچے تو خانہ 11 میں، اگر 4 بچے تو خانہ 6 میں ایک کا اضافہ کریں، کل تکسیر کے اعداد سے 319 خارج کر کے باقی حروف بنا کر کلمہ طیش لگا دیں، یہ جناب العمل ہوگا۔

نقش کا استعمال:

تسخیر خلائق کے لیے تیار کرنے والے ایک نقش بازو پر باندھیں، دوسرا دوکان یا دفتر

میں لٹکائیں، اس سے خلقت میں مقبولیت ہوگی اور آمدنی بہت ہوگی۔ جن لوگوں کا کاروبار بند ہے یا آمدنی کم ہے انہیں اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

ایک اور طریقہ:

اس کا طریقہ بھی وہی ہے، نام طالب مع والدہ لکھ کر پھر پوری آیت لکھیں پھر لفظ تسخیر خلق لکھیں اور اس سطر کی تکسیر کریں، کل اعداد تکسیر لے کر نقش مخمس پر کریں اور دوسری طرف بہت سی خلقت دکھائیں اور مؤکل کا نام لکھیں، بہت سی خلقت دکھانے کے لیے کسی اخبار سے اشتہار دیکھ کر جس میں لوگ ہوں نقل کر لیں یا کسی آرٹسٹ سے بنوا لیں، تصویر میں چند ایک لوگ کافی ہوتے ہیں۔

مثال کا مختصر خاکہ:

مثال میں اتنی بڑی تکسیر آیت سمیت تو ان محدود صفحات میں حل کرنا بہت مشکل ہے، اس کے لیے خاکہ پیش کرتا ہوں۔

مطلوب کا نام محمد=92

طالب کا نام علی=110

آیت کے اعداد=930

ان تینوں کو جمع کیا تو کل اعداد 1132 بنے۔

تکسیر

م ح م د ع ل ی

ی م ل ح ع م د

د ی م م ع ل ح

ح د ل ی ع م م سطر زمام

م ح م د ع ل ی سطر میزان

چاروں گوشوں کے حروف= م ی ح م=98

قلب کے حروف= ح م=48

کل اعداد=146

حروف=و م ق

موَکل=ومقائیل

کل اعداد 1132 کو 4 سے ضرب دی تو 4528 حاصل ضرب آیا، اس میں سے 60 تفریق کی تو4468 آیا اور اس کو5 پر تقسیم کیا تو 893 آیا اور باقی 3 بچا، اس لیے خانہ 11 میں ایک کا اضافہ کر دیا۔

کل اعداد4528 میں سے 319 تفریق کیے تو4209 بچے اس کے حروف بنائے۔

کل اعداد=4209

حروف= ط ر د غ

جناب العمل=طرو غطیش

چال نقش درج ذیل ہے۔

۷	۱۳	۱۹	۵۲	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

۷۸۶

جبرائیل

۸۹۹	۹۰۶	۹۱۲	۹۱۸	۸۹۳
۹۱۳	۹۱۴	۸۹۴	۹۰۰	۹۰۷
۸۹۵	۹۰۱	۹۰۸	۹۰۹	۹۱۵
۹۰۴	۹۱۰	۹۱۶	۸۹۶	۹۰۲
۹۱۷	۸۹۷	۸۹۸	۹۰۵	۹۱۱

قران زہرہ ومشتری

(مطلوب کو حاضر کرنے کا بہترین وقت)

4 نومبر بروز جمعرات قبل از فجر 24 بج کر 49 منٹ پر زہرہ ومشتری کا قران ہوگا، اس وقت کی روحانیت کا تعلق تسخیر اور حب کے عملیات سے ہے، دو شخص کے درمیان خواہ وہ کوئی ہوں واقف ہوں یا ناواقف ہوں، دوستی اور محبت پیدا کی جاسکتی ہے، افسر ہو یا دوست، رشتہ دار ہو یا عزیز، عورت ہو یا بیوی اس کی تسخیر کی جاسکتی ہے، اگر وہ کہنے میں نہ ہوں ناراض ہوں یا ان کے درمیان نفرت اور دشمنی ہو یا مقصد حصول رشتہ کا ہو مگر فریق مخالف یا اس کے والدین رکاوٹ ہوں تو اس وقت مخصوص جگہ شادی کرنے، محبوب کو مسخر کرنے، اپنے بس میں کرنے کے لیے اس موقع سے اور بہتر کوئی موقع نہیں ہے۔

حاضری مطلوب:

اس کا طریقہ یہ ہے کہ نام طالب مع والدہ اور نام مطلوب مع والدہ کے اعداد نکالو، محبت کے عدد 450 پھر آیت زین للناس کے عدد 9158 اور ذیل کی چال میں دیے گئے طریقہ سے نقش پر کریں، عین اسی طرح عمل کریں جس طرح بتا رہا ہوں، یہ عمل پہلے بھی کمالات جفر کے عنوان سے شائع ہو چکا ہے، شاید کسی کو یاد بھی نہ ہو، یہ عمل ایسا ہے کہ 24 گھنٹہ میں حاضری ہوتی ہے، غور کریں۔

چوبیس گھنٹے میں حاضری:

1۔محبوب یا مطلوب مع والدہ کے اعداد کو خانہ اول میں لکھیں اور 22 کا اضافہ کر کے خانہ میں لکھیں اور پھر 22 کا اضافہ کر کے خانہ میں 3 لکھیں پھر اس میں 22 کا اضافہ کر کے خانہ 4 میں لکھیں۔

2۔نام طالب مع والدہ کے اعداد کو خانہ 5 میں لکھیں پھر 22 کا اضافہ کر کے خانہ 6 میں ---سات میں اور آٹھ میں لکھیں۔

3۔خانہ نمبر 9 میں محبت کے اعداد 450 لکھیں اور 22 کا اضافہ کر کے خانہ 10 میں لکھیں پھر ---کا اضافہ کر کے خانہ 11 میں اور پھر 22 کا اضافہ کر کے خانہ 12 میں لکھیں۔

4۔اب خانہ 4،7،3,6 کے اعداد کو جمع کریں اور 9158 میں سے تفریق کر لیں اور پھر اعداد کو خانہ 13 یں لکھیں۔ پھر 22 کا اضافہ کر کے خانہ 14 میں لکھیں پھر 22 کا اضافہ کر کے خانہ 15 میں لکھیں اور پھر 22 کا اضافہ کر کے خانہ 16 میں لکھیں،اسی طرح تمام نقش پر ہو جائے گا۔اب۔۔۔۔ چیک کر لیں ہر طرف سے جواب 9158 آنا چاہیے،اگر ایسا نہ ہو تو نقش غلط ہوگا۔

عزیمت تحریر کرنا:

ایک نقش کاغذ پر لکھیں، زعفران، کستوری ملا کر عرق گلاب کے محلول سے لکھیں،ایک نقش چاندی کے پتر پر کندہ کریں،اس کے نیچے مندرجہ ذیل عزیمت تحریر کریں۔

اللھم اجمع بینی (نام مع والدہ) و بین (نام مطلوب مع والدہ) یا جامع المنفردین بقول کلام پاک زین للناس حب الشھوات من النساء و البنین و القناطیر المقنطرۃ من الذھب و الفضۃ و الخیل المسومۃ و الانعام و الحرث ذلك متاع الحیوٰۃ الدنیا و اللہ عندہ حسن المآب۔

آتشی چال سے نقش لکھے:

سورہ آل عمران کی 14 ویں آیت ہے، زیر زبر کی ضرورت نہیں،اس آیت کے لکھنے کے بعد بدوح کا نقش لکھیں، آتشی چال سے ہی لکھیں، کاغذ والے نقش کو لپیٹ کر گلے میں ڈال دیں اور چاندی کی لوح کو حرارت پہنچائیں یا گرم پانی میں رکھ دیں اور پانی ہمیشہ گرم رکھیں، جوں جوں گرمی پہنچے گی مطلوب ملنے اور حاضر ہونے کے لیے بے قرار رہے گا اور یہ حقیقت ہے کہ مطلوب ضرور حاضر ہوگا۔

مثال اس نقش کی یہ ہے:

مثلاً۔طالب کا نام: زید بن سلمہ	۱۶۱
مطلوب کا نام: زرینہ بنت نجمہ	۳۷۰
اعداد محبت:	۴۵۰
اعداد آیت:	۹۱۵۸

۸۰۴۵	۴۷۲	۲۰۵	۴۳۶
۴۱۴	۲۲۷	۴۵۰	۸۰۶۷
۵۱۶	۸۰۸۹	۳۹۲	۱۶۱
۱۸۳	۳۷۰	۸۱۱۱	۴۹۴

نقش کی چال

۱۳	۱۰	۷	۴
۳	۸	۹	۱۴
۱۲	۱۵	۲	۵
۶	۱	۱۶	۱۱

اللھم اجمع بینی زید بن سلمہ و بین زرینہ بنت نجمہ یا جامع المنفردین بقول کلام پاک زین للناس حب الشھوات من النساء و البنین و القناطیر المقنطرۃ من الذھب و الفضۃ و الخیل المسومۃ و الانعام و الحرث ذلك متاع الحیوٰۃ الدنیا و اللہ عندہ حسن المآب۔ (نقش لکھتے وقت آیت کریمہ پر زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔)

مال و دولت کے حصول کے لیے عمل:

مذکورہ وقت میں مال و دولت کے لیے یہ عمل کریں۔

تازہ غسل کر کے نیا لباس زیب تن کریں،اگر نیا لباس میسر نہ ہو تو اپنے پاس جو سب سے قیمتی لباس ہو اس کو پہن لیں، کھڑے ہو کر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں، پھر دو رکعت نفل بہ نیت قضائے حاجت ادا کریں، اللہ سے دعا کریں، رزق کی زیادتی کی اور آمدنی کے بڑھ جانے کی یا کسی سے رقم وصول کرنے کی، دعا سے فارغ ہونے کے بعد پھر کھڑے ہو کر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں،اس کے بعد نقش تیار کریں۔

نقش کے لیے اعداد نکالنا:

نقش کے لیے اپنے نام اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد نکالیں اور اس میں 1287

اعداد شامل کرلیں، حسب قاعدہ کل مجموعے میں سے 30 گھٹا کر باقی اعداد کو 4 سے تقسیم کر، تقسیم کے بعد اگر ایک بچے تو 13 ویں خانہ میں ایک کا اضافہ کریں، اگر دو بچے تو نویں خانہ میں ایک کا اضافہ کریں اور اگر 3 بچے تو پانچویں خانہ میں ایک کا اضافہ کریں۔

مثالی نقش۔

جاوید احمد ابن اسمہ کے لیے نقش اس طرح بنے گا۔

اعداد ۱۸۳+۱۲۸۷=۱۴۷۰

حسب قانون ۳۰ گھٹا کر نقش اس طرح بنے گا کوئی کسر نہیں ہے اس لیے اضافے کی ضرورت نہیں ہے۔

۷۸۶

الله لطیف

۳۶۱۷	۳۶۲۰	۳۶۶۳	۳۶۱۰
۳۶۲۲	۳۶۱۱	۳۶۱۶	۳۶۲۱
۳۶۱۲	۳۶۲۵	۳۶۱۸	۳۶۱۵
۳۶۱۹	۳۶۱۴	۳۶۱۳	۳۶۲۴

وھو القوی العزیز

بعبادہ

یرزق من یشاء

نقش کی چال:

نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۵

نقش کے چاروں طرف یہ آیت لکھیں، اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعَبَادِہٖ یَرزقُ مَنْ یَّشَاءُ وَھُوَ

الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

بدخوابی کا خاتمہ:

جس کو کثرت احتلام کی شکایت ہو اور خواب دیکھ کر احتلام ہوتا ہو اور ڈراؤنے خواب آتے ہیں اور دل و دماغ دن رات شیاطینی وساوس میں مبتلا ہو تو اس نقش کو بروز جمعہ لکھ کر رکھے اور جب کوئی سائل اس ضمن کا آئے تو اس نقش کو گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ ہر قسم کی بدخوابی دور ہوگی اور جملہ وساوس دور ہوں گے۔

۷۸۶

۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۰۶
۱۰۰۶۱۹	۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۱۸
۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۲۲	۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۱۲
۱۰۰۶۱۶	۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۴۰۹	۱۰۰۶۲۱

یااللہ کثرت احتلام بند فرما بدخوابی کو دور فرما۔

ڈراؤنے خواب کا خاتمہ:

اگر کسی شخص کو ڈراؤنے خواب رات بھر تنگ کرتے ہوں اور گندے خواب زیادہ تر نظر آتے ہوں یہاں تک کہ کثرت احتلام کی شکایت واقع ہو جاتی ہو تو اس نقش کو بروز پنجشنبہ لکھ کر رکھے اور خواب زدہ کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ڈر، خوف اور وحشت و کثرت احتلام سے محفوظ و مامون رہے گا۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۰	۳۷۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

یااللہ بدخوابی و شیطانی وساس کو دور فرما۔

بُرے خواب نہ آئیں:

اگر کسی شخص کو معمولی غنودگی میں بھی ڈر، خوف اور خواب نظر آنے لگتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر بروز سہ شنبہ تیار کر کے رکھے اور خواب زدہ کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ڈراؤنے خوابوں سے محفوظ و سلامت رہے گا۔

۷۸۶

۲۱۶۱	۲۱۷۵	۲۱۷۲	۲۱۶۹
۲۱۷۳	۲۱۶۸	۲۱۶۲	۲۱۷۴
۲۱۶۷	۲۱۷۰	۲۱۷۷	۲۱۶۳
۲۱۷۶	۲۱۶۴	۲۱۶۶	۲۱۷۱

یا اللہ ہر قسم کی بدخوابی سے محفوظ فرما۔

بدخوابی کا علاج:

اگر کسی شخص کو سحر سفلی کی وجہ سے بدخوابی کی شکایت ہو اور کسی صورت بدخوابی دور نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو بروز دوشنبہ لکھ کر رکھے۔ ضرورت کے وقت خواب زدہ کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سفلی دور ہوگی۔ اور ڈراؤنے خواب بند ہوں گے اور مریض کو شفا ہوگی۔

۷۸۶

۱۵۶۸	۱۵۸۲	۱۵۷۹	۱۵۷۵
۱۵۸۰	۱۵۷۴	۱۵۶۹	۱۵۸۱
۱۵۷۳	۱۵۷۷	۱۵۸۴	۱۵۷۰
۱۵۸۳	۱۵۷۱	۱۵۷۲	۱۵۷۸

یا اللہ جمیع سحر و بدخوابی کو دور فرما۔

☆☆☆

ہمزاد سے کام لینا

ہمزاد کی حاضری:

جب ہمزاد مسخر ہو کر سامنے آجاتا ہے تو اس وقت عامل کے لیے خاص احتیاط سے کام لینا پڑتا ہے بلکہ اگر کہا جائے کہ یہی حصہ قابل توجہ ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ جب ہمزاد سامنے آجائے تو اسے خود ہرگز نہ بلائے بلکہ دل میں یہ خواہش ضرور رکھے کہ ہمزاد مجھے خود ہی بلائے گا۔ بعض اوقات تو ایسا ہوتا ہے کہ ہمزاد کئی دن تک سامنے آتا رہتا ہے لیکن بلاتا نہیں۔ اس صورت میں عامل کو چاہیے کہ اپنے عمل کو جاری رکھے اور عمل ختم کرنے کے بعد سیدھا اپنے گھر کو چلا آئے۔
جب ہمزاد خود بلائے تو بڑی سوچ اور سمجھ اور ہوشیاری سے جواب دینا چاہیے۔

عامل اور ہمزاد کی گفتگو:

عام طور پر عامل اور ہمزاد کے درمیان مندرجہ ذیل گفتگو ہوا کرتی ہے۔

ہمزاد: آپ نے مجھے کیوں بلایا ہے؟

عامل: اس واسطے کے تم میرے مطیع رہو۔

ہمزاد: مجھے مطیع کر کے آپ کو کیا حاصل ہوگا یا مجھے مطیع کرنے سے آپ کا کیا مقصد ہے؟

عامل: میں اپنے کاموں میں تجھ سے مدد لیا کروں گا۔

ہمزاد: بہت اچھا! میں آپ کا مطیع ہوں اور آپ مجھ سے اپنے کاروبار میں ہر قسم کی مدد لے سکتے ہیں، لیکن ایک شرط آپ کو منظور کرنی پڑے گی۔

شرط ہمزاد:

اس کے بعد ہمزاد ایک شرط پیش کرتا ہے یا تو کہتا ہے کہ مجھے ہر روز پیٹ بھر کر کھانا

کھلا دیا کرنا۔ لیکن عامل کو یہ شرط ہرگز قبول نہ کرنی چاہیے۔ کیونکہ ہمزاد کو کوئی شخص بھی
کھانا نہیں کھلا سکتا اور عامل کو کہنا چاہیے کہ یہ شرط میرے لیے مشکل ہے کوئی اور بتائیے۔
شرطیں ایسی ہی بتلاتا ہے جو عامل کے لیے مشکل ہوں۔ لیکن عامل کو چاہیے کہ انہیں منظور نہ
کرے۔ کیونکہ اس وقت تو ہمزاد عامل کے اختیار میں ہوتا ہے لیکن جب ایک شرط مقرر ہو جائے
تو پھر تمام عمر اس کا پابند رہنا پڑتا ہے اور کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔

پاک صاف رہنے کی شرط:

پھر ہمزاد عموماً کہا کرتا ہے کہ تمہیں ساری عمر پاک وصاف رہنا پڑے گا۔ اگر پاخانہ یا
پیشاب یا جماع کی نوبت آئے تو تمہیں دائرہ کھینچنا پڑے گا۔ اور جب اس سے باہر آؤ گے تو پاک
صاف ہو کر آنا پڑے گا۔ یہ شرط بھی مشکل ہے لیکن بعض عامل اس کو مان لیتے ہیں۔ لیکن تمام عمر
انہیں پاک وصاف رہنا پڑے گا کیونکہ اگر ذرا بھی ناپاکی ہوگئی تو جان کا خطرہ ہوتا ہے۔

ناپاک رہنے کی شرط:

اگر عامل یہ بھی شرط نامنظور کر دے تو عام طور پر کہا جاتا ہے کہ اچھا تمہیں تمام عمر ناپاک
رہنا پڑے گا۔ اور اگر تم کسی وقت بھی پاک وصاف پائے گئے۔ تو ہلاک کر دیئے جاؤ گے۔ اور اگر
نہانا ہو تو ایک دائرہ میں نہا لیا کرو۔ لیکن دائرہ سے باہر آنے کے وقت ضرور اپنے جسم یا کپڑوں پر
پیشاب کر کے ناپاک ہونا پڑے گا۔ یہ شرط پہلے سے بھی مشکل ہے کیونکہ آدمی پھر تمام عمر ناپاک
ہی رہتا ہے۔

آسان شرط پیش کرنا:

اگر یہ منظور ہو تو یہ کرے۔ ورنہ اسکوٹال دے اور کہہ دے کہ مجھے کوئی اور آسان سی شرط
بتادو۔ پھر وہ کوئی اور شرط پیش کرے گا۔ یا تو یہ کہے گا کہ مجھے ہر روز ایک ایک جانور دینا۔ جانور
سے مراد ایک کنجشک یعنی چڑیا سے اونٹ تک ہے اور پھر روزانہ عامل کو ایک جانور ذبح کر کے باہر
ڈالنا پڑے گا۔ جانور سے مراد بیٹر، کبوتر، مرغ، بکرا، گائے، اونٹ سب شامل ہیں۔ ان میں سے
کسی ایک کی قربانی دینی ہوگی۔ اگر یہ بھی نامنظور ہو۔ تو کوئی اور پیش کرے گا۔ چنانچہ عامل کو
چاہیے کہ جو شرط آسان اور عامل تمام عمر کر سکے، وہی مانے۔

عامل کی شرط:

جب ہمزاد کی شرط پوری ہو جائے تو عامل کو ضروری کہنا چاہیے کہ ایک شرط میری بھی
ماننی پڑے گی، وہ یہ کہ جب تک میں آپ کو نہ بلاؤں میرے پاس ہرگز نہ آنا اور نہ ہی میرے آرام
کے وقت مجھے تنگ کرنا۔ صرف اس وقت آؤ جب میں آپ کو آواز "ہمزاد" دوں۔ یہ شرط ضرور ہی
عامل کو پیش کرنی چاہیے۔ اگر نہ کرے گا تو ہمزاد ہر وقت آنکھوں کے سامنے رہا کرے گا اور رات
کو سونے بھی نہ دیا کرے گا۔ لیکن اس شرط کے پیش کرنے سے ہمزاد صرف بلانے پر ہی حاضر ہوا
کرے گا۔ اور باقی اوقات نظروں سے دور رہا کرے گا۔

ہمزاد کا سخت لہجہ:

بعض اوقات جب ہمزاد سامنے آتا ہے تو بڑی سختی سے پیش آتا ہے اور طرح طرح کی
دھمکیوں سے ڈراتا ہے۔ اس وقت عامل کو ہرگز کسی قسم کا خوف نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ خود بھی سختی
سے پیش آئے اور اینٹ کا جواب پتھر سے دے۔ اس طرح جب ہمزاد سخت جواب سنے گا تو
خود بخود ہی نرم ہو جائے گا۔

حکمت عملی کا مظاہرہ کرے:

یہ سمجھنا نہایت ضروری ہے کہ ہمزاد کوئی اور چیز نہیں۔ صرف اپنا ہی جسم لطیف ہوا کرتا
ہے اس سے ڈرنا یا گھبرانا بالکل نہیں چاہیے۔ اسے ہم جس طرح مرضی چاہے مطیع کر سکتے ہیں۔ وہ
اپنی مرضی کا مختار نہیں ہوتا۔ بلکہ عامل کے قابو میں ہوتا ہے اس لیے عامل کے لیے ضروری ہے کہ
حکمت عملی سے نہایت آسان شرائط طے کرے۔

ہمزاد سے غیب کی باتیں معلوم کرنا:

ہمزاد سے دریافت کرنے پر ہر قسم کی غیب کی باتیں معلوم ہو سکتی ہیں۔ لیکن مندرجہ ذیل
باتیں بغیر دریافت کیے بھی معلوم ہو سکتا ہے۔ یہ عاملان نے نہایت کوشش سے معلوم کی ہیں۔

سر کٹا دیکھنے کا مفہوم:

اگر اپنے ہمزاد کا سر کٹا ہوا نظر آئے تو سمجھ لینا چاہیے کہ چھ ماہ کے بعد عامل کی موت
واقع ہوگی۔

دایاں بازو دکھائی نہ دینا:

اگر اپنے ہمزاد کا دائیاں بازو نظر نہ آئے تو بڑے بھائی کی موت واقع ہوگی۔

بایاں بازو دکھائی نہ دینا:

اگر اپنے ہمزاد کا بائیاں بازو نظر نہ آئے تو چھوٹے بھائی کی۔

چھاتی دکھائی نہ دینا:

اگر اپنے ہمزاد کی چھاتی نظر نہ آئے تو سمجھ لینا چاہیے کہ عامل کے فرزند کی موت واقع ہوگی۔

ران دکھائی نہ دینا:

اگر اپنے ہمزاد کی ران نظر نہ آئے تو زوجہ کا انتقال ہوگا۔

رنج وصیت کی نشانی:

اگر ہمزاد کی شکل دُبلی اور لمبی نظر آئے تو سمجھ لینا چاہیے۔ کہ تنگی، رنج ومصیبت کا وقت آنے والا ہے۔

اچھے دنوں کی نشانی:

اگر ہمزاد کی شکل خوشنما، صحیح وسالم نظر آئے تو سمجھنا چاہیے کہ دن اچھے ہیں۔

ہمزاد کو چھوڑنا

جب عامل کو چاہیے کہ میں ہمزاد کو چھوڑ دوں یعنی آئندہ کے لیے تمام عمر اسے علیحدہ کردوں تو اسے چاہیے کہ اگر مسلمان ہو تو "اللّٰہ الصمد" اور اگر ہندو یا کسی اور مذہب کا ہو تو "اوم نمو ہریشائے" کو روزانہ بوقت شب قریباً 9 بجے علیحدہ جگہ میں بیٹھ کر ایک سو ایک دفعہ پڑھا کرے اور گیارہ دن تک یہ عمل جاری رکھے۔ بارہویں دن صبح کے وقت تھوڑے سے چاول پکا کر پاک وصاف پیالہ میں ڈال کر اپنے علیحدگی کے کمرے میں رکھے اور اس پر ایک سو ایک دفعہ وہی عمل جو روزانہ پڑھتا ہے۔ پڑھ کر پھونک لگائے اور ہمزاد کو بلا کر نہایت عاجزی سے التجا کرے کہ آپ میری آخری دعوت قبول کریں اور کہ آئندہ میں تمام عمر کے لیے آپ کو چھوڑتا ہوں۔ اس

لیے براہ کرم آئندہ کبھی بھی میرے پاس نہ آنا۔

ہمزاد اُس دن سے غائب ہو جائے گا۔ پھر تمام عمر خواہ عامل کتنے بھی عمل کرے ہمزاد قابو میں نہیں آئے گا۔

ہمزاد سے ہم کیا کام لے سکتے ہیں

ہمزاد کے ذریعہ ہم عجیب وغریب کام لے سکتے ہیں۔ ہر قسم کی غیب کی باتیں متعلقہ زمانہ حال، ماضی، مستقبل، بالکل ٹھیک ٹھیک معلوم کی جاسکتی ہیں۔ دور دراز جگہوں سے جو چیز مرضی چاہے منگوا سکتے ہیں اور بڑے سے بڑا کام ایک لحہ میں کر دیتا ہے۔ علاوہ ازیں بے موسم پھل منگانا، سنگدل سے سنگدل معشوق کو فوراً مسخر کرنا، گمشدہ عزیزوں کا پتہ لگانا، چوری کا سراغ نکالنا، دشمن سے بدلہ لینا، دفینہ تلاش کرنا۔ دوسروں کے دلوں کا بھید معلوم کرنا، حصول دولت کی تدبیریں معلوم کرنا وغیرہ۔ کہاں تک لکھا جاوے۔ ہر ایک کام میں مدد دے سکتا ہے، جس طرح بھی اسے لگادو گے کامیابی دیکھ لو گے۔

چشم دید واقعہ:

ایک عامل صاحب کو ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے جو ہر قسم کی غیب کی باتیں من وعن صحیح بتا دیتے ہیں۔ ان کے پاس لوگ ہر منگل کے دن جاتے ہیں۔ چنانچہ ایک دن میں خود بھی گیا اور وہاں جا کر دیکھا کہ بہت سے لوگ ایک بڑے کمرے میں جمع ہیں اور ان کے درمیان ایک بہت بڑا برتن رکھا ہوا ہے۔ جس شخص کی جو مرضی آئے اس میں ڈال دے کوئی پیسہ ڈال دیتا ہے کوئی گندم کے دانے کی مٹھی ڈال دیتا ہے کوئی تھوڑی سی مٹھائی۔ غرضیکہ سائل کی مرضی پر تھا کہ جو چیز اس میں ڈالے ڈال سکتا تھا۔

بارہ بج گئے تو عامل صاحب بھی اس کمرہ میں آگئے جو آنکھوں سے اندھے تھے لیکن اس طور پر چلتے تھے کہ سب کچھ دیکھ رہے ہیں اور اپنی جگہ پر جا بیٹھے۔

پھر وہ برتن جس میں سائلان نے کچھ نہ کچھ ڈال دیا تھا۔ اپنے سامنے رکھ لیا اور اسمیں ہاتھ مار کر بولے، کیا کوئی صاحب نکودر سے آئے ہیں۔ ایک آواز سائلان میں سے آئی، جی ہاں! میں آیا ہوں۔ پھر عامل صاحب نے بہت سے واقعات بتلائے اور یہ بھی کہہ دیا کہ تو اس مطلب

کے واسطے آیا ہے۔ تیرا یہ نام ہے، جب اس نے کہا، یہ سب درست ہے۔ تو اس طرح سے وہ تمام آدمیوں کے جواب بتلاتا رہا۔

تحریری جواب دینا:

ایک اور عامل صاحب لکھتے ہیں۔ جو سوالات کے جوابات ہی تحریری دیتے تھے۔ سائل کو یہ کہہ دیتے تھے کہ اپنا سوال لکھ کر اپنی جیب میں ڈال لو۔ عامل سائل سے بہت دور پرے بیٹھا تھا۔ دو تین لمحے کے بعد عامل نے کہا کہ جیب میں سے وہی کاغذ نکال کر سوال کرو اور اپنے سوال کا جوب پڑھ لو۔ واقعی جب سائل نے کاغذ نکالا۔ تو سوال کے نیچے ہی خوشخط حروف میں اپنا جواب بالکل صحیح پایا۔

دور دراز کی خبر گیری:

ایک اور عامل صاحب لکھتے ہیں جو دور دراز ملکوں سے خبر منگاتے تھے، جس کسی کا عزیز دور دراز شہر میں گیا ہوا ہوتا تھا۔ وہ اس کے نام چٹھی لکھ کر لفافہ میں اس خط کا جواب چاہتا ہوں۔ ایک دو لمحہ میں ہی جب وہ چٹھی کو کھولتا تو اس پر اپنا جواب ہی پاتا۔ چنانچہ جب میں خود وہاں پہنچا تو ایک عورت خط لکھوا کر آئی اور جواب کی طالب ہوئی۔ خط میں لکھا تھا کہ آج دس سال ہونے کو آئے ہیں لیکن آپ نے ابھی تک گھر کا رُخ نہیں کیا۔ اب جواب دیجئے کہ آپ کب گھر آویں گے؟

خبر گیری بذریعہ خط:

تھوڑی دیر کے بعد خط کھولا تو جواب تھا کہ میں امریکہ سے چل پڑا ہوں اور جس وقت میں جہاز پر سوار ہونے کو تھا کہ آپ کا خط مجھے ایک اجنبی نے دیا۔ اب میں جلد ہی گھر آ جاؤں گا۔ چنانچہ وہ تھوڑے عرصہ بعد گھر آ گیا۔ میں خود اس سے ملا اور تمام ماجرا پوچھا۔ تو معلوم ہوا کہ ایک عامل صاحب کی شکل کا آدمی انہیں وہاں ملا اور اس خط کو دیکھتے ہی میں نے اس کا جواب اس کے طلب کرنے پر دے دیا۔

اس قسم کے اور سینکڑوں واقعات ہیں جو کہ میرے چشم دید ہیں۔ تمام واقعات کا بیان کرنا گویا مضمون کو خواہ مخواہ طوالت دینا ہے۔ اب ہم اصلی مقصد کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

غیبی خبروں کا پتہ کس طرح کیا جا سکتا ہے

جب کوئی شخص عامل سے جا کر کوئی بات دریافت کرتا ہے تو عامل اپنے ہمزاد سے مخاطب ہو جاتا ہے۔ ہمزاد اس کا جواب دے دیتا ہے جو کہ عامل سائل کو بتا دیتا ہے۔ لیکن اس عمل سے اور کوئی واقف نہیں ہوتا اور اس طرح درست و صحیح جواب پا کر لوگ حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔

ماضی اور حال کی خبریں بتانا:

لیکن ایک بات ضرور دیکھی گئی ہے۔ زمانہ ماضی اور حال کی خبریں تو ہمزاد بالکل ٹھیک ٹھیک اور صحیح بتا دیتا ہے اور ذرا بھی فرق نہیں پڑتا۔ ہاں زمانہ مستقبل کی خبریں پچیس فیصدی جھوٹی ہی ہوتی ہیں۔ یا ان کے وقوع پذیر ہونے میں تاخیر ہو جاتی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ آدمی کی تقدیر بدلتی رہتی ہے۔ ایک شخص جو آج گناہوں کا مرتکب ہے۔ اگر کل کو ہی توبہ کر لے اور آئندہ کے لیے نیک بن جائے تو اس پر بہت سی مصیبتیں جو آنے والی تھیں، نہیں آنے پاتیں یا ان میں تاخیر ہو جاتی ہے یا وہ سخت مصیبتیں معمولی باتوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔

مستقبل کی خبر:

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک سخت گنہگار چور، ظالم شخص ایک عامل کے پاس گیا اور اپنے مستقبل کی بابت دریافت کیا۔ تو عامل نے اُسے جواب دیا کہ فلاں روز تجھے پھانسی پر لٹکایا جائے گا۔ لیکن وہ شخص اسی روز سے متقی، پرہیزگار اور خدا پرست بن گیا۔ اور آئندہ کے لیے تمام گناہوں سے توبہ کر لی۔ خداوند عالم کو رحم آیا اور اُس نے اس کی تقدیر بدل دی۔ جس روز اسے پھانسی دی جانی تھی اس روز اس کو ایک کانٹا چبھ گیا۔ اس طرح پھانسی کی سزا کانٹے میں منتقل ہو گئی۔ اسی طرح ایک اور شخص کو عامل نے بتایا کہ تو فلاں روز خزانہ غیبی پائے گا۔ لیکن اس پیشین گوئی کے ساتھ ہی کچھ دن بعد اس کی حالت بدل گئی۔ وہ بجائے نیک رہنے کے بد ہو گیا اور طرح طرح کی بداعمالیوں میں پڑ گیا۔ اس لیے اسے بروز وعدہ صرف ایک پیسہ ملا۔ گویا وہ خزانہ غیبی پیسہ کی شکل میں تبدیل ہو گیا۔

تقدیر کی تبدیلی:

اسی طرح ایک واقعہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضرت عمرؓ کے عہد میں مرض طاعون پھوٹ نکلا۔ خلیفہ حضرت عمرؓ نے فوج کو حکم دیا کہ پہاڑ کے اوپر چلے چلو۔ تاکہ اس مرض سے بچے رہیں۔ اس پر ایک صحابی نے دریافت کیا کہ ''یا حضرت! کہ موت تو ہر جگہ یکساں ہے۔ اگر ہم میں سے کسی شخص کی موت واقع ہونی ہے تو وہ ہر جگہ ہو کر رہے گی۔ خواہ ہم یہاں رہیں، خواہ پہاڑ کے اوپر چلے جائیں اس صورت میں تبدیلی جگہ کی کیا ضرورت ہے؟''

اس کے جواب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے تقدیر کو بدل دیا ہے۔ اس تبدیلی جگہ سے تقدیر بدل گئی ہے۔

ملازمت کا حصول:

ایک اور واقعہ ہے کہ ایک نوکری کے متلاشی صاحب ایک عامل کے پاس گئے اور پوچھا کہ میرے مقصد میں کب تک کامیابی ہوگی۔ عامل نے اُسے جواب دیا کہ آپ کا مقصد نوکری حاصل کرنے کا ہی ہے۔ آپ کو دو ماہ کے اندر ہی اندر کامیابی حاصل ہوگی۔ پس اس کا جواب پانے کے بعد سائل نے کوشش بالکل ترک کر دی اور تسلی سے گھر بیٹھ گیا کہ نوکری تو اب مل ہی جائے گی۔ کوشش کی کیا ضرورت ہے۔ اس کو یہ بھی معلوم ہو گیا کہ فلاں فلاں جگہ میں آسامیاں خالی ہیں لیکن اس نے کوشش نہ کی۔ آخر دو ماہ گذر گئے اور اُسے کوئی جگہ نہ ملی۔ اس پر وہ عامل صاحب کے پاس گیا اور ان کی یہ پیشین گوئی کو غلط قرار دیا۔ عامل صاحب نے اُس سے کہا کہ جس روز سے آپ نے میرا جواب پایا آپ بالکل لاپرواہ ہو گئے۔ آپ نے بالکل کوشش نہیں کی۔ اس لیے آپ نوکری سے محروم رہ گئے۔ یعنی آپ کے روزگار ملنے کی تقدیر بدل گئی۔

تقدیر کی اقسام:

مفسرین کا بیان ہے کہ تقدیر دو طرح کی ہوتی ہے، ایک معلق دوسری مبرم۔ معلق وہ ہے جو توبہ تائب کرنے سے دعا مانگنے سے، صدقہ خیرات دینے سے ٹل جاتی ہے۔ لیکن تقدیر مبرم ہرگز نہیں ٹل سکتی۔

معلق تقدیر:

چونکہ بہت سے تقدیریں معلق ہوتی ہیں۔ تو جب سائل ان کے متعلق پیش گوئی پاتا ہے تو وہ اگر اپنے افعال و اطوار میں تبدیلی کر لیتا ہے تو وہ بدل جاتی ہے۔ لیکن ان حالات کے لحاظ سے وہ ٹھیک ہوتی ہیں۔ پس ایسی حالت میں ہمزاد کے متعلق یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ غلط بتاتا ہے۔ بلکہ بات یہ ہے کہ تقدیر معلق بدلتی رہتی ہے۔

ہمزاد کے ذریعے دیگر کام کس طرح کیے جاسکتے ہیں؟

اگر کسی دور دراز مقام سے کوئی چیز منگوانی ہو تو جس قدر منگوانی ہو اُتنے ہی پیسے پردہ کی جگہ میں رکھ دو۔ عامل اپنے ہمزاد کو اشارہ کرے گا وہ فوراً ایک لمحہ میں وہ پیسے دے کر وہ چیز لا کر وہیں رکھ دے گا۔ اس عمل کے واقع میں چند سکینڈوں کی دیر لگتی ہے۔ کیونکہ ہمزاد ایک لمحہ میں ہی دنیا کے کونے کونے سے پھر کر دوسرے کونے تک پہنچ جائے گا اور ہر قسم کی چیز جو بھی دنیا میں موجود ہے لا دیتا ہے۔ حتیٰ کہ بے موسم پھل جہاں بھی موجود ہوں وہاں سے قیمتاً لا دیتا ہے۔

سنگدل کو فوری مسخر کرنا:

ہمزاد کے ذریعہ سے سنگدل سے سنگدل معشوق کو صرف ایک لمحے میں ہی مسخر کیا جاسکتا ہے۔ عامل اپنے ہمزاد کو حکم دیتا ہے کہ فلاں معشوق کے پاس جا کر اس کے دل میں ہماری محبت بٹھلا دو۔ پس اس وقت سے وہ معشوق عمر بھر کا غلام بن جاتا ہے اور بے قرار ہو کر چلا آتا ہے۔ لیکن حرام کے لیے اجازت نہیں ہاں حلال کے لیے بخوشی کیا جاتا ہے۔

گمشدہ کے بارے میں معلوم کرنا:

اگر گمشدہ عزیز کا پتہ لگانا ہو تو اپنے ہمزاد کو بھیج کر معلوم کر سکتے ہو کہ گمشدہ کس جگہ ہے اور کس حال میں ہے۔ ہمزاد ایک لمحہ میں واپس آ کر تمام باتوں سے خبر کر دے گا، اور اگر ہمزاد کو حکم دیا جائے کہ گمشدہ کو یہاں لے آؤ۔ تو وہ ایک دم میں اُسے حاضر کر دے گا۔

چوری کا سراغ لگانا:

اسی طرح چوری کا سراغ بھی باآسانی لگایا جاسکتا ہے۔ ہمزاد سب کچھ بتا دے گا۔ اور علاوہ ازیں تمام قسم کی غیبی باتیں ایک لمحہ میں بتا دے گا۔

ہمزاد کے ذریعہ سفر کرنا

عامل اپنے ہمزاد کو حکم دے سکتا ہے کہ مجھے فلاں جگہ لے چلو۔ ہمزاد فوراً وہاں پہنچا دے گا۔ ہمارے ضلع میں ایک عامل اس وقت بھی موجود ہے جو ایک لمحہ میں ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچ جاتا ہے۔ اس کے متعلق ایک واقعہ زبانِ زد خلائق ہے۔

مصیبت میں مبتلا کی مدد کی:

آپ ایک دفعہ اپنے گاؤں میں بیٹھے تھے اور ارد گرد لوگوں کا بھی ہجوم تھا۔ آپ یک لخت اُٹھ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے بچاؤ، بچاؤ اور پھر اوپر ہاتھ کر دیئے۔ لوگوں نے اس کا ماجرا دریافت کیا۔ وہ درویش صاحب کم گفتگو رکھتے تھے۔ لیکن اس وقت انہوں نے صاف بتا دیا کہ قصبہ نور محل میں بازیگر تماشہ کر رہے تھے۔ ایک بازیگر اوپر سے گر پڑا۔ اس کو بچانے گیا تھا۔ گاؤں والے پہلے بھی اس کے معتقد تھے بلکہ دور دراز تک ان کی مشہوری ہو چکی تھی۔ لیکن انہوں نے اس واقعہ کی مزید تحقیقات کے لیے ایک آدمی کو گھوڑے پر سوار کر کے فوراً نور محل کو روانہ کر دیا۔ اس نے وہاں جا کر دریافت کیا تو لوگوں نے بتایا کہ واقعی آج دس بجے یہاں بازیگر تماشہ کر رہے تھے۔ ایک بازیگر گر پڑا تو جونہی وہ گرا تو ایک درویش مجمع کو چیرتا ہوا آگے چلا گیا اور اس کو بچا لیا۔ پھر درویش اسی وقت غائب ہو گیا۔

غائب کے متعلق خبر دینا:

ایک انگریزی کتاب میں ایک واقعہ درج ہے کہ امریکہ کے مشہور شہر نیویارک میں ایک فقیر پاگلوں کی طرح رہا کرتا تھا۔ اس کی ظاہری صورت ایسی گھناؤنی تھی کہ کوئی بھی اس کے پاس تک نہ جایا کرتا تھا۔ اس شہر میں ایک میم صاحبہ تھیں جن کا شوہر چھ ماہ سے انگلستان گیا ہوا تھا۔ وہ صرف دو چار ماہ کا وعدہ کر کے گیا تھا لیکن چھ ماہ تک واپس نہ پھرا۔ اس عورت نے بہت سے خطوط لکھے۔ لیکن جواب کسی کا بھی نہ آیا۔ آخر کار وہ عورت غم و فکر میں مبتلا رہنے لگی۔ اور اس بے بسی کی حالت میں اس فقیر کے پاس جا کر تمام واقعہ بیان کیا۔ فقیر نے کہا، اچھا ٹھہر! میں ابھی تمہیں اس کے متعلق بتاتا ہوں۔ وہ فقیر گودڑی میں بالکل چھپ گیا۔ جب دس منٹ چھپے ہوئے کو گذر گئے تو عورت نے تنگ آ کر گودڑی کو ہلایا۔ لیکن وہاں کچھ بھی نہ تھا۔ وہ اور بھی متعجب ہو کر پرے

جا کر کھڑی ہو گئی۔ اس وقت درویش گودڑی سے نکل کر بولا، آپ کا خاوند بیمار تھا۔ اس لیے نہ ہی خط لکھ سکا اور نہ ہی خود آ سکا۔ اب بالکل تندرست ہے۔ آج ہی اس نے ایک خط بھی آپ کو لکھا ہے اور وہ دس دن کے بعد وہاں سے روانہ ہو جائے گا۔

عورت کی حیرت:

عورت یہ ماجرا سن کر اور بھی متعجب ہوئی۔ خیر تھوڑے ہی دنوں بعد اسے خط مل گیا کہ میں بوجہ بیماری جلد نہ آ سکا اور نہ ہی خط لکھ سکا۔ اب تندرست ہوں اور دس یوم تک یہاں سے روانہ ہو جاؤں گا۔ چنانچہ وہ تھوڑے ہی دنوں بعد واپس آ گیا اور بیان کیا کہ میرے پاس ایک گھناؤنی شکل کا فقیر پہنچا تھا۔ جب میں ہوٹل میں کھانا کھا رہا تھا۔ اس نے بیان کیا کہ میں ابھی امریکہ سے آ رہا ہوں اور پیغام دیا کہ آپ کی میم صاحبہ آپ کے خیال میں بہت غمگین ہے۔ آج ہی انہیں تسلی بخش خط لکھئے اور واپس لوٹنے کی فکر کیجئے۔ چنانچہ وہ یہ کہہ کر غائب ہو گیا اور میں اسی وقت سے تیار ہو گیا اور دس دن کے بعد جہاز آنے والا تھا۔ اس میں سوار ہو گیا۔

یہ خبر بجلی کی طرح سارے شہر میں پھیل گئی۔ لوگ فقیر کی تلاش میں نکل پڑے۔ لیکن فقیر صاحب اسی دم وہاں سے غائب ہو گئے۔

......☆☆☆......

ہمزاد کو مسخر کرنے کے طریقے

تسخیر ہمزاد کا آزمودہ طریقہ: (غیر مسلم کیلئے)

جو عمل ہم اس جگہ درج کرنے لگے ہیں یہ عمل صرف ایک ہفتہ کرنا پڑتا ہے۔ یہ عمل ایک شنبہ سے دوسرے شنبہ تک کرنا پڑتا ہے۔ اور اس تھوڑی مدت کی محنت میں ہمزاد جیسی ناممکن چیز انسان کے قبضے میں آجاتی ہے۔ جو ہفت اقلیم کا بادشاہ کرسکتا ہے وہی ہمزاد کا آقا کرسکتا ہے۔

ترکیب عمل:

اس کی ترکیب یہ ہے کہ شنبہ کے روز کسی وقت چکنی مٹی جس کو کاٹی مٹی کہتے ہیں۔ لاکر اس کی چالیس گولیاں بناؤ اور گولیوں کو گول نہ رکھو۔ بلکہ بیضوی رکھو۔ جس کا قطر نصف انچ ہو۔ یہ گولیاں ایسے وقت میں تیار کرو کہ آٹھجے رات تک بالکل خشک ہوجائیں۔ اگر خشک نہ ہوتو سکیں تو آگ پر خشک کرلو۔ پس جب رات کا 1/2 حصہ گزر چکے اور تمام کاموں سے فراغت پا چکو۔ اس وقت اپنی پشت پر میٹھے تیل کا چراغ روشن کر کے رکھو۔ اور تخلیہ میں بیٹھو۔ جہاں دوسرا آدمی تمہارے خیال کو اور طرف متوجہ نہ کر سکے اور تم رات کو آرام بھی اسی جگہ کرو۔ پس جب تم فارغ ہوکر اور تخلیہ کا اطمینان کر کے بیٹھو، اس وقت ایک گولی پر یہ اسم پڑھایاَ اَوَ جَلهَا اس اسم کو ستر ستر مرتبہ ایک ایک گولی پر پڑھو اور دم کرتے جاؤ۔ اپنی نگاہ کو اپنے سایہ کی گردن پر جمائے رکھو۔ وہاں سے جدا نہ کرو اور یہ بھی خیال رکھو کہ تمہاری آنکھ نہ جھپکے۔ اس عمل کو ختم کر کے اسی کمرہ میں کسی جگہ سو جاؤ۔ مگر یہ خیال رکھو کہ نہ تو کوئی شخص اس عرصہ میں تمہارے پاس آئے نہ تم کسی سے بات چیت کرو۔ صبح کو جس وقت بیدار ہوتو ان تمام گولیوں کو کسی تاریک کنوئیں میں ڈال دو۔ مگر یہ بھی خیال رکھنا ضروری اور لازمی ہے کہ کنوئیں پر جانے والے سب سے پہلے تم ہو۔ تم سے پہلے کوئی شخص وہاں نہ پہنچا ہو۔ نہ کنوئیں سے کسی نے پانی نکالا ہو۔ اس عرصہ میں آتے اور جاتے کسی سے بات چیت نہ

کرو۔ خواہ کتنا ہی ضروری کام نہ ہو۔ مگر اس کی پرواہ نہ کرو۔

خوفزدہ نہ ہو:

عمل پڑھنے کے دوران میں تمہیں خوفناک صورتیں نظر آئیں گی۔ تمہیں لازم ہے کہ ذرا خوف نہ کھاؤ۔ طبیعت کو مضبوط رکھو۔ کیوں کہ عمل کا موکل تم کو ڈرائے گا۔ خوف دلائے گا کہ کسی طرح تم عمل کو چھوڑ دو۔ مگر تمہیں لازم ہے کہ اس کی مطلق پرواہ نہ کرو۔

دوسری شرط:

دوسری شرط یہ ہے کہ عامل کو ایک ہفتہ تک بلا غسل کے ناپاک رہنا ہوگا۔ تب عمل کام آئے گا۔

یہ عمل تسخیر ہمزاد واقعی شیطانی عمل ہے۔ اور شیطان پرستی سے قابو میں آتا ہے۔ مسلمانوں کو اس سے پرہیز کرنا لازمی ہے۔ کیوں کہ یہ کام مسلمانوں کے مذہب کے بالکل خلاف ہے۔ خدا مسلمانوں کو اس سے بچائے۔ اور بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

تسخیر ہمزاد کا مجرب طریقہ:

اس عمل میں ابجد کے حساب سے یا مہینوں کے حساب سے عامل کے نام کے اعداد نکالے جاتے ہیں اور پھر اس میں بیس اور جمع کیے جاتے ہیں۔ اعداد حاصل جمع کے صرف ندا یہ دیا، اپنے نام کیساتھ ملا کر مثل یا آلہ کے چھ چلوں تک پڑھے۔ اس میں ایک دن ناغہ نہ ہو۔ تعین مقام کی ضرورت لاحق نہیں۔ صرف روزانہ پڑھنا کافی ہے۔ عمل نوچندی جمعرات سے شروع ہوگا۔ جس وقت چھ چلے خوشی سے گزار لوگے۔ ہمزاد تمہارا مطیع و فرمانبردار ہوجائے گا۔ تمہارے حکم سے گردن نہ پھیرے گا۔ تمہارے فرمان کو حکم قضا و قدر سمجھ کر بجا لائے گا۔

تسخیر ہمزاد کا سریع الاثر عمل:

سیاہ کاغذ پر سفید داغ دیکھنے کی مشق کو خوب بڑھا لو۔ جب کوئی نیا کام شروع کرو بیشتر اپنا نام لو۔ جب تمہیں ان دونوں باتوں کی خوب مشق ہوجائے تو قمری مہینے کی عروج ماہ میں یعنی یکم تاریخ سے پندرہ تک میں اسی طرح کہ کمرہ خالی مکان کے صحن میں تنہا آفتاب کی جانب پشت کر کے کھڑے ہو۔ اپنے سایہ کی گردن کی توجہ سے دیکھتے رہو۔ اور نگاہ گڑا کر یہ اسم پڑھتے رہو۔

یا ھمزاد قبضاتہ الاھذاً۔مگر پلک نہ جھپکنے پائے۔جس وقت اسم پڑھو،تو کافور کی ڈلی ماشہ کی اپنے دائیں ہاتھ میں رکھو اور بار بار مٹھی کو کھول کر اس میں ڈلی کو دیکھتے جاؤ۔

چالیس روزہ عمل:

جب اکتالیس دفعہ پڑھ چکو تو اس ڈلی کو زور سے اپنے سایہ کی گردن پر پھینک مار دو اور اس عرصہ میں برابر تین منٹ تک آسمان کی طرف دیکھتے رہو۔یہ عمل روزانہ چالیس روز تک صبح دس بجے کے بعد کرنا چاہیے۔کافور کی ڈلی روزانہ نئی نئی چاہیے۔اس ڈلی کو اسی جگہ جمع ہونے دو۔بعد چالیس روز کے جب اسم ختم کر چکو تو اس جمع شدہ کافور کو زمین میں اسی جگہ دفن کر دو۔چالیس روز گزرنے پر تمہیں آسمان میں ایک سیاہ چیز نظر آئے گی اور رفتہ رفتہ وہ انسانی شکل اختیار کرے گی اور روزانہ نیچی ہوتی جائے گی۔

ہمزاد کا ہمکلام ہونا:

حتیٰ کہ چالیس روز گزرنے پر وہ تمہاری صورت میں تمہارے پاس آئے گی اور تم سے جواب سوال کرے گی۔مکان بالکل الگ تنہا ہو۔کوئی دوسرا آدمی تمہارے اسم پڑھنے میں مخل نہ ہو۔کیسا ہی کام کیوں نہ ہو،مگر تمہیں نہ بلایا جائے۔دس بجے کے بعد مکان میں دھوپ آجائے کوئی درخت وغیرہ کا سایہ نہ ہو۔عمل اس وقت ہرگز نہ پڑھو جس وقت مطلع اَبر آلود ہو۔اگر کسی روز ایسا موقعہ آجائے تو اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہو سکتا کہ عمل کو ناغہ کرو۔بلکہ آئینہ سامنے رکھ کر عمل پڑھنا چاہیے۔

تسخیر ہمزاد کا اسلامی طریقہ

ایک سیاہ کاغذ لے کر اس پر زرد نشان پیسے کے برابر بنالو۔اور اس کاغذ کو ایک چوکی پر لگالو اور صبح دس بجے کے بعد بیٹھ کر اس کو تین گھنٹے کامل دیکھا کرو۔تین روز کے بعد تنہا مکان میں اس نشان کو منتقل کر دو۔جہاں سوائے تمہارے کوئی غیر شخص نہ آسکے۔ایک چراغ میں روغن ریچھ کی چربی بھر کر خوبصورت عورت کے بالوں کی بتی بنا کر اس میں روشن کرو اور اپنے مقابل رکھ کر یہ پڑھنا شروع کرو۔''یا ہمزاد تسخیر یا ہمزاد تسخیر''

ہمزاد کا انسانی شکل میں ظاہر ہونا:

چودہ روز کے بعد تمہیں اس چراغ کی لَو سے ایک سایہ پیدا ہوتا معلوم ہوگا۔حتیٰ کہ وہ سایہ چالیس روز کے اندر انسانی شکل اختیار کرنی شروع کر دے گا۔اور ٹھیک اختتام عمل کے روز وہ سایہ تمہاری شکل بن کر تمہارے سامنے آئے گا۔جس روز عمل شروع کرو اس روز ایک بڑا قرابہ شیشہ کا اپنے برابر رکھو۔اور اس کے ساتھ تھوڑا موم بھی رکھو۔

ہمزاد کا سوال کرنا:

جس وقت وہ سایہ تمہاری شکل میں تمہارے پاس آئے گا۔تو آتے ہی تم سے سوال کرے گا کہ میرے ہم شکل خاکی پتلے تو نے مجھے کیوں تکلیف دی ہے۔بیان کر۔

ہمزاد سے سوال جواب:

اس وقت تمہیں لازم ہے کہ تم اسے کہو کہ میں تیرا عاشق ہوں اور نہیں چاہتا کہ میرا معشوق مجھ سے جدا رہے۔چوں کہ تو بے وفا ہے۔مجھ سے جدا ہے اس لیے اس پاک اسم کے ذریعے میں نے تجھے بلایا ہے کہ ہمیشہ پاس رکھوں۔یہ سوال سن کر وہ جواب دے گا کہ اگر تجھے عشق کرنا ہے تو کسی اپنے ہم جنس حسین عورت سے کر۔مجھ سے عشق کر کے کیا پائے گا۔تو خاکی میں آتشی۔تیرا میرا نباہ مشکل ہے۔ہاں تو کہے تو میں ایسی صورت پیدا کردوں جس کو دیکھ کر تو میرے عشق سے ہاتھ اٹھالے اور اس کی محبت میں مبہوت ہو جائے۔اس کا جواب تمہیں یہ دینا چاہیے کہ میں تیرے سوا کسی کا عاشق نہیں۔اگر تو مجھے اپنے عوض میں حور بھی دے تو مجھے منظور نہیں۔میرا عشق صادق ہے۔اس لیے ناممکن ہے کہ دوسرے کی طرف میرا خیال بدل سکے۔تو تکرار نہ کر میری آغوش میں آ۔مجھے اپنی دوری سے نہ ستا۔وہ جواب دے گا۔اے خاکی تصویر اپنے ارادے سے باز آ۔اگر میرے کہنے کے مطابق عمل کرے گا تو سب کچھ پائے گا۔ورنہ پچھتائے گا تم جواب دو۔میں ہرگز باز نہ آؤں گا۔تیرے عشق سے ہاتھ نہ اٹھاؤں گا۔اگر تمام جہان کی بادشاہی ملے۔تب بھی تیرے عشق کے مقابلہ میں میں اس پر بھی خیال نہ کروں گا۔اس کے بعد پھر اسم پڑھو۔سایہ کہے گا۔دیکھ ظالم مجھے نہ ستا۔باز آ،تم کہو،یہ میرا آغوش وا ہے جلدی آ۔سایہ کہے گا،اچھا اے میرے چاہنے والے تو نہیں جانتا۔تو میں تیرے آغوش میں آنے کو تیار

ہوں۔

ہمزاد کو قابو آنا:

یہ کہہ کر سایہ تمہارے طرف جھکے گا۔ تم اس کی گردن اپنے داہنے ہاتھ سے پکڑ کر اس شیشے میں داخل کردو۔ وہ ہر چند شور مچائے گا کہ ارے ظالم کیا کرتا ہے۔ معشوق کی جان لیتا ہے۔ ارے میں مرا جاتا ہوں۔ مگر تم ایک خیال نہ کرنا۔ فوراً اُس کو شیشے میں بند کردینا۔ وہ ذرا ہاتھ پاؤں نہ مارے گا۔ شیشے میں اتر جائے گا۔ البتہ منہ سے بہت شور مچائے گا۔ جب وہ دھواں بن کر اس شیشے میں داخل ہو جائے۔ اس وقت اُس شیشے کا منہ موم سے بند کردو۔ مگر یہ خیال رہے کہ منہ اس طریقے سے بند کیا جائے کہ مطلق ہوا نہ نکل سکے۔ ورنہ وہ تمہارے قبضے سے نکل کر تم کو بہت ستائے گا۔ پھر قابو میں نہ آئے گا۔ تعجب نہیں اگر جان کا نقصان ہو۔ ہوشیاری لازم ہے اس کے بعد اس شیشے کو کسی محفوظ مقام پر دفن کردو۔ تاکہ کوئی شخص اس کو نکال نہ سکے یا کسی صدمہ سے ٹوٹ نہ جائے۔ پس پھر وہ ہر وقت تمہارے قبضے میں اور تمہارا تابعدار رہے گا۔ جو حکم دوگے بلا پس و پیش اس کی تعمیل کرے گا۔

☆☆☆

سفلی عملیات تسخیر ہمزاد برائے غیر مسلم حضرات

تسخیر ہمزاد کا عجیب عمل

عامل اتوار کو ایک شراب کی دیسی ہو یا ولائتی بوتل بغل میں اس طرح دبائے کہ منہ آگے کی طرف ہو۔ صبح کی چوتھی ساعت ہو۔ آبادی سے دور کسی سنسان مقام پر جو پہلے سے نظر میں ہو، پہنچ جائے اور مغرب کی طرف منہ کرکے پڑھنا شروع کرے۔ (سامنے تیس گز کے قریب ایک پیپل کا درخت ہونا پہلی شرط ہے) نظر اپنے سائے کی گردن پر ہو توجہ کے ساتھ جمائے۔

''ضمہ ذات الشیاطین''

مندرجہ بالا ایک گھنٹہ تک ورد ہو۔ پھر پیپل پر نظر ڈالے۔ اس طرح چالیس یوم روزانہ عمل کرے۔ دل کتنا ہی چاہے مگر عامل یہ شراب خود ہرگز نہ پیئے بس یہی بند کی بند واپس لے جائے۔ اگر عامل نے یہ شراب پی لی تو اپنی تباہی و بربادی کا خود ذمہ دار ہے۔

ہمزاد کا دکھائی دینا:

ایک دن پیپل پر اسے ہمزاد نظر آئے گا۔ رفتہ رفتہ قریب آتا جائے گا۔ بالآخر عمل کے تمام ہونے پر سامنے آجائے گا۔ اس وقت عامل سیدھے ہاتھ سے بوتل کا کاگ کھولے اور اُسی ہاتھ سے بوتل ہمزاد کے منہ سے لگادے۔

اس عمل کا عامل کسی اعتبار سے عبادت کا عادی نہ ہونا چاہیے اور نہ ہی اس عمل کے عامل کو ہمزاد سے کوئی نیک کام لینے کی ضرورت ہے۔ بس یہ تو گناہوں سے خوش ہونے والا ہمزاد ہوتا ہے اسے نیکی سے کیا تعلق؟

تسخیر ہمزاد کا آزمودہ طریقہ

عامل ایک بغیر سلا کپڑا بدن پر لپیٹے اور قبلہ رو ہو کر دھوپ میں کھڑا رہے اور 441 مرتبہ

''ہرنی یار آئے ایمول آتما'' پڑھے۔ نظر اپنے سائے پر جمائے رکھے اور دل میں یہ خیال رہے کہ میرا ہمزاد بس ابھی آ کر خود کر میری سپردگی دینے والا ہے۔

نظر تھک جانے پر چند منٹ اوپر آسمان کی طرف دیکھنے لگے۔ اس کے بعد پھر نگاہ اپنے سائے کی گردن پر واپس لے آئے اور وہی عمل پھر 441 مرتبہ پڑھے۔ اس طرح 7 مرتبہ کرے۔ اکتالیس دن میں کامیابی ہوتی ہے۔ ہمزاد اس سے قبل ایک سائے کی شکل میں نظر آئے گا۔ جو بتدریج عمل کے ساتھ ساتھ متشکل ہوتا چلا جائے گا۔

جب ہمزاد ہم کلام ہو اس کا عامل جواب دے اور عمل بھی ترک کردے۔ توجہ ہٹانے والی دوسری باتوں پر ہرگز دھیان نہ دے۔

ہمزاد سے پہلی ہی گفتگو میں معاہدے کی تکمیل کرے اور اس سے حاضر ہونے کی ترکیب معلوم کرے۔

تسخیر ہمزاد کا بے نظیر عمل

عامل ایک قد آدم آئینہ کسی ویران مکان میں عموداً کھڑا کرے اور خود بالکل برہنہ ہو کر اس کے سامنے آجائے اور اپنے عکس میں گردن پر نظر جمالے اور تین سو مرتبہ

''اُدم ہریتک پرمودائے سواہا''

پڑھے۔ اسکے بعد آنکھیں بند کرلے اور اپنے عکس کا تصور کرے۔ اور دھیان پوری طرح تسخیر ہمزاد پر لگادے۔ دو منٹ بعد آنکھیں کھول دے اور پھر حسب سابق تین سو مرتبہ منتر پڑھتے ہوئے نظر اپنے عکس کی گردن پر جمائے رکھے۔ لیکن اس مرتبہ آنکھیں ذرا زیادہ دیر تک بند رکھے اور اپنے عکس کے تصور کو زیادہ سے زیادہ مضبوط و مستحکم کرے۔ تیسری مرتبہ بھی آنکھیں کھول کر منتر تین سو مرتبہ ہی پڑھے لیکن آنکھیں بند کر کے اپنے عکس کے تصور میں کھو جانے کا وقت زیادہ کردے۔

روزانہ اسی طرح عمل کرتا رہے کامیابی 75 دن میں ہو جائے گی۔

اس عمل سے بھی تمام جائز کام لینا حق انسانیت ادا کرنے کے مساوی ہوگا۔

تسخیر ہمزاد کا لاجواب عمل

عامل پاک صاف ہو کر طلوع آفتاب سے قبل کسی مرگھٹ میں جائے اور مشرق کی طرف منہ کر کے نکلتے ہوئے سورج سے آنکھیں چار کرے۔ یہ مشق بغیر پلک جھپکائے روزانہ بڑھاتا رہے۔ پلک جھپکنے پر عمل ترک کردے۔

جس دن عامل چھ ساعات تک پلک جھپکائے بغیر سورج سے آنکھیں ملانے کے قابل ہو جائے گا۔ سورج اسے سفید ٹکیہ کی طرح نظر آنے لگے گا۔ اور اگر ایسا نہ ہو تو غروب آفتاب سے قبل بھی گھنٹہ پون گھنٹہ سورج کی طرف نظر جما کر دیکھنا چاہیے۔

سورج لازمی طور پر ایک سفید بت کی شکل میں نمودار ہوگا۔ کچھ ہی عرصہ بعد اس میں تحریک پیدا ہو جائے گی اور عامل کے پاس چلا آئے گا۔ اس وقت اس سے بتائے ہوئے طریقوں پر معاہدہ کرے۔

اس ہمزاد سے بھی نیک کام لینے چاہئیں۔ بُرے کاموں سے الٹا نقصان ہوگا۔

تسخیر ہمزاد کا آسان ترین عمل

عامل آٹھویں ساعت (دن میں) کسی کھلے میدان میں جا کر مغرب کی طرف پشت کر کے کھڑا ہو جائے اور اپنے سائے کی گردن پر نظر جما کر پانچ منٹ تک یہ سوچ کر دیکھتا رہے کہ وہ ہمزاد کو تسخیر کر رہا ہے اور زبان سے یہ منتر پڑھتا رہے:

''اُوم چھایا شانو سواہا''

پانچ منٹ بعد عامل یکایک آسمان کی طرف دیکھے۔ اکیسویں روز ہمزاد عامل کو دھوئیں کی شکل میں آسمان پر نظر آجائے گا۔ اس وقت مناسب ہے کہ ہمزاد کے ہم کلام ہونے پر اس سے بات چیت کا آغاز کرے۔ اور وہ معاہدہ کرے جس کا ہر جگہ ذکر آتا رہا ہے۔

تسخیر ہمزاد کا حیرت انگیز عمل

عالم پانچ چھ گز کپڑا لے کر بغیر سلا ہی دھوتی کی طرح لپیٹے۔ یہ عمل نوچندی اتوار سے شروع کیا جائے۔ پاک صاف ہو کر، خوشبو لگا کر کسی سنسان مقام پر جائے اور دھوپ میں کھڑا ہو کر اپنے سائے کی گردن پر گہری نظر جمائے اور بغیر پلک جھپکائے:

''اُوم ہرینگ کلینگ شرینگ سایہ پرش سواہا''

یہ ورد 101 بار کرنے کے بعد اوپر آسمان کی طرف دو منٹ تک دیکھے اور ہمزاد کا خیال ہمہ اوقات پختہ رکھے۔ پھر آسمان سے نظر ہٹا کر دوبارہ اپنی گردن کے سائے پر نظر جمالے اور منتر کا 101 مرتبہ دوبارہ ورد کرے۔ اس کے بعد نظر پھر آسمان پر لے جائے۔ اس طرح 7 مرتبہ کرے۔ اور پھر عمل ختم کرنے سے پہلے پانچ منٹ مزید آسمان کی طرف دیکھے۔ ہمزاد تقریباً چار ماہ میں تسخیر ہو جاتا ہے۔

گندم کی روٹیاں اور مونگ کی دال کے علاوہ اور کوئی اناج کھانا نہیں ہوگا۔ البتہ گھی اور دودھ کا استعمال ممنوع نہیں ہے۔

تسخیر ہمزاد کا بے نظیر عمل

وہ ہندو عاملین تسخیر ہمزاد جو صرف تین ماہ میں ہمزاد قابو میں کرنا چاہتے ہیں عمل سے قبل اپنا یہ دستور بنالیں کہ وہ صرف ایک غذا استعمال کریں۔ ہمیشہ پاک صاف رہیں۔

عمل نوچندی اتوار کی شب کو شروع کریں۔ علیحدہ مکان ہو جسے قلعی وغیرہ کرائی گئی ہو۔

رات کی تیسری ساعت میں ایک چراغ سرسوں کے تیل کا روشن کریں اور خود مشرق کی طرف منہ کر کے اس طرح بیٹھ جائیں کہ چراغ جو دو فٹ بلندی پر رکھا ہو۔ پشت پر ہو اور سایہ سامنے۔ نظر اپنے سائے کی گردن پر ہو اور پورے شوق و انہماک سے ایک سو اکیس مرتبہ ''اُوم نموآ گوش سر مندری سواہا'' پڑھا جائے۔

سایہ نظر آنا:

اس کے بعد نظر چھت پر لے جائی جائے۔ وہاں ایک سایہ سا نظر آئے گا اور اگر نہیں بھی آئے تو کوئی حرج نہیں۔ وہاں تین منٹ تک نظر جمائے رکھنی چاہیے۔ اس کے بعد نظر واپس اپنے سائے کی گردن پر لا کر جمالینی چاہیے اور وہی منتر جو اوپر دیا گیا ہے پھر اسی تعداد میں پڑھا جانا چاہیے۔

یہی مشق روزانہ گیارہ مرتبہ کی جائے۔ جب یہ عمل ختم ہو جائے تو آخر میں پانچ سات منٹ آسمان پر نظر جما کر عمل ختم کر دیا جائے۔

تین ماہ میں کامیابی:

یہ عمل تین ماہ میں عامل کو اس کی منزل مقصود پر پہنچا دے گا۔ جب ہمزاد سے ملاقات ہو، تو وہی طریقہ اختیار کرے جو بار بار بتایا جا چکا ہے۔ اس عمل میں بھی حسب ہدایت یکسوئی، طہارت نفس قوتِ ارادی کا استحکام، مکمل اعتمادی اور پرامید طریقے پر یہ خیال کرتے ہوئے عمل جاری رکھنا ضروری ہے کہ اب ہمزاد سے ملاقات ہونے ہی والی ہے...... اور عنقریب ہی میں اُسے اپنا مطیع وفرمانبردار بنالوں گا۔

کامیابی کے بعد ہمزاد سے اخلاق برتنا اور نیک کام لینا عامل کی پوری ذمہ داری میں شامل ہے۔

تسخیر ہمزاد کا سفلی عمل

عامل قمری مہینے کی 10 تا 17 تاریخ کو کسی ہندو مرنے والے کا خیال رکھے جو اچانک مر گیا ہو۔ کسی طول علالت سے نہیں۔ متوفی کو کفنانے سے قبل گہری نظر سے دیکھنا اور اس کا تصور مستحکم کر لینا عامل کا سب سے پہلا کام ہوگا۔

اس کے بعد عامل اس کی ارتھی کے ساتھ ساتھ شمشان بھومی تک جائے۔ اس کی آخری رسومات میں شرکت کرے اور ہمہ اوقات متوفی کا تصور دل و دماغ میں لاتا رہے۔

جلے ہوئے مردے سے کلام کرنا:

جلے ہوئے مردے سے آہستہ کے ساتھ کہے کہ میں آج رات تیرے پاس آؤں گا۔

واپس آ کر ایک کٹورا دودھ یا کوئی پھل مہیا کرے اور اسے لے کر رات کے وقت کافی چاندنی میں جلے ہوئے مُردے کی چتا کے پاؤں کی طرف کھڑا ہو جائے اور بغور مُردے کی گردن پر نظر جمائے۔ تصور اب بھی صاحبِ چتا کا ہو۔

حصار قائم کرنا:

یہ کام شروع کرنے سے قبل اپنے گرد چاقو یا لوہے کی چھری سے ایک حصار ضرور کھینچ لے اور مُردے کی گردن پر اس وقت تک نظر جمائے رکھے جب تک آنکھیں تھک نہ جائیں۔ منہ سے کہتا رہے ''پیارے ہمزاد، پیارے ہمزاد''

آنکھیں تھک جانے پر معہ دودھ یا پھل واپس آجائے اور صبح کو وہ دودھ یا پھل بچوں کو تقسیم کردے۔

دوسرے روز بھی وہی عمل کرے اور وہی چیز ساتھ لے جائے جو روز اول لے گیا تھا چیز کو دائیں ہاتھ پر رکھے اور عمل کے وقت میں کچھ نہ کچھ اضافہ کرتا رہے تاکہ مشق بڑھ جائے۔

آسمان کی طرف دیکھے:

نظر تھکنے لگے تو آسمان کی طرف تین منٹ بغیر پلک جھپکائے دیکھنے لگے۔ ایک گھنٹے میں چار مرتبہ آسمان کی طرف دیکھنے میں کوئی حرج نہیں۔ چالیس دن ہونے پر ہمزاد سامنے آجائے گا۔ وہ دودھ یا پھل طلب کرے گا۔ لیکن عامل کو یہ چیز اس وقت تک نہ دینی چاہیے جب تک کہ وہ اپنی غلامی قبول کرکے عامل کی شرائط کے مطابق معاہدہ نہ کرلے۔

تسخیر ہمزاد کا شیطانی عمل

صرف بُرے، ناپسندیدہ اور ظلم وستم کے کام لینے والے عاملین کو چاہیے کہ روئی کی بتی اور سرسوں کا تیل ''کالی'' کے مندر میں لے جاکر مورتی کے پاس رکھیں اور اُسے روشن کریں۔

شراب کی ایک بوتل اور بکرے کا ایک سر بھی ساتھ ہونا چاہیے۔ جو عامل کالی کی نظر کردے گا۔ عامل کا گوشت کھانے اور شراب پینے کا عادی ہونا ضروری ہے، پھر عامل ''کالی'' کے ماتھے پر سندور کا ٹھیکہ لگادے اور اس کے گلے میں پھولوں کا ہار بھی ڈالے اور سامنے کھڑا ہوکر ''کالی'' کا مجسمہ اپنے دل ودماغ میں اچھی طرح سے بٹھالے اور یہ منتر پڑھے۔

''اونرگ ہرینگ کلینگ شری کالکائے نمہ''

اس کے بعد روزانہ بغیر شراب اور گوشت کالی کے مندر میں آتا رہے اور مورتی کے سامنے کھڑا ہوکر پورے انہماک کے ساتھ منتر پڑھتا رہے۔ منتر پڑھنے کی تعداد ایک ہزار مرتبہ ہے۔

ایک ہفتہ بعد جب دل ودماغ پر ''کالی'' کے مجسمے کا تصور اچھی طرح چھا جائے تو سمجھنا چاہیے کہ کام حسبِ منشاء اور تسلی بخش ہے۔

دورانِ عمل ناغہ نہ کرے:

دورانِ عمل ناغہ بالکل نہ کرے، اکتالیس روز میں کامیابی ہوسکتی ہے۔ اس وقت مندر میں سے ایک سائے کی شکل میں ''کالی'' کا ہمزاد سامنے آکر خود کو عامل کی سپردگی میں پیش کردے گا۔

''کالی'' کا یہ ہمزاد عامل کے کسی نیک کام میں مددگار ثابت نہیں ہوگا۔ اس سے تو صرف ناپاک، شرمناک اور بے رحمی کے کام لیے جاسکیں گے۔

اس عمل کے کرنے کے بعد کوئی شخص مسلمان باقی نہیں رہ سکتا۔ لہٰذا مسلمانوں کو یہ عمل کرنے سے پہلے اپنی عاقبت پر نظر ضرور کرلینی چاہیے۔ یہ اسی کی ذمہ داری ہے۔

یہ عمل بھی ہندو عاملین تسخیر ہمزاد سے حاصل کردہ ہے۔ اور وہی اس کی صحت وعدم صحت کے ذمہ دار ہیں۔ اس سلسلہ میں ہمیں کوئی تجربہ یا مشاہدہ نہیں ہوا۔ تاہم قیاس ہے کہ اتنی محنت کے بعد عامل خالی ہاتھ نہیں رہے گا۔

تسخیر ہمزاد کا عجیب عمل

یہ عمل بھی ''عمل تسخیر ہمزاد نمبر 4'' کی طرح اُن عاملین کے استفادہ کے لیے لکھا جارہا ہے جو طبعاً بے رحم، خدا ناشناس اور شرمناک کرتوتوں کے حامل ہوتے ہیں اور جن کی خواہش ہمہ اوقات مخلوقِ خدا کو گزند پہنچانے کی ہوا کرتی ہے۔

ہمہ وقت ناپاک رہنا:

عامل کو ہمہ اوقات ناپاک ونجس رہتے ہوئے اپنا عمل جاری رکھنا ہوگا۔ یہ عمل مختصر سے وقت میں کامیابی کی منزل کو پہنچادیتا ہے۔

چوراہے کی مٹی جمع کرنا:

عامل کافی تعداد میں ایک چوراہے کی مٹی لاکر جمع کرے۔ اور اپنا عمل یک شنبہ (اتوار) یا سہ شنبہ (منگل) سے شروع کرے۔

پہلے روز صبح کو 41 مخروط اس مٹی کے تیار کرے۔ جو چوراہے سے لاکر اکٹھی کی گئی تھی۔ مخروطی شکل یہ ہے۔

ہر مخروط آدھا یا پون انچ اونچا ہو۔ پھر شب کو ہر ضرورت سے فارغ ہو کر اپنے اس ویران اور خالی کمرے میں چلا جائے جو اپنے اس عمل کے لیے پہلے سے مخصوص کیا گیا ہو۔

کمرے میں پہنچ کر ایک چراغ سرسوں کے تیل کا روشن کرے جس کی بتی بہت موٹی ہو۔

چراغ کی طرف پشت کر کے بیٹھے:

عامل چراغ کی طرف پشت کر کے بیٹھ جائے اور اپنے سائے کی گردن پر نظر جما کر ایک ایک مخروط پر اکتالیس اکتالیس بار "اَوَجلَهَا" پڑھے۔

عمل ختم کر کے وہیں سو جائے اور صبح ہوتے ہی کسی ویران کنوئیں جس میں پانی موجود ہو اور کسی نے اس میں سے پہلے پانی نہ نکالا ہو تمام مخروط ڈال دے اور واپس آ جائے اور رات کو عمل پڑھنے کے لیے پھر اکتالیس مخروط بنائے اور رات کو بتائے ہوئے عمل کو دہرائے اور صبح پھر اس کنوئیں میں مخروط ڈال آئے۔

ہمزاد حاضر ہونا:

اسی طرح سے سات دن تک عمل کرتا رہے۔

عمل کے خاتمے پر ہمزاد حاضر ہو جائے گا۔ اس وقت اس سے سوچ کر بتائے ہوئے طریقے پر قول و قرار یعنی معاہدہ کرے۔

اس کے بعد غسل کر سکتا ہے۔

تسخیر ہمزاد کا لاجواب عمل

حکیم میرک روفص کا قول ہے کہ اپنے خون کا ایک قطرہ لے کر اپنے ماتھے پر قشقہ لگائے اور جمعرات کو زہرہ کی ساعت میں الف ننگا ہو کر "یَاشیطانُ یَاھَمْزادُ" کا ورد کرے اور نظر اپنے سائے کی گردن پر جماتے ہوئے، یہ خیال کرے کہ بس اب ہمزاد سے ملاقات ہونے ہی والی

ہے۔ دورانِ عمل کسی سے مخاطبت نہ ہونی چاہیے ورنہ عمل ضائع ہو جائے گا۔ عمل قبرستان یا شمشان بھومی میں کرنا ہو گا۔ خون کا ٹیکا پیشانی پر صرف پہلے ہی روز لگانا ہے مکمل تین چلے ہونے پر جب ایک مکروہ صورت سے ملاقات ہو اس سے معاہدے کی تکمیل کرے۔ وہی ہمزاد ہو گا۔

دورانِ عمل جب چراغ کسی وجہ سے گل ہو جائے جو پشت پر تقریباً دو فٹ بلند ہو گا۔ عمل ترک کر دے اور خاموشی سے اپنے گھر واپس چلا آئے۔ واپسی میں چراغ ساتھ لے آئے۔

چراغ کی بتی کافی موٹی ہونی چاہیے۔ چراغ میں تیل سرسوں کا ہو، عمل تین گھنٹے روز بلا ناغہ پڑھنا ہے۔

یہ ہمزاد بھی نیک کاموں سے گریز کرے گا اور بُرے کاموں سے خوش ہو گا۔

تسخیر ہمزاد کا ایک اور سفلی عمل

چوراہے کی مٹی کافی تعداد میں جمع کر لی جائے اور اس سے "11767" غلے بنائے جو بقدر نصف انچ قطر کے ہوں۔ یہ تعداد عمل کے دوران بھی پوری کی جا سکتی ہے۔ ایک ہفتہ کا عمل ہے روزانہ "1681" غلوں پر ایک ایک بار "اَوَجلُهَا" پڑھے اور انہیں صبح ہوتے ہی کسی تاریک کنوئیں میں جس میں پانی تو ہو لیکن صبح ہی صبح کوئی نہ نکالتا ہو، ڈال دے۔

راستے میں آتے اور جاتے وقت کسی سے گفتگو نہ کرے۔ اپنا یہ عمل نوچندی منگل سے شروع کرے۔

دورانِ عمل نجس و ناپاک رہے۔ عمل ختم کر کے غسل کر سکتا ہے۔ عمل شروع کرنے سے ختم کرنے تک ہمہ اوقات ہمزاد کے تصور میں غرق رہے۔ ہمزاد کے ظاہر ہونے پر بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کرے اور اس ہمزاد سے بھی تمام ایسے کام لے جو نیکی سے دور کر دیں۔ اور بُرائی کی طرف زیادہ سے زیادہ مائل کریں۔

تسخیر ہمزاد کا ایک اور شیطانی عمل

غیر شکستہ و ناسفتہ بندر کی کھوپڑی حاصل کر کے عامل اس میں پیشاب کیا کرے۔ جب یہ پُر ہو جائے تو اس میں طلوع آفتاب سے قبل چوراہے کی مٹی اور اپنے بدن کا میل شامل کرے اور اچھی طرح گوندھے اور اسے پتلے کی شکل دے۔ جس کے باقاعدہ تمام اعضاء نمایاں ہوں۔ یہ

پتلا اتنا بڑا ہو کہ کھوپڑی میں لیٹ سکے۔

پتلے کو کھوپڑی میں لٹکا کر آمیس اور پیشاب کرے، پھر اپنے کسی بھی حصہ جسم کا ایک قطرۂ خون نکال کر اس میں ڈال دے۔ اور چالیس روز تک بوقتِ صبح پتلے کی پیشانی پر نظر جمائے ہوئے حسب ذیل پڑھے اور روزانہ گڑ اور گھی کا نچوڑ ڈالتا رہے۔ عمل بے ضرر ہے۔ چالیسویں روز ہمزاد ظاہر ہو جائے گا۔ منتر یہ ہے:

''ہنومان گیشو جنگل چرت دھرتی دیہوں دھار کے دھار ببر باسو بھرت چست مرت چیتے اٹھ گورو تیری دہائی۔''

مسلمان عاملین اس قسم کے عملیات اپنی ذمہ داری پر کریں۔ ہم نے یہ عمل صرف غیر مسلم عاملین کے استفادہ کے لیے پیش کیا ہے۔ جو ہمیں سفلی عملیات کے ماہرین سے دستیاب ہوا ہے۔ اس کے اور بھی سفلی عملیات پیش کیے جا رہے ہیں۔ ان سب کے لیے ہماری معروضات یہی ہیں۔

تسخیر ہمزاد کا عام سفلی عمل

ذیل کا سفلی عمل تسخیر ہمزاد بالکل عام ہے۔ یہاں ہم بطور استفادہ اُسے عام زبان اور سہل طریقے سے پیش کرتے ہیں۔ اس کے عامل کو ایک ایسے شخص کی تلاش میں رہنا چاہیے جو یک شنبہ (اتوار) یا سہ شنبہ (منگل) کو مرے۔ اگر ممکن ہو تو حالتِ نزع میں یہ جملہ اس کے گوش گزار کر دے کہ

''تمہارا توشہ حاضر ہے''

جب وہ مر جائے تو اس کے پاس سے ذرا بھی نہ ہلے۔ جب غسل دے دیا جائے تو وہ روئی حاصل کرے جو بوقت غسل اس کے کانوں، ناک اور منہ میں اس غرض سے لگا دیتے ہیں کہ غسل کا پانی اندر نہ جانے پائے۔ سب کی نظر بچا کر مردے کے کان میں کہے کہ میں رات کو آؤں گا۔ روئی کو محفوظ کر لے۔ پھر جنازے کے ساتھ قبرستان جائے تمام راستے ''یَابُعِثُ'' پڑھتا رہے۔

بغیر کسی سے بات کیے گھر واپس آئے:

واپسی میں کسی سے کلام کیے بغیر اپنے گھر آ جائے اور دو موٹی موٹی روٹیاں اور ایک آٹے کا چراغ تیار کر لے۔ اس میں گھی اور روئی کی بتیاں ڈالے جو مردے سے حاصل کی گئی تھیں روٹیوں پر گھی اور گڑ رکھ لے اور رات کو بارہ بجے قبرستان میں پہنچ کر اس قبر پر چراغ روشن کرے۔ چراغ کا رُخ مغرب کی طرف ہونا چاہیے اور عامل کو اس کی طرف منہ کرنا چاہیے اور پشت جانب مغرب۔

مردے کی شکل کا تصور رکھے:

اب عامل کو بغیر شمار کیے ''یابُعِثُ'' پڑھنا چاہیے۔ تصور میں اس مردے کی شکل رکھنی ضروری ہے۔ دو ہی گھنٹے بعد قبر شق ہوتی ہوئی محسوس ہوگی اور صاحب مزار سامنے آ جائے گا۔ اس سے خوف و اندیشہ نہ کرنا چاہیے۔ بلکہ دونوں روٹیاں اسے دکھا دینی چاہئیں۔

مردے سے وعدہ لینا:

مردے کے روٹی طلب کرنے پر عامل کو چاہیے کہ اس سے وعدہ لے کہ وہ اس کے کام آئے گا اور روٹیاں اس وقت تک نہیں دے جب تک کہ وہ وعدہ نہ کر لے۔ اگر مردہ کاموں کی تفصیل معلوم کرے تو اپنے کاموں کی ایک فہرست اس کے سامنے بیان کرے اور اس سے معاہدے کرتے وقت کوئی ایسی شرط نہ مان لے کہ جسے پورا کرنا دشوار ہو۔

تسخیر ہمزاد کا عجیب و غریب عمل

(برائے غیر مسلم خواتین)

عاملہ ایک قدم آدم آئینے کے سامنے برہنہ کھڑی ہو۔ جو کمرے کی شمالی دیوار پر زاویہ قائمہ پر آویزاں ہو۔ اور اپنے ہمزاد کا تصور کرتے ہوئے اپنی گردن کے عکس پر نظر جما لے۔ اس کے ساتھ ہی تین سو مرتبہ پڑھے:

''اُوم ہر سگ پر مورائے سواہا''

تین مرتبہ کا عمل:

پھر دو منٹ کے لیے اپنی نظر چھت پر لے جائے اس کے بعد واپس اپنے عکس کی گردن

پر نظر جمائے اور پھر تین سو مرتبہ یہی منتر پڑھے اور اس کے بعد پھر چھت پر دو منٹ تک نظریں جمائے، تیسری مرتبہ بھی اس عمل کا اعادہ کرے اور عمل ختم کردے۔ اس طرح ڈھائی ماہ تک کرتی رہے۔ اور ہمہ اوقات یہی سوچتی رہے کہ اب ہمزاد سے ملاقات ہونی والی ہے۔

ہمزاد کا ظاہر ہونا:

عمل کی مدت پوری ہونے پر ہمزاد ظاہر ہو جائے گا۔ اور عاملہ کے معاہدے کے بعد اس کے تمام کاموں میں مدد دے گا۔ عاملہ کو بھی لازم ہے کہ وہ رفاہ عام کی روش اختیار کرے۔ خلاف مذہب اور معاشرے اور انسانیت کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ نیک نیتی سے کام لیتے ہوئے خدا اور اس کے بندوں کا خیال اس کے دل میں ہمیشہ جاگزیں رہے۔ ورنہ دنیا میں لوگوں کو بڑی بڑی قوتیں حاصل ہو چکی ہیں۔ ان میں سے بعض نے نیکی میں نام پیدا کیا ہے اور بعض نے بدی میں۔ اس دنیا میں راون جیسا طاقتور راجہ ہو گزرا ہے جس کے غرور نے اس کی دنیا اور عاقبت دونوں خراب کردیں اور اسی دنیا میں رام چندر اور کرشن جیسے نیک لوگ بھی پیدا ہو چکے ہیں جن کا نام عزت و تکریم کے ساتھ ہمیشہ لیا جاتا رہے گا۔

ان عملیات تسخیر ہمزاد کے لکھنے کے بعد اللہ سے دعا ہے کہ بلا امتیاز مذہب وملت جو عاملین ان سے فائدہ اُٹھائیں انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

تسخیر ہمزاد کا بہترین عمل
(برائے غیر مسلم خواتین)

غیر مسلم عاملہ ایک ایسے کمرے کا انتخاب کرے جہاں کسی اور کے آنے کا امکان نہ ہو۔ رات کو تیسری ساعت میں کمرے میں داخل ہو کر ایک چراغ تقریباً دو فٹ کی بلندی پر جلائے اور بالکل مادرزاد برہنہ ہو کر چراغ کی طرف پشت کر کے بیٹھ جائے۔ چراغ میں گھی یا تیل کافی مقدار ہو اور اس کی بتی کافی موٹی ہو۔

سائے پر نظریں جمائے:

اس انتظام کے بعد اپنی نظر اپنے پورے سائے پر جمائے ہوئے 20 مرتبہ پڑھے ''جگہ مبائے نمہ، گوڑ یئے نمر'' پھر نظر چھت کی طرف لے جا کر سات مرتبہ یہ منتر پڑھے۔ اس کے

بعد نظر پھر اپنے سائے کی گردن پر جما کر اپنے منتر کا اعادہ کرے، اس طرح چار مرتبہ کرے اور پورے عمل میں 108 مرتبہ متذکرہ بالا منتر پورا کرے۔

وقت مقررہ پر عمل کا آغاز:

یہ عمل روزانہ اسی طرح اور ایک وقت شروع کیا جائے گا۔ عمل ختم کر کے اسی جگہ سو رہے کسی قسم کی آواز یا خوفناک شکلوں کا خوف دل میں نہ لائے۔ اٹھتے بیٹھتے ہر وقت اپنے ہمزاد کا تصور کرتی رہے حتیٰ کہ تقریباً ایک ماہ بعد ہمزاد مسخر ہو کر ظاہر ہو جائے اور معاہدے پر آمادہ ہو۔

عاملہ کے لیے احتیاط:

اس عمل میں عاملہ کو پوری طرح باطہارت اور پاک صاف رہنا چاہیے۔ بہت زیادہ ملاقاتیں بھی نہیں کرنی چاہئیں نہ کسی کو دھوکا یا فریب دینا چاہیے۔ نہ فحش کلامی روا رکھنی چاہیے۔ غرض یہ کہ نہایت نیک نیتی اور پارسائی سے وقت گزارنا چاہیے۔

غلطی ہونے کی صورت میں:

اتفاقاً اگر کسی عامل یا عاملہ سے معاہدے میں غلطی ہو جائے اور وہ ہمزاد سے یہ وعدہ لینے میں ناکام رہ جائے کہ ہمزاد صرف بلانے پر ہی آئے اور ہر وقت کام طلب نہ کرے تو ایسے موقع پر ہمزاد کو مذہبی کتابیں پڑھنے یا سنانے پر مقرر کر دیا جائے۔ یا مہین اجناس کا کافی ذخیرہ دے دیا جائے کہ ہر قسم کا اناج علیحدہ کرے۔ یا کوئی ایسا کام دے دیا جائے جس میں تسلسل و تواتر قائم رہے۔

......☆☆☆......

قرآن اور ہمزاد

ہمزاد کا مفہوم:

ہمزاد کے لفظی معنی ہیں ساتھ پیدا ہوا۔ انگریزی میں اُسے (Twinanget) کہتے ہیں۔ اکثر لوگوں کی خواہش ہے کہ وہ یہ معلوم کریں کہ ہمزاد ہے کیا؟

ارشاد ربانی:

قرآن حکیم میں ارشاد ہے:

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ (49:51)

''اور ہم نے دنیا کی ساری چیزوں کو زوجین بنایا ہے۔ تاکہ تم لوگ نصیحت حاصل کرو۔''

زوجین کا مفہوم:

زوجین کا مطلب صرف ''جوڑا جوڑا'' ہی نہیں یعنی نر و مادہ ہی نہیں بلکہ ''دودو'' بھی ہے۔ زوج سے مراد ''برابر کے ساتھی'' کے ہیں۔ جب ہم ایک جوڑا جوتا کہتے ہیں تو اس کا مطلب نر و مادہ نہیں ہوتا۔ بلکہ دودو ہوتا ہے۔ ''زوج'' وہ عدد بھی کہلاتا ہے کہ جب اس کو نصف کریں تو دونوں ٹکڑے ٹوٹے بغیر برابر رہیں۔ جیسے 4-6-8 ہیں۔ قرآن نے زوجین کہہ کر ''نر و مادہ'' بھی مراد لیا ہے اور دودو بھی۔ اس کا اندازہ یوں کیجئے کہ اس مفہوم کو واضح طور پر سمجھانے کے لیے قرآن نے بعض مقامات پر زوج کا لفظ اس کے آگے ذَكَرَوَ الْأُنْثٰى اور بعض جگہ اثنین کا لفظ بھی بڑھایا ہے تاکہ زوجین کا مطلب جوڑا جوڑا اور دودو واضح ہو جائے۔ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَوَالْأُنْثٰى۔ (39:75)

اور وہی پیدا کرتا ہے ''زوجین'' ''نر و مادہ''۔ جَعَلَ فِيْمَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ (7:13)

''بنایا اس نے ان میں ''زوجین'' دودو۔''

جوڑا جوڑا کا مطلب:

اگر زوجین سے مراد صرف نر و مادہ ہوتے تو دو میں کسی جگہ ذَکر و الاُنثٰی اور اثنین کے اضافہ کی ضرورت نہ تھی۔ ایسا اس لیے کیا گیا کہ یہ واضح ہو جائے کہ ''جوڑا جوڑا'' کا مطلب صرف نر و مادہ ہی نہیں بلکہ دودو بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے ان مقامات پر بھی جہاں نر و مادہ کا کوئی سوال نہیں ''زوج'' کا لفظ استعمال کیا ہے اور اسی سبب سے میں نے ترجمہ میں جوڑا جوڑا دودو لکھا ہے۔

پھلوں کا جوڑا:

مثلاً باغ کے پھلوں کے بارے میں ہے:

وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ (3:13)

''اور ان میں کے پھلوں کو جوڑا جوڑا دودو بنایا۔''

میووں کا جوڑا:

میووں کے بارے میں ہے کہ

فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَيْنِ (52:55)

''ان دونوں باغوں میں کے سارے میوے جوڑا جوڑا دودو ہیں۔ غرض اس طرح ساری چیزیں جوڑا جوڑا دودو ہیں۔

ہر شے کو جوڑا جوڑا بنایا:

خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا (12:45) اور ہم نے ہر شے کو جوڑا جوڑا دودو بنایا ہے۔ ہم انسان بھی كُلِّ شَيْءٍ میں داخل ہیں۔ اور ہم بھی جوڑا جوڑا دودو بنائے گئے ہیں۔ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا (35 :11) تم لوگوں کو بھی بنایا ہے جوڑا جوڑا، دودو۔

زمین سے تخلیق:

اللہ تعالیٰ نے ''انسان'' کی زمین تخلیق کو نباتات کی پیدائش کے مماثل بتایا ہے۔

وَاللّٰهُ اَنْبَتَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا (17:71) اور اللہ نے تمہیں زمین سے اُگایا ہے

ایک طرح کا ''اگانا''۔

نہ صرف ''انسان'' اور ''نباتات'' ہی جوڑا جوڑا دودو بنائے گئے ہیں بلکہ سب جوڑا جوڑا دودو ہیں۔ جن کی ہم کو ابھی خبر بھی نہیں۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ (36:36)

پاک ہے وہ خدا جس نے زمین سے تمام اُگنے والوں کو اور خود ان کو اور جن کی لوگوں کو خبر نہیں۔ سب کو جوڑا جوڑا دودو بنایا ہے۔

انسان کے دو اجسام:

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ''ذات انسانی'' جوڑا جوڑا دو دو ہے۔ یعنی ہمارا جسم ''دو'' ہے۔ ''ایک ظاہری خاکی'' جو مادہ سے بنا ہے۔ آنکھ سے دکھائی دیتا ہے اور مرنے کے بعد فنا اور بیکار ہو جاتا ہے اور دوسرا نہایت لطیف جو ہمارے فانی مادہ جسم کے فنا اور ختم ہونے کے بعد بھی بدستور باقی رہتا ہے۔

نوری جسم:

ہم اس دوسرے جسم کے لیے اصطلاحاً آئندہ ''نوری جسم'' کا لفظ استعمال کریں گے، اسی ''نوری جسم'' کو آپ ''ذات انسانی'' کہہ سکتے ہیں اور یہی اپنے کو ''انا'' کہتا ہے۔ اس طور پر ذات انسانی کے بارہ میں یہ کہنا بالکل درست ہے کہ وہ فنا نہیں ہوتی۔ نیند کی حالت میں جو ہم اپنے آپ کو اِدھر اُدھر رواں دواں دیکھتے ہیں۔ وہ دراصل ہمارا یہی نوری جسم ہوتا ہے جو نیند کی حالت میں ہمارے معطل خاکی جسم سے غیر مادی ہونے کے سبب جدا اور الگ ہو جاتا ہے۔ انسان کے بارے میں آیا ہے کہ:

مَایَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَیْهِ رَقِیْبٌ عَتِیْدٌ (18:50) وہ کوئی بات منہ سے نہیں نکالتا لیکن اس کے پاس ایک نگہبان موجود ہے۔

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰه (11:13) ہر شخص کے لیے چوکیدار ہیں کہ جو آگے اور پیچھے سے خدا کے حکم سے اس کی نگرانی کرتے رہتے ہیں۔

اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ (4:86) کوئی ذات ایسی نہیں۔ جس پر کوئی

نگہبان مقرر نہ ہو۔

جسم کا نگران:

غور فرمائیے یہ رقیب عتید، حاضر پاسبان، موجودہ نگہبان مستعد چوکیدار اور ہمدرد حافظ ہی ہمارا نوری جسم ہے۔ جو ہمارے خاکی جسم سے وابستہ رہ کر ہر وقت ہماری نگرانی کرتا رہتا ہے۔ وہ ایک الگ ذات ہوتے ہوئے بھی ہم سے الگ نہیں ہے۔ وہ ہمارا شریک ہوتے ہوئے بھی ہمارے افعال کا جواب دہ نہیں ہے۔ مگر وہ ہمارا خبر رساں، نیک مشیر اور بہترین دوست ضرور ہے۔ آپ کے گھر پر کوئی نئی بات ہو جاتی ہے۔ آپ گھر سے دور ہوتے ہیں مگر یکایک آپ کو اندیشہ سا ہو جاتا ہے۔ طبیعت گھبرانے لگتی ہے اور آپ گھر کے لیے روانہ ہو جاتے ہیں۔ وہاں پہنچ کر آپ کو معلوم ہوتا ہے کہ فلاں خاص بات ہوئی ہے۔ ایسا اس لیے ہوتا ہے کہ آپ کا نوری جسم کسی طرح موقع پر پا کر آپ کے خاکی جسم سے الگ ہوا تھا۔ اور اس حقیقت کو وہ جان گیا تھا۔ بہت سے مواقع پر دیکھا گیا ہے کہ حادثات سے لوگ یکایک بچ گئے۔ یا خود کسی وجہ سے کسی مقام پر جانے یا سفر کرنے سے رک گئے ہیں اور اس کے بعد گھر پر کوئی خاص بات ہوگئی ہے یا اس مقام پر یا سفر میں لوگوں کو کوئی حادثہ پیش آگیا ہے۔ ایسا اس لیے ہوتا ہے کہ کسی طرح ہمارا نوری جسم یا ہمارا نادیدہ محافظ و مشیر اس حقیقت سے باخبر ہوگیا تھا۔ اور اس نے ہماری رہنمائی کی تھی۔ علم مسمریزم کے ذریعہ ''معمول'' سے بہت حقیقتیں دریافت کر لی جاتی ہیں اور وہ بتا دیتا ہے وہ بھی اسی نوری جسم کا کارنامہ ہے۔

مسمریزم کا عمل:

علامہ طنطاوی مصری نے اپنی کتاب تفسیر جواہر جلد نمبر 1 میں مسمریزم کے سلسلے میں علامہ شادل کی کتاب ''مغناطیہ حیوان'' سے کئی قصے نقل کئے ہیں۔ ان میں سے دو آپ بھی سنیے۔

علامہ شادل اپنی کتاب مغناطیہ حیوان میں لکھتے ہیں کہ میں نے ایک لڑکی پر مسمریزم کا عمل کیا وہ سو رہی تھی اور مجھے مختلف امراض اور ان کے متعلق بتا رہی تھی۔ اس نے مجھ سے کہا کیا تم سنتے نہیں مجھے کس طرح ان کے متعلق حکم دے رہا ہے؟ میں نے کہا میں تو کسی کی آواز نہیں سنتا۔ لڑکی نے کہا خوب! تم سو رہے ہو اور میں آزاد و بیدار ہوں۔ میں ایسی آواز چیزیں ادراک کر رہی

ہوں۔ جن کے ادراک پر تم کو قدرت نہیں ہے اور میں تمہاری انگلیوں کے کناروں سے رو نکلتی ہوئے دیکھ رہی ہوں۔ دور دراز کی آوازیں میرے کانوں میں آ رہی ہیں۔ میں اس شخص کی باتیں جو کسی دوسرے ملک میں کر رہا ہے اچھی طرح سن رہی ہوں میں ایسی چیزوں تک پہنچ جاتی ہوں جو مجھ تک نہیں پہنچ سکتیں۔

اس وقت میری حالت بیداری کی سی ہے۔ جیسا کہ مرنے کے بعد انسان کو بیداری ہوتی ہے۔(ص 218)

عمل تنویم کا اثر:

علامہ مذکور ہمیشہ ایک لڑکی پر عمل تنویم کرتے تھے۔ ایک مرتبہ اس لڑکی کو انہوں نے معمول بنایا تو اس نے کہا مجھے ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ میرا جسم آہستہ آہستہ پھیل رہا ہے۔ حتیٰ کہ میں اس جسم سے بالکل علیحدہ ہو رہی ہوں جیسے کسی مردہ کا جسم ہوتا ہے۔ میرا نفس بھاپ کی طرح ہے۔ میں ایسی چیزیں ادراک کر سکتی ہوں جو حالت بیداری یا دوسری حالت میں ادراک نہیں کر سکتی۔ میری یہ حالت پندرہ منٹ سے زیادہ دیر تک نہیں رہتی اور اس کے بعد وہ بھاپ والا جسم آہستہ آہستہ میرے ٹھوس اعضاء میں تحلیل ہو جاتا ہے اور پھر یہ شعور اور یہ حالت بالکل معدوم ہو جاتی ہے۔(ص 219)

مرتے وقت حقائق کا سامنا:

مرنے کے وقت جو لوگوں کے سامنے بہت سے حقائق آ جاتے ہیں، اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ اس وقت خاکی جسم کی توانائی ختم ہوتی ہوئی یا ماند پڑ گئی ہوتی ہے اور ہمارے نوری جسم کا غلبہ و اقتدار بڑھ گیا ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے بہت سے حقائق دیکھنے لگتے ہیں۔ ہمارا یہ نوری جسم بس موت ہی کے وقت ہمارا ساتھی ہوتا ہے۔

نیند اور موت:

دراصل میرا موضوع یہ تھا کہ خدا نے ہر چیز کو زوج پیدا کیا ہے۔ پھر جس طرح جسم دو ہیں۔ دنیا بھی دو ہیں۔ حیات بھی دو ہیں۔ حیات الدنیا و حیات الآخرۃ۔ موت بھی دو ہیں ایک عارضی جسے نیند کہتے ہیں۔ دوسری دائمی جسے موت کہتے ہیں۔ قرآن نے دونوں نیند اور موت کو وفا

کہا ہے۔ اسی طرح بعث دو ہیں۔ نیند سے بیداری اور مرنے کے بعد زندہ ہونا۔ قرآن ان دونوں صورتوں کو بعثت قرار دیتا ہے۔ یعنی از روئے قرآن ہر چیز جوڑا جوڑا، دو دو ہے۔

نوری جسم ہی ہمزاد ہے:

اس نوری جسم کو جو ہمارا اپنا ہوتا ہے، آپ ہمزاد کہہ لیں۔ ٹوین اینجل کہہ لیں یا جو چاہیں نام دے لیں۔ یہ حقیقت ہے کہ اس کی نوری دنیا میں ماضی، حال، مستقبل، وقت اور فاصلہ کی کوئی قندیل نہیں۔ وہ چیزیں جو ہمارے لیے آڑ اور اوٹ ہیں اس کے لیے نہیں۔ وہی نوری جسم بحالت خواب آپ کو لیے لیے پھرتا ہے۔ وہی اطلاعات دیتا ہے۔ وہی مسمریزم کے عمل سے اپنی آگہی کا ثبوت دیتا ہے اور وہی ریاضت سے حاضر ہو کر آپ کے کاموں میں مدد کر دیتا ہے۔

ہمزاد سے مشورہ لینا:

زمانہ قدیم میں بزرگوں نے ریاضت سے ایسے طریقے معلوم کیے جن سے دونوں اجسام کے درمیان جو اوٹ ہے وہ ختم ہو جاتی ہے۔ مقصد ان کا یہ تھا کہ بجائے ہمارا نوری جسم یا ہمزاد ہم کو بذریعہ خواب دنیا کی سیر کرائے ہم جس وقت چاہیں سیر کر سکیں۔ اور بجائے اس کے کہ کسی دوسرے پر عمل مسمریزم کر کے اس کے ہمزاد سے مشورہ لیں۔ اپنے ہمزاد کو بلا کر رائے لیا کریں اور چونکہ زمان و مکان اور فاصلہ اس کے لیے کوئی چیز نہیں۔ اس لیے جو چاہیں منگوا سکیں۔

انسان کا صاحب نظر ہونا:

ظاہر ہے کہ ہماری خاکی دنیا اور نوری دنیا کے درمیان جو آڑ ہے اس کو دور کرنا معمولی بات نہیں۔ اس لیے کہ یہ فطرت اور قوانین فطرت کو توڑنا معجزہ، کرامت جیسی قوتوں سے ہی ممکن ہے۔ آدمی کا صاحب نظر ہونا یہی معنی رکھتا ہے کہ اسے نوری نظر حاصل ہو جائے اور یہ تمام قوتیں سخت محنت اور ریاضت چاہتی ہیں۔

روحانی قوت کا حصول:

بعض لوگ مجھے لکھتے ہیں کہ میرے پاس دو دن کا عمل ہے۔ جس سے ہمزاد تابع ہو جاتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر دو سال محنت کر کے بھی آپ نے اس قوت کو حاصل کر لیا تو سمجھ لیں مفت ہاتھ آ گئی۔ حیرت یہ ہے کہ آدمی سال اسکول میں لگاتا ہے۔ دس سال روپیہ صرف کراتا ہے پھر

کہتے ہیں کہ میٹرک پاس ہوگیا۔ معاوضہ کیا ملنا ہے پچاس ساٹھ روپے۔ لیکن دوسری دنیا سے یا دوسری انجانی قوتوں کو حاصل کرنے کے لیے ہر انسان یہی چاہتا ہے۔ دو دن میں ہو جائے۔ یعنی ایک ادنیٰ قوت کے لیے دس سال اور اعلیٰ قوت کے لیے دو دن۔ بس عقل پر ہی رونا چاہیے۔ یہی انسان کی بے وقوفی ہے جو اسے محروم رکھتی ہے اور نظریہ رکھتا ہے کہ عمل کوئی ٹھیک نہیں ملتا۔

تسخیر ہمزاد کا مجرب و آزمودہ عمل:

یہ عمل مجھے میرے بزرگ نے عطا فرمایا تھا۔ عمل شروع کرنے سے قبل اجازت ضرور حاصل کرلیں ورنہ ناکامی ہوگی۔ عمل نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء غسل کر کے شروع کریں جس کمرہ میں یہ عمل کیا جائے اس میں دیگر کوئی سامان وغیرہ نہ ہو۔ بہتر ہے وہ کمرہ آبادی سے الگ تھلگ ہو۔ ایسا دیہاتی زندگی میں ممکن ہے۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو شہری علاقہ میں بھی کسی پرسکون علاقہ میں جا کر بھی یہ عمل کیا جاسکتا ہے۔ جہاں زیادہ شور نہ ہو۔ دوران عمل پان سگریٹ، مولی، کچا، پیاز، گوشت ہمہ قسم، فعل حیوانی سے قطعی طور پر پرہیز کرنا ہوگا۔ اپنی پشت پر خالص سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں۔

حصار کرنا:

عمل بالحصار کریں۔ پاکیزہ اور معطر لباس پہنیں۔ باوضو ہو کر مصلّے پر بیٹھ کر عمل کریں۔ اپنا رخ شمال کی طرف رکھیں۔ یاد رہے کہ کمرہ کی شمالی دیوار میں دروازہ، کھڑکی یا روشن دان نہ ہو۔ ورنہ ناکام رہیں گے۔ روزانہ جگہ اور وقت کی پابندی کریں۔ وہ کمرہ جہاں عمل کریں وہ ہر وقت معطر رہے۔ مدت عمل چالیس یوم ہے۔

روزانہ ستر مرتبہ دل میں یہ عمل پڑھا کریں۔

بحق یاحی یا قیوم لا اله الا انت

سبحانك انی كنت من الظالمین۔

توجہ و یکسوئی قائم رکھنا:

اس کے بعد ایک سو مرتبہ ناد علی پڑھیں اول و آخر چودہ چودہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔ ایک ہفتہ کے بعد آپ کا سایہ حرکت میں آجائے گا۔ بشرطیکہ یکسوئی قائم ہو۔ دو ہفتہ کے

بعد مجسم ہونا شروع ہو جائے گا۔ حتیٰ کہ تیس یوم میں مکمل مجسم ہو جائے گا۔ اب وہ اپنی حرکات سے آپ کو متوجہ کرنے کی کوشش کرے گا۔ چالیس یوم تک بہتر ہوگا کہ اپنے آپ کو دیگر لوگوں سے الگ تھلگ رکھیں تاکہ یکسوئی میں خلل نہ ہو۔ آخری دن اپنی پڑھائی مکمل کرنے کے بعد جب وہ خود گفتگو کرے تو اس سے گفتگو کریں۔ وہ کچھ شرائط پیش کرے گا۔ آپ بھی اپنی شرائط پیش کریں کوئی ایسی شرط منظور نہ کریں جو بعد میں پریشانی کا باعث بنے۔ تسخیر کی مدت، حاضری کا طریق، کام کی نوعیت، ان سب باتوں کا اسی وقت فیصلہ کریں بعد میں کچھ نہیں کرسکیں گے۔ جو لوگ ہمزاد یا کسی روح کی حاضری کو معمولی سمجھتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ جب تک کامل یکسوئی، درست عمل، عمل کی شرائط پر پوری پابندی نہ ہوگی آپ اپنے مقصد سے دور رہیں گے۔ اپنی ہمت، حوصلہ اور حالات دیکھ کر عمل کریں۔ عمل درمیان میں ادھورا چھوڑ دینا کوئی مردانگی نہیں ہے۔ اس سے تو بہتر ہے عمل شروع ہی نہ کیا جائے۔

کوئی دنیاوی مقصد ذہن میں نہ رکھے:

ایک خاص بات یاد رکھیں کہ عمل ہزاد میں کوئی دنیاوی مقصد ذہن میں نہ ہو ورنہ عمل میں ناکامی کے بعد آپ اس مقصد کو بھی حاصل نہ کرسکیں گے۔ مثلاً آپ دولت کے حصول کے خواہشمند ہیں۔ تو عمل میں ناکامی کے بعد مالی طور پر مشکلات میں گھر جائیں گے کہیں رشتہ کے حصول کا منشاء ہے تو شادی میں رکاوٹ ہوتی چلی جائے گی۔ دوران عمل اپنی غذا سادہ اور زود ہضم رکھیں۔ بہتر ہوگا کہ کھانا خود تیار کریں۔ بصورت دیگر کوئی ایسا نیک اور پرہیزگار مرد یا عورت کھانا تیار کرے جو سارا کام باوضو ہو کر کرے۔ دن رات ہمزاد کی تسخیر کا تصور رکھیں۔

ہمزاد کو مخاطب کرنا:

ہر کام کرنے سے قبل کہیں کہ آؤ ہمزاد ہم یہ کریں۔ مثلاً پانی پینا ہے تو کہیں کہ آؤ ہمزاد ہم پانی پئیں۔ آؤ ہمزاد ہم کھانا کھائیں وغیرہ وغیرہ۔ ایسا کرنے سے وہ جلد سے جلد تر حرکت میں آکر متشکل ہو جائے گا۔ تسخیر کے بعد کوئی ایسا کام نہ کرلیں جو خلاف شرع یا خلاف تہذیب ہو۔ غلط کام کے نتیجہ میں آپ بھی نقصان اٹھائیں گے کہ آپ یہ کام سرانجام دیں۔ ہمزاد کی تسخیر بازیچہ اطفال نہیں ہے تسخیر کے بعد بارگاہ رب العزت میں شکرانے کے نفل ادا کریں کہ اس ہستی

نے آپ کو طاقتِ تسخیر سے نوازا ہے۔

تسخیر ہمزاد کا سریع الاثر عمل:

یہ ہمزاد سرعت سے حاضر ہوتا ہے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔ اس لیے کسی تجربہ کار عامل کو ہی یہ عمل کرنا چاہیے۔ یہ سورۃ فاتحہ کے سواقط حروف کا عمل ہے۔ سواقط یہ ہیں:

(ف ج ش ث ز خ ظ)

یہ کل سات حروف ہیں اور سات روز کا ہی عمل ہے۔

عبارت عمل یہ ہے: ایها الاضما رالحرف و کیطم ورطش هفیط هلیج سلك بهلوه علسطین بهفا عل سهعط مهفط سعد بواه طلطم مهیط هجح ههیحل والحذ احضرونی همزادی بحق اسماء الحسنی یا فتاح یا جبار شکور یا ثابت یا زکی یا خبیر یا ظاهر۔

اس عمل سے تسخیر کردہ ہمزاد اعمال شر میں بہت مدد دیتا ہے اور ہر طرح کی تکلیف و اذیت دیتا ہے۔ جنگ کے دوران ایسا ہمزاد بہت عمدہ ہے۔ اب انفرادی طور پر عمل کو مفصل لکھ رہا ہوں۔ بخور وغیرہ کا سابقہ اوراق میں تذکرہ ہو چکا ہے۔ شرائط عمل کو ملحوظ رکھیں۔

اعمال کے سات روز کا مفصل بیان کر رہا ہوں۔ عمل نوچندی اتوار کو شروع کریں۔

اتوار کے روز کے عمل:

رات کو بعد از عشاء عبارت مندرجہ بالا کو اپنے نام کے حروف کی تعداد کے مطابق پڑھیں۔ مثلاً بابر سلطان میں کل نو حروف ہیں تو نو بار پڑھی جائے گی۔ زبانی یاد کرلیں پھر اتوار کے روز مندرجہ ذیل وفق اوّل ساعت شمس میں لکھیں اور بازو پر باندھ لیں۔ پھر رات کو بعد عشاء جب عزیمت مندرجہ بالا نو بار یا حروف کی تعداد کے مطابق پڑھ کر اسی دفق کو 17 بار لکھیں کاغذ قلم نیا ہو۔ رُخ مشرق کی طرف ہو۔ پھر اپنے نام کے حروف کے اعداد ابجد کے مطابق مثلاً بابر سلطان کے (355) اعداد ہیں۔ مندرجہ ذیل اسماء پڑھیں۔ (کیطم ورطش ہفیط)

نقش ہمزاد لکھنا:

اس کے بعد نقش ہمزاد ایک سو بار لکھیں۔ نقش ہمزاد اور وفق جو سترہ مرتبہ لکھا ہے صبح

آٹے میں گولیاں بنا کر یا ویسے ہی آگ میں جلا دیں۔ اگر لکھتے وقت سرخ موتی منہ میں رکھیں تو بہتر ہے۔

وفق جو سترہ مرتبہ لکھنا ہے یہ ہے۔

ف ج ش ث خ ز ظ
ظ ش ف خ ث ج ز
ج ز ظ ش ف خ ث
خ ث ج ز ظ ش ف (حروف فا)
ش ف خ ث ج ز ظ
ز ظ ش ف خ ث ج
ث ج ز ظ ش ف خ

اور نقش ہمزاد جو ایک سو بار لکھنا ہے اور روزانہ لکھتا ہے وہ یہ ہے نقش ہمزاد۔

6	ھ	IIII	#	م	III	✡
IIII	#	م	III	✡	6	ھ
م	III	✡	6	ھ	IIII	#
✡	6	ھ	IIII	#	م	III
ھ	IIII	#	م	III	✡	6
#	م	III	✡	6	ھ	IIII
III	✡	6	ھ	IIII	#	م

اتوار کے روز آگ سلگا کر عمل کرنا ہے اور آگ پر نظر رکھیں۔ کوئلے نہ ہوں بلکہ آگ ہو۔ بڑی بتی والا بڑا دیا ہو۔ جس پر سرسوں کا تیل ڈالا گیا ہو۔

سوموار کے روز کا عمل:

رات کو بعد از عشاء وہی پہلے والی عزیمت اپنے نام کے حروف کے مطابق پڑھیں۔ اور بعد میں مندرجہ ذیل وفق تین بار لکھیں اور پھر نام کے اعداد کے مطابق مندرجہ ذیل کلمات ادا کریں۔ مهلیج سلك بهلوه۔

آنکھیں بند کر کے تصور ہمزاد کے ساتھ پڑھیں اور ایک طشت میں پانی بھر کر رو برو رکھیں اور چند لمحوں کے بعد آنکھیں کھول کر پانی میں اپنا چہرہ دیکھ لیا کریں اور اس عمل کے بعد سو بار پھر نقش ہمزاد لکھے۔

وہ وفق مبارک جو تین بار آج کے روز لکھا جائے گا۔ یہ ہے۔ ان کو پانی میں بہادیں۔

ج ز ظ ش ف خ ث
خ ث ج ز ظ ش ف
ش ف خ ث ج ز ظ
ز ظ ش ف خ ث ج (حروف جیم)
ث ج ز ظ ش ف خ
ف خ ث ج ز ظ ش
ظ ش ف خ ث ج ز

منگل کے روز کا عمل:

تیسرے روز بھی رات والی عزیمت پڑھیں ...... اور مندرجہ ذیل وفق کو اکیس بار لکھیں۔ اور مندرجہ ذیل الفاظ طلسم کو نام کے اعداد کے موافق پڑھیں۔

علسطین ھھفا علی مھعط۔

اور نقش ہمزاد سو بار لکھیں۔ دوسرے دن ان سب حروف کو زمین میں دفن کر دیں۔

وفق المبارک حرف (ش) شین

ش ث خ ف ج ز ظ
ز ظ ش ث خ ف ج
ف ج ز ظ ش ث خ
ث خ ف ج ز ظ ش (حرف شین)
ظ ش ث خ ف ج ز
ج ز ظ ش ث خ ف
خ ف ج ز ظ ش ث

بدھ کے روز کا عمل:

عزیمت مذکورہ تعداد حروف اسم خود کے مطابق اور پھر وفق مندرجہ ذیل صرف ثا کو تیئیس بار پڑھیں۔ اور مندرجہ ذیل طلسم کو اپنے نام کے اعداد کے موافق پڑھیں۔ (مھفط) اور ایک سو بار نقش ہمزاد لکھے۔ پانی کا طشت پاس رکھیں اور شکل دیکھتے رہیں۔ بعد میں دوسری صبح نقوش آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ جیسا کہ حرف جیم کا کیا تھا۔ وفق اس روز کا یہ ہے ......

وفق المبارک ...... حرف ثا

ث ج ز ظ ش ف خ
ش ف خ ث ج ز ظ
ظ ش ف خ ث ج ز
ج ز ظ ش ف خ ث
خ ث ج ز ظ ش ف
ش ف خ ث ج ز ظ
ظ ش ذ ف خ ث ج

جمعرات کے روز کا عمل:

عزیمت پڑھ کر نام کے اعداد کے مطابق مندرجہ ذیل طلسم پڑھیں۔ (وَالحذ) اور اس سے پہلے مندرجہ ذیل وفق ستائیس بار لکھیں۔ پھر نقش ہمزاد سو بار لکھیں۔ اس دوران ابلتا ہوا پانی پاس رکھیں۔ خواہ ہیٹر سے گرم کریں یا لکڑیاں جلا کر اور پھر دوسرے دن ان تعویذات کو اُبلتے ہوئے پانی میں ڈال دیں اور جب کافی دیر گزر جائے سیاہی اتر جائے تو پانی دریا میں ڈال دیں۔

وفق یہ ہے:

ظ ش خ ف ج ث ز
ث ز ظ ش خ ف ج
ف ج ث ز ظ ش خ

ش ج ف ج ث ز ظ
ز ذ ش خ ف ج ث
ج ث ز ظ ش خ ف
خ ف ج ش ز ظ ش

جمعہ کے روز کا عمل:

آج رات عزیمت پڑھ کر اور مندرجہ ذیل وفق لکھ کر پھر یہ طلسماتی حروف پڑھیں جو کہ اپنے نام کے اعداد کے موافق پڑھنے ہیں۔ (**هجع هھیحد**)

اور بعد میں سو بار نقش ہمزاد لکھیں۔ ٹھنڈی مٹی پر بیٹھ کر لکھیں جیسا کہ حرف شین میں کیا تھا۔ اور صبح نقوش کو ٹھنڈی مٹی میں دریا وغیرہ کے کنارے دفن کر دیں۔

وفق المبارک

حرف خا

خ ث ج ز ظ ش ف
ش ف خ ث ج ز ظ
ز ظ ش ف خ ث خ
ت ج ز ظ ش ف خ
ف خ ث ج ز ظ ش
ظ ش ف خ ث ج ز
ج ز ظ ش ف خ ث

ہفتہ کے روز کا عمل:

آج بھی عزیمت پڑھ کر مندرجہ ذیل وفق لکھیں اور پھر مندرجہ ذیل طلسمات کلمات نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ **سعد بواہ طلطم مهیط۔**

اور پانی کا طشت روبرو رکھے۔ وقتاً فوقتاً اپنا چہرہ دیکھتے رہیں۔ پھر نقش ہمزاد سو بار لکھیں اور ان سب نقوش کو صبح دریا میں پھینک آئیں۔ وفق المبارک سات بار لکھنا ہے۔

وفق المبارک

حرف زا

ز ظ ش ف خ ث ج
ث ج ز ظ ش ف خ
ف خ ث ج ز ظ ش
ظ ش ف خ ث ج ز
ج ز ظ ش ف خ ث
خ ث ج ز ظ ش ف
ش ف خ ث ج ز ظ

جب آخری روز نقوش دریا میں ڈالنے جائیں گے تو سخت آندھی اور طوفان آ جائے گا۔ دریا ٹھاٹھیں مار رہا ہو گا۔

آپ ریت کی مٹھیاں بھر لیں اور عزیمت اوّل کو مسلسل پڑھتے رہیں۔ جب طوفان بہت تیز ہو جائے تو اس ریت کو فضا میں پھینک دیں۔ اس سے ریت کا طوفان کھڑا ہو جائے گا۔ عامل عمل پڑھتا رہے اور ہرگز نہ گھبرائے آخر یکدم سکوت ہو جائے گا۔ اور ایسے میں عامل کو اپنی پشت سے کڑک دار آواز آئے گی ہرگز نہ ڈرے بس یہی ہمزاد ہے اس کے روبرو قول و اقرار کر لیں۔ اگر روزانہ مشاہدات ہوں اور خوف محسوس ہوں تو گھبرائیں نہیں۔

تسخیر ہمزاد کا ہندوانہ عمل

(برائے ہندو عاملین)

ماہ ثابت کے پہلے شنبہ کو طلوع آفتاب کے فوراً بعد ہی گوبر سے لیپی ہوئی ایک محفوظ جگہ پہنچ جائے۔ اور اپنے ساتھ آگ اور گوگل کے سوا اور کچھ نہ لے جائے۔ غسل سے پاک ہونا ضروری ہے۔ اب آگ کے سامنے دو زانو ہو بیٹھے اور تھوڑی تھوڑی گوگل ڈالتا رہے اور نظر اس کے اٹھتے ہوئے دھوئیں پر جمائے رکھیں۔ زبان سے بے تعداد مرتبہ:

''لید یوع سمد یوع''

ادا کرتا رہے۔ تصور ہمزاد کا ہو۔

ہمزاد کا ظاہر ہونا:

دورانِ عمل جب کوئی آواز زور سے پیدا ہو تو تمام گوگل آگ میں ڈال کر کھڑا ہو جائے۔ اور دھوئیں پر نظر رکھے۔ دھواں اگر مبہم سی ایک شکل اختیار کرے اور ہمزاد کی صورت میں آ کر کلام بھی کرے۔ تو بھی عامل اس کے دھوکے میں آ کر جواب نہ دے۔ اور عمل پڑھتا رہے اور اس دن کا انتظار کرے کہ جب وہ بالکل انسانی شکل میں آ کر خود کو عامل کی سپردگی میں نہ دے دے۔

تسخیر ہمزاد کا عجیب وغریب عمل

(برائے ہندو عاملین)

کسی نوچندی اتوار سے عمل شروع کیا جائے۔ عامل روزانہ سونے سے قبل۔

''اُوم نمونارائن آئینمہ ہمزاد۔ سوگا ہرو بھگت کی''

21 مرتبہ پڑھے اور پھر کسی سے بات چیت کیے بغیر سو رہے اور اپنی چارپائی کو چھوڑ کر کہیں چلا نہ جائے۔ البتہ چند منٹ کے لیے اگر پیشاب یا پاخانے کی حاجت ہو۔ تو جا سکتا ہے لیکن فوراً بغیر کسی سے بات کیے ہی واپس لوٹ آئے اور سو جائے۔

صبح ہوتے ہی طلوع آفتاب کے وقت یہی منتر پھر اکیس مرتبہ پڑھے اور اسی طرح غروب آفتاب کے وقت یہی عمل پڑھے اور ہمہ اوقات یہی تصور رہے کہ میں ہمزاد کو بس میں کر رہا ہوں۔

عامل کی بات میں اثر:

21 روز عمل کرنے کے بعد صبح کو جس شخص سے جو بھی گفتگو یا کام کو کہے گا وہ شخص فوراً مان لے گا۔ اثنائے گفتگو میں اپنے ہمزاد کا خیال رکھیں۔ یہ معمولی سا اثر ہوگا۔ اس کے بعد جوں جوں وقت گزرتا جائے گا۔ اس کی بات میں اثر ہوگا۔ اس عمل کے عاملین کو کام لیتے وقت کچھ جائز و ناجائز کا خیال بھی رکھنا ہوگا۔

تسخیر ہمزاد کا ایک اور آزمودہ عمل

ہمزاد کا عامل اپنے وقت کا بادشاہ ہوتا ہے۔ جو چاہے کر سکتا ہے مگر ہمزاد بہت ہی چالاک اور شاطر قسم کی مخلوق ہے۔ اس کو تابع کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ کیونکہ ہمزاد دوران عمل ہی عامل کو چکر دے کر عمل کو ناکام بنا دیتا ہے۔ کیونکہ وہ عامل کی ہر کمزوری سے واقف ہوتا ہے۔ اس لیے وہ اسے کامیاب نہیں ہونے دیتا۔ وہ دنیا کا خوش قسمت انسان ہے جو ہمزاد کو تابع کر لیتا ہے۔

آزمودہ عمل:

خواجہ حسن نظامی ؒ کو بھی تسخیر ہمزاد کا بہت شوق تھا۔ یہی عمل جو میں لکھ رہا ہوں خواجہ نے کیا تھا۔ ہمزاد حاضر ہو گیا اور بہت خوفناک قسم کے مناظر دکھائے مگر خواجہ صاحب عمل میں کامیاب ہو گئے۔ یہ عمل بالکل صحیح ہے۔ اگر کوئی مضبوط دل کا آدمی ہو اور ہمزاد کی شاطرانہ چالوں میں نہ آیا تو ہمزاد کو یقیناً تسخیر کر لے گا۔

یہ عمل مجھے ایک بزرگ سے ملا ہے۔ یہ عمل آج سے تقریباً سو سال پہلے خواجہ حسن نظامیؒ کے اپنے ہی اخبار میں شائع ہوا تھا۔ خواجہ صاحب کی تحریر کو لفظ بہ لفظ ان کے اپنے الفاظ میں نقل کر رہا ہوں۔

ثابت قدمی اور دلیری:

اگر وجود ہمزاد پر ان لوگوں کو شک ہو جو جنات کی ہستی کے قائل نہیں ہیں تو ہم قوت خیالی کے جسمی ظہور کا نام ہمزاد رکھتے ہیں۔ اور جو خود غرض عامل بتانا گوارا نہیں کرتے۔ طشت از بام کرتے ہیں تاکہ لوگ عاملوں کے فریب سے محروم رہیں اور خود ہمزاد کو مطیع کر لیں۔ لیکن یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ اس عمل کو وہی شخص حاصل کر سکتا ہے جس کا دل کمزور نہ ہو اور نڈر دلیر ہو۔ یہ جھوٹی بات ہے کہ ہمزاد کا عامل بے دین ہو جاتا ہے اور ہمزاد اس کو اعمال علوی و نماز وغیرہ سے روکتا ہے۔ اس لیے ہر مذہب وملت کے آدمی کو اس کے حصول میں تامل نہیں کرنا چاہیے۔

طریقہ عمل درج ذیل ہے:

ایک تنہا جگہ میں جہاں آس پاس کے شور کی آواز نہ آتی ہو۔ رات کے وقت لیمپ روشن کرو اور جسم کے تمام کپڑے اتارلو۔ صرف ایک جانگیا پہن لیں۔ لیمپ کے آگے اس طرح کھڑے ہو جاؤ کہ تمہارا سایہ تمہارے سامنے پڑے اور درج ذیل جملہ انیس ہزار انیس بار پڑھنا ہے۔

مِیحِرٌ نما حِرًّا ھِلاًّمِسبِ۔

سائے کا متحرک ہونا:

جب آٹھ دِن متواتر پڑھتے ہوئے ہو جائیں گے تو آگے کا سایہ متحرک ہو کر کھڑا ہو جائے گا اور پھر نویں دن قلابازیاں کھاتا نظر آئے گا اور اس کے بعد تمہیں انواع واقسام سے ڈرائے گا۔ مگر تم بالکل خوف نہ کھاؤ، کیونکہ وہ تمہیں کسی قسم کی اذیت نہیں پہنچا سکے گا۔ انیس دن تک یہ عمل جاری رکھیں۔ انیسویں دن تمہاری شکل کا انسان عاجزی وانکساری سے سامنے آجائے گا اور ہمیشہ کے لیے تمہاری غلامی کرے گا۔ اگر تمہیں ڈرجانے کا بہت ہی خوف ہو تو کوئی اور پڑھ لیں۔

عجیب وغریب نظارے دکھائی دینا:

اس عمل کے دوران خواجہ صاحب کو جو نظارے دکھائی دیئے وہ بھی قارئین کی نذر کرنا چاہتا ہوں تاکہ قارئین کو زیادہ سے زیادہ اس عمل کے بارے میں معلومات بہم پہنچ سکیں۔

خواجہ صاحب نے لکھا تھا کہ میں نے ایک کوٹھڑی میں حصار کھینچ کر عمل تسخیر ہمزاد شروع کیا۔ دوسرے یا تیسرے روز کوٹھڑی کے روشندان میں ایک ننھا منا انسانی وجود نظر آیا۔ وہ چھلانگ لگا کر کوٹھڑی کے فرش پر اتر آیا۔ پھر اسی طرح کی ایک دوسری مخلوق آن کودی۔ وہ دونوں آپس میں گفتگو کرنے لگے۔ کہا کہ کیا ہی اچھا ہو کہ پوریاں پکائی جائیں۔ اچھا تو پھر پوریوں کا سامان لے آئیں۔ پھر وہ دونوں اچھلے اور فضا میں بلند ہو کر روشندان کے راستے باہر نکل گئے۔ کچھ دیر بعد روشندان ہی کے ذریعے اندر داخل ہوئے۔ اس مرتبہ وہ پوریاں تلنے والی کڑاہی لے کر آئے تھے۔ کڑاہی چولہے پر چڑھا دی۔ اس میں خود بخود تیل نمودار ہو گیا۔ پھونک ماری تو خود بخود آگ

کے شعلے بھڑکنے لگے۔ تیل ابلنے لگا ابلتے ہوئے تیل میں زندہ چوہا نظر آیا۔ ایک ہمزاد نے دوسرے سے کہا کہ بہتر یہ ہے کہ اس شخص (خواجہ حسن نظامی) کا سر کاٹ کر تیل میں پکایا جائے۔ مگر خواجہ حسن نظامی نہیں ڈرے اور ہمزاد کو تابع کرلیا۔

شرح ہمزاد

تسخیر ہمزاد کے چار معروف طریقے:

جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ ہمزاد کی تسخیر کے چار معروف طریقے ہیں اور چار مسلک کے لوگ اپنے قدیمی مروجہ طریقوں سے ہمزاد کو مسخر کرتے ہیں۔

لیکن ان چاروں طریقوں اور مسالک کا جو نچوڑ ہے وہ صوفیاء کرام کے ہاں پایا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو ہمزاد اولیاء کرام کے قبضے ہوتے ہیں وہ قوت کے لحاظ سے سب سے اعلیٰ ہوتے ہیں ہمزاد ہمارے نسمۂ مفرد کی ہیئت ہے۔

روشنیوں کا مجموعہ:

دراصل ہمارا جسم اور ہماری مادی دنیا مرکب روشنیوں کا مجموعہ ہیں۔ یہ روشنیاں ایک دوسرے میں اس قدر پیوست ہیں کہ مادی صورت بن گئی ہے اور اگر انہی روشنیوں کی یہ پیوستگی کم ہو تو وہ ہیولیٰ یا نسمہ کی لطیف شکل ہوگی اور اگر یہی ہیولیٰ کچھ اور لطیف ہو تو جناتی نسمہ مفرد بن جائے گا اور اگر انسان کے نسمہ مرکب کو مفرد بنایا جائے جس کے لیے ریاضیات وغیرہ ہیں۔ تو یہ نسمہ انسانی جسے نسمہ مرکب کہتے ہیں۔ جب مفرد بنتا ہے تو جناتی قوتوں کا حامل ہوتا ہے بلکہ ان سے بھی کچھ زیادہ طاقتور ہوتا ہے اس نسمہ مفرد انسانی کو ہم ہمزاد کہتے ہیں۔

اگرچہ اس مسئلہ میں بھی کسی قدر اختلاف ہے لیکن مجھے بزرگوں سے یہی شرح پہنچی ہے۔

مخفی قوت کوتصرف میں لانا:

اپنے انسانی نسمہ مرکب یعنی ثقیل روشنیوں کولطیف روشنیوں میں یعنی نسمہ مفرد میں بدلنے کے لیے ہرمسلک نے مختلف ریاضات ترتیب دی ہیں۔ تاکہ یہ نسمہ مرکب مفرد میں بدل جائے۔

اب خواہ یہ نسمہ مرکب قوت ارادی سے منفرد بنائیں یا بھوک پیاس اور نہ سونے جیسی سخت ریاضات کرکے یا پھر مسلسل ارتکاز اور آیات پڑھ کر یا طلسماتی پڑھ کر یا اس طرح کے دوسرے عوامل کرکے اسی مخفی قوت کو اپنے تصرف میں لائیں انہیں مختلف طریقوں کو اعمال ہمزاد کہتے ہیں۔

ہمزاد اور مسالک اربعہ

ہمزاد میں چار مسالک ہیں جنہیں ہم بڑے بڑے چار حصوں میں تقسیم کرسکتے ہیں وہ یہ ہیں۔

1۔ مسلمانوں کا مسلک ''عوام''

2۔ صوفیاء کرام کا مسلک ''خواص''

3۔ یونانیوں اور طلسمات والوں کا مسلک

4۔ ہندوؤں کا مسلک ان میں بھی دو گروہ ہیں۔ پنڈت اور سادھوؤں کا۔

بہرحال ذیل میں ہم ان مسالک اربعہ کو مختصراً بیان کرتے ہیں امید ہے ہمزاد کے موضوع پر روشنی پڑے گی اور مزید سمجھنے میں مدد ملے گی۔

مسلک مسلمانان:

عام مسلمانوں کا نظریہ ہمزاد کے متعلق کچھ ٹھیک نہیں ہے یہ لوگ مانتے تو ہیں کہ ہمزاد کا وجود ہے لیکن یہ اس پر غور وفکر نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ ہمارا مذہب ایسے اعمال کی اجازت نہیں

دیتا اور جو آیات کنایات کی صورت میں ہمزاد پر دال ہیں ان کنایات کو دوسرے اشارات پر محمول کرتے ہیں۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہمزاد انسان کے ساتھ ہی پیدا ہوتا ہے اور ساتھ ہی فنا ہو جاتا ہے۔

فرمان رسول ﷺ:

حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب مسلمان کو دفن کرو تو ایک مٹھی مٹی پر یہ دعا پڑھ کر مٹی میں پھینک دیا کرو کہ اس سے اس کا ہمزاد بھی ساتھ ہی دفن ہو جائے گا اور دوسرے اس حدیث کو لیتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ ہر انسان کے ساتھ ایک ساتھی شیطان پیدا ہوتا ہے۔ صحابہ رضوان اللہ علیہم نے عرض کیا حضور ﷺ آپ کے ساتھ بھی پیدا ہوا ہے تو حضور ﷺ نے فرمایا ہاں لیکن میرا شیطان مسلمان ہوگیا ہے۔ تو یہ لوگ قرآن حکیم سے استدلال لیتے ہیں اور مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ اور اس آیت سے کہ جس میں ''قرین'' کو برا ساتھی کہا گیا ہے۔

لیکن انہی میں وہ مسلمان بھی ہیں جو اس سے بڑھ کر ہمزاد کی ماہیت کو سمجھتے ہیں اور اس کی ودیعت کردہ طاقت سے بھرپور فائدہ اٹھانا جانتے ہیں۔

اس گروہ نے بھی بہت سی آیات سے استدلال لے کر اسے جائز قرار دیا اور ہمزاد کو تسخیر کرنے کے طریقے وضع کیے ہیں اس گروہ کو صوفیاء کرام کا گروہ کہا جاتا ہے۔

مسلک صوفیاء کرام:

صوفیاء کرام وہ پاکیزہ نفوس ہیں جنہوں نے ریاضت ومجاہدہ سے اپنے نفوس کو مطیع بنایا اور اللہ تعالیٰ کی ذات کا عرفان اپنے نفس کے عرفان سے حاص کرلیا۔

پراسرار قوتوں کی تسخیر:

ان پاکیزہ نفوس نے جب سے اپنے نفس کو آلائش دنیا سے اور قلب کو ہموم وغموم سے پاک اور اپنی روح کو اپنی ذات کی تجلیات سے منور اور سر کو غیر اللہ سے خالی کردیا تو بہت سی نادیدہ

پراسرار قوتیں خود بخود ان کی تسخیر میں آ گئیں۔ اگر چہ ان نفوس قدسیہ کا مقصد قوتوں کو مطیع و منقاد کرنا نہیں تھا لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ نے تخلیق کے اصول کو ان متذکرہ لطائف کے ساتھ ان قوتوں کو تخلیق کیا ہے اور ان لطائف کے تابع ان سب کو کر دیا ہے۔

روح کی پرواز:

پھر صوفیاء کرام نے اپنی روح کی پرواز سے ان باریک اسرار کو پالیا اور اس راز تخلیق اور انسان کے ساتھ ان باطنی قوتوں کے باریک ربط کا سراغ لگالیا اس طرح انہوں نے قوانین وضع کیے اور ان باطنی قوتوں کو تسخیر کرنے کا طریقہ اپنے تربیت یافتہ گروہ کو بتایا۔

امت مسلمہ پر احسان:

یہ ان حضرات کا امت مسلمہ پر ایک بہت بڑا احسان ہے کہ انہوں نے اس قدر باطنی قوتیں انسان میں پیدا کر دیں کہ جن کا پورا زمانہ مقابلہ نہیں کر سکتا۔ انہی قوتوں میں سے ایک قوت ہمزاد ہے۔

مسلک قدیم طلسمات:

زمانہ قدیم میں انسانی نسمہ ارتقاء کی منازل طے کر رہا تھا اس میں ظاہری طور پر پختگی آ گئی تھی مگر یہ نسمہ باطنی طور پر اپنی زمانہ کی گرد سے محفوظ تھا اور اس نسمہ میں ایک سادگی پائی جاتی تھی۔ اس میں ثقیل روشنیاں نہ تھیں۔ بلکہ یہ لطیف روشنیوں کا مجموعہ تھا۔ اس دور میں بہت سی پراسرار قوتیں خود بخود انسان کی تسخیر میں تھیں جنہیں انسان اپنی فطری صلاحیت کہتا تھا۔

کانوں کا حساس ہونا:

مثلاً اس دور کا انسان کئی سو میل دور سے اپنے ساتھیوں کی مخصوص بو سے انہیں پہچان لیتا تھا۔ اس دور کا انسان بہت دور تک دیکھ سکتا تھا ان حضرات کے کان بہت حساس تھے اور کئی سو میل دور سے آواز کو سن لیتے تھے۔

دماغ کی قوت:

یہ سب کچھ اس وجہ سے تھا کہ ان کا دماغ پیچ در پیچ مختلف خیالات کو جنم دیتا رہا تھا۔ اس طرح دماغ قدرت کی تخلیق کردہ نئی نئی روشنیوں سے متعارف ہوتا رہا اور ان کا ذہن ان روشنیوں کے ساتھ مرکب ہوتا گیا اور اس طرح انسان کا ذہنی نسمہ مفرد سے مرکب بن گیا اور ارتقاء کا یہ عمل مسلسل جاری رہا۔ اور اب تک جاری ہے یہی وجہ ہے کہ زمانہ جس قدر اپنی ابتداء سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ اسی قدر اسے اپنے باطنی قوتیں بیدار کرنے کے لیے زیادہ ریاضت کرنا پڑتی ہے۔ دور کیوں جاتے ہیں اپنے اسلامی ابتدائی دور پر نظر دوڑائیں۔ صوفیاء کرام کے گروہ اور ہندو یوگیوں پر نظر ڈالیں۔ ہزاروں ایسی مثالیں ملیں گی جن کو آج ہم خرافات کہہ کر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ دراصل ان حضرات کو باطنی صلاحیتوں کو جلا دینے کے لیے بہت زیادہ ریاضت نہ کرنا پڑتی تھی۔

مفرد ذہنی نسمہ:

اب ہم دوبارہ ابتدائی دور کی طرف رجوع کرتے ہیں تو ہم بیان کر رہے تھے کہ ان لوگوں کا ذہنی نسمہ مفرد تھا اور ابھی ثقیل روشنیوں سے متعارف نہ ہوا تھا ان کے ظاہری حواس خمسہ کے ساتھ ساتھ باطنی حواس بھی فعال تھے ان لوگوں کو فطری طور پر روحانیت ودیعت تھی۔ ان لوگوں کے ساتھ قدرت کی ایسی قوت تھی جو زمانہ کو بتدریج ترتیب دیتی رہی ہے اور اس کو مدون کر رہی ہے۔

پراسرار قوتوں کے حصول کی جستجو:

قدرت کی اس صفت کے تحت ان لوگوں میں سے چند کے ذہن میں ان پراسرار قوتوں کو حاصل کرنے کی جستجو پیدا ہوئی جنہیں وہ نہیں جانتے تھے۔ یہاں بھی قدرت کی اس صفت نے ان کی مدد کی اور انہیں چند الفاظ اور مخصوص ترتیب الہام کر دی یا ان کی فطرت میں القاء کر دی گئی۔

پوشیدہ صلاحیتوں کا نمایاں ہونا:

چونکہ ان حضرات کا نسمہ تو پہلے ہی مفرد تھا اس لیے ان مخصوص الفاظ اور مخصوص ترکیب نے ایک خاص عمل کیا اور ان ابتدائی انسانوں کے اندر مختلف پوشیدہ صلاحیتیں نمایاں ہوگئیں۔ اس طرح یہ لوگ نئی قوتوں سے متعارف ہوئے پھر ان لوگوں میں سے مخصوص لوگوں کی یہ عادت بن گئی کہ وہ ناقابل فہم الفاظ کا تانا بانا جوڑتے اور ایک طلسم بناتے اس بنانے میں قدرت کی وہ تخلیقی صفت شامل ہوتی تھی جو انسان کو اس کے ارتقاء میں اس کی مناسب حال باتیں القاء کرتی ہے اس طرح الفاظ بنا کر وہ ایک ترکیب اپنی ہی قوت سے وصول کرتے اور اس پر عمل کرتے۔ یاد رہے یہ بات ان کی فطرت میں القاء ہو چکی تھی۔

الہام فطری:

جسے آپ مذہب کی زبان میں الہام فطری بھی کہہ سکتے ہیں۔ ان حضرات کو ان مخصوص الفاظ بنانے اور ترکیب ایجاد کرنے سے جن قوتوں کا سراغ ملا ان میں سے ایک زبردست قوت ہمزاد کی بھی ہے جسے ان حضرات نے اپنے حواریوں کے لیے رقم کر دیا۔ چونکہ اختصار ملحوظ ہے اس لیے اسی پر بس۔

ہندو مسلک:

ہندو کا مذہب بھی ہزاروں سال پرانا ہے اور ان حضرات کی نسل بہت ہی قدیم ہے تاریخ سے تو ہماری بحث نہیں ہے اس لیے اختصار سے کام لیتے ہیں۔

ہندو کے معنی:

سنسکرت میں ''ہندو'' کے معنی ''بندہ'' کے ہیں جسے عربی میں ہم ''عبد'' کہتے ہیں۔

ہندوؤں کے دوگروہ:

''بہر حال یہ لوگ بھی کسی دور میں عبودیت کا اعلیٰ شاہکار رہ چکے ہیں لیکن انسانی ارتقاء

کے ساتھ ساتھ ان کی اقدار بھی بدلتی گئیں۔ ہندوؤں میں بھی دوگروہ پائے جاتے ہیں۔

پنڈت حضرات:

پہلا گروہ پنڈت حضرات کا ہے۔ یہ لوگ گویا مذہبی راہنما ہوتے ہیں اور ویدوں کا درس دیتے ہیں وعظ وغیرہ کہتے ہیں۔ مندروں میں متعین ہوتے ہیں۔ بالفاظ دیگر ہمارے مذہب کے مطابق یہ ہندوؤں کے ''مولوی'' ہیں۔

سادھو اور رشی منی:

دوسرا گروہ سادھوؤں اور رشی مینوں کا ہے۔ ان حضرات نے دنیا کو چھوڑ کر جنگلوں کو اپنا مسکن بنا لیا اور ریاضات شاقہ کے ذریعے نفوس کی بعض صلاحیتوں سے کام لینے کا طریقہ سیکھ لیا۔ یہ لوگ ان کے صاحب تصوف ہیں جسے وہ جوگ حاصل کرنا یا نروان حاصل کرنا کہتے ہیں۔

گروہوں کا باہمی تضاد:

ان دونوں گروہوں کا بھی آپس میں تضاد ہے۔ اول پنڈتوں کا گروہ بھی ہمزاد کا قائل ہے۔ وہ اسے گندی روحوں میں شمار کرتا ہے اور اس کے لیے جھاڑ پھونک اور منتر بھی کرتے ہیں۔ یہ لوگ ہمزاد کو خبیث روح بھی کہتے ہیں اور محض منتروں وغیرہ سے اس کا تدارک کرتے ہیں۔ اس کے مطیع کرنے اور اس پر اعمال وغیرہ کرنے کو تضیع اوقات سمجھتے ہیں۔ دوسرا گروہ سادھو لوگوں کا ہے ان میں بہت بڑے بڑے صاحب فہم لوگ پیدا ہوئے۔ جنہوں نے نفس کی بعض خصوصیات کو بروئے کار لا کر اس کے اندر ریاضت کے ذریعے ایسی خصوصیات پیدا کر لیں جو خوارق کے ضمن میں آتی ہیں۔

استدارج:

انہی خوارق کو مذہب کی زبان میں استدارج کہتے ہیں۔ ان لوگوں نے ایسے الفاظ ترتیب دیئے جن کے ذریعے اور زبان کی مخصوص حرکت سے اور الفاظ کے زیر و بم سے دماغ میں

ایک تاثیر پیدا ہو جاتی ہے جو آفاقی آثار یعنی فضا میں اثرات مرتب کرتی ہے اور نفس کے اندر بھی اثرات پیدا کرتی ہے۔ یہ روشنی کی لہر ہے جو الفاظ کے زیر و بم کے ساتھ مربوط ہے۔ جب یہ نفس کے اندر تاثیر کرتی ہے تو قوت متخلیہ کو تحریک دیتی ہے اس طرح عامل جو خیال دھار کر بیٹھا ہوتا ہے وہ تصور میں ہو بہو نظر آنا شروع ہو جاتا ہے۔

قوت ارادی کا فعال ہونا:

جب یہ خیال ہو بہو مسلسل نظر آتا ہے تو چونکہ عامل اپنے طور پر ادراک کیے بیٹھے ہے کہ یہ مسخر ہو جائے گا اور ہر کام کرے گا بس یہ ادراک آہستہ آہستہ فعال ہوتا جاتا ہے اور قوت ارادی کو حرکت دیتا ہے۔ پھر قوت ارادی اس خیالی جسم کو متحرک کر کے مسخر کر دیتی ہے اور مختلف کام وغیرہ کرتی ہے۔

منتروں سے ہمزاد مسخر کرنا:

ان سادھوؤں نے اور رشی منیوں نے بعض طریقے تو ایسے وضع کیے ہیں جن میں الفاظ جنہیں منتر کہا جاتا ہے استعمال ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ مخصوص طریقہ بھی ہوتا ہے جو ہمزاد کو مطیع کر دیتا ہے اور انہی لوگوں نے بعض صرف مشقیں وضع کی ہیں جن میں پڑھا تو کچھ نہیں جاتا البتہ مخصوص طور سے ریاضت کی جاتی ہے جس سے یہ قوت ظاہر ہو جاتی ہے۔

......☆☆☆......

تسخیر ہمزاد غیر مسلمین کے لیے

ہمزاد جلد مطیع ہو جائے:

یہ عمل چڑھتے چاند کو سب سے پہلے اتوار کو شروع کرنا چاہیے۔ عمل شروع کرنے سے پیشتر ایک ایسی دھوتی مہیا کریں جس میں سلائی ہرگز نہ کی گئی ہو۔ عمل کے دوران میں صرف روٹی گندم اور دال مونگ کھایا کرے۔ باقی کسی بھی چیز کی اجازت نہیں۔ ہاں دودھ گھی کی بھی اجازت ہے۔ بہتر ہوگا کہ روٹی دال خود ہی اپنے ہاتھوں سے تیار کر لیا کرے۔ یا کوئی پاک صاف عورت یا مرد سے تیار کروا کر کھایا کرے۔

تنہائی میں عمل کا آغاز:

بس اتوار کے دن تقریباً 9 بجے صبح تمام حاجات سے فارغ ہو کر اور نہا دھو کر خوشبو لگائے اور جنگل اور مکان کے صحن میں جس جگہ پر دورانِ عمل میں کسی کا گزر نہ ہو سکے، عمل شروع کر دے۔ پہلے تمام کپڑے اتار کر رکھ دے اور صرف ایک دھوتی آدھی باندھے اور آدھی اوڑھے۔

ہمزاد کی شکل دکھائی دینا:

دھوپ میں کھڑا ہو کر اپنے سایہ مقام کنٹھ کی جگہ ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہے اور منتر کا جاپ کرتا رہے تو فوراً بلا جھپکنے آنکھ آسمان کی طرف دیکھے۔ ویسی ہی شکل وہاں نظر آئے گی۔ اس کو بغور دیکھے اور دل میں خیال کرے کہ اے ہمزاد تو میرے مطیع ہو جا۔ پھر دو منٹ کے بعد اسی طرح مقام کنٹھ پر دیکھنا شروع کر دے۔ اسی طرح کل سات بار کرے یعنی منتر کا جاپ سات سو سات بار کرے۔ جب اخیر دفعہ اوپر کو دیکھے۔ تو پانچ منٹ تک سایہ کی طرف دیکھتا رہے۔ اور پھر عمل کو ختم

کر دے۔ اسی طرح روزانہ عمل کو جاری رکھے۔ عموماً بہت جلد کامیابی ہو جاتی ہے۔ منتر یہ ہے:

اوم ہرینگ کلینگ شرینگ سایہ ہرش سواہا

ہمزاد حاضر ہو جائے:

یہ عمل رات کے وقت علیحدہ مکان میں کیا جاتا ہے اس کا تمام طریقہ وہی ہے جو عمل نمبر 1 میں بیان ہو چکا ہے۔ صرف منتر کا فرق ہے۔ ایک اناج کھائے اور ہمیشہ پاک وصاف رہے اور نو بجے کے وقت عمل شروع کر دیا جائے۔ ایک سرسوں کے تیل کا چراغ جلا کر کمرے میں مشرق کی طرف رکھے۔ اور اپنا منہ مغرب کو کر کے کھڑا ہو کر اپنے سایہ کے مقام کنٹھ (گردن) پہ نظر رکھے۔ اور منتر کا جاپ کرتا جائے۔

سایہ نظر آنا:

جب ایک سو اکیس بار پڑھ چکے تو فوراً چھت کی طرف دیکھے۔ سایہ وہاں نظر آئے گا۔ تین منٹ کے بعد پھر اصلی سایہ کی طرف دیکھنا شروع کرے۔ گیارہ دفعہ روزانہ کرے۔ یعنی کل ایک ہزار تین سو اکتیس دفعہ پڑھے۔ اخیر میں پانچ منٹ تک سایہ کی طرف دیکھتا رہے۔ تین ماہ کے عرصہ میں ہمزاد مجسم سامنے آ حاضر ہوگا۔ منتر یہ ہے:

''اوم نموآ گوش سرمندری سواہا''

ہمزاد حاضر کرنے کا آزمودہ عمل:

یہ عمل دن کے وقت مطابق عمل نمبر 4 کیا جاتا ہے۔ ان دونوں میں فرق صرف یہی ہے کہ عمل نمبر 4 میں کچھ پڑھنا نہیں پڑتا اور اس عمل میں پڑھنا بھی پڑھتا ہے۔ جس طرح پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ آئینہ قد آدم کے برابر مہیا کرے اور تنہائی کے کمرے میں لگا کر سامنے الف ننگا ہو کر عمل شروع کرے۔ اپنا دھیان عکس کے مقام کنٹھ پر رکھے اور منتر کو پڑھتا جائے۔

دورانِ عمل پرہیز:

دورانِ عمل میں صرف ایک ہی اناج اور ایک ہی روٹی کھائے اور ہر قسم کا پرہیز کرتا رہے۔ جب تین سو مرتبہ عمل پڑھ چکے تو اپنی آنکھوں کو بند کر لے اور اپنا عکس بند آنکھوں میں دیکھنے ہی کی کوشش کرے۔

ہمزاد کا تصور کرنا:

دو منٹ تک آنکھیں بند رکھے اور دل میں ہو بہو نقشہ جمائے کہ میرا ہمزاد میرے سامنے کھڑا ہے اور مجھے ابھی ابھی بلائے گا۔ دو منٹ کے بعد بدستور آئینہ میں دیکھنا شروع کر دے۔ پھر جب تین سو مرتبہ پڑھ چکے تو اسی طرح دو منٹ تک آنکھیں بند کر کے ہمزاد کا دھیان جمائے۔ اسی طرح تین بار کر کے اور تیسری بار پانچ منٹ تک دھیان جمائے۔ اس طرح کل 900 بار منتر کا جاپ کرنا ہے اور پھر ختم کر دے۔ ہر روز وقت مقررہ کے اندر اندر حاضر ہوگا۔ منتر یہ ہے:

''اوم ہرینگ پرمودا اسے سواہا''

تسخیر ہمزاد کا نادر عمل:

یہ عمل رات کے گیارہ بجے سے شروع کیا جاتا ہے۔ مکان بالکل علیحدہ آبادی سے باہر اور دور واقع ہونا چاہیے۔ اور مکان ایسا ہو کہ بند کر دیا جائے۔ تو کسی بھی طرف سے اندر روشنی نہ آ سکے۔

دورانِ عمل پرہیز:

دورانِ عمل میں دودھ اور گھی ہی چاول کے ساتھ کھانے چاہئیں اور کوئی چیز ہرگز نہ کھائے۔ عمل بالکل ننگے ہو کر کرنا چاہیے۔ مکان کے دروازے بند کر کے منہ شمال کی طرف کر کے کھڑا ہو جائے اور اپنا دھیان اپنی ناک کی نوک پر رکھے۔ گو اندھیرے میں ناک نظر نہیں آئے گی۔ لیکن نظر نیچے ناک کی نوک کی طرف ہونی چاہیے۔ منتر کو پڑھتا جائے۔ تمام دنیاوی خیالات کو دل سے دور کر دے۔ چند یوم کے بعد ناک سے چند شعلے نکلتے نظر آئیں گے۔ ان سے گھبرانا نہیں چاہیے۔ اور باہر سے آوازیں بھی آئیں گی۔ بالکل نہ بولے عمل کو برابر جاری رکھے اور روزانہ منتر کا جاپ ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ کرے۔

آسمان پر اپنی شکل دکھائی دینا:

عمل ختم کرنے کے بعد اُسی جگہ سو رہے یہ بھی خیال رہے کہ کمرہ میں زیادہ سامان نہ ہو۔ صرف ایک چارپائی اور چند ایک برتن اور کچھ ضروری سامان ہونا چاہیے۔ صبح اٹھ کر سورج

نکلنے سے پہلے آسمان کی طرف دیکھے۔ چند روز بعد وہاں اپنی شکل نظر آئے گی۔ جو پہلے پہل بہت دھندلی سی ہوگی۔ لیکن روزانہ مشق سے صاف اور روشن ہوتی جائے گی۔

ہمزاد کا نظر آنا:

تھوڑے عرصہ کی مشق کے بعد کمرہ بعض بعض دفعہ بالکل روشن ہوجایا کرے گا۔ اسی طرح یہ روشنی روزانہ صاف اور زیادہ تیز ہوتی جائے گی۔ آخر کار اس تیز روشنی میں ہمزاد نظر آئے گا۔ جو مدت مقررہ کے اندر ہی اندر ہم کلام ہوگا۔ منتر یہ ہے:

''اوم سایہ سادھن ہرینگ اینگ پھٹ سواہا''

دھوئیں کی شکل میں ہمزاد کا ظاہر ہونا:

الفاظ کے عملیات میں سے یہاں ایک عمل اور لکھا جاتا ہے جو کہ بہت ہی سہل اور آزمودہ ہے۔ مگر اس عمل میں سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ لاحول پڑھنے سے پرہیز کرے ورنہ کامیابی نہ ہوگی اور گویا ساری محنت بیکار ثابت ہوجائے گی۔

ماہ ثابت یا ذوالجید کی پہلی سنیچر کو سرِ شام تھوڑی سی زمین ایک محفوظ جگہ جہاں پر کسی کا سایہ نہ پڑے لیپ رکھے اور پھر نہا کے برہنہ ہوکر دوزانو بیٹھے۔

دوران عمل پڑھنے والے کلمات:

اپنے پاس سوائے تھوڑی سی آگ اور گوگل کے کوئی چیز نہ رکھے۔ چراغ بھی نہ ہو۔ آگ کو بالکل سامنے رکھے اور گوگل اس طرح اس پر ڈالنا چاہیے کہ دھوئیں کا سلسلہ نہ ٹوٹے۔ اور اس دھوئیں کو بغور دیکھتا ہوا یہ کلمات پڑھے۔ لیدیوع سمدیوع

وقت مقررہ پر پڑھنا:

ان دونوں لفظوں کے پڑھنے کی کوئی تعداد نہیں۔ مگر وقت البتہ معین ہے۔ اور وقت یہ ہے کہ جس وقت سے شروع کرے اُس وقت سے دھویں کو دیکھتا رہے اور انتظار کرے کہ دھوئیں میں سے آواز نکلتی ہے یا نہیں۔ جس وقت آواز نکلے ایک دم بہت سا گوگل آگ میں پھونک دے اور فوراً اُٹھ کھڑا ہوا۔ یہ آواز ایسی ہوتی ہے جیسی آتش بازی کی چرخی کی آواز پیدا ہوتی ہے۔ اور گو کہ پہلے ہی سے زور کی آواز پیدا ہوتی ہے پھر رفتہ رفتہ بڑھ جاتی ہے اور زیادہ دیر

تک قیام ہوتا رہتا ہے۔

دھوئیں کا مجسم شکل اختیار کرنا:

آخر کو آواز کے ساتھ ایک بات یہ بھی ہوتی ہے کہ دھواں آہستہ آہستہ ایک صورت پکڑ جاتا ہے۔ اور آخر ایک روز وہ مجسم ہوکر سامنے کھڑا ہوجاتا ہے اور وہ آواز جو پہلے مجمل ہوتی ہے اور تھوڑی ہی دیر رہتی ہے، معنی دار ہوجاتی ہے۔ یعنی اس قسم کی آواز میں ایک مطلب پیدا ہوجاتا ہے جو کہ بخوبی عامل کی سمجھ میں آتا ہے اور اس کا مفہوم یہ ہوتا ہے کہ تو نے مجھے کیوں بلایا ہے۔

مختلف صورتوں کا گفتگو کرنا:

ساتویں روز مختلف قسم کی صورتیں نظر آئیں گی اور باتیں بھی کریں گے۔ مگر عامل کو چاہیے کہ دھوکہ نہ کھائے کیونکہ یہ سب صورتیں دھوکہ دینے والی اور مصنوعی ہوتی ہیں۔ اگر ان سے بات کر کے عمل توڑ دے گا تو نقصان پہنچے گا۔ اصلی صورت کی پہچان یہ ہے کہ وہ اس دھوئیں کی بنے گی اور کم وبیش نہ ہوگی اور نہ مختلف صورتیں بدلیں گی۔ بلکہ اس کی صورت ایک ہی قسم کی بڑھتی ہوئی معلوم ہوگی اور باقی صورتیں جو علاوہ اس کے ہیں، وہ خارجہ ہیں۔ ان پر اعتبار اور التفات نہ کرے۔ یہ اصلی صورت جو نظر آتی ہے ہر شخص سے علیحدہ ہوتی ہے اگر کوئی معین صورت ہوتی جیسی کہ اکثر اعمال میں ہے تو اس کا نقشہ بھی کھینچ دیا جاتا۔

تسخیر ہمزاد کا بے نظیر عمل:

نوچندی منگل یا اتوار اور سب سے بہتر اتوار اماوس ہے۔ اس روز سے عمل کی ابتداء شروع کرنی چاہیے۔ ترکیب یہ ہے کہ پہلے تمام جسم میں جو کہ عریاں ہو سیندھور کے جابجانے کے ڈالے۔ پھر اپنے اردگرد بارہ چراغ جلائے اور بیچ میں آپ کھڑا ہو۔

دائرے کے اندر چکر لگانا:

چراغوں کے سامنے کی ترکیب مثل دائرے کے ہو اور دائرہ کا محیط اس قدر ہو کہ اس

کے اندر عامل چکر لگا سکے۔ چکر لگاتے وقت چند باتوں کا خیال رہے۔ ایک تو یہ ہے کہ اپنی
پرچھائیں کو پامال کرتا جائے۔ دوسرے یہ کہ ہاتھ میں کافور کا بُرادہ ہو جو بار بار چراغوں کی لو پر
التا جائے اور زبان سے یہ کلمات کہتا جائے:

دیا النگ میسکو انک سہائے انگ ڈھنگ من پائے! چھانو چلت پھرت
سنگ آئے جیت چھائے مرت جائے میری شکست گورو کی بھگت۔

با آواز بلند کلمات پڑھنا:

ان کلمات کو با آواز بلند پڑھتا جائے اور چراغ میں تیل تل کا ہو۔ یا سرسوں کا، مگر
خالص ہو اور چھٹانک بھر سے کم نہ ہو اور بتی اوسط درجہ کی ہو۔ نہ موٹی نہ پتلی مگر روئی کی ہو۔

عمل ختم کرنے کا وقت:

اسے پڑھنے کا وقت معین یہ ہے کہ جب بارہ چراغوں میں سے ایک بھی بجھ جائے تو
عمل کو ختم کرے۔ خواہ وہ چراغ ہوا سے بجھے یا تیل ختم ہو جائے۔ مگر جسم چراغ سے مس نہ ہونے
پائے۔ پھر دوسرے روز چراغوں کا تیل خالی کر کے ایک برتن میں علیحدہ جمع کرتا جائے مگر بتی اور
پیالہ نہ بدلے۔ اسی طرح سات روز تک سب کاموں کو بدستور جاری رکھے۔

ایک شخص کا حاضر ہونا:

آٹھویں روز ایک برہنہ شخص حاضر ہوگا جس کی حالت اور وضع سے کسی قدر تمسخر ظاہر
ہوگا۔ اس کے آگے وہ جمع کیا ہوا تیل رکھ دے۔ لیکن اس وقت تک اس سے بات نہ کرے جب
تک وہ پی نہ جائے۔ پھر ہر قسم کا قول و اقرار کرے۔

تسخیر ہمزاد کا عجیب وغریب عمل:

ایک بندر کی کھوپڑی کہیں سے لائے۔ مگر ٹوٹی اور پھوٹی یا سوراخ والی نہ ہو۔ اس میں
ہر روز پیشاب کرے۔ جب وہ بھر جائے۔ تو علی الصباح یا طلوع آفتاب کے وقت اس میں

چوراہے کی مٹی اور اپنے جسم کا میل ڈال دیا کرے۔

مٹی کا پتلا تیار کرنا:

جب وہ مٹی گوندھنے کے قابل ہو جائے تو اس کا ایک پتلا بنائے جس کے تمام اعضاء
حسب دستور ہوں اور اس پتلے کی جسامت اتنی بڑی ہو کہ اس کھوپڑی میں بخوبی لیٹ سکے۔
جب اس میں اُسے لٹا دے تو اس میں پھر پیشاب کرے اور ایک قطرہ اپنے کسی عضو کے خون کا
بھی ڈال دے۔

منتر پڑھنا:

پھر صبح کے وقت سے اس پتلے کو دیکھنا شروع کر دے نظر اس کی پیشانی پر ایک جگہ قائم
رکھے اور یہ منتر تین سو آٹھ مرتبہ پڑھے۔

ہنومان، کیشو جنگل چرت دہرتی دیہوں دہار کے دہار سیر باسو بھرت چیت مرت
چیتے اٹھ گرو تیری دھائی۔

چالیس روز تک اس عمل کو پڑھے اور ہر روز گڑ اور گھی کا نچوڑ ڈالے۔

ہمزاد کا نظر آنا:

چالیس ویں روز کاسۂ سر سے ایک صورت پیدا ہوگی وہی ہمزاد ہے اس عمل کی ایک
دفعہ آزمائش ہو چکی ہے۔ اور اس میں کوئی خوف وخطرہ بھی نہیں ہے۔

ہمزاد پر قابو پانا:

علی الصباح جب سورج نکلے یا چاندنی رات میں جب ابر نہ ہو آسمان صاف ہو۔
میدان میں جا کر سورج یا چاند کی طرف پشت کر کے کھڑا ہوا اور اپنے سایہ پر تھوڑی دیر نگاہ جما کر
دیکھے پھر فوراً نگاہ اُٹھا کر آسمان کی طرف دیکھے تو ویسا ہی سایہ نظر آئے گا۔
اسی طرح آدھا گھنٹہ تک بار بار کرے اور روز مقررہ وقت پر بلا ناغہ کیا کرے۔

چندروز کے بعد وہ سایہ آسمان پر اچھی طرح قائم نظر آئے گا۔ پھر آنکھیں بند کر کے خیال میں دیکھا کرے۔ تو بھی ہو بہو اپنی شکل نظر آیا کرے گی۔

کمرہ کے اندر بیٹھ کر رات کو چراغ کی روشنی میں بھی ایسا کر سکتے ہو۔

سائے پر نظریں جمانا:

ایسے مکان میں جو بالکل خالی ہو اور شور وغل سے دور ہو، کھڑا ہو کر جنوب کی طرف منہ کر کے چراغ اپنی پشت کی طرف شمال کی جانب ایسی جگہ رکھے کہ دیوار یا فرش پر پورا سایہ جسم کا پڑ سکے۔ پھر سایہ کی طرف ٹکٹکی باندھ کر حلق کے مقام کو ایک گھنٹہ تک دیکھتا رہے۔

آنکھ جب جھپکنے کو ہو تو ایسی تیزی سے بند کرے کہ خیال مین وہی تصور آنے لگے۔ چند ماہ میں وہ جگہ روشن نظر آنے لگے گی اور سدھ ہو جاوے گا اور اپنا جسم شیشہ کے موافق شفاف نظر آوے گا۔

پھر جب چاہے آنکھ بند کر کے اپنا چہرہ دیکھ سکے۔

ہمزاد حکم کی تعمیل فوری کرے:

کاتک کی پورنماشی کی رات کو مشق شروع کر دے اور صبح ہی میدان میں جا کر سورج کی طرف پشت کر کے کھڑا ہو اور اپنی گردن کے سایہ پر نظر جما کر دیکھتا رہے۔ جب پلک گرنے کو ہو تو اسی نظر سے آسمان کی طرف دیکھے۔ پھر چند روز کے بعد سارا جسم نظر آنے لگے گا۔ پہلے سیاہ دھندلا پھر اسی رنگ کا، پھر رفتہ رفتہ آسمان سے نیچے اُترتا ہوا سایہ کو اپنے قریب لاوے۔

اسرارِ غیبی کا ظہور:

پھر چند روز بعد جب سامنے آدمی کھڑا ہوا معلوم ہونے لگے۔ تب اس سے باتیں کرنا شروع کرے۔ پھر وہ سب حکم بجا لائے گا اور اسرار غیبی ظاہر کرے گا۔

پڑھنے والا منتر:

جب سایہ خوب صاف نظر آنے لگے تب جسم کو ذرا ہلا کر دیکھے۔ اگر باوجود جسم ہلنے کے سایہ قیام پذیر ہو تو ٹھیک سمجھے۔ دیکھتے وقت اس منتر کو 105 بار پڑھے۔

منتر یہ ہے:

''اوم برہمنے کا''

دوران عمل ناغہ نہ کرے:

پھر روزہ مرہ دیکھا کرے کبھی ناغہ نہ کرے۔ صرف دھوتی پہن کر ہاتھ پاؤں پھیلا کر عمل کیا کرے۔ دھوتی کا رنگ بھی نظر آنے لگے گا۔ اگر کسی روز کوئی عضو اپنا کٹا ہوا نظر آئے تو اسی کے موافق شدنی سمجھے۔ یعنی سر کٹا ہوا نظر آوے تو خود مرے گا۔ چھ ماہ کے اندر بازو کٹا ہوا نظر آوے تو بھائی مرے۔ سینہ نظر آوے تو فرزند اور ران نظر آوے تو عورت کی موت قریب سمجھے۔ جسم پورا نظر آیا کرے تو عمر دراز خوشی کے سامان رہیں۔ ڈبلا اور چھوٹا نظر آوے تو تنگی و پریشانی کا سامنا ہو۔ زرد رنگ کا سایہ دیکھے تو بیماری ہے۔

ہمزاد کی فوری حاضری:

اول تو آدمی پاک صاف ہو کر 9 اور 10 بجے کے درمیان دھوپ میں کھڑا ہو کر قبلہ رو کھڑا رہے۔ مگر یہ خیال رہے کہ ایک ہی کپڑا بغیر سلا ہوا اس کو باندھے اور آدھا اوڑھے۔ صرف پڑھتے وقت اس کو استعمال کرنا چاہیے۔ جب عمل پڑھ چکے تو اس وقت اس کپڑے کو اُتار کر رکھ دے۔ اور پھر اپنے روزمرہ کے کپڑے استعمال کرے۔

غذائی پرہیز:

جب نوچندی جمعرات ہو اس دن سے شروع کرے اور ایک ہی اناج اور ایک ہی ترکاری یعنی دال کا استعمال یعنی سوائے دل مسور کے اس وقت تک رکھے جب تک ہمزاد عامل کا

نہ ہو۔ یعنی جب تک قبضہ میں ہمزاد نہ آوے۔

سائے پر نگاہ مرکوز رکھنا:

جب پڑھنے کو کھڑا ہو تو دونوں ہاتھ باندھ کر جیسے کہ ادب سے کھڑے ہوتے ہیں، کھڑا ہو۔ اور نگاہ اپنے سایہ کے اوپر یعنی اس مقام پر جہاں کہ سر کا سایہ ہو رکھے۔ جب سو مرتبہ پڑھ چکے اس وقت اوپر آسمان کی طرف دیکھے۔ قریب دو منٹ پھر سابقہ جگہ پر نگاہ ڈالے اور پڑھنا شروع کردے۔ جب سو بار پڑھ لیوے تو پھر قریباً دو منٹ آسمان کی طرف نگاہ لے جائے۔ پھر بدستور اس جگہ پر نگاہ کرے تو پھر سو بار پڑھ لیوے اور اس وقت اپنی نگاہ آسمان کی طرف کرکے قریب دو منٹ کے پھر 141 بار پڑھے۔

اکتالیس یوم کا عمل:

بدستور سابق کے سر کے سایہ کی طرف نگاہ کرکے جب پڑھ چکے تو آسمان کی طرف پانچ منٹ تک دیکھے اور یہ کل 441 مرتبہ ہو۔ اسی طرح 41 دن تک کرے۔ لیکن جس وقت سے اور جس روز سے پڑھنا شروع کرے۔ اسی روز سے ایک پان سالم لگا ہوا۔ جس میں الائچی خورد پڑی ہوئی ہو۔ اپنے سیدھے ہاتھ کی طرف رکھ لیا کرے۔ جب اس عمل کو پڑھ کر فارغ ہو جایا کرے تو روزمرہ اس پان کو تالاب، دریا کنوئیں میں ڈال دیا کرے۔

آسمان پر سایہ نظر آنا:

جب اکیسوں دن ہوگا۔ اس وقت صرف سر کا سایہ جو زمین پر نظر آتا تھا وہ سایہ آسمان پر نظر آوے گا۔ اور اگر ادھر اُدھر سے آواز آئے یعنی آوازیں اس قسم کی ہوں گی۔ جیسے اپنے گھر کا آدمی یا کوئی دوست احباب پکارتا ہے۔ نہ تو نگاہ ہٹاوے اور نہ بولے۔

عامل نشانی طلب کرے:

اس طرح روز مرہ سایہ زمین سے کم ہوتا جائے گا۔ اور آسمان پر بڑھتا جائے گا۔ یہاں

تک کہ اکتالیسویں روز کل سایہ جو کہ زمین پر نظر آتا تھا، وہی سایہ آسمان پر بالکل صاف نظر آئے گا اور اسی روز کوئی شخص تم سے لگا ہوا پان مانگے گا۔ آپ پان کو ہاتھ میں لے کر اس سے کہو کہ تم بھی مجھ کو نشانی دو۔ اگر اس نے ایک چھلا خواہ لوہے کا خواہ چاندی کا یا چھالیہ کا ہوگا۔ لیکن یاد رہے کہ پہلے تم چھلا لو اس وقت پان دو۔ پہلے پان مت دو۔ اگر چھلا نہ دے اور یہ کہے کہ میرے پاس چھلا نہیں ہے تو اس سے کہو کہ تو تین دفعہ اقرار کرو کہ تو میرے قبضہ میں رہے گا۔ اور جو کام تجھ سے کراؤں گا تو کر دیا کرے گا۔ اگر وہ تین مرتبہ عہد کرلے تو پان دے دینا۔ گویا وہ تمہارے قبضہ میں ہو گیا اور تم اس کے عامل ہو گئے۔ جب بلانا ہو تو وقت چٹکی بجادی اور اور دل میں کہہ لیا حاضر ہو۔ فوراً تمہارے کان میں آواز آئے گی کہ میں حاضر ہوں۔

روبرو سایہ نہ پڑے تو چراغ کی طرف بیٹھے۔

ہمزاد ہر حکم کی تعمیل کرے:

اگر ہمزاد کو تابع کرلے تو ہر قسم کے تازہ پھل بلا فصل جو چیز منگاؤ ایک لمحہ میں لا دیتا ہے اور کان میں ہر ایک سوال کا جواب دیتا ہے۔ بلکہ خود اس قدر خبریں پہنچاتا ہے کہ عامل کو سونے بھی نہیں دیتا۔ جس کام کا حکم کرو ایک لمحہ میں کرکے کہتا ہے کہ اور حکم کرو۔ کہ کیا کروں مگر یہ بات ایک لغو ہے اور پہلے وقتوں کی ہے۔ اب اگر ہمزاد اسے سوالوں سے دق کرے تو سہل علاج اس کا یہ ہے کہ حکم دے دیا کہ ہمارے لیے ایسا مکان بناؤ پھر اس میں باغیچہ لگاؤ۔ پھر ہماری فلاں کتاب کی کاپیاں چھاپتے رہو یا ہمارے دیہات میں آبپاشی کے کنوئیں بناؤ یا نہریں کھودو یا ناہموار کھیتوں کو ہموار کردو وغیرہ وغیرہ۔

ایک آزمودہ طریقہ:

ایک استاد نے یہ طریقہ بھی بتایا ہے کہ عامل جب صبح پاخانہ کے لیے جاوے تو پانی کا لوٹا ساتھ لے کر جاوے۔ جب آب دست کرے تو جو پانی باقی رہ گیا ہو۔ اس پانی کو کسی درخت

کی جڑ میں ڈال دیا کرے یہ کام چالیس یوم کرنے سے چالیس دن کے بعد ایک بھوت ظاہر ہوگا اور کلام کرے گا۔ پھر جو کام لینا چاہو لے لو۔ مگر تم تین گھنٹہ سے زیادہ دق نہ کرو اور ہر وقت پاک رہو۔ اگر جماع کی نوبت پہنچے تو پانی تیار رکھو فوراً نہا کر پاک ہو جاؤ۔ لیکن جب تک عمل پڑھو تب تک جماع کی نوبت نہ پہنچے۔

اگر بحالت خواب نہانے کی ضرورت پڑ جائے اُس وقت فوراً بستر سے اُٹھ کر نہا لینا چاہیے۔ مگر جو چیز طلب کرو بے جا ہرگز مت منگاؤ۔ اور جو چیز کھانے کی یا اور کسی قسم کی منگاؤ تو اس کی قیمت اس جگہ پر رکھ دو جہاں سے منگاؤ۔ اگر کسی کے دل کا حال پوچھو تو بتلا دے گا۔ یہ 41 دن کا ہے اور 441 مرتبہ روز پڑھا جاتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ اپنے ہاتھ سے کھانا پکاوے اور پڑھتے وقت کسی سے بات چیت نہ کرے اور اپنا دھیان دوسری طرف نہ لگائے۔ عمل یہ ہے:

ہرنی پارا سے الیملو ل اتما

اگر رات کو عمل کرے تو چراغ کے روبرو بیٹھے۔

ہمزاد تابعداری کرے:

ایک نیک نفس عامل پاک دھوتی پہنے اور طلوع آفتاب سے دو گھنٹے قبل کچھ گڑ کی شکر اور سیاہ تل جدا جدا ہاتھوں میں رکھے اور ایک ایسے سنسان مقام پر کھڑا ہو جائے جہاں پرندہ بھی پر نہ مار سکے۔ منہ مشرق کی طرف ہو آنکھیں دس منٹ بند رکھے اور دل میں خیال تسخیر ہمزاد کے علاوہ اور کچھ نہ ہو۔

تین دن تک یہی عمل کرے اور روزانہ وہی شکر اور تل لائے اور واپس ساتھ بحفاظت لے جائے۔ دورانِ عمل اپنی شکل کا تصور کرتا رہے۔

پڑھنے والا منتر:

عمل میں چوتھے دن سے اسی عالم میں اوم پرانگ پر ینگ اینگ پھٹ سواہا، پڑھنے کا

اضافہ کرے۔

روزانہ ایک ہزار مرتبہ مندرجہ بالا منتر چالیس دن تک پڑھا جائے گا۔

ہمزاد کا نظر آنا:

آخری دن ہمزاد ایک دھوئیں کی شکل میں نظر آئے گا اور کچھ طلب کرے گا۔ عامل کو چاہیے کہ کچھ تل اور شکر جو اس کے ساتھ ہوں گے اس کی طرف پھینک دے۔ اور اگر وہ مزید مانگے تو اس شرط پر آئندہ یہ خوراک دینے کا وعدہ کرے کہ وہ عامل کے ساتھ رہا کرے۔ ہمزاد رضامند ہو جائے گا۔ اس وقت اس سے اسے حاضر کرنے کا قاعدہ طے کر لینا چاہیے اور ہمہ اوقات آدھا چھٹانک سیاہ تل اور گڑ کی شکر ساتھ رہنا چاہیے۔ مباشرت، منشیات اور ہر قسم کے گوشت وغیرہ کا پرہیز رکھے۔

ہمزاد کو مطیع کرنا:

''اوم نمو چڑھو شور، بیر دھرتی چڑھ جانا۔ پتاں چڑھ۔ مکھ پال چڑھ باگ ویر
ہنومت پر چڑھا وھون سے پسلی چڑھو نسلی ہو یا چڑھ رہیا ہون چھاتی چڑھ
چھاتی ہے۔ کھمیا کنٹھ چڑھ کنٹھ سے لکھ لکھ چڑھ، مکھ سے جھا سے چڑھ،
کان سے آنکھ چڑھ آنکھ سے لاٹ چڑھ۔ لاٹ سے نین چڑھ۔ سیس سے
کہاں سے چوٹی چڑھ، ہنومان ترنگھ بیر جل۔ بیر سدھ بیر میکھ کر بیرا آگیا۔
بیر سون سو بیر یہ پہ چڑھو۔!!''

ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر پڑھنا:

مندرجہ بالا منتر 108 مرتبہ ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر پڑھنا ہے۔ جب سورج یا چاند گرہن کا موقع ہو، اس وقت گھی کا چراغ جلانا ضروری ہے۔ چراغ میں تیل وغیرہ ہرگز نہ ڈالیں۔ اس عمل سے دیوی یا دیوی کا ہمزاد حاضر ہوگا۔ اس سے عامل کو ہرگز نہ ڈرنا چاہیے اور

جو کچھ مانگنا ہو اس سے مانگ لینا چاہیے۔

تسخیر ہمزاد کا سریع الاثر عمل:

ایک مکان ایسی حالت میں ہو کہ کوئی شئے وہاں عمل میں مداخلت کے لیے نہ پہنچ سکے۔
یہ عمل صرف دو ماہ پندرہ دن میں کامیابی کو پہنچا دیتا ہے۔ عامل کو چاہیے کہ وہ دوران عمل صرف چاول، گھی اور دودھ کا استعمال کرے اور رات کو تیسری ساعت میں اندھیرا کر کے بالکل برہنہ ہو جائے اور جانب شمال رخ کر کے بالکل ساکت کھڑا ہو جائے۔ اس طرف دروازہ ہو تو بہت اچھا ہے۔ اس اندھیرے میں اپنی نگاہوں کا مرکز ناک کا سرا ہونا چاہیے۔ برائے نام روشنی بھی کمرے میں داخل نہ ہو۔

توجہ و یکسوئی:

بیان کے ہوئے عمل کے ساتھ ساتھ یہ خیال کرتے ہوئے کہ میں ہمزاد کو تسخیر کر رہا ہوں۔ اور تسخیرات ہوا ہی چاہتی ہے۔ عامل یہ عمل 111 مرتبہ پڑھے۔ کانوں میں خواہ کیسی ہی آوازیں کیوں نہ آئیں ان پر دھیان ذرا بھی نہ دیں۔ بلکہ کامل توجہ تسخیر ہمزاد کی طرف ہو۔

چند روز بعد ناک سے شعلے نکلتے نظر آئیں گے۔ عامل کو نہ شعلوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے اور نہ شوروغل پر

عمل تمام کرنے کے بعد عامل وہیں سو جائے اور صبح طلوع آفتاب سے قبل بیدار ہو کر چند منٹ آسمان پر دیکھ لیا کرے۔

اڑھائی ماہ کے بعد کامیابی:

ڈھائی ماہ تک اسی طرح عمل کرنے پر عامل کو کامیابی ہوگی۔ دورانِ عمل صرف چند ہی روز میں عامل کو صبح آسمان پر نظر ڈالتے وقت ایک شکل نظر آئے گی۔ جو پہلے دھندلی ہوگی۔ بعد میں بتدریج صاف ہوتی چلی جائے گی اور ایک دن عامل کو وہ شکل خود اپنی نظر آئے گی۔ جو حقیقت

میں خود اس کا ہمزاد ہوگا۔

کثرت عمل سے کمرہ روشن و منور نظر آنے لگتا ہے اس پر عامل کو متحیر ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

ہمزاد کے کلام کرنے سے قبل بات کرنے میں خود عامل سبقت نہ کرے جب ہمزاد بات کرے تو جواب دے اور متذکرہ معاہدہ کرے۔

تسخیر ہمزاد کا لاجواب عمل:

عامل اس چاند رات کا انتظار کرے۔ جو یک شنبہ کو واقع ہو۔ اپنے عمل کے لیے ایک سنسان مقام پہلے سے منتخب رکھے۔ وہاں گوبر سے لیپ دے اور شب کو تیسری ساعت میں اپنے کپڑے اتار کر بالکل برہنہ ہو جائے اور سیندور کے ٹیکے بھی بدن پر لگا لے اور اپنے چاروں طرف کڑوے تیل کے چراغ روشن کر کے بیٹھ جائے۔

پڑھنے والا منتر:

عامل تھوڑی دیر بعد اٹھے اور مندرجہ ذیل منتر پڑھتے ہوئے ہر چراغ کی بتی کے منہ میں کافور کا سفوف ڈالے۔

''دیا النگ ٹیگوانگ سہائے۔ انگ ڈھنگ من پائے چھانو چلت پھرت
سنگ آئے۔ جیت چھائے مرت جائے۔ میری شکست گرو کے بھگت''

یقین کامل کا ہونا:

کافور ڈالتے وقت کوئی چراغ جسم کے کسی حصے سے مس نہ ہونا چاہیے۔ دل میں ہمزاد کی تسخیر کا یقین کامل ہونا چاہیے۔ ذہن میں خود اپنی ہی شکل ہونی چاہیے۔ سب سے پہلی ہی بتی گل ہو جانے پر عمل ترک کردے۔ اس طرح آٹھ رات تک یہ عمل کرتا رہے۔

ہمزاد سے معاہدہ کرنا:

- جس شب کو ہمزاد سامنے آئے روزانہ کا جمع شدہ تیل اسے پینے کے لیے دے دے پھر جب وہ ہم کلام ہو اس سے معاہدہ کرے۔

عامل روزانہ چراغوں کا تیل بدلتا رہے اور استعمال شدہ تیل ایک جگہ جمع کرتا رہے۔

......☆☆☆......

عملیات ہمزاد برائے خواتین

ہمزاد پر مکمل قابو پانا:

عالمہ ہر نجاست سے پاک ہو کر آبادی سے دور کسی سنسان مقام پر اپنے عمل کے لیے جگہ متعین کرے۔ اسے پاک صاف اور ہموار کرنے کے بعد خوشبویات جلا دے۔ اس وقت پہلی ساعت (مغرب کے فوراً بعد) ہو، احرام (بغیر سلا ہوا کپڑا) اپنے جسم پر باندھ لے اور مغرب کی طرف منہ کر کے کھڑی ہو جائے۔ اس وقت اس کی نگاہ اپنے سائے کی گردن پر جمی ہونی چاہیے۔ پلک قطعی نہ جھپکائے۔ جس وقت نظر تھکنے لگے آسمان کی طرف دیکھے اور چند منٹ آسمان پر دیکھنے کے بعد نظر دوبارہ اپنے سائے کی گردن پر لا کر جمائے۔ اسی طرح ایک گھنٹہ یا سوا سو منٹ روزانہ کرے۔ تمام عمل کے دوران اس کا یہ عقیدہ راسخ ہو کہ عنقریب ہی اس کا ہمزاد حاضر ہو کر خود کو اس کی سپردگی میں دے دے گا۔

عمل مسلسل جاری رکھے:

- دورانِ عمل اگر ایام حیض کا آغاز ہو جائے تو عمل ترک نہ کرے جاری رکھے۔ البتہ آغاز ایسے زمانے میں نہ کرے جبکہ عاملہ اس حالت میں مبتلا ہو۔

غلطی کرنے کا نقصان:

کچھ عرصہ عمل کرنے کے بعد سایہ دھندلا ہو جائے گا اور اس کی جگہ رفتہ رفتہ روشنی محسوس

ہونے لگے گی اور ایک دن وہ پورے طور پر متشکل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ہمہ اوقات آنکھوں کے سامنے کچھ سیارے یا گول دائرے سے متحرک نظر نظر آنے لگے گیں۔ آوازیں بھی آتی ہوئی محسوس ہونے لگیں گی۔ عاملہ کو ان تمام صورتوں کو یکسر نظر انداز کر کے اپنا عمل جاری رکھنا چاہیے۔ ذرا سی غلطی ہلاکت یا دیگر آفات میں دھکیل دینے کا موجب ہو سکتی ہے۔

ہمزاد کا ہم کلام ہونا:

سائے سے جو خود عاملہ کا ہمزاد ہوگا۔ گفتگو منع ہے عمل کی مدت پوری ہونے کے بعد جب وہ مخاطب ہو کر پوچھے کہ اسے کس لیے بلایا گیا ہے تو عاملہ کو نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ بتانا چاہیے کہ وہ اسے تسخیر کرنا چاہتی ہے۔ وہ تسخیر کا سبب دریافت کرے گا۔ تو عاملہ بتائے کہ میں تجھ سے اپنے بہت سے جائز کاموں میں مدد لوں گی۔ مثلاً مریضوں کے امراض، ان کی تشخیص ادویہ کی فراہمی اور ضروری معالجہ میں مدد، گریختہ کی خبر منگواؤں گی، جہاں چاہوں گی بھیج کر وہاں کے حالات معلوم کراؤں گی، بارش کراؤں گی، بغیر موسم پھل پھول اور میوہ جات منگواؤں گی۔ تیری مدد سے کند ذہن اور غبی لوگوں کو سبق یاد کراؤں گی۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بھاری سے بھاری شئے منتقل کراؤں گی۔ پیش گوئیوں میں تجھ سے مدد لوں گی۔ دفینوں کا پتہ چلاؤں گی غرضیکہ اور بھی بہت سے کام کراؤں گی۔

ہمزاد کی مرضی کا وعدہ نہ کرے:

ہمزاد رضامندی ظاہر کرے گا اور پوچھے گا کہ کیا تو مجھے پیٹ بھر کر کھانا دے گی۔ عاملہ کو اس موقع پر فوراً منع کر دینا چاہیے اس لیے کہ ہمزاد کا پیٹ کوئی انسان نہیں بھر سکتا۔ صرف دو روٹیوں کا اس حالت میں وعدہ کرے کہ جب خود عاملہ کو میسر آ سکیں۔ اسی طرح ہمہ اوقات پاک رہنے کا وعدہ ہرگز نہ کرے۔ اس لیے کہ ہمہ اوقات کوئی شخص پاک حالت میں نہیں رہ سکتا۔

ہمزاد سے اپنی مرضی کا معاہدہ کرے:

عامل خواتین ہمزاد سے جو معاہدہ کریں اس میں یہ بات ضرور اپنی طرف منوالیں کہ ہمزاد ہمہ اوقات عاملہ کے سامنے نہ رہے۔ اور نہ ہر وقت کام طلب کرے۔ نیز معاہدہ تمام عمر کا نہ کرے۔ چند سال کا کرے اور اس عرصہ کے لیے بھی یہ طے کرے کہ اگر عاملہ کی موت واقع ہو جائے تو اس کی لاش مسخ نہ کرے اور نہ کوئی روحانی صدمہ پہنچائے۔

غرضیکہ معاہدے میں پوری طرح محتاط رہے۔ اس سلسلے کی مزید ہدایات ہم رسالہ کی ابتداء میں بڑی تفصیل سے پیش کر چکے ہیں۔ خواتین انہیں بھی پڑھ لیں اور ایسا کوئی کام نہ کرے جس کی وجہ سے بعد میں پچھتانا پڑے۔

یہ عمل ایک ماہ کا ہے۔ عمل سے فارغ ہو کر اپنے کپڑے پہن لیا کرے۔

ہمزاد سے ہم کلام ہونا:

عاملہ کو اس عمل کا آغاز کرنے سے قبل نظر جمانے کی کافی مشق کر لینی چاہیے۔ کیوں کہ اس عمل میں نظر کا انتہائی طاقتور ہونا ضروری ہے۔ عاملہ عمل شروع کرتے وقت پاک صاف ہو جائے اور ایک گھنٹہ قبل اس سنسان مقام پر پہنچ جائے جو پہلے ہی سے عمل کے لیے متعین کیا ہوا ہو۔

قوت ارادی سے کام لے:

اب عاملہ غروب ہوتے ہوئے آفتاب سے آنکھیں چار کرتے ہوئے یہ خیال کرے کہ وہ ہمزاد کو تسخیر کر رہی ہے۔ اور عنقریب ہی ہمزاد تابع ہو جائے گا۔ پلک ہرگز نہ جھپکائے اور قوتِ ارادی کے ذریعے خود پر زیادہ سے زیادہ قابو پاتی رہے۔ نیز ہر پندرہ بیس منٹ کے بعد پانچ منٹ کے لیے آسمان پر نظر جمائے۔ کچھ دن بعد آفتاب کی سرخی سفیدی میں تبدیلی ہو جائے گی اور یہی سفیدی رفتہ رفتہ سیاہی اختیار کر لے گی۔ یہی سیاہی کبھی گھٹتی بڑھتی رہے گی۔ کبھی انسانی سر یا

دھڑ کی شکل اختیار کرلے گی اور کبھی ظاہر اور کبھی غائب ہوتی رہے گی۔ تقریباً ایک ماہ بعد یہی حالت پرسکون ہوجائیں گے۔ اور انسانی ڈھانچہ سامنے آنا شروع ہوجائے گا۔ اس وقت تک عاملہ کو کسی بھی حالت سے متاثر نہ ہونا چاہیے اور نہ ہی بھیانک آوازوں سے ڈرنا چاہیے۔

ہمزاد سے ہم کلام ہونا:

عمل چالیس روز تک ضرور ہی جاری رکھنا چاہیے۔ ویسے ہمزاد سے ہم کلام اس وقت ہونا چاہیے۔ جب وہ گفتگو کا آغاز اپنی طرف سے کرے۔ جب ہمزاد ہم کلام ہو اس کے سوالات کے جوابات بھی اسی کے مطابق دے۔ لیکن جواب دینے میں کوئی خلافِ اصول بات منہ سے ہرگز نہ نکالے۔ بہتر یہی ہے کہ ہماری ان ہدایات کے مطابق سوال و جواب کرے جو ہم نے احتیاطاً بے شمار جگہوں پر لکھ دی ہیں۔

عاملہ کے لیے مناسب ہے کہ ہمارے اس رسالے کو تمام وکمال پڑھے پھر تسخیر ہمزاد کی طرف رجوع کرے ورنہ نقصان اٹھائے گی۔

تسخیر ہمزاد کا نہایت آسان عمل:

عاملہ سب سے پہلے کسی ایسی شئے کا انتخاب کرے جو وہ روزانہ مہیا کر سکے۔ یا وہی شئے کم از کم اس وقت تک خراب نہ ہو جب تک کہ عمل کی مدت ختم نہ ہوجائے۔ مثلاً بتاشے، مصری یا کوئی اور کھانے کی چیز اور اپنا عمل شروع کرنے کے لیے اس مقام پر چلی جائے جو اس مقصد کے لیے پہلے سے متعین کیا ہوا۔ یہ مقام بالکل سنسان ہو۔ رات کا وقت ہو چاندنی کھلی ہوئی ہو۔

ہمزاد کی تسخیر کا تصور رکھے:

اس وقت عاملہ اپنے دائیں ہاتھ میں وہ شے رکھے اور ہاتھ پھیلا دے۔ اور اپنے سائے کی گردن پر نگاہ جماتے ہوئے اپنے ہمزاد اور اس کی تسخیر کا خیال پیدا کرے۔

آنکھیں بوجھل ہوجائیں یا تھک جائیں تو نظر پلک جھپکائے ہوئے ہی آسمان پر

گاڑ دے اور چند منٹ بعد پھر اپنے سائے کی گردن پر دیکھنے لگے۔

آسمان پر سایہ نظر آنا:

کچھ عرصہ بعد آسمان پر سایہ سا نظر آئے گا۔ نیز اس کے اپنے سائے میں بھی حرکت محسوس ہوگی۔ عاملہ اس کی طرف التفات کیے بغیر اپنا عمل جاری رکھے۔

ہمزاد سے معاہدہ کرنا:

تصور آفرینی، جوشِ عمل، انہماک اور کامل توجہ کے نتیجے میں جب ہمزاد سامنے آکر کھانے کی چیز طلب کرے تو اس سے اس بات کا اقرار لے کہ جب اسے بلایا جائے تو حاضر ہو۔ اور جو کام اُسے بتایا جائے اسے سرانجام دے۔ وہ اسی طرح معاہدہ کرے گا جس طرح ہم پہلے لکھ آئے ہیں۔ معاہدے میں کسی قسم کا ابہام، شک یا گنجلک پن ہرگز نہ ہونا چاہیے۔ جو بات ہو بالکل صاف صاف ہو۔ جب معاہدہ ہوجائے تو وہ شئے ہمزاد کو دے دے اور معاہدے کے مطابق اسے حاضر کر کے اپنے ضروری اور نیک کام کرائے۔

معاہدے کی پابندی کرے:

معاہدے کی پابندی بڑی ضروری ہے۔ اگر اس میں ذرا بھی لغزش ہوگئی تو ہمزاد تباہ کردے گا۔

ہمزاد سے یہ اقرار بڑا ضروری ہے کہ وہ ہمہ اوقات سامنے نہ رہے۔ صرف بلانے پر حاضر ہو۔ ورنہ وہ ہمہ اوقات سامنے رہے گا۔ ہمہ اوقات کام کا تقاضا کرے گا اور عاملہ کے لیے جینا مشکل ہوجائے گا۔

تسخیر ہمزاد کا نادر عمل:

عام طور پر عاملین تسخیر ہمزاد کو ہدایت ہوتی ہے کہ وہ کسی سنسان مقام پر جا کر اپنا عمل شروع کیا کریں۔ لیکن ہمارے اس عمل میں عاملہ کو کہیں باہر جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ عاملہ

اپنے لیے علیحدہ کمرے کا انتظام کرے یا نہ کرے صبح سویرے چارپائی سے اٹھتے وقت آفتاب اس کی نظروں کے سامنے ہو اور وہ لیٹے ہی لیٹے سورج سے آنکھیں چار کر سکے۔ پندرہ منٹ تک سورج کی طرف دیکھنے کے بعد اپنے پیروں پر نگاہ ڈالے۔ پانچ منٹ بعد نظر پھر سورج پر جمالے۔ اس طرح ایک گھنٹے تک کرتی رہے۔ کچھ عرصہ بعد عاملہ کو آسمان پر پہلے سیاہ اور پھر سفید دھبہ سا نظر آئے گا۔ جو روز بروز پھیلتا چلا جائے گا۔ یہ دھبہ اسے اپنے پیروں پر بھی نظر آنے لگے گا۔

دوران عمل دخل اندازی نہ ہو:

اس عمل کے سلسلے میں اپنے متعلقین کو یہ ہدایات ضرور کر دینی چاہیے کہ کوئی شخص اس کے اس عمل میں دخل انداز نہ ہو۔ نیز کسی قسم کا شور و غل یا کوئی ایسی حرکت نہ کرے...... جس سے اس کی تصور آفرینی اور انہماک عمل میں خلل واقع ہو۔

یقین و اعتماد سے کام لے:

دورانِ عمل یقین و اعتماد سے کام لیتے ہوئے یہی تصور کرے کہ اب ہمزاد سے ملاقات ہوا ہی چاہتی ہے۔ متذکرہ دھبے انسانی شکل میں تبدیل ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اور ایک دن (تقریباً ایک ماہ میں) خوفناک آوازوں کا یہ رشتہ داروں کے تخاطب کا اضافہ ہوگا۔ عاملہ کو بغیر التفات اپنا عمل جاری رکھنا چاہیے۔ جب ہمزاد ظاہر ہو کر ہم کلام ہو اس سے معاہدہ کرے اور اپنی اس کامیابی سے بنی نوع انسان کو بھی فیض پہنچائے۔

ہمزاد سے بدسلوکی نہ کرے:

ہمزاد سے بدسلوکی عامل اور عاملہ کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اس لیے ہمزاد سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ گوشت اور مباشرت سے دورانِ عمل خاص طور سے پرہیز کریں۔

نفسیاتی مسائل اور ان کا حال

منفی سوچ تبدیل کرنا:

اگر آپ منفی اندازِ فکر کے مالک ہیں تو مثبت سوچ کے مالک بن سکتے ہیں۔ مگر اس کے لیے آپ کو مندرجہ ذیل باتوں پر عمل پیرا ہونا پڑے گا۔

ذہنی طور پر تیار ہونا:

یہ مقصد حاصل کرنے کے لیے صرف ان باتوں کا مطالعہ کافی نہیں بلکہ جو امور آپ پر لاگو ہوتے ہیں ان کو بار بار پڑھیں۔ مسلسل یہ عمل دوہراتے رہیں۔ مگر ایک بات دھیان میں رہے۔ ان سب باتوں سے آپ اُس وقت فائدہ اٹھا سکتے ہیں جب آپ ذہنی طور پر انہیں ماننے اور عمل کرنے پر آمادہ ہوں۔

یقین کامل ہونا:

ان باتوں پر مکمل یقین کریں تو اس صورت میں آپ کو قابلِ عمل سمجھیں گے اور آپ میں مرحلہ وار مثبت تبدیلیاں آتی جائے گی۔ جس کے ساتھ ساتھ آپ کے اندر کی دنیا بھی بدل جائے گی۔

یاد رکھیے اگر آپ کے سوچنے کا انداز بدل جائے تو پھر ہر چیز بدل جائے گی۔

خود اعتمادی کی دولت:

کامیاب زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ خود اعتمادی کی دولت سے مالا مال ہوں۔ عدم خود اعتمادی کی صورت میں انسان اندیشوں میں گھرا رہتا ہے۔

اپنی صلاحیتوں پر عمل کریں:

اندیشوں سے نجات کیلیے ضروری ہے کہ آپ اپنی صلاحیتوں پر اعتماد کریں اور کسی غلط

خیال اور فکر کو آڑے نہ آنے دیں۔ عموماً لوگ مندرجہ ذیل اندیشوں میں گھرے رہتے ہیں۔

1۔ میری عمر بیت چکی ہے

جب کوئی خیال ذہن میں آئے تو لوگ اسی لیے رد کر دیتے ہیں کہ وہ اپنی خاصی عمر گزار چکے ہیں اور اب اُن کے حالات بدلنا ممکن نہیں ہے۔ مشہور مقولہ ہے کہ ''بوڑھے طوطے پڑھ نہیں سکتے۔'' لیکن گزرتے وقت نے یہ خیال یکسر رَد کر دیا ہے۔

تبدیلیوں کے مطابق خود کو ڈھالنا:

آپ کی عمر چاہے کتنی ہی ہو۔ لیکن اس کے باوجود آپ نئی تبدیلیوں کے مطابق خود ڈھال سکتے ہیں۔ اور اُن سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

عمل کرنے کا جذبہ:

آپ اس وقت تک بوڑھے اور ناکارہ نہیں ہوں گے جب تک کہ آپ میں آگے بڑھنے اور عمل کرنے کا جذبہ موجود ہے اور جب آپ خود ہتھیار ڈال دیں گے تو پھر کوئی قوت آپ کو تبدیل نہیں کر سکے گی۔

صلاحیتوں سے کام لینا:

ایسی بہت سی مثالیں ملتی ہیں جن سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ عمر کے اعتبار سے بوڑھے قرار پانے والے لوگوں نے کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں یا ایک طویل عمر گزارنے کے بعد اُن کی صلاحیتیں سامنے آتی ہیں۔

2۔ میں معذور ہوں

جسمانی طور پر معذوری بہت سے لوگوں کے آڑے آتی ہے لیکن میرے نزدیک سب سے بڑا معذور منفی سوچ رکھنے والا ہے۔ (اور آپ منفی سوچ تبدیل کرنے والوں میں شامل ہو گئے ہیں۔)

نا امید نہ ہو:

معذوری کی بناء پر نا امید ہونا یا زندگی کی نعمتوں سے منہ موڑنا دانش مندی نہیں ہے۔ ایسے لوگوں کو حوصلہ بلند رکھنا چاہیے۔ کیوں کہ خود ہمارے معاشرے میں ایسی بہت سی مثالیں ملتی ہیں کہ معذور افراد نے صحیح سالم افراد کے مقابلے میں قابلِ رشک کامیابیاں حاصل کی ہیں۔

3۔ میرا رنگ روپ دوسروں سے کمتر ہے

رنگ، روپ، نسل اور خاندان کی بناء پر احساسِ کمتری صلاحیتوں کا دشمن ہے۔ کیا آپ صرف اس بنا پر اقدامات کرتے ہوئے کتراتے ہیں۔ کیا آپ سوچتے ہیں کہ صرف اسی وجہ سے آپ اپنا جائز مقام حاصل نہیں کر سکتے ہیں؟

مثبت اندازِ فکر اپنائیے:

یہ بات یاد رکھیے کہ مثبت اندازِ فکر ہی آپ کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔ اور اسی اندازِ فکر کی وجہ سے آپ ہر وہ کام کر سکتے ہیں جو آپ کے نزدیک خواہش کا درجہ رکھتا ہے۔ رنگ و نسل کی کمتری کو درست تسلیم کر لیا جائے۔ جب بھی اسے ناکامیوں کا سبب قرار دینا درست نہیں ہے۔ دنیا میں کامیاب ترین لوگوں کی زندگی اس بات کی گواہ ہے کہ مثبت اندازِ فکر نے ہی پسماندہ ترین لوگوں کو کامیابیاں عطا کی ہیں۔

4۔ میں تعلیمی اعتبار سے کمتر ہوں

کچھ لوگوں کے نزدیک یہ خیال ہی روح فرسا ہے کہ وہ تعلیمی اعتبار سے کمتر ہیں۔ اس لیے وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا مقیاس ذہانت (IQ) دوسروں سے کم ہیں۔ ایسے لوگ بھی غلطی پر ہیں۔ کیوں کہ ذہانت اور طاقت کی بنا پر ایک بار تو انعام حاصل کیا جا سکتا ہے۔ لیکن وہی لوگ بار بار اپنا ریکارڈ دہراتے ہیں جو اس مقصد کے لیے مسلسل کوشش کرتے ہیں جو اس بات پر ٹھوس یقین رکھتے ہیں۔

تعلیم کا شخصیت پر اثر:

پھر یہ بات بھی دھیان میں رکھیں، تعلیم صرف وہ نہیں ہے جس کے نتیجے میں ڈگریاں ملتی ہیں۔ بلکہ تعلیم تو صلاحیتوں کی نشوونما کا نام ہے۔

اگر آپ معاشرے کا جائزہ لیں تو درس گاہوں میں ایسے بہت سے طلبہ مل جائیں گے جو تعلیمی اعتبار سے ''سی گریڈ'' قرار پاتے ہیں۔ لیکن غیر نصابی سرگرمیوں میں دیکھا جائے تو یہ لوگ نمایاں ترین نظر آتے ہیں۔ کیا ہم انہیں مجموعی طور پر ''سی گریڈ'' قرار دے سکتے ہیں؟

اس مثال کو سامنے رکھ کر آپ اپنا تجزیہ کریں۔ کیا صرف کم تعلیم یافتہ ہونے کا خیال ہی آپ کی شخصیت پر اثر انداز ہونا چاہیے۔ آپ اپنی صلاحیتوں کا کھوج کیوں نہ لگائیں۔ جو آپ میں موجود ہیں۔ اور آپ کی زندگی کو کامیابیوں سے ہمکنار کر سکتی ہیں۔

چھوٹی چھوٹی مثبت باتوں پر دھیان دیں

یاد رکھیے ایک چھوٹی مثبت سوچ بہت سی منفی سوچوں پر حاوی ہوتی ہے۔ شرط یہ ہے کہ آپ اپنی اس مثبت سوچ کو برقرار رکھیں اور کچھ کر گزرنے کی امنگ زندہ رکھیں۔

زندگی کا دھارا بدلنے والی سوچ:

جنگ کے زمانے میں مکمل بلیک آؤٹ ہوتا ہے۔ ایسے میں حملہ آور طیارے ہلکی سی روشنی کے متلاشی ہوتے ہیں اور ایسے میں چھوٹی سی روشنی بھی کامیابی کے حصول میں اُن کی مدد کرتی ہے۔ اسی طرح ذہن میں اُبھرنے والی معمولی سی مثبت سوچ بھی زندگی کا دھارا بدل سکتی ہے۔

مثبت سوچ کے لیے محنت:

مثبت سوچ رکھ کر محنت کیجئے۔ جلد ہی آپ ذہنی طور پر اپنے اندر انقلابی تبدیلی محسوس کریں گے اور یہ تبدیلی اس چھوٹی سی مثبت سوچ کے باعث آئے گی۔ جسے آپ نے قابلِ توجہ

سمجھا ہو۔

5۔ میرے پاس وقت، سرمایہ اور انرجی نہیں

کیا آپ یہی سوچتے ہیں اور آپ کو یقین ہے کہ آپ کے پاس ان چیزوں کی کمی ہے یا آپ اُن سے محروم ہیں۔ یہ احساسِ محرومی ہی آپ کی کامیابی کی راہ میں حائل ہے۔ آپ کو اس سے بچنا چاہیے اور موجودہ وسائل کو بروئے کار لا کر زیادہ سے زیادہ مسائل حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

6۔ معاشرتی طور پر پسماندہ اور بدحال طبقے کا فرد ہوں

آپ کا یہ سوچنا اس اعتبار سے غلط ہے کہ ترقی اور کامیابی کے حصول کے لیے فرد کا ماضی بھی اہمیت نہیں رکھتا۔ پھر یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ ہر منفی پہلو کا ایک مثبت پہلو بھی ہے اور آپ مناسب طریقہ کار اختیار کر کے اپنے فائدے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

احساسِ کمتری سے نجات کے لیے:

ایک غریب اور پسماندہ ماحول سے تعلق رکھنے والا شخص بہتر اور پُرآسائش ماحول میں آ کر احساسِ کمتری کا شکار ہو جاتا ہے۔ لیکن وہ اپنی صلاحیتیں بروئے کار لا کر نہ صرف اپنے احساسِ کمتری سے نجات پا سکتا ہے بلکہ نئے ماحول میں اپنی جگہ بنا سکتا ہے اور یہ سب اسی وقت ممکن ہے...... جب وہ اپنے اندازِ فکر کو بدلے اور مثبت انداز سے سوچنے لگے۔

ایک باہمت خاتون کا واقعہ:

اردگرد بکھرے ماحول میں ایسی بہت سی مثالیں مل جاتی ہیں۔ مثلاً کامیاب زندگی گزارنے والی ایک خاتون ''ت'' کا کہنا ہے۔

''میں ایک بکھرے ہوئے گھر سے تعلق رکھتی ہوں۔ میرے والدین میں کبھی نہ بنی اور وہ آئے دن کے جھگڑوں سے تنگ آ کر علیحدہ ہو گئے۔ طلاق کے بعد میں اُن کی محبت سے محروم

زندگی گزارنے پر مجبور تھی۔ حالات کے اعتبار سے مجھے ایک ناکام اور بے کار زندگی گزارنی چاہیے تھی۔ مگر میں اسی طرح زندہ رہنا نہیں چاہتی تھی۔ لہٰذا میں نے ہمت نہیں ہاری۔''

ایک جاپانی بچے کی مثال:

ایک ایسی ہی مثال ایک جاپانی بچے کی ہے۔ جسے اُس کی ماں نے جنم دینے کے بعد اُسے اس کے باپ کے پاس چھوڑ دیا تھا تاکہ اُس کی بے وفائی کا انتقام لے سکے اور اُس کی ازدواجی زندگی تباہ ہو جائے۔ اس کے بچے نے انتہائی تکلیف دہ، بیزار کن اور دُکھی ماحول میں پرورش پائی۔ مگر یہ جان کر آپ کو حیرت ہوگی کہ یہ بچہ آگے چل کر جاپان کا وزیر بنا......اور بیسویں صدی کے جاپانی شاعروں میں سرفہرست ہے۔ کاگاوانامی یہ شاعر اب بھی بے شمار لوگوں کے لیے قابلِ تقلید ہے۔

7۔ میں صحیح لوگوں کی شناخت سے محروم ہوں

اس خیال کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ آپ لوگوں سے کنارہ کشی کر لیں بلکہ شناخت کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے لوگوں سے ملنا جلنا ضروری ہے۔ اپنا حلقۂ احباب وسیع کیجیے۔ کیوں کہ دنیا میں ایسے کامیاب لوگوں کی کمی نہیں ہے جو اہل لوگوں کی مدد کر کے خوش ہوتے ہیں۔ یا اپنے تجربات سے انہیں فائدہ پہنچاتے ہیں۔

ہچکچاہٹ ختم کریں:

اس سلسلے میں رابطہ قائم کرنے کی کوشش آپ کا کام ہے۔ آپ ہچکچائے بغیر ٹیلی فون، خط یا ٹیلی گرام کے ذریعہ رابطہ استوار کر سکتے ہیں اور عظیم لوگ ہمیشہ نئے دوست بناتے ہیں۔ باصلاحیت لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے خواہاں رہتے ہیں۔ پھر تعمیری اور مثبت تصورات ان لوگوں کی توجہ آسانی سے اپنی طرف مبذول کرا لیتے ہیں۔

انسان دوستی:

آپ کے اندر کی ہچکچاہٹ آپ کی کامیابی کی دشمن ہے۔ اپنے اندر سے ہچکچاہٹ ختم کر لیں اور بے جھجک ہو کر عمل کریں۔ کامیاب اور عظیم لوگوں سے دوستی محض دیوانے کا خواب نہیں یہ بھی آپ ہی کی طرح کے انسان ہی ہوتے ہیں اور قدرت انہیں انسان دوست بناتی ہے۔ ان کی یہ انسان دوستی آپ کی زندگی کا رُخ بدل سکتی ہے۔

ہر صبح پُر امید ہو کر گھر سے نکلیں

جب بھی گھر سے نکلنے کے لیے لباس تبدیل کریں۔ تو اس کے ساتھ ہی خود کو بھی ذہنی طور پر آراستہ کریں۔ آپ اس وقت تک فعال نہیں ہوں گے۔ جب تک آپ ذہنی طور پر اس کے لیے آمادہ نہ ہوں۔

منفی قوتوں کے خلاف ڈھال:

مثبت سوچ اور تعمیری جذبہ، منفی قوتوں کے خلاف ڈھال ہوتا ہے۔ عمل سے پہلے ارادہ ضروری ہے۔ مثبت ارادہ ذہن اور روح کو توانائی فراہم کرتا ہے۔ اس سلسلے میں مشہور اقوال دعائیہ کلمات کی تکرار معاون ثابت ہوتی ہے۔ آپ اس قسم کے فقروں کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

''خدا ہر چیز پر قادر ہے۔ وہ ہر بات کو ممکن بنا سکتا ہے۔''

''انسانی دسترس اور صلاحیت محدود ہے۔ لیکن خدا کی حاکمیت لامحدود ہے۔ وہی بگڑے کام بناتا ہے۔''

''اے خدا! مجھے توفیق دے کہ میں ان کاموں میں جلدی نہ کروں۔ جس میں تو دیر چاہتا ہے اور ان کاموں میں دیر نہ کروں جن میں تو جلدی چاہتا ہے۔''

ذہنی اور روحانی طاقت کا حصول:

آپ مثبت فکر کے کلمات اور مذہبی دعاؤں میں اپنے گھر والوں کو بھی شریک کر سکتے

ہیں۔صبح کی عبادت کے ساتھ یہ معمول اور روزمرہ معمولات کے دوران کسی دعا کا ورد آپ کو ذہنی اور روحانی طور پر طاقت ور بنائے گا اور آپ حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے پوری صلاحیت کے ساتھ سرگرم رہیں گے۔

اپنے ذہن کو مستقل طور پر مثبت خیالات فراہم کریں

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا ذہن کارآمد اور مفید باتیں سوچے، تو اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنے ذہن کو ایسی باتیں فراہم کریں۔سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ذہن کو یہ باتیں کس طرح اور کیسے فراہم کی جائیں۔یہ کوئی مسئلہ نہیں۔

چیزوں کا انتخاب کرنا:

پہلے آپ سوچیں کہ ٹی وی کا کون سا پروگرام کس قسم کی کتابیں یا گفتگو آپ کو متاثر کرتی ہے اور کون سی باتیں آپ کو بددل کرتی ہیں۔کن چیزوں سے آپ میں محبت، وفاداری، امید اور خوشی جنم لیتی ہے۔کن باتوں سے آپ میں نفرت، بے یقینی، خوف اور ایذا کے منفی جذبات اُبھرتے ہیں۔میرا خیال ہے کہ آپ اس بات کا فیصلہ آسانی سے کرسکتے ہیں کہ آپ کو کن چیزوں کا انتخاب کرنا چاہیے۔

منفی باتوں پر توجہ نہ کریں:

اس کے ساتھ ضروری ہے کہ آپ ایسے لوگوں کی باتوں پر کان نہ دھریں جو منفی خیالات رکھتے ہوں یا جو آپ سے مل کر اس بات کی نشاندہی پر مصر رہتے ہیں کہ آپ کس حد تک غلط ہیں یا آپ کا منصوبہ کس حد تک ناکامی کے امکانات رکھتا ہے۔جس قدر بھی ممکن ہو خود کو مثبت خیالات سے آراستہ کیجیے۔ اس مقصد کے لیے کتابیں آپ کی بہترین مددگار ثابت ہوں گی۔ جو لائبریریوں میں بھی مل جاتی ہیں۔

ہفتے میں ایک دن ذہن و روح کی پاکیزگی کا اہتمام کیجیے

مثبت خیالات کے لیے ذہن و روح کی پاکیزگی ضروری ہے۔روزمرہ کے معمولات میں بہت سی باتیں ہمارے ذہن و روح کو متاثر کرتی ہیں۔کامیاب زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ مکمل طور پر ہشاش بشاش ہوں۔

حیرت انگیز تبدیلی کا احساس:

اس کے لیے ضروری ہے کہ ہفتے میں ایک دن آپ نہ صرف مکمل طور پر آرام کریں بلکہ روح کی جلا کا اہتمام بھی ہو۔روزمرہ کی عبادات اس سلسلے میں معاون ثابت ہوسکتی ہے۔لیکن اگر آپ ہفتے میں ایک دن کسی ایسی محفل میں شریک ہوں۔ جہاں آپ کو نہ صرف پاکیزہ ماحول بلکہ تعمیری باتیں سننے کو ملیں تو آپ اپنے اندر حیرت انگیز تبدیلی محسوس کریں گے۔

اگر آپ نے اُسے اپنے پروگرام کا جزو بنالیا تو آپ دوررس تبدیلیاں اور نتائج حاصل کرلیں گے۔

مثبت خود کلامی کی عادت اپنائیے

''میں خدا کی دی ہوئی ہر صلاحیت کو بروئے کار لاکر ہر کام کرسکتی ہوں۔'' آپ اس قسم کے جملے زیرلب دوہرا سکتی ہیں۔

دل برداشتہ نہ ہو:

عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ لوگ دُکھی، ناکامی اور افسردگی کی شدت میں منفی جذبات کا اظہار کرتے ہیں......جن سے اُن کی دل برداشتگی ظاہر ہوتی ہے۔عام حالات میں اگر آپ بار بار دوہرائیں کہ میں بہت تھکا ہوا ہوں، ناکامی میرا مقدر ہے، یا میں مصیبت میں گرفتار ہوں۔تو یہ جانتے ہوئے بھی کہ آپ ان میں سے کسی بھی بات سے دوچار نہیں ہیں۔خود کو ایسا ہی محسوس کرنے لگیں گے۔

مثبت خیالات کا اظہار کریں:

مثبت خیالات کا اظہار بھی اتنی ہی قوت اور اثر انگیزی رکھتا ہے۔ اگر آپ خوشگوار زندگی گزارنا چاہتے ہیں تو ہر صبح خود کو یقین دلائیے کہ آپ ایک خوشگوار اور کامیاب زندگی گزارنے جارہے ہیں۔ اس طرح آپ خود کو خوف کی اس لاشعوری گرفت سے آزاد کر سکتے ہیں۔ جس نے آپ کو لاتعداد مسائل سے دوچار کر رکھا ہے۔ آپ خوش ہیں۔ لیکن اس کا اندازہ کرنے کے لیے آپ کو بذاتِ خود اس چیز کا یقین دلانا پڑے گا۔

خود کلامی کا مقصد:

خود کلامی کی اس عادت کا مقصد یہ ہے کہ آپ اپنی باتوں سے خود کو خوشی، اُمید، محبت اور شادمانی کے لیے تیار کریں۔

ایک شخص کی مثال:

اس موقع پر اس شخص کی مثال بہت مناسب ہے جو اپنی انیس سالہ ملازمت اس بنا پر چھوڑنا چاہتا تھا کہ وہ اس سے بیزاری کی حد تک نفرت کرتا تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ ''مجھے یہ کام بالکل پسند نہیں۔ سال بھر بعد میں پنشن کا حق دار ہو جاؤں گا لیکن سمجھ میں نہیں آتا کہ میں یہ مدت کس طرح گزاروں؟''

منفی خیالات کو کنٹرول کریں:

اس شخص کے پاس اپنے پیشے سے نفرت کی کوئی ٹھوس وجہ موجود نہ تھی۔ لیکن پیشے سے بیزاری کا بے جواز احساس رفتہ رفتہ اس کے ذہن و دل پر حاوی ہو گیا تھا۔ کہ ہر صبح وہ اُٹھتے ہوئے انتہائی کوفت اور اذیت محسوس کرتا تھا۔ دوسرے الفاظ میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کے منفی خیالات نے اسے پوری شدت سے گھیر لیا تھا اور یہ سب غیر محسوس طریقے سے اس کی ذات کا حصہ بن گیا تھا۔ اگر آپ اس طرح رفتہ رفتہ خود کو مثبت خیالات و نظریات سے ہم آہنگ کر لیں۔ تو آپ

کی شخصیت میں واضح طور پر مثبت تبدیلیاں وقوع پذیر ہوں گی۔ کیوں کہ اپنی ملازمت سے دل برداشتہ متذکرہ بالا شخص کی زندگی صرف ایک جملے کی تکرار نے بدل دی تھی۔ ''مجھے اپنی ملازمت پسند ہے۔''

اعترافِ محبت:

مسز الف کا کہنا تھا۔ ''مجھے خدا پر یقین نہیں ہے، نہ مجھے اپنے شوہر سے محبت ہے۔ مجھے کسی سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ میں خودکشی کرنا چاہتی ہوں۔''

یہ خاتون پوری شدتوں کے ساتھ ان باتوں کا اعادہ کرتی تھیں۔ کیا یہ خاتون اپنے اظہار میں سچی تھیں؟ بظاہر اس کا جواب اثبات میں نظر آتا ہے۔ لیکن صورت حال یہ نہ تھی بلکہ اس نے خود کو ان باتوں کا یقین دلا رکھا تھا۔ اب ضرورت اس بات کی تھی کہ اس یقین کو توڑا جائے۔ لہٰذا اس سے کہا گیا کہ اس کے نزدیک یہ جھوٹ سہی مگر وہ بار بار کہے کہ ''مجھے خدا پر یقین ہے۔ مجھے اپنے شوہر سے محبت ہے۔ مجھے اپنی زندگی سے محبت ہے۔''

پہلے تو وہ اس امر پر آمادہ نہیں ہوئی۔ لیکن بعد میں اس نے ان باتوں کو دہرانے پر آمادگی ظاہر کر دی اور جب اس نے اس پر عمل کیا تو صورت حال یکسر بدل گئی۔ ان کلمات کی ادائیگی نے نہ صرف اس کی شخصیت بلکہ اس کی زندگی کا رنگ ہی بدل دیا تھا۔ اب اسے نہ صرف خدا کا اعتراف تھا بلکہ وہ زندگی اور شوہر سے محبت کی معترف تھی۔

زندگی میں انقلاب:

یہ مثالیں اس معاشرے کی ہیں۔ چند جملے آپ کی زندگی بھی بدل سکتے ہیں۔ ممکن ہے ابتداء میں آپ اپنے آپ کو احمق، دروغ گو اور بے یقین محسوس کریں۔ لیکن اس عمل کو جاری رکھیں۔ اس عمل میں سب سے کڑا مرحلہ یہی ہے لیکن جب آپ بار بار ان باتوں یا کسی ایک جملے کو دہرائیں گے۔ تو ہپناٹزم کی سی کیفیت سامنے آئے گی۔ اور آپ کے اندر پیدا ہونے والی اس کیفیت سے آپ کی مثبت سوچ فروغ پائے گی۔

عبادت کی قوت بروئے کار لائیے

اگر سچے دل سے عبادت کی جائے تو حیرت انگیز نتائج سامنے آتے ہیں۔ایسی عبادت نہ صرف منفی خیالات کو ختم کرتی ہے بلکہ ربِ کائنات کی ذات پر یقین کو پختہ کردیتی ہے۔جب ہم اللہ کی قدرت کا یقین کرتے ہیں تو ہمیں یہ بھی یقین ہوتا ہے کہ ہماری مشکل آسان کرے گا۔اور ہمارے کام آئے گا۔یہ یقین فرد کی شخصیت کو مکمل طور پر مثبت اندازِ فکر کا حامل بناتا ہے۔

دعا کی اہمیت:

ہر عبادت میں دعا کو خصوصی اہمیت حاصل ہوتی ہے لیکن آپ جب بھی دعا کریں، پورے اعتماد کے ساتھ اور اس کے بعد مطمئن ہو کر اللہ کی تعریف وتوصیف کریں۔کیوں کہ صرف وہی ہر چیز پر قادر ہے اور وہ ہماری ہر بات سنتا اور رحم کرتا ہے۔بے اعتمادی کی عبادت نہ صرف ذہنی پریشانی میں اضافہ کرتی ہے بلکہ یہ وقت کو رائیگاں کرنے کے مترادف ہوتی ہے۔اگر آپ خدا سے دعا کریں کہ وہ آپ کا منفی اندازِ فکر ختم کر کے مثبت سوچ اور ارادہ دے تو یقیناً خدا آپ کی سنے گا۔

آپ اپنی شخصیت کا جائزہ لیتے رہیں

بہتر نتائج کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنی شخصیت کا جائزہ لیتے رہیں۔
ابتداء جسمانی جانچ پڑتال یعنی چیک اَپ سے کریں کیوں کہ جسمانی تکلیف اور معمولی عارضے بھی ذہنی کیفیت کو متاثر کرتے ہیں۔

جذبات کو کنٹرول میں رکھیں:

آپ نے ممکن ہے کسی بیماری یا جسمانی تکلیف کی اذیت کے شکار لوگوں کو منفی اور ناامیدی کی باتیں کرتے سنا ہو۔اگر فرد کی جسمانی نشوونما صحیح نہ ہو تو وہ جذباتی عدم توازن کا شکار ہونے کے ساتھ ساتھ منفی سوچ رکھنے والوں میں شامل ہو جاتا ہے۔
آپ کی شخصیت کا یہ پہلو بھی قابلِ توجہ ہے کیوں کہ جذباتی صحت ہی آپ کی ذہانت پر اثر انداز ہوتی ہے۔
جذباتی طور پر منتشر افراد نہ صرف اپنے بلکہ دوسروں کے لیے بھی مسئلہ ہوتے ہیں۔

اسی لیے ضروری ہے کہ آپ اپنی جذباتی کیفیات اور اتار چڑھاؤ کا بھی جائزہ لیتے رہیں۔

روحانی پہلو کی دیکھ بھال:

اس کے ساتھ ہی روحانی پہلو کی پڑتال یا دیکھ بھال بھی ضروری ہے۔آپ کی شخصیت کے اس پہلو کی بنیاد آپ کے مذہبی عقائد ونظریات پر ہوتی ہے۔اگر آپ اپنے عقیدے پر دل کی گہرائیوں سے یقین رکھتے ہیں تو آپ کی فکر اور عمل میں بھی اس کا اثر آنا چاہیے اور اسی اعتبار سے آپ منفی یا مثبت سوچ رکھتے ہوں گے۔

عبادات کا جائزہ لیں:

بحیثیت مسلمان اپنی عبادات، بنیادی عقائد اور رسول اللہ ﷺ اور آخری کتاب کا جائزہ لیں تو آپ بڑی آسانی سے یہ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ یہ ساری باتیں اُس سب سے بڑی ہستی کے واحد، یکتا، قادرِ مطلق اور رحیم ورحمٰن ہونے کی نشاندہی کرتی ہیں۔

حضور ﷺ سے محبت وعقیدت:

آپ خدا اور رسول ﷺ کی بتائی ہوئی ان باتوں پر سچے دل سے یقین رکھیں اور انہیں مانیں تو آپ کی روحانی زندگی قابل رشک ہوگی اور ایسی صورت میں ہم بلاشبہ مثبت اندازِ فکر کے مالک بھی ہوں گے۔
روحانی پہلو کی تقویت اور نشوونما کے لیے مثالی شخصیت یعنی نبی کریم ﷺ کی تقلید ضروری ہے۔ان سے محبت اور اس کا بار بار اظہار آپ کے معمولات میں شامل ہونا چاہیے۔

ناممکنات کی دنیا سے باہر نکلئے

اردگرد بکھرے معاشرے میں آپ کو بے شمار باہمت اور باعزم لوگوں کی مثالیں مل سکتی ہیں۔جنہوں نے ناممکن باتوں کو ممکن بنا کر دکھایا۔

ایک عجیب واقعہ:

ایک ایسی ہی مثال یو ایس نیوی کے لیفٹیننٹ کارل کی ہے۔1953ء میں وہ شدید فالج کا شکار ہوا۔جس کے نتیجے میں وہ چھ سال تک بستر پر لیٹا ہوا مصنوعی پھیپھڑے کے ذریعہ

سانس لینے پر مجبور تھا۔ اس صورت حال نے اسے دل برداشتہ کر دیا تھا۔ کیوں کہ وہ بستر سے اُٹھ بھی نہیں سکتا تھا۔ ایک دن اُس نے دھاتی پھیپھڑے کے بغیر سانس لینے کا فیصلہ کیا۔ اس مرحلے پر اُس کے بچپن کے دنوں نے اس کی امید کی۔ اُس نے بچپن میں کھیلتے ہوئے ایک کھیل کی طرح زبان کی مدد سے سانس لینے کی کوشش کی۔ ابتدا میں اُسے یہ سب بہت مشکل اور ناممکن سا لگا۔ لیکن اس طرح جلد ہی وہ سانس لینے میں کامیاب ہوگیا۔ اور اس نے بیداری کے عالم میں مصنوعی پھیپھڑے کا سہارا لینا چھوڑ دیا۔

1959ء میں اس نے زندگی کے معمولات میں حصہ لینا شروع کر دیا۔ اس سال اُس نے سان ڈیگو یونیورسٹی میں داخلہ لے لیا۔ جہاں اس کی بیوی روزانہ اُسے کلاس میں چھوڑنے جاتی تھی۔ وہ لیکچر نوٹ نہیں کر سکتا تھا۔ لہٰذا اس نے لیکچر سن کر ذہن میں محفوظ کرنے کی کوشش کی اور اس میں کامیاب رہا۔ لیکن اس دوران انکشاف ہوا کہ وہ شوگر کا مریض ہوگیا ہے۔ شوگر کنٹرول ہوئی تو اسے السر ہوگیا۔ جس کے بعد وہ ناسمجھ میں آنے والے بخار کا شکار رہا۔ لیکن اتنی بیماریوں کے باوجود اس نے ہمت نہیں ہاری اور تحصیل علم کا سلسلہ جاری رکھا۔ حتیٰ کہ اس نے قانون میں ڈپلومہ حاصل کرلیا۔ اب وہ وکالت کر رہا ہے۔ اس کے لیے کچھ لکھنا، پیدل چلنا یا مسلسل بولنا آسان نہیں ہے۔ کیوں کہ وہ متحرک اور فعال رہنے کو ترجیح دیتا ہے۔ اس کا کہنا ہے اگر میں کسی وجہ سے بے ہوش ہو جاؤں یا کبھی سو جاؤں تو سانس بند ہونے کے بعد زندہ نہ بچ سکوں گا۔ لیکن میں اس چیز کے متعلق ممکنہ حد تک کم سے کم سوچتا ہوں۔ اسی لیے میں مستقبل کے منصوبے بناتا ہوں اور ایک پُر امید زندگی بسر کر رہا ہوں۔''

اپنی شخصیت کو متاثر کن بنائیں:

معاشرتی طور پر کامیاب زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہے کہ فرد ایک پرکشش، پُر اعتماد اور متاثر کن شخصیت کا مالک ہو۔ اگر آپ کامیاب معاشرتی زندگی گزارنے کے خواہاں ہیں تو تصور کریں۔ جب آپ اپنی ذات میں ان خوبیوں کا تصور اُجاگر کرنے میں کامیاب ہوں گے تو اس وقت یقیناً آپ کی ذات کا جزو بننا شروع ہو جائیں گے۔

تصورات کی اہمیت:

یہ حیرت انگیز بات ہے کہ آپ کے تصورات آپ کی شخصیت کی تعمیر میں پوری طرح مد

ومعاون ثابت ہوتے ہیں۔ اُن کی مدد سے آپ اپنی شخصیت کو از سرِ نو تعمیر بھی کر سکتے ہیں اور اس سے بھی حیرت انگیز بات یہ ہے کہ آپ کے تصورات دوسروں پر بھی اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

متاثر کن شخصیت کا فائدہ:

کیلی فورنیا کے مفکر ریفارمر اور مصنف رابرٹ ایچ اسکالر کا کہنا ہے ''ایک ادارے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی میٹنگ میں شرکت کے لیے جب میں کمرے میں داخل ہوا تو میرا سامنا چھ سرد مہر اور غیر دوستانہ رویہ رکھنے والے افراد سے ہوا۔ ان کا انداز دیکھتے ہوئے میں نے بھی گرم جوشی کا مظاہرہ نہ کیا۔ لیکن کچھ دیر بعد ایک اور شخص داخل ہوا جس کے بعد کمرے کا ماحول ہی بدل گیا۔ یہ فرد نہایت گرم جوش، خوش مزاج اور ملنسار تھا۔ جب وہ کمرے میں آیا۔ اس نے دیکھتے ہی دیکھتے ان سرد مہر اور رُوکھے انسانوں کو بدل کر رکھ دیا۔ میں اُس کی شخصیت کے پہلو سے بہت متاثر ہوا۔ میٹنگ کے بعد میں نے اس سے اس موضوع پر بات کی تو وہ زیرِ لب مسکرانے لگا۔ پھر اس نے کہا میں کہیں بھی جانے سے پہلے دروازے پر چند لمحے ضرور رکتا ہوں اور اس دوران اپنے آپ کو نمایاں بااثر دوستانہ روپ میں تصور کر کے سوچتا ہوں کہ اندر موجود لوگ بہت اچھے اور ملنسار ہیں۔ وہ میری دوستی کا جواب مثبت اور بہتر طریقے سے دے رہے ہیں۔ وہ بھی اتنے ہی ملنسار اور پُر خلوص ہیں جتنی کہ میری ذات ہے۔''

اس مثال سے واضح ہوتا ہے کہ انسانی خیالات اور تصورات بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ یہ تصورات نہ صرف فرد کو متاثر کرتے ہیں بلکہ اُن کی مدد سے دوسروں کو بھی اپنا ہمنوا بنایا جا سکتا ہے۔

نئے لوگوں سے ملاقات اور آپ

کیا آپ نئے لوگوں سے ملتے ہوئے ہچکچاتے ہیں؟ کیا اجنبیوں کا سامنا کرنا، دوست بنانا آپ کے لیے بڑا مسئلہ ہے؟

اگر آپ تصورات کی قوت استعمال کرنا سیکھ لیں تو اس نوعیت کے تمام مسائل حل ہو جائیں گے۔

ذہنی طور پر آمادگی:

یاد رکھیے ہمیں وہی ملتا ہے جس کے ہم متمنی ہوں۔ اگر دوسروں سے دوستی چاہتے ہیں

تو ذہنی طور پر بھی اس کے لیے آمادہ ہوں اور تصور کریں کہ لوگ آپ کے دوستانہ اور گرم جوش رویہ کی طرح آپ سے مل رہے ہیں۔ آپ کو خوش آمد کہیں گے۔

چارلی کی کہانی:

باب رچرڈ نے اپنی کتاب میں ایک اولمپک چیمپیئن چارلی پیڈوک کی کہانی بیان کی ہے۔

چارلی ایک بہترین مقرر تھا۔ اس کو اپنی قوم کے نوجوانوں سے بہت محبت تھی اور وہ اپنی ہمت اور فلاح کے منصوبے بناتا تھا۔ ایک موقع پر اس نے اوہیو کے ایک ہائی اسکول کے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کہا، ''ہر وہ بات ممکن ہے جس کے بارے میں تمہیں یقین ہو۔ اگر تم سوچتے ہو کہ کوئی کام تم کر سکتے ہو تو تمہارے یقین کی قوت اسے ممکن بنا سکتی ہے۔ کسی خیال، کسی نظریہ پر ٹھوس یقین کسی بھی فرد کی زندگی بدل سکتا ہے۔''

پھر اس نے مجمع کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہا، ''کون جانتا ہے کہ اس ہال میں کوئی ایسا فرد موجود ہو جو اولمپک چیمپیئن بن سکتا ہو اور اسی کامیابی کے لیے عزم مصمم کا محتاج ہو۔'' ابھی اس نے بات ختم ہی کی تھی کہ ایک نیگرو لڑکے نے جذباتی لہجے میں اُسے مخاطب کرتے ہوئے کہا،

''مسٹر پیڈوک! اگر میں آپ کی طرح اولمپک چیمپیئن بن گیا تو میں آپ کی ہر خواہش پوری کرنے کا وعدہ کرتا ہوں۔''

یہی وہ لمحہ تھا جس نے اس بچے کی زندگی بدل دی۔ اس نے دل میں چیمپین بننے کا تہیہ کر لیا۔

1936ء کے برلن اولمپکس میں اسی خمیدہ ٹانگوں والے بچے نے شرکت کی اور چار گولڈ میڈل حاصل کیے۔ دنیا اسے ''جیسی اوونز'' کے نام سے جانتی ہے۔

پُر اعتماد اور باعزم شخصیت کامیابیوں کی راہ ہموار کرتی ہے۔

☆☆☆

مغربی ماہرین کی روحانی تحقیقات

مغربی صوفیوں کا نظریہ:

مغربی صوفیوں کا خیال ہے کہ انسان کے جسم سے مختلف رنگ کی شعاعیں نکلتی ہیں جو جسم کے اردگرد ایک ہالہ سا بناتی ہیں۔ یہ شعاعیں ہر آدمی خارج کرتا ہے۔ خواہ وہ نیک ہو یا بد، فرق یہ ہے کہ نیک و بد کی شعاؤں کا رنگ حسب کردار مختلف ہوتا ہے۔ موت سے عین پہلے یہ اور انیلگوں مائل بہ سیاہی ہو جاتا ہے۔

ایک نظریہ یہ ہے کہ ہر انسان اپنے اعمال کے مطابق ایک ماحول یا Atmosphere اپنے اردگرد بنالیتا ہے۔ بدکار کا ماحول دیوار کی طرح سخت ہوتا ہے جس سے نہ کوئی فریاد یا دعا باہر جا سکتی ہے اور نہ کاسمک ورلڈ کے عمدہ اثرات اندر آسکتے ہیں۔ ایسا آدمی خفیہ طاقتوں کی امداد سے محروم ہو جاتا ہے۔ ممکن ہے کہ قرآن حکیم کے ''حجاب، غشاوہ (پردہ) ستر (دیوار) اور غلف (غلاف) سے مراد یہی ماحول ہو۔'' ڈاکٹر کرنگٹن کا خیال یہ ہے:

Aura is an invisible magentic radiation form the human body which either attracts or repels.

ترجمہ: ''اور وہ غیر مرئی مقناطیسی روشنی ہے جو انسانی جسم سے خارج ہوتی ہے۔ یہ یا تو دوسروں کو اپنی طرف کھینچتی ہے اور یا پرے دھکیل دیتی ہے۔

اس قسم کی شعاعوں سے انکار ناممکن ہے۔ کیوں کہ بعض افراد کی طرف کھنچنا اور بعض سے دور بھاگنا ہمارا روزانہ کا تجربہ ہے۔ یہ شعاعیں جسم خاکی اور جسم لطیف دونوں سے [illegible] ہوتی

ہیں۔ نیک کردار لوگ پرسنیلٹی یعنی جسم لطیف کی شعاعوں سے دنیا کو کھینچتے ہیں اور دنیا عقیدت، ایمان اور تعظیم کے تحائف لے کر ان کے ہاں جاتی ہے۔ دوسری طرف جسمانی شعاعیں بعض سفلی جذبات میں تو ہیجان پیدا کر سکتی ہے لیکن اسے زیادہ کچھ نہیں کر سکتیں۔

کاسمک ورلڈ:

کاسمک ورلڈ ایک ایسی دنیا ہے جہاں سے روحیں آتی اور واپس جاتی ہیں۔ جن اور فرشتے یہیں رہتے ہیں۔ اس کے تین طبقے بنائے جاتے ہیں۔ نچلے طبقے میں گنہگار اپنے اعمال کی سزا بھگت رہے ہیں۔ دوسرے طبقے میں بلند مرتبہ انبیاء اور اولیاء رہتے ہیں۔

(بحوالہ کرشمات ہمزاد)

......☆☆☆......